وَاِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِيْنِ
خواتین کے مسائل کا
اِنسائیکلوپیڈیا
اور اُن کا
روحانی عِلاج
اِنتخاب و ترتیب
مُفتی اِحسانُ الحقّ
فَاضِل و مُتَخَصِّص فِي عُلُوْمِ الْحَدِيْثِ
جَامِعَةُ الْعُلُوْمِ الْاِسْلَامِيَّة
علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن کراچی پاکستان
مکتبۃ الحسنیٰ

وإذا مرضت فهو يشفين

خواتین کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا
اور ان کا روحانی علاج

انتخاب وترتیب

مفتی اِحسان الحق

فاضل و متخصص فی علوم الحدیث

جامعہ علوم اسلامیہ علامہ محمد یوسف بنوری ٹاؤن، کراچی

مکتبہ الحسنیٰ

0332-2177075

کتاب کا نام :..................خواتین کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا

انتخاب وترتیب:..................مفتی احسان الحق

سن اشاعت :..................ستمبر ۲۰۱۹

تعداد اشاعت:..................۱۰۰۰

فائنل سیٹنگ :..................مولانا کلیم اللہ چترالی زید مجدہ

برائے رابطہ

مکتبہ الحسنی

0332-2177075

گذارش

قارئین کرام کی خدمت میں گذارش ہے کہ اس کتاب کی حتی الامکان تصحیح کی گئی ہے۔مگر چوں کہ انسان خطا کا پتلا ہے اسی لئے اگر کوئی فروگذاشت نظر آئے تو ادارہ کو ضرور مطلع فرمائیں تا کہ اگلی طباعت میں ان اغلاط کو درست کیا جاسکے۔اللہ ہم سب کا حامی وناصر ہو۔آمین

انتساب

میری یہ کاوش میرے
والدین مکرمین کے نام

جن کے لئے صبح وشام یہ دعا دل سے نکلتی ہے:

رَّبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيٰنِىْ صَغِيْرًا

سورۃ بنی اسرائیل: ۲۴

دعائیہ کلمات

عامل کامل حضرت قاری غلام حسین صاحب زید مجدہ

تلمیذ رشید حضرت قاری حبیب اللہ خان ٹونکی قدس اللہ سرہ

وسابق اِمام مسجد الفلاح نارتھ ناظم آباد کراچی۔

بسم اللہ الرحمن الرحیم

بندہ اپنی پیرانہ سالی کی وجہ سے اس کتاب کا بالاستیعاب مطالعہ نہیں کرسکا مگر کچھ مختلف جگہوں سے کچھ حصے عزیز من مفتی صاحب زید مجدہ سے سنے۔امت کی خیر خواہی کے لئے چھوٹے سے چھوٹا کام ہو یا بڑے سا بڑا اسے دیکھ کر دل سے خود ہی دعائیں نکلتی ہیں۔یہ کتاب بزرگان دین کے مختلف تجربات کی روشنی میں جمع کی گئی ہے۔امید ہے کہ اس کتاب سے لوگ زیادہ سے زیادہ استفادہ حاصل کریں گے۔

عزیز من مؤلف نے فرمائش کی ہے کہ اس کتاب کی اجازت بندہ اپنی طرف سے بھی ہر مسلمان بھائی بہن، بیٹی کو دے۔میں خود کو اس قابل تو نہیں سمجھتا مگر ان کے حد درجہ اصرار کی وجہ سے کہتا ہوں کہ: جو کوئی بندہ کی اجازت سے اس کتاب کے کسی عمل کو کرنا چاہے تو اسے اجازت ہے اِن شاء اللہ تعالیٰ فائدہ محسوس کریں گے۔بندہ اور بندہ کے عملیات کے استاذ مولانا محمد شفیع کشمیری قدس اللہ سرہ کو اپنی نیک دعاؤں میں فراموش نہ فرمائیں۔

اللہ تعالیٰ ہمیں صراطِ مستقیم پر چلنے کی توفیق عطا فرمائے۔اسلام پر زندہ رکھے اور ایمان پر خاتمہ فرمائے۔آمین

۲۸ ربیع الاول ۱۴۴۰ھ

بروز جمعہ بعد از نماز عشاء

تقریظ

حضرت مولانا مفتی توفیق شاہ صاحب دامت برکاتہ
استاذ الحدیث ورئیس دار الافتاء جامعہ دار الخیر گلستان جوہر کراچی

باسمہ تعالی

مفتی احسان الحق صاحب ایک کثیر التالیف اور جید الاستعداد شخصیت ہیں۔ موصوف کی کئی کتب منظر عام پر آچکی ہیں بالخصوص ''گلدستہ درود وسلام'' نامی کتاب نے کچھ ہی عرصہ میں بہت ہی زیادہ مقبولیت حاصل کی ہے۔

اسی طرح موصوف نے اب ''خواتین کے مسائل کا انسائیکلوپیڈیا اور ان کا روحانی علاج'' کے نام سے ایک کتاب مرتب کی ہے جسے مختلف جگہوں سے دیکھا تو اندازہ ہوا کہ ان شاء اللہ تعالی یہ کتاب ہر خاص وعام کے لئے اور بالخصوص خواتین کے لئے بہت ہی نفع مند ہوگی۔

اللہ تعالی سے دعا ہے کہ اللہ تعالی اس کتاب کو گھر گھر پہنچائے اور خواتین اسلام کو اس سے مکمل مستفید ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔ اور غلط قسم کے عاملوں سے اللہ تعالی ان کی حفاظت فرمائے۔ آمین

العبد الضعیف: توفیق شاہ
۹ ذوالحجہ ۱۴۴۰ ہجری

مقدمہ

الحمدللہ وحدہ والصلاۃ والسلام علی من لانبی بعدہ۔ أمّابعد

اللہ تعالی کا کروڑ ہا فضل واحسان ہے کہ اللہ تعالی نے مجھے اس کتاب کی جمع وترتیب کی توفیق عطا فرمائی۔

کتاب کی تکمیل کو کافی عرصہ بیت چکا ہے اور اس کتاب پر ایک تفصیلی مقدمہ لکھنے کا ارادہ تھا مگر طبیعت میں عدمِ انبساط کی وجہ سے بس دو چار باتیں ائمہ فن کی کتب سے نقل پر اکتفا کروں گا:

کسی بھی عمل سے صحیح طور پر فائدہ حاصل کرنے کے لئے ضروری ہے کہ:

۱) توحید خالص کا عقیدہ اپنایا جائے۔

۲) شرک وبدعات سے پرہیز کیا جائے۔

۳) ہر معاملہ میں تقوی اختیار کیا جائے۔ اور اللہ تعالی ہی کی طرف رجوع کیا جائے۔

۴) کتاب اللہ اور سنت رسول صلی اللہ علیہ وسلم پر عمل کو حرزِ جان بنایا جائے۔

۵) اللہ تعالی پر کامل توکل اور ہر معاملہ اسی کے سپرد کیا جائے۔

۶) گناہوں کو ترک کرکے توبہ نصوح کی جائے۔

۷) تمام فرائض وواجبات کو ادا کیا جائے۔

۸) پانچوں وقت کی نماز تکبیر اولی کے ساتھ ادا کرنے کا اہتمام کیا جائے۔

۹) قرآن کریم کی تلاوت کو اپنی مستقل عادت بنائی جائے۔
۱۰) ذکرِ الٰہی کا ورد جاری رکھا جائے۔
۱۱) رزق حلال کھائیں اور حرام روزی سے بچیں۔
۱۲) گھروں میں تصاویر نہ رکھیں۔

(شب وروز اور یوم جمعہ کے مسنون اعمال، ص:۱۳۱۔۳۲)

زیر نظر کتاب میں کچھ تعویذات بھی درج ہیں تو تعویذ لکھنے میں یہ بات ذہن میں رہے کہ:

۱) قرآن مجید کی آیت بے وضو مت لکھیں۔
۲) جس کاغذ پر قرآن مجید کی آیت لکھ کر تعویذ بنائیں تو اس پر ایک اور کاغذ لپیٹ دیں یا اسے موم جامہ کرلیں تاکہ حتی الامکان بے وضو تعویذ نہ چھوا جائے۔
۳) جب تعویذ سے کام ہوگیا تو اسے پانی میں گھول کر کسی ندی، نہر یا کسی کنویں میں ڈال دیں۔
۴) صرف وظائف پر انحصار کرنا مناسب نہیں ہے، پہلے کسی بھی کام کے لئے دعا کریں اور پھر وظیفہ کا انتخاب کریں، اور اگر صرف دعا پر ہی انحصار کریں تو یہ سب سے بہتر ہے خدا کرے ہر مسلمان کو یہ نصیب ہو۔
۵) کوئی تعویذ اور عمل مؤثر حقیقی نہیں، بلکہ ان کا اثر خدا کی ذات چاہے تو ہوگا ورنہ نہیں۔
۶) کوئی بھی عمل پڑھیں تو وہ اللہ تعالیٰ کا کلام یا اس کی صفات سے ہو۔ یا حدیث رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم میں بتلایا گیا ہو، یا پھر وہ عربی زبان میں ہو جس کا معنیٰ معلوم ہوں یا معلوم کیا جاسکے۔
۷) کوشش کی جائے کہ کوئی منتر وغیرہ کا وظیفہ نہ کیا جائے، کیوں کہ عام طور پر منتروں کا معنیٰ ومفہوم واضح نہیں ہوتا تو ہوسکتا ہے کہ یہ وظیفہ شرکیہ کلمات پر مشتمل ہو لہٰذا ایسے وظائف سے بچنا واجب ہے۔

۸)مشکوک اعمال سے اجتناب ہی بہتر ہے ۔

۹)کوشش کی جائے کہ جواعمال صالحہ احادیث شریفہ میں منقول ہیں ان کواختیار کیا جائے کیوں کہ وہ باعث خیراور موجب اجروثواب ہیں۔

یہ کتاب اس لئے مرتب کی گئی ہے کہ خواتین اپنے ذاتی مسائل اس میں سے دیکھ لیں،یعنی صرف گھریلو معاملات کے حل کے لئے یہ کتاب ترتیب دی گئی ہے اور کسی غیر شرعی عامل کے پاس جانے کی ضرورت نہ پڑے۔اگر خدانخواستہ اگر کوئی ایسی ضرورت پیش آجائے تو چند چیزیں اس عامل میں غور کریں:

ا)وہ خون سے توتعویذ نہیں لکھ رہا؟ کیوں کہ شریعت میں بہنے والا خون اسی طرح ناپاک ہے جیسا پیشاب ناپاک ہے۔اس سے تعویذ لکھنا ناجائز ہے۔اور اگر ایسا تعویذ بازو پر باندھا ہو گلے میں لٹکایا ہو تو نماز بھی درست نہیں ہوگی۔

۲)بعض عامل قرآن مجید الٹا پڑھتے ہیں،اور بعض قرآن مجید میں کچھ عبارتیں داخل کردیتے ہیں جس کے قرآن مجید کی ترتیب ونظم میں خلل واقع ہوجاتا ہے یہ سب حرام اور معصیت ہے۔

۳)بعض تعویذوں کا اس طرح استعمال کرایا جاتا ہے کہ جس سے ان کی بے ادبی ہوتی ہے مثلاً کوئی تعویذ کسی کے آنے جانے کی جگہ دفن کیا جاتا ہے تاکہ اس کے اوپر آمدورفت ہو یا کسی اور طریقے سے بے حرمتی و بے تعظیمی ہو یہ سب ناجائز ہے۔

۳)آج کل ہندواور عیسائی مذہب کے عاملین کی بھرمار ہے،ان کے پاس تعویذ دھاگے کے لئے نہیں جانا چاہئے کیوں کہ وہ جو تعویذ اور دھاگہ دیتے ہیں تو ان میں غالب گمان یہی ہے کہ شرکیہ باتیں ہوتی ہیں ایسے عاملوں کی تعظیم اور ان پر اعتقاد رکھنا کفر ہے۔

۴)عامل اکثر نامحرم ہی ہوتے ہیں ان کے ساتھ تنہائی جائز نہیں۔

۵) عامل کے پاس جانے کی اگر خدانخواستہ ضرورت پڑ ہی جائے تو اپنے والد یا بھائی یا کسی محرم کو ساتھ لے کر جائیں۔ اور سب سے بہتر تو یہی ہے کہ والد یا بھائی خود ہی عامل سے تعویذ لے آئے۔

۶) ایسے ٹوٹکے اختیار کرنا جس سے لوگوں کا عقیدہ میں فساد پڑتا ہے قابل ترک ہیں۔

۷) بسا اوقات غیر مہذب عامل بعض لوگوں پر اپنے ہی جنات مسلط کر دیتے ہیں تو کسی بھی ایسے عامل سے خدانخواستہ واسطہ پڑ جائے تو دل ہی دل میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ پڑھیں اور کم از کم تین بار یَا قَهَّارُ پڑھیں۔ ان شاء اللہ اس عامل کے سارے ٹونے ٹوٹکے اللہ تعالیٰ اپنے فضل سے خاک میں ملا دے گا۔

چند باتوں کا دھیان رکھیں:

کوئی بھی وظیفہ پڑھنے سے پہلے اس کے الفاظ کی صحیح ادائے گی سیکھ لیں۔

کوشش کریں کہ وظیفہ مکمل توجہ اور یک سوئی سے پڑھا جائے۔

وظیفہ پورے اعتقاد سے پڑھیں، اعتقاد جتنا پختہ ہوگا نتیجہ اتنا یقینی ہوگا اور اعتقاد جتنا کمزور ہوگا نتیجہ اتنا کمزور ہوگا۔

وظیفہ پڑھنے والے کا نفسیاتی طور پر قوی ہونا بھی ضروری ہے۔

جس وظیفہ کے جو فوائد کتاب میں درج ہیں اس کے ساتھ ساتھ اللہ تعالیٰ سے وہ فوائد بھی اس مانگیں جو اللہ کے علم میں ہیں۔

کوئی بھی وظیفہ پڑھنے سے پہلے دو کام کرنے سے وظیفہ کی تاثیر دو چند ہو جاتی ہے:

۱) قضائے حاجات کے دو نوافل ادا کریں۔

۲) اپنی توفیق کے مطابق کسی غریب کو تھوڑا بہت صدقہ دیں ائمہ فن کے نزدیک ایک سو گیارہ روپے صدقہ کرنا بہتر ہے کیوں کہ وہ اسم باری تعالیٰ ''كَافِيْ'' کا عدد ہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ، اللہ پاک ہر دینی و دنیوی معاملات میں کافی ہوں گے۔

مذکورہ بالا باتوں کو ملحوظ رکھنے کے ساتھ اگر اس کتاب سے استفادہ کے ساتھ افادہ کرنا چاہیں تو تین روزے لگاتار رکھیں (شوال اور محرم کا مہینہ نہ ہو) اور اس کے بعد کسی کو دم کریں یا وظیفہ بتائیں یا تعویذ دیں اس کتاب سے یا کسی بھی مستند کتاب سے ان شاء اللہ تاثیر دوبالا ہوگی۔

اگر بالفرض اس کتاب میں درج شدہ کوئی وظیفہ آپ کی ضرورت کے مطابق نہ ہو تو بزرگانِ دین فرماتے ہیں کہ جیسا مرض ہو اس کے مناسب اللہ کے ناموں میں سے کوئی نام انتخاب کرلو۔ مثلاً بیمار ہے تو یَاسَلَامُ پڑھے، اس پر سلامتی کا ظہور ہو جائے گا۔ مفلس ہے تو یَامُغْنِیُ پڑھے۔ حق تعالیٰ کی صفت غنا کا ظہور ہوگا۔

آخر میں اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کتاب کا ثواب میرے تمام مشائخ کو پہنچائے جن جن میں مجھے جس طریقے کی بھی اجازت دی اور جس عمل کی بھی اجازت دی اللہ تعالیٰ انہیں اس کا دنیا اور آخرت میں بدلہ نصیب کرے۔ اور اس کتاب کو میرے لئے دنیا و آخرت میں ذخیرہ بنائے اور ہر مسلمان بہن اس سے زیادہ سے زیادہ فائدہ حاصل کرنے کی کوشش کرے۔

نوٹ: کتاب میں ایک لفظ ساخت استعمال ہوا ہے، اس کا مطلب یہ ہے کہ اس عمل کو کاغذ پر لکھ کر اسے چاٹنا ہے اور پھر کاغذ کا نگل لینا ہے۔

اس کتاب میں درج محبت کے عملیات: ان شاء اللہ وہاں ہی اثر کریں گے جہاں شریعت نے اجازت دی ہو۔

جادو کے عملیات: زیادہ تعداد میں ذکر نہیں کئے کیوں کہ اس کے لئے پہلے مکمل تشخیص کی ضرورت ہوتی ہے کہ مریض یا مریضہ کسی وہم نفسیاتی معاملات وغیرہ میں تو مبتلا نہیں ہے اس کے لئے کسی باشرع عامل سے رجوع کرلیا جائے۔

ساس بہو کے عملیات: بات بات پر دل برداشتہ ہو کر ایک دوسرے کے خلاف عمل

کرنا نہ شروع کریں اور جو بھی بات ہو اس کی پہلے تحقیق کر کے نتیجہ تک پہنچیں، کیوں کہ کل قیامت کے دن خدا تعالی کے سامنے جواب دینا ہوگا۔

یہ کتاب جو مرتب کی ہے اس میں میرے سارے اپنے مجربات نہیں ہیں بلکہ ہمارے زمانہ یا ماضی قریب کے زمانہ میں جو مشائخ گذرے ہیں ان کی کتب سے نکال کر یکجا کر دئے گئے ہیں اور اس میں کوئی عمل، کوئی وظیفہ کوئی تعویذ خلافِ شریعت نہیں ہے اور اس کتاب کی جمع و ترتیب کا مقصد بھی یہی ہے کہ اللہ تعالی کے نام کی برکت سے شفا ہو لوگوں کا دین بھی بچا رہے اور مال و عزت بھی خطرے میں نہ پڑے۔

یا اللہ جن جن بزرگان دین سے ہمیں کسی بھی چھوٹے سے چھوٹے عمل یا بڑی سے بڑی نسبت کی اجازت ملی ہے یا اللہ اس کتاب سے جتنی خیریں پھیلیں ان کا ثواب ان بزرگان دین کو پہنچا۔ یا اللہ ہمارے جو بزرگ اس دنیا سے رخصت ہو چکے ہیں انہیں اپنے فضل سے معاف فرما، ان کے درجات بلند فرمایا۔ قیامت کے دن جنت الفردوس میں اعلی سے اعلی مقام انہیں نصیب فرما۔

یا اللہ ہمارے جو بزرگان دین کسی بھی بیماری مصیبت میں مبتلا ہیں جو تیری طرف سے ان پر آزمائش ہے یا اللہ انہیں عافیت کے ساتھ صحت کاملہ عاجلہ دائمہ مستمرہ نصیب فرما۔ آمین بجاہ النبی الکریم سیدنا محمد وآلہ وأصحابہ أجمعین۔

دعاؤں کا طالب: مفتی احسان الحق

ehsanulhaq009@gmail.com

14-10.1439 بروز اتوار

سر کے مسائل

سر میں درد ہو

جس کے سر میں درد ہو اس کے ماتھے پر سات مرتبہ یَاجَبَّارُ انگلی سے لکھا جائے پھر تین دفعہ ماتھا پکڑ کر یَاجَبَّارُ یَاسَلَامُ سات سات دفعہ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ کیسا ہی درد ہو جاتا رہے گا اور اگر آدھے سر کا درد ہے تو سورج نکلنے سے پہلے اس عمل کو کرے بہت جلد شفا ہوگی۔

آدھے سر کے درد کا علاج

سورۃ الفاتحہ اور سورۃ الاخلاص پڑھ کر دم کریں۔

آدھے سر کے درد کا علاج

سورۃ الفاتحہ ایک مرتبہ سورۃ الماعون تین مرتبہ سورۃ الاخلاص ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

آدھے سر کے درد کا دائمی علاج

سورۃ الاخلاص، سورۃ القریش، تین تین مرتبہ پڑھ کر تھوڑے سے پانی پر دم کریں اور وہ پانی دونوں ہاتھوں پر مل کر مریض کے سر پر ملیں یا خود وہ مریض مل لے۔

ذہنی ڈپریشن، ٹینشن کا آخری علاج

چلتے پھرتے، اَلْمَلِكُ اَلْقُدُّوْسُ اَلسَّلَامُ کا ورد کریں۔

فحش خیالات سے چھٹکارا پانے کے لئے

اگر کوئی لڑکی برے خیالات کا شکار ہو جائے، فحاشی اور بدکاری کی طرف دل مائل ہونے لگے تو اسے چاہئے کہ بعد نماز ظہر سورۃ نور کو ایک مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے پئے سات دن تک ایسا کرے اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے وہ لڑکی اپنے فحش خیالات کو ترک کر دے گی۔

فاسد خیالات سے بچنے کے لئے

بعض لڑکیوں کو بری صحبت میں بیٹھنے کی وجہ سے ان کے خیالات بھی برے ہو جاتے ہیں اور وہ بھی ہر وقت بری باتوں اور برے کاموں کے متعلق سوچتی رہتی ہیں اگر وہ ان فاسد خیالات سے نجات چاہیں تو وہ یا اس کے گھر والے سورۃ غاشیہ کو سترہ روز تک سترہ مرتبہ پڑھیں اور اس کے حق میں دعا کریں اللہ کے فضل و کرم سے فاسد خیالات ترک ہو جائیں گے۔

عظیم صدمے کا علاج

اگر کسی عورت کو کوئی عظیم صدمہ پیش آجائے اور اس وجہ سے حافظہ کی خرابی پیدا ہو جائے یا دل و دماغ میں سخت بے چینی رہتی ہو تو اس صورت میں یہ وظیفہ یَاصَبُوْرُ سات دن تک روزانہ سات سو سات مرتبہ پڑھ کر پانی دم کر کے پلائیں۔ ان شاء اللہ صدمہ کا غم ختم ہو جائے گا۔

غم اور صدمے کا علاج

اگر کسی عورت کے دل پر کوئی غم بیٹھ چکا ہو اور اسے اندر سے کھائے جا رہا ہو تو اسے چاہئے کہ گیارہ دن تک بعد نماز مغرب بارہ سو چھیاسی مرتبہ روزانہ یَالَطِیْفُ پڑھے۔ ان شاءاللہ غم بھول جائے گا اور دل اپنے ٹھکانے پر لگ جائے گا اور اسے پڑھنے سے دل کی سیاہی دور ہو جائے گی۔

ناقابل برداشت صدمہ اور پریشانی سے نجات کے لئے

بسا اوقات کسی ناقابل برداشت صدمہ اور پریشانی کی وجہ سے عورت کا دل قابو میں نہیں رہتا اور نہ ہی دل کہیں لگتا ہے اور نہ ہی اسے کہیں سکون قلب میسر آتا ہے ایسی صورت میں گھر کے کسی فرد کو چاہئے کہ وہ سورہ قمر کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی سات روز تک اس عورت کو پلائے اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے دل بہنے کا مرض ختم ہو جائے گا اور سکون قلبی نصیب ہوگا۔

وہم کی بیماری کا علاج

رات سوتے وقت دایاں ہاتھ دل پر رکھ کر ایک سو ایک بار یَابَاعِثُ پڑھے۔

تفکرات کے ازالہ کے لئے دعا

روز و شب ایک سو ایک مرتبہ مندرجہ ذیل دعا پڑھی جائے:

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِیْثُ۔

مختصر وقت کے لئے یادداشت کا چلا جانا

سورۃ الفاتحہ سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر تیل پر دم کریں اور رات کو سوتے وقت

اس سے مالش کریں تین دن تک یہ عمل کریں۔

مرض مالیخولیا یعنی مرض وہم

اس بیمار پر ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ معوذتین (یعنی سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) اور گیارہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کردم کی جائے:

مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ﴿۸۱﴾۔۔۔یونس

یا مالیخولیا کے مریض کے سر پر یہ آیت تین سو تیرہ مرتبہ روغن چنبیلی پر دم کر کے مالش کی جائے:

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ الروم۔

بال گرنا

اس آیت کو ناریل کے تیل پر ایک سو اکیس مرتبہ پڑھ کردم کریں، اس تیل کو سر میں استعمال کریں، بفضل خدا بال گرنے بند ہو جائیں گے، دوران علاج کھانے میں ہلکی پھلکی زود ہضم سادہ غذائیں استعمال کریں، دماغی تقویت کے لئے روغن بادام استعمال کریں۔ تیز مصالحے استعمال نہ کریں۔

آیت یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِي الصُّدُوْرِ

سر کے بال گرنا، یا قبل از وقت سفید بال ہو، کالے کرنے کے لئے

سورۃ القریش، سورۃ الکوثر، سورۃ النصر، تین تین مرتبہ سورۃ الاخلاص تین مرتبہ، پڑھ کر تیل دم کریں اور وہ استعمال کریں، ان شاء اللہ چند دن کے اندر دیکھے۔

گرتے بالوں کا مجرب علاج

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
وَاللّٰہُ اَنۡۢبَتَکُمۡ مِّنَ الۡاَرۡضِ نَبَاتًا ﴿۱۷﴾ ثُمَّ یُعِیۡدُکُمۡ فِیۡہَا وَیُخۡرِجُکُمۡ اِخۡرَاجًا ﴿۱۸﴾ سورہ نوح

کاغذ پر لکھ کر بالوں میں استعمال کرنے والے تیل میں ڈالیں اور اسے استعمال کریں۔

بال لمبے کرنا

اس آیت کو ایک سو اکیس بار کسی بھی تیل پر پڑھ کر دم کریں اس دم شدہ تیل کو سر میں استعمال کرنے سے بال لمبے ہوں گے۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ قُلۡ ہُوَ لِلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا ہُدًی وَّشِفَآءٌ۔ سورۃ حم سجدہ۔

بال خور

سورۃ الفاتحہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ یَامُقِیۡتُ اور سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر تیل پر دم کریں اور اس سے سات دن تک سر کی مالش کریں۔

سر کے گنج پن کے خاتمہ کے لئے

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ وَنُنَزِّلُ مِنَ الۡقُرۡاٰنِ مَا ہُوَ شِفَآءٌ وَّرَحۡمَۃٌ لِّلۡمُؤۡمِنِیۡنَ ﴿۸۲﴾ ۔۔۔بنی اسرائیل

یہ آیت سات مرتبہ اور درود شریف اول آخر سات سات مرتبہ پڑھ کر تھتکارے، ۲۱، یا ۴۱ دن تک یہ عمل کریں ان شاءاللہ سر کا گنجہ پن دور ہو جائے گا۔

مانگ نکالنا

اگرکسی کی مانگ نہ نکل رہی ہوتو یہ آیت پڑھتے ہوئے سر پر کنگھی کرتے ہوئے مانگ نکالے ان شاء اللہ مانگ نکل جائے گی۔

اِهۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِيۡمَ ۙ‏ ...الفاتحۃ

وساوس سے بچنے کے لئے

اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ وَأَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ۔

بوقت وساوس کثرت سے پڑھنا۔

مرگی اور دماغی امراض کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الْكَبِيْرِ، نَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ مِنْ شَرِّ عِرْقٍ نَعَّارٍ، وَمِنْ شَرِّ حَرِّ النَّارِ

کثرت سے پڑھیں۔

آنکھوں کے مسائل

آنکھوں کی بیماری کے لئے

ہاتھوں کے انگوٹھوں پر اس آیت شریفہ کو سات بار پھر درود شریف سات بار پڑھ کر دم کریں، ان انگوٹھوں کو آنکھوں پر پھیریں، آنکھوں کو بیماری سے شفا ہو گی۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

فَكَشَفۡنَا عَنۡكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الۡيَوۡمَ حَدِيۡدٌ‏ ...ق

قُلۡ هُوَ لِلَّذِيۡنَ اٰمَنُوۡا هُدًى وَّشِفَآءٌ ...حم سجدہ

آشوب چشم

تھوڑا سا پانی لے کر اس پر سات مرتبہ سورۃ القدر اور سورۃ القریش سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق اور سورۃ الناس ایک ایک مرتبہ پڑھیں اور یَاقَوِیُّ گیارہ مرتبہ پانی پر دم کریں اور وہ پانی پی لیں اور آنکھوں پر ملیں اور ایک دو قطرے آنکھ میں بھی ڈالیں ایک گھنٹہ میں ان شاء اللہ بالکل ٹھیک ہوجائے گا۔

آنکھوں کا موتیا

سورۃ القدر تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس سے چہرہ دھولیں اور اس کے چند قطرے آنکھوں میں ڈالیں ، تین دن تک یہ عمل کریں ان شاء اللہ آنکھوں کا موتیا ختم ہوجائے گا۔

موتیا بند

ایک مرتبہ سورہ یاسین پڑھ کر سرمہ پر دم کر کے آنکھوں پر لگایا جائے ۔تو ان شاء اللہ موتیا بند جاتا رہے گا۔

آنکھ کا زخم

ذرا سا پانی علیحدہ لے کر اس پر سات مرتبہ سورۃ القدر پڑھیں اور رات کو سوتے وقت پانی کے چند قطرے آنکھ میں ڈالیں اور دونوں شہادت کی انگلیاں اس میں تر کر کے آنکھوں پر آہستہ آہستہ ملیں، تین دن تک یہ عمل کریں اگر میڈیکل سے عرق گلاب لیا جائے اور اس پر یہ عمل کیا جائے تو بھی مفید ہے۔

آنکھوں سے پانی بہنا

اگرآنکھوں سے پانی بہتا ہوتو وقفہ وقفہ سے تین مرتبہ مکمل بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں پردم کرکے آنکھوں پرملیں۔

آنکھوں کے امراض

یَابَصِیْرُ اکیس مرتبہ سورۃ الفاتحہ تین مرتبہ سورۃ الاخلاص تین مرتبہ پانی پردم کرکے پھر روزانہ تین قطرے آنکھ میں ڈالیں اورقطرے ڈالنے کے بعد آنکھیں بند کرکے اس پردونوں ہاتھ کی شہادت والی انگلی رکھ دیں اوریَابَصِیْرُ اکیس مرتبہ پڑھیں اوردونوں انگلیوں کے سروں پردم کریں دوبارہ وہی پرتین سیکنڈ کے لئے رکھ دیں۔

قوت بینائی کا وظیفہ

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ﴿۲۲﴾...ق

صبح وشام۔۔۔۔۔۔سات مرتبہ

برائے بصارت

ہروضو کے بعد تین بار مندرجۂ ذیل آیت کریمہ پڑھ کر دونوں ہاتھوں کے انگوٹھوں کے ناخنوں پرپھونک کر دونوں آنکھوں پرپھیریں:

يَهْدِى اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ يَّشَآءُ ﴿۳۵﴾..النور

آنکھوں کا روشن ہونا

اگرکوئی یہ چاہے کہ اس کی آنکھوں کی روشنی کم نہ ہویا کم ہوگئی ہوتوزیادہ ہوجائے تووہ اسم مبارک ''یَاظَاھِرُ'' اشراق کی نماز کے بعد پانچ سومرتبہ ہرروزپڑھے تواللہ تعالی اپنے فضل وکرم سے اس کی آنکھیں روشن کردے گا۔

آنکھوں کی بینائی کے لئے

سورۃ التکویر مکمل (پارہ عم) صبح وشام ایک بار مکمل پڑھ کر آنکھوں پر دم کریں۔

تسکین قلب اور نیند کے لئے

مِّنۡۢ بَعۡدِ الۡغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا (آل عمران: ۱۵۴) کوایک سوستر بار پڑھیں ان شاالله قلب کوسکون حاصل ہوگا اور نیند آجائے گی۔

نیند میں برکت کے لئے

سوتے وقت سات مرتبہ یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ بَارِكۡ لِيۡ فِيۡ نَوۡمِيۡ

ان شاءالله کم وقت میں نیند پوری ہوجائے گی۔

نیند میں بڑبڑانے کا علاج

اسمائے الٰہیہ میں سے یہ چودہ نام لکھ کر گلے میں باندھیں خواب اور نیند میں بڑبڑانے کی عادت چھوٹ جائے گی وہ نام یہ ہیں:

الله، الغفار، الوهاب، القهار، الفتاح، القدوس، الرحمن ،
الرحيم، الشهيد، الصمد، الملك، العظيم، الكريم، الأكرم

سوتے میں دانت پیسنا

جو بچہ یا بڑا یا عورت رات کو سوتے وقت دانت پیستی ہو یا چباتی ہو تو اس کے گلے میں ان مبارک آیتوں کا ڈالنا مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں:

يَّوۡمَ تَمُوۡرُ السَّمَآءُ مَوۡرًا ۙ﴿۹﴾ وَّتَسِيۡرُ الۡجِبَالُ سَيۡرًا ؕ﴿۱۰﴾ فَوَيۡلٌ يَّوۡمَئِذٍ لِّلۡمُكَذِّبِيۡنَ ۙ﴿۱۱﴾ الَّذِيۡنَ هُمۡ فِيۡ خَوۡضٍ يَّلۡعَبُوۡنَ ﴿۱۲﴾ يَوۡمَ يُدَعُّوۡنَ اِلٰى

نَارِ جَهَنَّمَ دَعًّا ﴿۱۳﴾ هٰذِهِ النَّارُ الَّتِيْ كُنْتُمْ بِهَا تُكَذِّبُوْنَ ﴿۱۴﴾ اَفَسِحْرٌ هٰذَآ اَمْ اَنْتُمْ لَا تُبْصِرُوْنَ ﴿۱۵﴾ ...طور۔

نیند نہ آنے کا علاج

اگر پریشانی یا خشکی کی وجہ سے نیند نہ آئے تو سات دفعہ سر پر ہاتھ رکھ کر یہ آیت پڑھیں: فَضَرَبْنَا عَلٰٓی اٰذَانِهِمْ فِي الْكَهْفِ سِنِيْنَ عَدَدًا ﴿۱۱﴾ ...الکہف

زیادہ نیند آنا

اگر کسی کو نیند بہت زیادہ آتی ہو تو سوتے وقت یہ دعا پڑھے ان شاءاللہ نیند کم ہو جائے گی:

اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِيْ سِتَّةِ اَيَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰى عَلَى الْعَرْشِ يُغْشِي الَّيْلَ النَّهَارَ يَطْلُبُهٗ حَثِيْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍۭ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۵۴﴾ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ ﴿۵۵﴾ وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ ﴿۵۶﴾ ...الأعراف

نیند کم کرنے کے لئے

یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَيْنٍ لَّا تَشْبَعُ مِنَ النَّوْمِ۔

وقت مقررہ پر جاگنے کے لئے

اگر وقت مقررہ پر اٹھنے میں دشواری ہو تو مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر سو جائے (چاہے دن میں جاگنا ہو یا رات میں) ان شاءاللہ وقت مقررہ پر بیداری ہوگی:

اِنَّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ كَانَتْ لَهُمْ جَنّٰتُ الْفِرْدَوْسِ نُزُلًا ﴿۱۰۷﴾ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا لَا يَبْغُوْنَ عَنْهَا حِوَلًا ﴿۱۰۸﴾ قُلْ لَّوْ كَانَ الْبَحْرُ مِدَادًا لِّكَلِمٰتِ رَبِّيْ لَنَفِدَ الْبَحْرُ قَبْلَ اَنْ تَنْفَدَ كَلِمٰتُ رَبِّيْ وَلَوْ جِئْنَا بِمِثْلِهٖ مَدَدًا ﴿۱۰۹﴾ قُلْ اِنَّمَآ اَنَا بَشَرٌ مِّثْلُكُمْ يُوْحٰٓى اِلَيَّ اَنَّمَآ اِلٰـهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ فَمَنْ كَانَ يَرْجُوْا لِقَآءَ رَبِّهٖ فَلْيَعْمَلْ عَمَلًا صَالِحًا وَّلَا يُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖٓ اَحَدًا ﴿۱۱۰﴾

...الکھف

نوٹ: ایک مرتبہ پڑھ کر ذہن میں ایک وقت مقررہ معین کریں سو فیصد بیدار ہوں گی۔

برے خواب سے بچنے کا عمل

آیت الکرسی پڑھ کر سویا کریں، اگر پھر بھی فائدہ نہ ہو تو اپنے تلفظ اور تجوید درست کروائیں۔

برے خواب کا آنا

رات کو سوتے وقت آیت الکرسی پڑھا کریں اور ساتھ ہی اکیس مرتبہ بسم اللہ پڑھا کریں ان شاء اللہ برے خواب نہ آئیں گے سنت کے مطابق سونے سے کبھی بھی برے خواب نہیں آتے۔

ڈراؤنے خوابوں سے نجات کے لئے

جس عورت کو ڈراؤنے خواب آتے ہوں اور ڈراؤنے خوابوں کی وجہ سے شدید ذہنی کوفت واذیت میں مبتلا رہتی ہو اس کو چاہئے کہ وہ سورہ بروج کو سونے سے قبل سات مرتبہ پڑھے اللہ عزوجل اس سورت کی تلاوت کی برکت سے ڈراؤنے خواب آنا بند ہو جائیں گے۔

خوفناک خواب کے شر سے حفاظت

لَهُمُ الْبُشْرٰى فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۭ لَا تَبْدِيْلَ لِكَلِمٰتِ اللّٰهِ ۭ ذٰلِكَ هُوَ الْفَوْزُ الْعَظِيْمُ ۝ ----یونس

سوتے وقت اکیس بار پڑھیں اور اگر ڈراؤنا خواب دیکھیں تو اکیس بار پڑھ کر سینے پر دم کریں۔

دردابرو

دردابرو کے لئے یہ عمل سات بار پڑھ کر دم کرنا مفید ہے:

كٓهٰيٰعٓصٓ كِفَايَتُنَا حٰمٓعٓسٓقٓ حِمَايَتُنَا

آشوب چشم یعنی آنکھ کا دکھنا

نماز فجر کی سنت اور فرض کے درمیان سورۂ ملک پڑھ کر دم کرنا آشوب چشم کے واسطے مفید ہے۔

دیگر آشوب چشم کے لئے

آشوب چشم پر پندرہ مرتبہ یہ آیت پڑھ کر دم کی جائے ان شاء اللہ تعالیٰ شفا ہوگی:

رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا ۚ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۝ ---التحریم۔

ناخونہ یعنی آنکھ کی پتلی کی سفیدی

تین مرتبہ سورۂ اخلاص پڑھ کر آنکھوں پر دم کیا جائے ان شاء اللہ ناخونہ ختم ہو جائے گا۔

دیگر

یہ آیت لکھ کر اپنے پاس رکھنے سے ناخونہ سے محفوظ رہے گا:

وَمَا لَنَآ اَلَّا نَتَوَكَّلَ عَلَى اللّٰهِ وَقَدْ هَدٰىنَا سُبُلَنَا ؕ وَلَنَصْبِرَنَّ عَلٰى مَآ اٰذَيْتُمُوْنَا ؕ وَعَلَى اللّٰهِ فَلْيَتَوَكَّلِ الْمُتَوَكِّلُوْنَ ﴿۱۲﴾ ... ابراھیم۔

آنکھ میں چوٹ

سورۃ ہمزہ پڑھ کر آنکھوں کے زخم پر دم کیا جائے ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

دیگر

جس کی آنکھ میں چوٹ لگی ہو اس پر گیارہ مرتبہ اَلنَّافِعُ اَلْبَارِیُٔ پڑھ کر دم کیا جائے۔

کان، ناک، گلے کے مسائل

کان میں درد، پیپ وغیرہ کا ہونا

سورۃ الفاتحہ، سورۃ الاخلاص، ایک ایک مرتبہ سورۃ الطارق تین مرتبہ یا سَمِیْعُ اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی اور تیل پر دم کریں اور دونوں ہاتھوں کی انگلیاں پانی سے تر کر کے کانوں میں گھمائیں اور اس طرح تیل سے تر کر کے کانوں میں گھمائیں یہ عمل تین دن تک کریں ان شاء اللہ کان کی تکلیف ختم ہو جائی گی۔

کان کا بہنا

جس کا کان بہتا ہو اس کے کان پر ہاتھ رکھ کر یہ آیات پڑھی جائیں۔ ان شاء اللہ کان بہنا بند ہو جائے گا:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ

خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۲۲﴾ هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ﴿۲۳﴾ هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۲۴﴾ ۔۔۔۔۔الحشر۔

کان بجنا

سورۃ الطارق ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور دونوں شہادت کی انگلیوں کو پانی میں بھگو کر ان کو کانوں میں ملیں تین دن تک یہ عمل کریں ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔

بہرا پن

اگر کوئی اونچا سنتی ہو تو یہ آیت سات بار پڑھ کر دم کیا جائے:

وَاِذَا قُرِئَ الْقُرْاٰنُ فَاسْتَمِعُوْا لَهٗ وَاَنْصِتُوْا لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَ ﴿۲۰۴﴾
۔۔۔الأعراف

کان کے درد کے لئے

جس کے کان میں درد ہو اور کسی علاج سے فائدہ نہ ہوا ہو تو وہ خود یا دوسرا کوئی باوضو ہو کر اکیس مرتبہ اس آیت کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے تین قطرے پانی کے کان میں ٹپکائے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ فوراً درد جاتا رہے گا۔ آیات یہ ہیں:

تَبٰرَكَ الَّذِيْ نَزَّلَ الْفُرْقَانَ عَلٰى عَبْدِهٖ لِيَكُوْنَ لِلْعٰلَمِيْنَ نَذِيْرًا ﴿۱﴾ الَّذِيْ لَهٗ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَلَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَخَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ فَقَدَّرَهٗ تَقْدِيْرًا ﴿۲﴾ الفرقان۔

درد کان

اگر کسی کے کان میں درد ہوتو یہ آیت سرسوں کے تیل پر پڑھ کر کان میں ٹپکایا جائے درد جاتا رہے گا:

إِنَّ السَّمْعَ وَالْبَصَرَ وَالْفُؤَادَ كُلُّ أُولَٰئِكَ كَانَ عَنْهُ مَسْئُولًا ۝٣٦

--بنی اسرائیل

داڑھ اور کان کے درد سے بچنے کے لئے

جوکوئی ہر چھینک کے وقت درج ذیل کلمات پڑھے تو وہ اس کی برکت سے داڑھ اور کان کے درد سے ہمیشہ محفوظ رہے گا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ مَّا كَانَ۔

دانت یا داڑھ کے درد کا مختصر و مؤثر تعویذ

جس کے دانت یا ڈاڑھ میں درد ہو اسے ایک چھوٹے سے کاغذ پر یہ آیت لکھ کر دیں:

لِكُلِّ نَبَإٍ مُّسْتَقَرٌّ ۚ وَّسَوْفَ تَعْلَمُوْنَ ۝٦٧ ----الانعام۔

اس کاغذ کو لپیٹ کر درد والے دانت کے نیچے رکھ لے، ان شاءاللہ بہت جلد اثر ہوگا۔

ناک کے مسائل

گنڈہ نزلہ

تین دھاگے ہاتھ میں لے کر کہیں: نزلہ فلاں بن فلاں رابستم اس کے بعد سات گرہیں لگائیں اور تین گرہ لگاتے وقت سورۃ الاخلاص تین تین بار پڑھ کر دم کریں اور دو میں سورۃ الفلق اور سورۃ الناس اور دو میں سورۃ الفاتحہ کے بعد یہ آیت پڑھے:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِيْنَ ۝٨٢ --بنی

إسرائیل۔
پھر دونوں سرے باندھ کر پہنادیں۔

نزلہ، زکام، کھانسی کے لئے

سورۃ القریش، سورۃ الکوثر، سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ تین دن تک پانی پر اور مریض پردم کریں۔

نزلہ وزکام سے چھینکیں

اگر کسی کو نزلہ کی وجہ سے چھینکیں بکثرت آتی ہو تو گیارہ مرتبہ یہ آیت کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر مریض کو کھلائی جائیں:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ عَلٰي عَبْدِهِ الْكِتٰبَ وَلَمْ يَجْعَلْ لَّهٗ عِوَجًا ①
الکھف۔

نکسیر کا علاج

يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ ایک سو ایک مرتبہ يَامُجِيْبُ يَامَجِيْدُ ایک سو ایک مرتبہ پانی پر پڑھ کر اس کو پی لیں اور وہ پانی سر پر ملیں۔

نکسیر کا علاج

سورۃ الفجر، سورۃ البلد، ایک ایک مرتبہ سورۃ الشمس تین مرتبہ پانی پردم کر کے پلائیں۔

بندش نکسیر کے لئے

اگر کسی کو نکسیر چل پڑے تو اس کے سر پر ہاتھ رکھ کر گیارہ مرتبہ ان کلمات کو پڑھ کر دم کریں، ان شاء اللہ نکسیر بند ہوگی۔

كُفَّ اَيُّهَا الرُّعَافُ بِحَقِّ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ الْعَزِيْزِ الْجَبَّارِ۔

نکسیر کے لئے

جسے نکسیر ہو اسے یہ آیت گیارہ مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائی جائے ان شاء اللہ خون آنا بند ہو جائے گا:

وَمَا مُحَمَّدٌ اِلَّا رَسُوْلٌ ۚ قَدْ خَلَتْ مِنْ قَبْلِهِ الرُّسُلُ ؕ اَفَاۡئِنْ مَّاتَ اَوْ قُتِلَ انْقَلَبْتُمْ عَلٰۤى اَعْقَابِكُمْ ؕ وَمَنْ يَّنْقَلِبْ عَلٰى عَقِبَيْهِ فَلَنْ يَّضُرَّ اللّٰهَ شَيْـًٔا ؕ وَسَيَجْزِى اللّٰهُ الشّٰكِرِيْنَ﴿۱۴۴﴾... آل عمران۔

ناک کی ہڈی کا بڑھنا

سورۃ الطارق تین مرتبہ پڑھ کر تیل پر دم کریں اور تین دن تک مالش کریں۔

نگلیر یا کا علاج

سورۃ الفاتحہ سورۃ الکہف کا پہلا رکوع اور آخری رکوع ایک بار پڑھیں پھر سورۃ الکوثر سورۃ الفلق سورۃ الناس ایک ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور تین دن تک پانی پئیں۔

منہ کے مسائل

زبان کا کینسر

پانی پر سورۃ الفاتحہ سات مرتبہ اور سورۃ الضحیٰ اور سورۃ التین تین تین مرتبہ اور سورۃ القدر ایک بار اور سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق سورۃ الناس تین تین بار پڑھیں اور اس پانی سے روزانہ صبح وشام تین بار غرارے کریں اور تیس سے چالیس سیکنڈ پانی کو منہ میں روکے رکھیں اور سات دن تک یہ عمل کریں، اور اس پانی کو پئیں۔

زبان کی تیزی کا علاج

دن میں سو بار کم از کم استغفار کریں۔

منہ اور حلق کا کینسر

سورۃ الفاتحہ سات مرتبہ، سورۃ الاعلیٰ، سورۃ الضحیٰ سورۃ التین سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھیں اور دم کریں اور سات دن تیل کی مالش کریں اور پانی پئیں اور جب بھی پانی پینے لگیں تو پہلے اکیس مرتبہ یَا مُغِيثُ پڑھ کر پانی میں دم کرلیا کریں۔

مسوڑھوں کا خراب ہوجانا

شہد میں دو لیموں نچوڑ کر اس پر، سورۃ الفاتحہ سورۃ القدر سورۃ الاخلاص پڑھ کر دم کریں اور اس کو دانتوں پر ملیں تین دن تک یہ عمل کریں بہت فائدہ ہوگا ان شاء اللہ۔

زبان کی حفاظت

اگر کسی کی زبان پر گالیاں چڑھی ہوئی ہوں ہر وقت گالیاں بکنا عادت ہو یا زبان سے غیبت، جھوٹ، تکبر کی باتیں نکلتی ہوں تو زبان کی حفاظت کے لئے: يَا حَمِيْدُ کا چلتے پھرتے فرصت کے اوقات میں ورد رکھیں اس کی برکت سے انشاءاللہ تعالیٰ زبان فحش گوئی، گالیاں بکنے، غیبت کرنے، جھوٹ بولنے، تکبر کی باتیں کرنے سے محفوظ رہے گی۔

دوسرا طریقہ: یہی نام ایک کٹورے میں کندہ کرائیں، جب پانی پینے لگیں تو اس پیالے میں پانی بھر کر انیس مرتبہ یہ نام مبارک پڑھ کر اس پانی پر دم کر کے وہ پانی پئیں ان شااللہ اس عمل سے بھی مندرجہ بالا فائدہ حاصل ہوگا۔

ہذیان

جو بھی پاگلوں جیسی باتیں کرے اس کے سر میں یہ آیت لکھ کر باندھی جائے تو ان شاء اللہ اس کا ہذیان دور ہو جائے گا:

لَا يُؤَاخِذُكُمُ اللّٰهُ بِاللَّغْوِ فِيْٓ اَيْمَانِكُمْ ﴿٢٢٥﴾ - البقرہ۔

دردِ سر اور دانت کے درد کی بیماری سے بچاؤ

جب بھی چھینک آئے تو اس کے بعد اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ عَلٰى كُلِّ حَالٍ۔۔۔ پڑھنے کی عادت ڈالیں ان شاء اللہ کبھی سر کا درد اور دانت کی بیماری نہ ہوگی۔

ورد برائے دفع لکنت لسانی

قبل از درس وتلاوت:

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿٢٥﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿٢٦﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿٢٧﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿٢٨﴾ ...طه

تین مرتبہ۔

صبح وشام۔۔۔۔ اَلَمْ نَشْرَحْ لَكَ صَدْرَكَ۔۔۔۔ مکمل سات مرتبہ

چہرے کے مسائل

چہرے کی خوبصورتی اور کیل مہاسوں سے نجات کے لئے

سورۃ الضحیٰ کسی کریم اور پانی پر دم کریں اول پاک جگہ اس پانی سے چہرہ دھوئیں پھر کریم لگائیں تین دن یہ عمل کریں اگر مریض خود بھی سورۃ الضحیٰ پڑھ کر دم کرے تو مزید خوبصورتی آئے گی اور چھالوں سے نجات ہوگی اور چہرہ تر وتازہ ہوگا، اگر دن میں دو مرتبہ صبح کو

اٹھنے کے بعد اور رات کو سونے سے پہلے کریں تو مزید سے مزید فائدہ ہوگا۔

چہرے کی چھائیاں

بعض مرتبہ چہرے پر چھائیاں پڑ جاتی ہیں جس کی وجہ سے چہرہ بدصورت سا لگتا ہے اس کے لئے یہ عمل مفید ہے:

لیموں کا عرق لے کر اس پر وَّصَوَّرَكُمْ فَاَحْسَنَ صُوَرَكُمْ ۳ (سورۃ التغابن) اکیس بار پڑھ کر دم کر دیں۔ یہ عرق سوتے وقت چہرے پر مل لیں۔ صبح اٹھ کر نیم گرم پانی سے چہرہ دھولیں۔ ان شاء اللہ اکیس دن مسلسل یہ عمل کرنے سے چہرے کی چھائیاں ختم ہوجائیں گی

حسن و جمال کا قیمتی راز

ہر نماز کے بعد یَاخَالِقُ، یَامُصَوِّرُ، یَاجَمِیْلُ، ایک تسبیح پڑھیں، ان شاء اللہ قیمتی بیوٹی کریموں، لوشن اور بیوٹی پالروں سے نجات ملے گی۔

گلے کے مسائل

گلے کا پھولنا

یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھی جائے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۷۹
--الزخرف۔

گلے کی سوزش

سورۃ الفیل، سورۃ القریش، سورۃ الکوثر تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس

سے غرارے کریں اور ذرا سا پانی پی لیں، اگر دائی ہو تو تین دن یہ عمل کریں۔

گلے کی تمام بیماریوں کے لئے

گلے کی کوئی بیماری ہو یا حلق کا کوئی بھی مرض ہو سب کے لئے یہ عمل مؤثر ہے۔
اس عمل کو لکھ کر مریض کے گلے میں ڈال دیں۔ان شاء اللہ شفا نصیب ہو گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيمِ۔ يَامُغِيْثًا بِرَحْمَتِكَ يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

برائے خنازیر

جس کی گردن میں کنٹھ مالا ہو تو تانت پر جو مریض کے قد کے برابر ہو اکتالیس گرہ دے اور ہر گرہ پر یہ دعا پھونکے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔أَعُوْذُبِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَةِ اللهِ وَقُوَّةِ اللهِ وَعَظَمَةِ اللهِ وَبُرْهَانِ اللهِ وَسُلْطَانِ اللهِ وَكَنَفِ اللهِ وَجَوَارِاللهِ وَأَمَانِ اللهِ وَحِرْزِاللهِ وَصُنْعِ اللهِ وَكِبْرِيَاءِ اللهِ وَنَظْرِاللهِ وَبَهَاءِ اللهِ وَجَلَالِ اللهِ وَكَمَالِ اللهِ ۔لَاإِلٰهَ إِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ۔

پھر مریض کے گلے میں ڈالیں۔

زیادتی بلغم

جس کو کھانسی کی وجہ سے یا بلغمی امراض کی وجہ سے بلغم زیادہ آتی ہو تو صبح کی نماز کے بعد اول آخر درود شریف سات مرتبہ اور سورہ فاتحہ مع بسم اللہ سات بار، آیت الکرسی بھی سات بار، تین ماشہ کلونجی پر دم کریں۔صبح کو سات دانہ کلونجی کے پھانک لیا کریں یا شہد میں ملا کر استعمال کریں بلغمی امراض کا خاتمہ ہو گا۔

بلغمی امراض

جو بلغم کے عارضہ میں مبتلا ہوتو وہ نمک کی سات چھوٹی چھوٹی ڈلیاں لے اور ان میں سے ہر ڈلی پر سات مرتبہ آیت الکرسی پڑھ کردم کرے اور سات روز نہار منہ ایک ڈلی استعمال کرے ان شاء اللہ العزیز سات میں میں اس عارضہ سے شفا ہوگی۔

کھانسی کا علاج

پانی پر یَامُقِیْتُ ایک سو ایک مرتبہ سورۃ القریش، سورۃ الکوثر، سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کردم کریں اور چوبیس گھنٹوں میں تین دفعہ پی کر اس کو ختم کر دیں۔

کھانسی کے لئے

اگر کسی کو کھانسی ہوگئی ہو تو یہ آیت اکیس مرتبہ سیاہ نمک پر دم کر کے چٹایا جائے:

وَشَدَدْنَا مُلْكَهُ وَآتَيْنَاهُ الْحِكْمَةَ وَفَصْلَ الْخِطَابِ ﴿٢٠﴾ ... سورۃ ص

کالی کھانسی کے لئے

جس کو کالی کھانسی ہوگئی ہو تو سات دن تک اکتالیس مرتبہ سورہ الم نشرح پانی پر دم کر کے پلایا جائے اور اسی سورت کو لکھ کر گلے میں لٹکایا جائے ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

دل کے مسائل

دل کی گھبراہٹ

جس عورت کا دل گھبراتا ہو اور ہر وقت پریشان رہتی ہو اس پر مردانگی چھائی رہتی

ہواسے چاہئے کہ اس اسم یَامُحْیِیُ کو روزانہ تین سومرتبہ پڑھے۔ یا اسے یہ اسم کوئی پانی پردم کرکے پلائے اور سات دن تک یہ عمل کریں ان شاءاللہ دل کی گھبراہٹ ہمیشہ کے لئے ختم ہوجائے گی۔

دل کے دورہ کے لئے

پوری سورۃ الانشراح پلیٹ پرلکھ کرسات ایام تک پلائی جائے ان شاءاللہ صحت یابی قدم چومے گی۔

دل کے دورے اور تکلیف سے حفاظت کے لئے دعا

ہرفرض نماز کے بعد دل پر سیدھا ہاتھ رکھ کرسات مرتبہ پڑھیں پھر ہتھیلی پردم کرکے سینہ پر ہاتھ پھیرلیں۔ دعا یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَاقَوِيُّ الْقَادِرُ الْمُقْتَدِرُ قَوِّنِيْ وَقَلْبِيْ۔

انجائنا کا علاج

علاج: سورۃ الفاتحہ تین مرتبہ پھر سورۃ البروج کی آخری آیات:

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ ۔البروج۔

تین مرتبہ سورۃ الکافرون سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پردم کریں اور تین دن میں استعمال کریں۔

دل کے درد کے لئے

اگر کسی کے دل میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ان شاء اللہ درددل سے نجات ملے گی۔

يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ؀ ۔۔۔۔النحل۔

برائے اختلاج قلب

آیات ذیل کو لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ قلب پر پڑی رہیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اَلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَتَطْمَىِٕنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ ۭ اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ ؀ ۔۔۔ الرعد۔

وَّرَبَطْنَا عَلٰي قُلُوْبِهِمْ ؀ ۔۔۔ الکھف۔

لَوْلَآ اَنْ رَّبَطْنَا عَلٰي قَلْبِهَا لِتَكُوْنَ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ؀ ۔۔۔ القصص۔

وَلِيَرْبِطَ عَلٰي قُلُوْبِكُمْ ۔۔۔؀ الانفال۔

اضطراب،قلق اور دل کی پریشانی دور ہونے کی دعا

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ ھَدَيْتَنَا وَھَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَھَّابُ ؀ ۔۔۔ آل عمران۔

دل کی کمزوری کا نافع ومؤثر علاج

جس کسی کا دل کمزور ہو گیا ہو تو وہ فجر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھا کرے،بہت مفید ہے۔

لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحۡدَہٗ لَا شَرِیۡکَ لَہٗ، لَہُ الۡمُلۡکُ وَلَہُ الۡحَمۡدُ، یُحۡیِیۡ وَیُمِیۡتُ، وَھُوَ حَیٌّ لَا یَمُوۡتُ، بِیَدِہِ الۡخَیۡرُ، وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ۔

دمہ کی مریضہ کے لئے

سورۃ الفاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مسلسل دمہ کی مریضہ کو پلائی جائے بہت مفید ہے۔

دمہ کے لئے

سورہ فاتحہ چینی کی رکابی پر زعفران سے لکھ کر سات یوم تک مسلسل دمہ کے مریض کو پلایا جائے بہت مفید ہے۔

تکلیف تنفس کے لئے

یَا حَمِیۡدُ روزانہ ایک ہزار مرتبہ پڑھا کریں۔

دم گھٹنے کا علاج

کسی خاتون کے دل پر بوجھ رہتا ہو، ہر وقت پریشانی اور ٹینشن کی کیفیت ہو، اور خیالات فاسدہ آتے رہتے ہوں اور دم گھٹتا محسوس ہوتا ہو تو ایسی خاتون اول خود درود شریف کثرت سے پڑھنا شروع کرے اور یہ آیت:

رَّبِّ اَعُوۡذُ بِكَ مِنۡ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيۡنِ ﴿۹۷﴾ وَاَعُوۡذُ بِكَ رَبِّ اَنۡ يَّحۡضُرُوۡنِ ﴿۹۸﴾ ..... المؤمنون

گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرے اور اس کو تین دن پیئے اور اسی دوران مریضہ خود بھی روزانہ یہ آیت تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرتی رہے۔

دل کی گھٹن کے لئے

دل کی گھٹن اور انقباض قلب کے لئے سینہ پر ہاتھ رکھ کر ایک سو ایک مرتبہ اس آیت کا صبح کی نماز کے بعد پڑھنا نہایت مفید اور مجرب ہے آیت یہ ہے:

الٓمّٓصٓ ① كِتٰبٌ اُنْزِلَ اِلَيْكَ فَلَا يَكُنْ فِيْ صَدْرِكَ حَرَجٌ مِّنْهُ لِتُنْذِرَ بِهٖ وَذِكْرٰى لِلْمُؤْمِنِيْنَ ② ... الاعراف۔

درد دل

اگر کسی کے دل میں درد ہو تو یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں اس طرح لٹکایا جائے کہ تعویذ دل پر لٹکا رہے ان شاء اللہ تعالی درد ختم ہو جائے گا۔

يَخْرُجُ مِنْۢ بُطُوْنِهَا شَرَابٌ مُّخْتَلِفٌ اَلْوَانُهٗ فِيْهِ شِفَآءٌ لِّلنَّاسِ ⑲

... النحل.

دل کا ڈوبنا

دل کے مریض کو یہ آیت لکھ کر گلے میں باندھنا اور چینی کی پلیٹ پر لکھ کر دھو کر پینا بہت مفید ہے:

قُلْ يٰعِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰٓى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا ؕ اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ ۝۵۳

... الزمر.

سینے کے مسائل

خشک پستان کے لئے

سورة یس کی ابتدائی تین آیات کو اکتیس مرتبہ اور آخری تین آیات کو اکتیس مرتبہ پانی

پردم کریں اور تین دن استعمال کریں۔

تعویذ میں لکھیں: سورۃ یٰس کی ابتدائی تین آیات اور آخری آیت لکھیں، تین دن اپنے پاس رکھیں۔

خشک پستان کے لئے

سورۃ یٰس کا ساخت بنائیں اور پلائیں، ساخت میں مریض کا نام لکھیں، پرنٹ یا فوٹو اسٹیٹ بھی چل سکتی ہے۔

دودھ کی کمی

سورۃ القصص کی آیت: وَاَوْحَيْنَآ اِلٰٓى اُمِّ مُوْسٰٓى اَنْ اَرْضِعِيْهِ۞۔

اکیس بار روزانہ پانی پر دم کر کے اکیس روز تک پلائیں۔

دیگر

اسی آیت کو لکھ کر بطور تعویذ چھاتی پر باندھیں۔

دیگر

سورۃ الرحمن کی آیت: فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ۔ خمیری روٹی پر لکھ کر سات روز تک مریضہ کو کھلائیں۔

دیگر

اسم باری تعالی هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ تین سو بار پڑھ کر دم کرنا نافع ہے۔

دودھ کی رکاوٹ

سورۃ ھود کی آیت مبارک: وَهِيَ تَجْرِيْ بِهِمْ فِيْ مَوْجٍ كَالْجِبَالِ ﴿٤٢﴾ ایک سو ایک بار بارش کے پانی پر یا آب زمزم پر دم کر کے اکتالیس یوم تک پلائیں۔

عورت کا دودھ بڑھانے کے لئے

یَا اللهُ تین مرتبہ یَا مُحِیْطُ تین مرتبہ یَا جَبَّارُ تین مرتبہ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ تین مرتبہ یَا مُتَعَالِ تین مرتبہ سورۃ یٰس کی پہلی اور آخری آیت لکھ کر ایک ساخت بنائیں اور ایک تعویذ بنائیں ساخت کو پانی میں پگھلا کر پئیں اور تعویذ اپنے پاس رکھیں۔

عورت کا دودھ کم کرنے کے لئے یہی عمل لکھیں صرف یا متعال نہ لکھیں۔

دودھ بڑھانے کا عمل

جس ماں کا دودھ کم ہو وہ نمک پر یہ آیت مبارکہ:

مَثَلُ الَّذِيْنَ يُنْفِقُوْنَ اَمْوَالَهُمْ فِيْ سَبِيْلِ اللهِ كَمَثَلِ حَبَّةٍ اَنْۢبَتَتْ سَبْعَ سَنَابِلَ فِيْ كُلِّ سُنْۢبُلَةٍ مِّائَةُ حَبَّةٍ ؕ وَاللهُ يُضٰعِفُ لِمَنْ يَّشَآءُ ؕ وَاللهُ وَاسِعٌ عَلِيْمٌ ﴿٢٦١﴾ ---البقرۃ

تک ایک سو ایک بار پڑھ کر دم کرے اور کھانے پینے کی اشیاء میں وہی نمک استعمال کرے ان شا اللہ دودھ بڑھ جائے گا۔

فائدہ:

جامع الوظائف کے مصنف لکھتے ہیں: مائیں جب بچوں کو دودھ پلا رہی ہوں تو شوہروں کا فرض ہے کہ وہ ان کی صحت اور غذا کا عام دنوں سے بڑھ کر خیال کریں اور نارمل خوراک سے بڑھ کر ان کے لئے پھل فروٹ اور دیگر اجناس خوردنی میں ان چیزوں کا کثرت

سے استعمال کروائیں جن سے ان کے دودھ میں بھی اضافہ ہو اور دودھ پلانے سے صحت پر منفی اثر نہ پڑے۔

دودھ کی کمی کا علاج

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ۝۲۳۳ ...البقرۃ۔

تک نمک پر یہ آیت مبارکہ ایک سو ایک بار پڑھ کر دم کریں اور اسے کھانے پینے میں استعمال کریں، اگر بلڈ پریشر نہ ہو تو دن میں ایک آدھ بار نمک چاٹ بھی لیں، ان شاء اللہ بچے کی ضرورت کے موافق دودھ آجائے گا۔

عورت کا دودھ کم ہو

بچہ پیدا ہونے کے بعد اگر کسی عورت کو دودھ نہ آئے یا کسی مرحلے پر بچے کو پلانے کے لئے دودھ کم ہو تو اس صورت میں اس اسم یَامَتِیْنُ کو وہ خود یا کوئی دوسرا پانچ ہزار مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے اور گیارہ روز تک یہ عمل کرے ان شاء اللہ دودھ پورا ہو جائے گا۔

دودھ کی کمی کے لئے

کسی عورت کے دودھ میں کمی ہو تو خالص شہد پر ذیل کی آیت کریمہ ستر (۷۰) بار پڑھ کر دم کریں۔ صبح نہار منہ ایک تولہ شہد عورت کو کھلائیں۔ جب کافی مقدار میں دودھ اترنے لگے تو شہد کا استعمال بند کر دیں۔ اگر خالص شہد نہ مل سکے تو مغز ناریل (کھوپرا) پر دم کریں۔ دو تولہ کی مقدار میں ناشتہ سے قبل کھلائیں۔

وَاَنْهٰرٌ مِّنْ لَّبَنٍ لَّمْ يَتَغَيَّرْ طَعْمُهٗ ۚ وَاَنْهٰرٌ مِّنْ خَمْرٍ لَّذَّةٍ لِّلشّٰرِبِيْنَ۝۱۵ ....محمد۔

دودھ کم ہونا

یہ دونوں آیتیں نمک پر سات بار پڑھ کر ماش کی دال میں کھلائیں:

وَالْوَالِدٰتُ يُرْضِعْنَ اَوْلَادَهُنَّ حَوْلَيْنِ كَامِلَيْنِ لِمَنْ اَرَادَ اَنْ يُّتِمَّ الرَّضَاعَةَ ۝ ۔۔۔البقرة۔

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۭ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَاۗىِٕغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ۝ ۔۔۔النحل۔

عورت کا دودھ بڑھانے کے لئے

سورۃ یاسین لکھ کر پانی میں ڈال کر عورت کو پلائیں

عورت کا دودھ جم جانا

سورۃ الانفطار مکمل سورۃ القدر ایک ایک مرتبہ پانی پر اور تیل پر دم کریں، پانی پی لیں اور تیل سے مالش کریں۔

پستانوں کا عدم ابھار

سورۃ الکھف کی آیت: اَنْزَلْنٰهُ مِنَ السَّمَاۗءِ فَاخْتَلَطَ بِهٖ نَبَاتُ الْاَرْضِ فَاَصْبَحَ هَشِيْمًا تَذْرُوْهُ الرِّيٰحُ ۭ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ مُّقْتَدِرًا ۝ تک اکتالیس بار روزانہ پانی پر دم کر کے چالیس دن تک پلائی جائیں۔

دیگر

اسم باری تعالیٰ یَامَاجِدُ ایک ہزار بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کریں، اور ہاتھ چھاتی پر ملیں۔

سینے کے ابھار کی کمی یا زیادتی کے لئے

سورۃ الدھر مکمل یا اول و آخر کی تین آیاتیں لکھیں یا تیل پر دم کریں اور اس سے مالش کریں۔

سینہ کے سپاٹ ہونے کے لئے

رات کو سونے سے پہلے وَالتِّيْنِ وَالزَّيْتُوْن ۔سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں بات کئے بغیر سو جائیں 90 دن یہ عمل روزانہ کریں۔

سینہ ابھارنے کے لئے

عورت کے سینہ (پستانوں) کو ابھارنے کے لئے مندرجہ ذیل آیت لکھ کر پستانوں پر باندھنا بہت مجرب ہے، اس سے پستان ابھر آتے ہیں:

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿٦٦﴾ ...النحل

سینہ کی سوجن ختم کرنے کے لئے

اگر پستان پر ورم آ گیا ہو تو سورۃ الاخلاص اور معوذتین دس دس بار پانی پر دم کر کے پلائی جائے ان شاء اللہ ورم ختم ہو جائے گا۔

درد پستان

سورۃ الفاتحہ، سورۃ الاخلاص، معوذتین (آخری دو سورتیں) پانی پر دس دس بار دم کر کے پلائیں۔

سینہ کے درد کو ختم کرنے کے لئے

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ؕ نُسْقِيْكُمْ مِّمَّا فِيْ بُطُوْنِهٖ مِنْۢ بَيْنِ فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِيْنَ ﴿۶۶﴾ ... النحل۔

لکھ کر پانی میں ڈالیں اور وہ پانی استعمال کریں۔

سینہ کے درد کے لئے

اگر کسی کے سینہ میں درد رہتا ہو تو اس کو یہ آیت لکھ کر اپنے گلے میں ڈال لینی چاہیے، ان شاءاللہ درد سے نجات ملے گی۔ آیت یہ ہے:

اَفَمَنْ شَرَحَ اللّٰهُ صَدْرَهٗ لِلْاِسْلَامِ ﴿۲۲﴾ الزمر۔

شفائے امراض

برائے شفائے امراض

بیماریوں سے شفاء کے لئے قصیدہ بردہ شریف کا یہ شعر پاک صاف کاغذ پر زعفران سے لکھ کر مریضہ کے گلے میں ڈال دیں۔ بفضل خدا اس روحانی علاج سے مرض سے شفاء ہوگی۔

لَوْ نَاسَبَتْ قَدْرَهٗ اٰيَاتُهٗ عِظَمًا

أَحْيَا اسْمُهٗ حِيْنَ يُدْعٰى دَارِسَ الرِّمَمِ

تعویذ برائے شفائے بیمار ہر قسم

كَمْ أَبْرَأَتْ وَصِبًا بِاللَّمْسِ رَاحَتُهٗ

وَأَطْلَقَتْ أَرِبًا مِّنْ رِّبْقَةِ اللَّمَمِ

اس شعر کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ یہ ہر قسم کے مرض کے لئے موثر و مجرب ہے۔

ہر قسم کے لاعلاج مرض کے لئے

استغفار کی کثرت اور نماز کی پابندی، دنیا میں کوئی ایسا مرض نہیں جو لاعلاج ہو۔

سورۃ الواقعہ، سورۃ المدثر اور سورۃ الاعلیٰ سات سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر اور اپنے اوپر دم کریں اور پانی پئیں ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں ٹھیک ہو جائے گا۔

درد کے لئے

ہر قسم کے درد کے لئے، جس جگہ درد ہو اس کو مضبوط پکڑ کر سورۃ الم ترکیف بغیر بسم اللہ سات بار پڑھ کر دم کریں، ان شاء اللہ درد سے آرام ہوگا۔

عورتوں کے کمر میں دائمی درد کا علاج

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ ۔ یَاقَوِیُّ یَاحَیُّ یَاقَیُّوۡمُ اِنَّ اللّٰہَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ۔

لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

مرض ناسور کا علاج

اگر کوئی مرض ناسور میں مبتلا ہو جو اکثر گلے میں ہو جاتا ہے اور اس کے علاج سے ڈاکٹر وطبیب عاجز ہوں تو وہ اول کچی زمین پر مصلی بچھا کر سجدہ ریز ہو کر نہایت عجز وانکساری کے ساتھ بارگاہ الٰہی میں دعا کرے اور یہ اسما بہت کثرت سے چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے پڑھے ان شا اللہ چند ہی روز میں خود بخود نفع ہوگا۔ وہ اسما یہ ہیں:

یَااَللّٰہُ، یَارَحۡمٰنُ، یَارَحِیۡمُ

عورت میں زندہ جراثیم کا ختم ہو جانا

ایک پاؤ شہد میں پانچ لیمو نچوڑ کر ایک پاؤ پانی میں مکس کریں اور اس پر

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾

---إبراهيم

اور سورۃ الطارق سورۃ القریش سورۃ الاخلاص سورۃ الفاتحہ تین تین مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں اور رات کو سوتے وقت ایک چمچ پی لیا کریں اور یہی نمک پر بھی دم کریں اور صبح نہار منہ ذرا سا استعمال کریں۔

دفع امراض کے لئے

يَاأَللهُ، يَاسَلَامُ، يَاقَوِيُّ........ تین سو تیرہ مرتبہ

امراض بد سے بچنے کے لئے

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْبَرَصِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَسَيِّءِ الْأَسْقَامِ۔

صبح وشام ------تین مرتبہ

سخت امراض کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

أعوذبكلمات الله التامات كلها من شرماخلق ۔أعوذبكلمات الله التامات الهامات من غضبه وعقابه ومن شر عباده ومن همزات الشياطين وأن يحضرون۔بسم الله الذى لايضر مع اسمه شيء فى الأرض ولافى السماء وهوالسميع العليم۔ولاحول ولاقوة إلابالله العلى العظيم۔ياشافى ياشافى ياشافى وصلى الله تعالى على خير خلقه محمد وآله وأصحابه أجمعين۔

لکھ کر بازو یا گلے میں باندھے، اگر تمام وجود یا اعضا میں سے کسی جگہ درد ہو تو اس تعویذ

کو کاغذ پر لکھ کر پانی میں حل کر کے اکثر اس پانی کو پلائیں اور کسی قدر پانی بچا کر کڑوے تیل میں ڈال کر اس جگہ کو اس تیل سے مالش کریں بفضلہٖ تعالیٰ خیر ہو گی۔

ستر بیماریوں کا علاج

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

مریض پر مع تسمیہ پڑھ کر دم کرتے رہیں۔جنون، جذام، بواسیر بادی، برص وغیرہ ستر بیماریوں کا علاج ہے۔مریضہ خود پڑھ کر دم کر سکتی ہے۔

جس بیماری کی ڈاکٹروں کو سمجھ نہ آئے

اگر کسی کو کوئی ایسی بیماری ہو جو ڈاکٹروں کی سمجھ سے باہر ہو یا کوئی دوا اثر نہ کرتی ہو تو روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ مندرجہ ذیل آیت پڑھ کر آسمان کی طرف پھونکیں اور پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں یہ عمل اکتالیس روز کریں۔

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾ ...القمر

لاعلاج مرض کے لئے

روزانہ تین دفعہ دو رکعات صلاۃ الحاجت پڑھ کر اللہ سے گڑگڑا کر مانگیں۔ان شاء اللہ بیماری بلا کسی دوا کے دور ہو گی۔

مریض کے پاس یہ دعا پڑھیں

جب مریض کی عیادت کو جائیں تو یہ دعا دیں:

أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ أَنْ يَّشْفِيَكَ۔

اگر مریضہ ہو تو يَّشْفِيَكِ (کاف کے زیر کے ساتھ) پڑھیں گے۔اگر زندگی مقدر ہے تو اللہ تعالیٰ اس کو بہت جلد شفا دے دیں گے۔

نوٹ: اگر کسی مریض سے بذریعہ موبائل فون رابطہ ہوا ہے تو سات مرتبہ یہ دعا موبائل فون پر ہی پڑھ لیں۔

اور یہ بھی یاد رکھیں کہ مریض سے دعا کرانی چاہئے اس کی دعا بھی قبول ہوتی ہے۔

کمزوری دور کرنے کے لئے

اگر کسی کو کسی مرض کی وجہ سے یا کسی اور وجہ سے غیر معمولی کمزوری کا سامنا ہو تو اس کو چاہئے کہ کسی کاغذ پر یس والقرآن الحکیم۔لکھ کر اپنی کمر پر باندھ لے۔ان شاءاللہ چند ہفتوں میں کمزوری دور ہوگی۔

پیٹ کے امراض

ہیضہ کا علاج

سورۃ القریش، سورۃ الکوثر سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پانی دن میں تین بار پئیں اور ایک تعویذ دے دیں تعویذ میں یہ آیات لکھیں:

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿۱۷﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿۱۸﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿۱۹﴾ وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾ ... البروج۔

تعویذ تین دن بعد اتار کر پانی میں ڈالیں اور آگ پر ابالیں اور اس سے نہائیں۔

بدہضمی

اگر کسی کو بدہضمی ہو جائے تو اس آیت کو سات مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کر کے مریض کو چٹائیں، ان شاءاللہ بدہضمی سے نجات ملے گی۔آیت یہ ہے:

وَبِالۡحَقِّ اَنۡزَلۡنٰهُ وَبِالۡحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَاۤ اَرۡسَلۡنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيۡرًا ۞ ....بنی اسرائیل۔

بدہضمی

سورۃ الفاتحہ،سورۃ التین،سورۃ العادیات،سورۃ الاخلاص،تین تین مرتبہ اور یَامُقِیۡتُ اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی اور تیل پر دم کریں پانی پی لیں اور تیل سے پیٹ کی مالش کریں۔

پیٹ کے درد کے لئے

یہ آیت پانی وغیرہ پر تین بار پڑھ کر پلائیں۔ یا لکھ کر پیٹ پر باندھیں۔
لَا فِيۡهَا غَوۡلٌ وَّلَا هُمۡ عَنۡهَا يُنۡزَفُوۡنَ ۞ ... الصافات۔

پیٹ کے درد سے محفوظ رہنے کے لئے

اگر سات مرتبہ یَاعَظِیۡمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا جائے تو ان شاء اللہ کبھی پیٹ میں درد نہ ہوگا۔

اگر پیٹ میں درد ہو

اگر کسی کے پیٹ میں درد ہو تو سات مرتبہ یَاعَظِیۡمُ کاغذ پر لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے۔ اللہ کے فضل سے فوراً آرام ہوگا۔

ہیضہ اور ہر قسم کی وباء طاعون وغیرہ کے لئے

جس کو ہیضہ ہو جائے اسے جو چیز کھلائیں یا پلائیں تو پہلے اس پر تین مرتبہ سورۃ القدر پڑھ کر دم کر لیا کریں۔ ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

اسی طرح اگر ہیضہ یا طاعون کی وبا چل رہی ہو تو ایسے دنوں میں جو چیزیں کھائیں پئیں ان پر یہی سورت تین بار پڑھ کر دم کر لیا کریں ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔

معدہ اور گردے کے درد کے لئے

اکیس مرتبہ سورۃ الفاتحہ اور اکیس مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔

آنتوں کا خشک ہو جانا

ایک پاؤ شہد ایک پاؤ پانی میں ملائیں اور سات لیموں نچوڑیں اور اس پانی پر سورۃ الطارق سورۃ القدر سورۃ الاخلاص سورۃ الفاتحہ تین تین مرتبہ پڑھ کر اس کو آگ پر سات منٹ تک رکھیں ، پھر جب بھی پیاس لگے تو اس میں سے تھوڑا سا پانی میں ملا کر پیا کریں۔

پیٹ میں کیڑوں کا علاج

ایک پاؤ شہد میں ایک لیموں نچوڑ کر اس پر سورۃ الزلزال سورۃ الکوثر سورۃ الاخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور رات کو سوتے وقت اور صبح نہار منہ ایک ایک چمچ لیا کریں، تین دن تک یہ عمل کریں ان شاء اللہ عمر بھر کے لئے پیٹ کے کیڑوں کی شکایت کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

گیس

سورۃ الفاتحہ سات مرتبہ، سورۃ الاخلاص، سورۃ القدر، سورۃ النصر، تین تین مرتبہ پڑھ کر میٹھی چیز اور پانی پر دم کریں، میٹھی چیز کھالیں اور پانی پی لیں۔

گیس کے لئے

جوکوئی سات مرتبہ یَامُحْیِیْ پڑھ کر اپنے سینے پر دم کرے اور پانی پر بھی دم کر کے پئے ان شاء اللہ بیماری سے نجات ملے گی۔

گیس کے درد کے لئے

اللھم أنت الباعث وأناالمبعوث ومن یدع المبعوث إلاالباعث یارب۔وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقه سیدنامحمد وآله وأصحابه أجمعین۔

لکھ کر درد کی جگہ باندھیں۔

دست کے لئے

جسے دست آرہے ہو اسے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔الٓمّٓ ① اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ② ....آل عمران۔

لکھ کر پیٹ پر باندھا جائے۔

خونی دست کے لئے

اگر خونی دست آرہے ہوں تو اکیس دن تک یہ آیت لکھ کر پانی میں دھو کر پلایا جائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں پہنایا جائے۔

یٰٓاَیُّهَا النَّاسُ قَدْ جَآءَتْكُمْ مَّوْعِظَةٌ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَشِفَآءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ ۙ وَهُدًى وَّرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِیْنَ ۵۷ قُلْ بِفَضْلِ اللّٰهِ وَبِرَحْمَتِهٖ فَبِذٰلِكَ فَلْیَفْرَحُوْا ؕ هُوَ خَیْرٌ مِّمَّا یَجْمَعُوْنَ ۵۸ ... یونس.

ہڈی

ہڈیوں کی کمزوری

یَامُقِیۡتُ ایک سوایک مرتبہ،یَامُتَعَالِ ایک سوایک مرتبہ سورۃ القریش تین مرتبہ پڑھ کر پانی اورتیل پر دم کریں، پانی پی لیں اورتیل سے ہڈیوں کی مالش کریں اورایک تعویذ لکھیں،جس میں سورۃ القریش مکمل لکھی ہوئی ہو،پھر وہ تعویذ تین دن بعد پانی میں ابال کراس سے نہائیں اورپئیں۔

ہڈی ٹوٹ جائے اس کا علاج

سورۃ الطارق ،سورۃ الاعلی،سورۃ القریش،سورۃ الکوثر ،سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ زیتون کے تیل پردم کرکےاس سے مالش کریں۔

ہڈی کا ٹوٹ جانا

سورۃ البقرۃ کا آخری رکوع مکمل اورسورۃ التکویر مکمل سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق سورۃ الناس تیل پردم کریں اوراس سے ہڈی کی مالش کریں ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں مکمل ٹھیک ہوجائے گا۔

موہرے کا اپنی جگہ سے ہٹ جانا

سورۃ الفاتحہ سورۃ الاخلاص سات سات مرتبہ پڑھ کر پانی اورتیل پردم کرکے پانی پی لیں اورتیل سے کمر کی مالش کریں تین دن تک یہ عمل کریں۔

جلدی امراض

جلدی امراض سے شفایابی کے لئے

جو جلدی امراض میں مبتلا ہو تو اسے چاہئے کہ وہ اکیس روز تک سورہ طور کو روزانہ سات مرتبہ پڑھے اور اللہ عزوجل کے حضور شفایابی کی دعا کرے اللہ عزوجل اسے صحت کاملہ عطا فرمائے گا۔

معدے کے السر (زخم) زخم اور چوٹ، جلے ہوئے جلدی امراض کے لئے

سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس، ایک ایک مرتبہ پڑھیں پھر جس جگہ زخم ہو تو انگشت شہادت کے سرے پر تھوک لگا کر اس جگہ رکھ دیں یا اس کے گرد گھمائیں ان شاء اللہ چوبیس گھنٹوں میں ٹھیک ہو جائے گا۔

اور جلے ہوئے امراض کے لئے یہی عمل کرے تین مرتبہ، دو دو منٹ کے وقفہ سے۔

جلے ہوئے جلدی امراض کے لئے

مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيهَا ۚ قَالُوا الْـٰٔنَ جِئْتَ بِالْحَقِّ ... البقرۃ۔

اکیس مرتبہ پڑھ کر کسی مرہم پر دم کریں اور وہ زخموں پر لگائیں، ایک ہفتہ میں ان شاء اللہ زخم ٹھیک ہو جائیں گے۔

جسم میں جلن کا علاج

اگر کسی کو جسم میں جلن محسوس ہوتی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ سورۃ الکافرون کو ستر مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئے اور اس عمل کو سات روز تک جاری رکھے اللہ عزوجل شفا عطا فرمانے

والا ہے۔

بدنما داغ اور ناسور

سورۃ الضحی سورۃ التین سورۃ الاخلاص ایک ایک مرتبہ اور یَامُصَوِّرُ ایک سو ایک مرتبہ پانی اور کریم پر دم کریں، پانی سے منہ دھو کر کریم لگائیں تین دن یہ عمل کریں اگر ساتھ ساتھ مریضہ خود بھی یہ عمل تین دن تک کرے تو مزید فائدہ ہوگا۔

خارش کے لئے

سات مرتبہ سورۃ النوح صبح و شام پانی پر دم کر کے پئیں۔

خشک یا تر خارش سے نجات کے لئے

اگر کسی کو خشک یا تر خارش ہو گئی تو سورۃ القدر باوضو سات بار پڑھ کر اس پر دم کیا جائے اور اسی طرح پانی پر دم کر کے وہ پانی خارش کے مریضہ کو پلایا جائے۔

یا مریضہ خود (جسے خشک یا تر خارش ہو) تو وہ صبح و شام روزانہ اکیس مرتبہ سورۃ المؤمن کی یہ آیت پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئے:

فَكَسَوْنَا الْعِظٰمَ لَحْمًا ۚ ثُمَّ اَنْشَاْنٰهُ خَلْقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ الْخٰلِقِيْنَ ﴿۱۴﴾ ۔۔۔۔المؤمنون۔

یہ عمل اکیس روز تک کریں ان شاء اللہ العزیز شفا ہوگی۔

الرجی کا علاج

سورۃ الطارق سورۃ النوح ایک مرتبہ پانچ نمازوں کے بعد پڑھ کر اپنے او پر دم کریں۔

مرض داد کا علاج

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ فَكَسَوۡنَا الۡعِظٰمَ لَحۡمًا ۚ ثُمَّ اَنۡشَاۡنٰهُ خَلۡقًا اٰخَرَ ؕ فَتَبٰرَكَ اللّٰهُ اَحۡسَنُ الۡخٰلِقِيۡنَ ؕ﴿۱۴﴾

....المؤمنون۔

تک سات مرتبہ پڑھ کر ہر روز دم کریں ان شاالله جلد شفا ہوگی۔

برائے معمولی دنبل

اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں گیارہ مرتبہ سورۂ الم نشرح پڑھ کر دم کریں۔

خراب اور بڑے دنبل کے لئے

اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف درمیان میں اکتالیس مرتبہ الحمد شریف پڑھ کر دم کریں اور مکھن وغیرہ پر دم کر کے لگائیں۔

جسم کے ہر قسم کے داغ دھبہ ختم کرنے کے لئے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ۔ مُسَلَّمَةٌ لَّا شِيَةَ فِيۡهَا

اکتالیس مرتبہ پڑھ کر، کریم، مرہم وغیرہ پر دم کریں۔

جسم کے ہر قسم کے دانے، پھوڑا پھنسی وغیرہ کے لئے

تین مرتبہ سورۃ الفاتحہ تین مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھ کر دم کریں۔

پھوڑے پھنسی کا علاج نبوی

صحیح بخاری ومسلم میں ہے کہ نبی کریم ﷺ سے جب کوئی شخص کسی مرض وغیرہ کی

شکایت کرتا یا اسے پھوڑا یا زخم ہوتا تو آپ ﷺ اپنی انگلی مبارکہ (شہادت کی انگلی) کو زمین سے لگاتے اور پھر اس زخم والی جگہ پر پھیرتے ہوئے یہ کلمات پڑھتے:

بِاسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفَى بِهِ سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا۔۔

ترجمہ: میں اللہ کے نام کی برکت حاصل کرتا ہوں یہ ہماری زمین کی مٹی ہے جو ہم میں سے کسی کے تھوک میں ملی ہوئی ہے تاکہ ہمارے بیمار کو ہمارے رب کے حکم سے شفا دے۔

اندورنی امراض

جگر بڑھنے یا سخت ہونے کا علاج

سورۃ النباء ایک مرتبہ ،سورہ عادیات تین مرتبہ سورۃ الفیل سورۃ القریش ،سورۃ الاخلاص،سورۃ الفلق ،سورۃ الناس،ایک ایک مرتبہ اور آیۃ الکرسی تین مرتبہ اس جگہ پر ہاتھ رکھ پڑھیں اور مریض آنکھیں بند رکھے،تو آنکھیں کھلنے سے پہلے ان شاء اللہ، اللہ کے فضل وکرم سے بہتری ہوگی اور پانی پر دم کر کے تین مرتبہ پئے چوبیس گھنٹوں میں،اور اس جگہ دم بھی کریں۔

اور تعویذ میں یَاقَوِیُّ سات مرتبہ لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔

جگر کا درد

سورۃ الطارق سورۃ القدر سورۃ الاخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں، میٹھی چیز کھالیں پانی استعمال کریں اور تیل سے جگر کی مالش کریں تین دن تک یہ عمل کریں اور ایک تعویذ میں یَامُقِیتُ تین مرتبہ یَامُحِیطُ تین مرتبہ اور وہ مریض اپنے پاس رکھے تین دن بعد پانی میں ابال کر پی لے۔ان شاء اللہ مکمل ٹھیک ہوجائے گا۔

دردِ جگر

جگر کی تمام بیماریوں کے لئے اکیس بار یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا نافع ہے:

تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿٧٨﴾ ... الرحمن۔

پسلی کا درد

اس عمل کو سرسوں کے تیل پر اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ جس طرف کی پسلیوں میں درد ہو، اس تیل کی بار بار ہلکی ہلکی مالش کریں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ ﴿٤٤﴾ ...المؤمن

پھیپھڑوں کی کمزوری دور کرنے کے لئے

اگر کسی کے پھیپھڑے کمزور ہو گئے ہوں تو اس کو چاہئے کہ پانی پر تین سو مرتبہ اَلسَّلَامُ اَلْمُؤْمِنُ پڑھ کر دم کر کے پیئے ان شاء اللہ اس عمل کی اکیس دن پابندی کرنے سے پھیپھڑے مضبوط ہو جائیں گے۔

پھیپھڑوں میں پانی بھر جائے، تلی بڑھ جائے

سورۃ الحشر کی آخری چار آیات ایک مرتبہ اور سورۃ الھمزۃ سات مرتبہ، سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس تین تین مرتبہ آیت الکرسی سات مرتبہ پڑھ کر جسم اور میٹھی چیز دم کر کے کھلائیں۔ چوبیس گھنٹوں میں ان شاء اللہ اللہ فضل وکرم سے شفایابی ہوگی۔

پھیپھڑوں میں پانی بھرنے کا علاج

نماز کی پابندی کریں، سورۃ التغابن سورۃ البروج اکیس اکیس مرتبہ پڑھیں، کسی میٹھی

چیز پر یا کسی کھانے والی چیز پر دم کر کے کھائیں ایک ہفتہ تک یہ عمل بلا ناغہ کریں۔

پھیپھڑوں کا کینسر

اس مرض میں مریض کو پہلے کھانسی آتی ہے سانس لینا مشکل ہو جاتا ہے اور سانس لیتے وقت درد محسوس ہوتا ہے، بلغم میں خون شامل ہوتا ہے وزن کم ہونا شروع ہوتا ہے یہ کینسر نوڈیولز کی شکل میں ہوتا ہے۔

علاج: پھر سورۃ الضحیٰ سورۃ التین سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی اور میٹھی چیز پر دم کر کے دیں اور مریض خود بھی تین دن تک روزانہ فجر اور مغرب کے بعد یہ سورتیں پڑھ کر پانی پر دم کر کے استعمال کرتا رہے تین دن یہ عمل کرے اور تعویذ میں سورۃ الاخلاص لکھ کر دیں تین دن بعد پانی میں ابال کر پیئے اور نہائیں۔

درد پھیپھڑا

سورہ یاسین ابتدا سے پہلے مبین تک سات بار پانی پر دم کر کے پھیپھڑے کے مریض کو پلایا جائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں ڈالا جائے بہت نافع ہے۔

پتہ کی بیماری

اگر کسی کو پتے کی بیماری کی شکایت ہو تو اس کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا مفید ثابت ہوتا ہے: اَلرَّحْمٰنُ عَلَى الْعَرْشِ اسْتَوٰى ۝۵ ....طٰه۔

پتی اچھلنا

اگر کسی کے بدن پر کسی وجہ سے پتی اچھل جائے تو اس کے دفعیہ کے لئے ایک گلاس پانی میں چینی گھول کر گیارہ مرتبہ باوضو كُنْ فَيَكُوْن پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دن میں چار بار پلائیں، (صبح، دوپہر، بعد عصر، سوتے وقت) اگر مرض میں تیزی ہو تو گیارہ دن یہ عمل

کریں ورنہ چند دن میں مرض جاتا رہے گا۔ ان شاءاللہ۔

ٹی، بی معدہ اور گردہ کا زخم، پتھریوں کے لئے

سورۃ الفجر، سورۃ البلد، سورۃ التین، سورۃ القدر سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص، تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں اور تعویذ میں سورۃ القریش مکمل یَاقَوِیُّ یَامُقِیۡتُ تین تین مرتبہ لکھیں اور اپنے پاس رکھیں ان شاءاللہ چوبیس گھنٹوں میں ٹھیک ہو جائے گا۔

درد معدہ

یہ آیت پانی پر دم کر کے مریض کو پلایا جائے اور اسی کو لکھ کر گلے میں ڈالا جائے ان شاء اللہ معدہ کا درد جاتا رہے گا:

قُلۡ اِنَّنِیۡ هَدٰىنِیۡ رَبِّیۡۤ اِلٰی صِرَاطٍ مُّسۡتَقِیۡمٍ ﴿۱۶۱﴾ ... الأنعام۔

درد معدہ کا علاج

وَاِذۡ اَنۡتُمۡ اَجِنَّةٌ فِیۡ بُطُوۡنِ اُمَّهٰتِکُمۡ ۚ فَلَا تُزَکُّوۡۤا اَنۡفُسَکُمۡ ؕ هُوَ اَعۡلَمُ بِمَنِ اتَّقٰی ﴿۳۲﴾ ... النجم۔

گیارہ ساخت گیارہ دن تک استعمال کریں۔

پتھری

جس کو پتھری کی شکایت ہو وہ آیتیں یہ ہیں:

وَاِذِ اسۡتَسۡقٰی مُوۡسٰی لِقَوۡمِهٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبۡ بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ ؕ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَیۡنًا ﴿۶۰﴾ ... البقرة۔

قُلۡ کُوۡنُوۡا حِجَارَةً اَوۡ حَدِیۡدًا۔ الاسراء۔

ان دونوں آیتوں کو پڑھ کر دم کرے اور پلایا کرے ان شاءاللہ مریضہ کو شفا ہو گی۔

کالا یرقان، ہیپاٹائیٹس بی، سی پیٹ میں پانی بھر جائے، جگر، شوگر وغیرہ

سورۃ الملک سورۃ النباء سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس، تین تین مرتبہ پانی پر یا کھانے کی چیز پر دم کر کے پلائیں اور کھلائیں اور تعویذ میں سورۃ التین مکمل یَاحَيُّ یَاقَیُّومُ تین مرتبہ لکھیں۔

تلی بڑھ جانا

یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر تلی کی جگہ باندھیں۔

ذٰلِكَ تَخْفِيفٌ مِّن رَّبِّكُمْ وَرَحْمَةٌ ﴿۱۷۸﴾ ۔۔۔ البقرۃ۔

برائے دفع طحال

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اِنَّ اللّٰهَ يُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا ۚ وَلَئِنْ زَالَتَاۤ اِنْ اَمْسَكَهُمَا مِنْ اَحَدٍ مِّنْۢ بَعْدِهٖ ؕ اِنَّهٗ كَانَ حَلِيْمًا غَفُوْرًا ﴿۴۱﴾ ۔۔۔ فاطر۔

یاطحال ارجع إلی مکانك بحق أبي بكرن الصديق رضی الله تعالی عنه۔

لکھ کر طحال کی جگہ باندھیں۔

سیاہ رسولی

سورۃ الفاتحہ آیت الکرسی، هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ، سورۃ الاعلیٰ، سورۃ القدر، سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے سات دن تک پئیں، ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔

پیشاب کی تنگی اور گردہ کے درد کے لئے

سات بار پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور عرق گلاب وزعفران سے لکھ کر کمر میں باندھیں۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔
وَّبُسَّتِ الۡجِبَالُ بَسًّا ۙ﴿۵﴾ فَكَانَتۡ هَبَآءً مُّنۡۢبَثًّا ۙ﴿۶﴾ ...الواقعه
وَّحُمِلَتِ الۡاَرۡضُ وَالۡجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ۙ﴿۱۴﴾ ...الحاقه
وَاِذِ اسۡتَسۡقٰى مُوۡسٰى لِقَوۡمِهٖ فَقُلۡنَا اضۡرِبْ بِّعَصَاكَ الۡحَجَرَ ؕ فَانۡفَجَرَتۡ مِنۡهُ اثۡنَتَا عَشۡرَةَ عَيۡنًا ؕ قَدۡ عَلِمَ كُلُّ اُنَاسٍ مَّشۡرَبَهُمۡ ؕ كُلُوۡا وَاشۡرَبُوۡا مِنۡ رِّزۡقِ اللّٰهِ وَلَا تَعۡثَوۡا فِى الۡاَرۡضِ مُفۡسِدِيۡنَ ﴿۶۰﴾ ...البقره۔

گردے کے درد اور پتھری کا علاج

اَلَمۡ نَجۡعَلۡ لَّهٗ عَيۡنَيۡنِ ۙ﴿۸﴾ وَلِسَانًا وَّشَفَتَيۡنِ ۙ﴿۹﴾ وَهَدَيۡنٰهُ النَّجۡدَيۡنِ ۚ﴿۱۰﴾ ....البلد

عرق گلاب لے کر اس پر مندرجہ بالا آیات اکتالیس بار پڑھ کر دم کریں۔ پھر سات دن تک ایک چمچ کی مقدار ایک گلاس پانی میں ملا کر مریض کو پلائیں۔ ان شاء اللہ فوری اثر اور عجیب تاثیر دیکھیں گے۔

سلسل بول وذیابیطس کے لئے

ذیل کی آیت کریمہ سفید کاغذ پر سیاہ روشنائی سے لکھ کر کمر میں باندھیں

وَقِيۡلَ يٰۤاَرۡضُ ابۡلَعِىۡ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقۡلِعِىۡ وَغِيۡضَ الۡمَآءُ وَقُضِىَ الۡاَمۡرُ وَاسۡتَوَتۡ عَلَى الۡجُوۡدِىِّ وَقِيۡلَ بُعۡدًا لِّلۡقَوۡمِ الظّٰلِمِيۡنَ ﴿۴۴﴾
...هود۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾

-- الملك۔

متلی کے لئے

اگر متلی آتی ہوتو آیت تین بار پانی پر دم کر کے پلایا جائے:

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿۲﴾

--- محمد۔

خونی الٹی کے لئے

اگر خون کی قے آتی ہوتو اکیس روز تک ظہر کی نماز کے بعد یہ آیت پانی پر دم کر کے پلایا جائے ان شاء اللہ العزیز شفا ہوگی اور خون آنا بند ہوگا۔

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَمِلُوا الصّٰلِحٰتِ وَاٰمَنُوْا بِمَا نُزِّلَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّهُوَ الْحَقُّ مِنْ رَّبِّهِمْ ۙ كَفَّرَ عَنْهُمْ سَيِّاٰتِهِمْ وَاَصْلَحَ بَالَهُمْ ﴿۲﴾

--- محمد۔

پیاس کی زیادتی

جسے پیاس بہت زیادہ لگتی ہو اسے اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلائی جائے:

وَهُوَ الَّذِيْٓ اَرْسَلَ الرِّيٰحَ بُشْرًاۢ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ ۚ وَاَنْزَلْنَا مِنَ السَّمَآءِ مَآءً طَهُوْرًا ﴿۴۸﴾ --- الفرقان۔

بھوک کی کمی کا علاج

اگر بھوک نہ لگتی ہوتو اکیس مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلائی جائے تو ان شاء اللہ تعالی بھوک خوب لگے گی مجرب ہے:

وَلَوۡلَا فَضۡلُ اللّٰهِ عَلَيۡكُمۡ وَرَحۡمَتُهٗ وَاَنَّ اللّٰهَ تَوَّابٌ حَكِيۡمٌ ۝١٠
...النور.

بھوک کی زیادتی کا علاج

گیارہ مرتبہ یہ آیت پانی پردم کرکے پلانے سے بھوک کی زیادتی ختم ہوجائے گی،آیت یہ ہے:

وَفِى السَّمَآءِ رِزۡقُكُمۡ وَمَا تُوۡعَدُوۡنَ ۝٢٢ ...الذاریات.

بھوک لگنے کے لئے

اگرکسی کوبھوک نہ لگتی ہوتوکسی بھی کھانے کی چیزپر۱۵مرتبہ یَارَحِیۡمُ پڑھ کرکھالیں ،تین دن تک لگاتاراس عمل کریں ان شاءاللہ بھوک کھل جائے گی۔

جسم کے مختلف حصوں کے مسائل

اگرہچکی آرہی ہو

اگرکسی کوہچکی آرہی ہوتوتین سانس میں پانی پئیں اورہرسانس میں سات مرتبہ یَاحَفِیۡظُ پڑھیں ان شاءاللہ ہچکیاں آنی بندہوجائیں گی۔

ہچکی لگنا

سورۃ دھرکی یہ آیات مبارکہ سات سات مرتبہ پڑھ کردم کریں ان شااللہ ہچکی بند ہوجائے گی:

يُوۡفُوۡنَ بِالنَّذۡرِ وَيَخَافُوۡنَ يَوۡمًا كَانَ شَرُّهٗ مُسۡتَطِيۡرًا ۝٧ وَيُطۡعِمُوۡنَ الطَّعَامَ عَلٰى حُبِّهٖ مِسۡكِيۡنًا وَّيَتِيۡمًا وَّاَسِيۡرًا ۝٨ اِنَّمَا نُطۡعِمُكُمۡ لِوَجۡهِ اللّٰهِ لَا نُرِيۡدُ مِنۡكُمۡ جَزَآءً وَّلَا شُكُوۡرًا ۝٩ اِنَّا نَخَافُ مِنۡ رَّبِّنَا

يَوْمًا عَبُوْسًا قَمْطَرِيْرًا ۝ فَوَقٰىهُمُ اللّٰهُ شَرَّ ذٰلِكَ الْيَوْمِ وَلَقّٰىهُمْ نَضْرَةً وَّسُرُوْرًا ۝ ...الدھر۔

کمر اور گھٹنوں میں درد سے آرام کے لئے

سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سوۃ الناس تین تین مرتبہ پڑھ کر ہاتھ پر دم کر کے درد والی جگہ کو دبائیں اسی طرح یہ عمل تین مرتبہ کریں ان شاء اللہ تیسری مرتبہ اللہ کے فضل وکرم سے ٹھیک ہوجائے گا۔

ہاتھوں میں زیادہ پسینہ آنا

ایک پاؤ املی لے کر اس پر، سورۃ الفاتحہ، سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھیں اور رات کو سوتے وقت اس کو پانی میں ڈال دیں پھر صبح نہار منہ بغیر کلی کے ایک چمچ لیا کریں، سات دن تک یہ عمل کریں۔

کمر درد کا علاج

تیل پر سورۃ الفاتحہ سورۃ القریش سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور تین دن اس سے مالش کریں۔

دفع درد کے لئے

اگر کسی کو کمر، پسلی یا سینے میں درد ہوتو دوسری عورت یا عورت کا کوئی محرم باوضو ہوکر درد کے مقام پر سات مرتبہ یَا اَللّٰہُ لکھے اور دن میں سات مرتبہ یہ عمل کریں، ان شاء اللہ درد دفع ہوگا۔

ہمیشہ کی صحت وتندرستی کے لئے

جو یہ چاہے کہ مرتے دم تک اس کے تمام جسمانی اعضا درست رہیں اور وہ مرتے دم تک تندرست رہے تو اسے چاہئے کہ وہ روزانہ تین دفعہ یہ آیات پڑھ کر اپنے اور پر دم کرلیا کرے:

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ۝ ....الروم۔

جوڑوں کے درد سے نجات کے لئے

اگرکسی کے جوڑوں میں درد رہتا ہو اسے چاہئے کہ وہ روزانہ سورہ حاقہ کی تلاوت کرے اور تیل پر دم کر کے اس تیل کو صبح وشام درد کی جگہ لگائے اور سات روز تک اس عمل کو جاری رکھے ۔اللہ عزوجل درد کو دور کردے گا۔

پاؤں کی تکلیف دور کرنے کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ اَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا فِيْهَا۔

پڑھ کر دم کریں۔

جس کے پیروں میں رعشہ ہو

جس کے پیروں میں رعشہ ہو اور اس سے کھڑا نہ ہو یا جاتا ہو یا کسی درد کی وجہ سے چل نہ سکتا ہو تو ایک پاؤ زیتون کا تیل لے کر تین ہزار تین سو تیرہ دفعہ ان آیتوں کا پڑھ کر تیل پر دم کرنا ۔پھر دن میں تین مرتبہ رات میں ایک مرتبہ اس تیل سے ٹانگوں کی مالش کرے ان شاء اللہ بہت جلد رعشہ وغیرہ درد جو کچھ ہوگا ختم ہوجائے گا اور ٹانگیں درست ہوجائیں گی۔ آیات یہ ہیں:

اَلَا یَظُنُّ اُولٰٓئِكَ اَنَّهُمْ مَّبْعُوْثُوْنَ ﴿۴﴾ لِيَوْمٍ عَظِيْمٍ ﴿۵﴾ يَّوْمَ يَقُوْمُ النَّاسُ لِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۶﴾ ....المطففین۔

عرق النساء

جس ٹانگ میں درد ہو،اس طرف کے چولے پرلوہے کا چمٹا رکھ کراس عمل کو سات بار پڑھیں اور آہستہ آہستہ چمٹے کو نیچے کی طرف لے آئیں،جب چمٹا پیر پر آجائے تو چمٹے کو تین مرتبہ زمین پر جھاڑیں۔اس طرح اس عمل کو سات بار دھرائیں بفضل خدا درد کی وجوہ کچھ بھی ہوں،چند بار جھاڑنے سے درد بالکل غائب ہوجائے گا۔عمل یہ ہے:

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ آدَمُ صَفِيُّ اللهِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُوْسٰى كَلِيْمُ اللهِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ عِيْسٰى رُوْحُ اللهِ
لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ۔

ہر قسم کے درد کے لئے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ وَبِالْحَقِّ اَنْزَلْنٰهُ وَبِالْحَقِّ نَزَلَ ؕ وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا مُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۱۰۵﴾ ...سورۃ الاسراء۔

تین مرتبہ پڑھ کر درد کی جگہ پر دم کریں اور کسی تیل پر دم کرکے درد کی جگہ مالش کریں کیسا ہی درد ہو ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

ہر قسم کے درد کے لئے

درد کی جگہ پر ہاتھ رکھ کر درج ذیل دعا پڑھنا مجرب ہے

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ تین مرتبہ۔
أَعُوْذُ بِاللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ۔۔ سات مرتبہ

ہر قسم کے درد کا علاج

تھوڑا سا پانی لے کر اس پر سورۃ العادیات تین مرتبہ سورۃ الفیل ایک مرتبہ اور سورۃ اللھب ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں پھر وہ پانی ہاتھ میں ڈال کر درد کی جگہ ملیں۔

فالج کے لئے

سورۃ الم نشرح اور سورۃ الضحیٰ لکھ کر زیتون کے تیل میں یا بادام کے تیل میں ڈال کر نوشب تک متاثرہ حصہ کی مالش کی جائے ان شا اللہ تعالیٰ شفا ہوگی۔

فالج، برص، جذام، نظر بد کے لئے

فجر کی نماز کے بعد گیارہ مرتبہ یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ مِنْ عِنْدِكَ وَأَوْفِضْ عَلَیَّ مِنْ فَضْلِكَ وَأَسْبِغْ عَلَیَّ مِنْ رَّحْمَتِكَ وَأَنْزِلْ عَلَیَّ مِنْ بَرَکَاتِكَ۔

فالج زدہ کے لئے

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ۙ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۗ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾ اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ۬ؕ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰٓـُٔهُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۗ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾ ۔۔۔۔البقرہ۔

طریقہ: مذکورہ بالا آیات تین بار فالج والے مریض پر پڑھ کر دم کریں۔ فالج والے مریض کو کھڑے کر کے دم کرنا ہے ان شاء اللہ ٹھیک ہوگا۔

فالج کا علاج

سورۃ الزلزال کو رکابی یا طشت پر لکھیں اگر مفلوج پڑھ سکتا ہو تو پہلے پڑھ لے ورنہ صرف چاٹ لے یہ عمل اکتالیس رکابیوں پر اکتالیس دن تک کریں اور یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَاقَوِیُّ کے اکتالیس ساخت لکھیں اور مریضہ روزانہ ایک ساخت کھائے۔

لقوہ کے لئے

جس کو لقوہ ہو گیا ہو تو اسے یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر گلے میں ڈالی جائے ان شاءاللہ ضرور شفا ہو گی:

قَدْ نَرٰى تَقَلُّبَ وَجْهِكَ فِي السَّمَآءِ ۚ فَلَنُوَلِّيَنَّكَ قِبْلَةً تَرْضٰىهَا ۪ فَوَلِّ وَجْهَكَ شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ ۝١٤٤ ...البقرہ:(۱۴۴)

پتھری کو ریزہ ریزہ کرنے کے لئے

سورۃ الانشراح کو چینی کی پلیٹ میں زعفران سے لکھ کر پلائیں ان شاءاللہ پتھری ریزہ ریزہ ہو کر نکلے گی۔

بلڈ پریشر

بلڈ پریشر

سورۃ الفاتحہ سورۃ الکوثر، سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی اور میٹھی چیز پر دم کریں میٹھی چیز کھالیں اور پانی پی لیں، ان شاءاللہ جلد صحت یابی نصیب ہو گی۔

اور اگر بلڈ پریشر کم ہوتا رہتا ہو تو سورۃ الضحیٰ کی تلاوت کریں، اگر یہ یاد نہ ہو تو سورۃ الکوثر اور اگر یہ یاد نہ ہو تو سورۃ الاخلاص پڑھا کریں اور اس کے ساتھ یَااللّٰہُ سات مرتبہ

اور یَامُقِیْتُ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پی لیں ان شاء اللہ کبھی شکایت نہیں ہوگی۔

بلڈ پریشر کے لئے

بلڈ پریشر اگر دائمی ہو، کمی یا زیادتی کی صورت میں سورۃ القریش لکھ کر گلے میں لٹکا دیں تعویذ میں اور سورۃ القریش تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پانی پلائیں تعویذ تین دن بعد اتار دیں۔

ہائی بلڈ پریشر

اس عمل کو ایک سو مرتبہ پانی پر دم کریں، اس پانی کو صبح، دوپہر، شام تین مرتبہ دن میں استعمال کریں، اس عمل کو ساٹھ روز تک اسی طرح دہرائیں عمل کے اول آخر درود شریف تین تین بار پڑھیں۔ بفضل خدا اس مرض سے شفا ہوگی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ۔ وَشِفَاءٌ لِّمَا فِی الصُّدُوْرِ۔

بلڈ پریشر کنٹرول کرنے کے لئے

نماز فجر اور مغرب کے بعد یَامَالِكُ یَاقُدُّوْسُ 33 مرتبہ پڑھنے سے بلڈ پریشر کنٹرول رہتا ہے۔

نماز فجر و مغرب کے بعد ایک سو اکتیس مرتبہ ''یا سلام'' پڑھنا بلڈ پریشر کو کنٹرول کرتا ہے۔

سورۃ یاسین کی آیت:

اِنَّا نَحْنُ نُحْیِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ؕ وَكُلَّ شَیْءٍ اَحْصَیْنٰهُ فِیْۤ اِمَامٍ مُّبِیْنٍ ﴿۱۲﴾ ....یس

تک لکھ کر چالیس دن تک پلائی جائے۔

سورۃ الرعد کی آیت :

اَلَّذِیۡنَ اٰمَنُوۡا وَتَطۡمَئِنُّ قُلُوۡبُهُمۡ بِذِكۡرِ اللّٰهِ ؕ اَلَا بِذِكۡرِ اللّٰهِ تَطۡمَئِنُّ الۡقُلُوۡبُ ؕ۲۸ ....الرعد

تک ہر فرض نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھنے سے بلڈ پریشر کنٹرول رہتا ہے۔

شوگر کا علاج

سورۃ القدر، سورۃ الھمزۃ، سورۃ الکوثر سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس تین تین مرتبہ اور سورۃ الفاتحہ ایک مرتبہ آیت الکرسی تین مرتبہ پانی پر اور مریض پر دم کریں۔

شوگر کا علاج

سورۃ التغابن، سورۃ الملک، اکیس مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے پئیں۔ ایک ہفتہ بلا ناغہ یہ عمل کریں۔

ایڈز کا علاج

ڈھائی سو گرام شہد اور پچاس گرام کلونجی مکس کر کے ایک پاؤ پانی میں ڈالیں اور اس میں تین لیمو نچوڑ کر نو منٹ تک آگ پر رکھیں اور اس پر سورۃ الفاتحہ سورۃ الطارق سورۃ النصر سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور وہ پانی سات دن تک پئیں جب بھی پانی کی حاجت ہو تو اس میں مزید ملا لیا کریں۔

خون کی کمی

ایک پاؤ شہد پر سورۃ الطارق، سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین تین مرتبہ پڑھیں اور رات کو سوتے وقت دودھ میں ملا کر تین دن تک پئیں۔ یہ عمل تین دن تک کریں۔

بخار

سردی اور ہڈی کا بخار

سورۃ الفاتحہ ایک مرتبہ سورۃ الضحیٰ تین مرتبہ سورۃ الاخلاص ایک مرتبہ اور یَامُقِیتُ گیارہ مرتبہ پانی پر دم کریں اور وہ پانی تین دن تک پئیں۔

تپ دق اور بخار کے لئے

سورۃ التین ،سورۃ القدر،سورۃ الماعون سورۃ الکوثر سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں۔

بخار اگر بغیر سردی کے ہو

تو یہ آیت لکھ کر باندھیں اور اسی کو پڑھ کر دم کریں:

قُلْنَا يٰنَارُ كُوْنِيْ بَرْدًا وَّسَلٰمًا عَلٰٓى اِبْرٰهِيْمَ ﴿٦٩﴾ ... الأنبياء۔

بخار اگر سردی سے ہو

تو یہ آیت لکھ کر گلے میں ڈالیں یا بازو پر باندھیں:

بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا ؕ اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ﴿٤١﴾ ... هود۔

ناف کے مسائل

ناف ٹل جانے کا علاج

سورۃ الفیل ایک مرتبہ سورۃ الکوثر تین مرتبہ سورۃ الاخلاص ایک مرتبہ پڑھ کر پھونکیں پھر تکلیف پوچھیں اس طرح تیسری مرتبہ بفضلہٖ تعالیٰ بالکل ٹھیک ہو جائے گا۔

ناف ٹل جانا

یہ آیت مع بسم اللہ لکھ کر ناف کی جگہ باندھیں ناف اپنی جگہ آجائے گی اور اگر بندھا رہنے دیں تو پھر نہ ٹلے گی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ اِنَّ اللّٰہَ یُمۡسِکُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضَ اَنۡ تَزُوۡلَا ۚ وَلَئِنۡ زَالَتَاۤ اِنۡ اَمۡسَکَہُمَا مِنۡ اَحَدٍ مِّنۡۢ بَعۡدِہٖ ؕ اِنَّہٗ کَانَ حَلِیۡمًا غَفُوۡرًا ﴿۴۱﴾ ... فاطر۔

ناف ٹل جانے کا علاج

سورۃ الکوثر نو مرتبہ پڑھ کر مریض پر دم کریں اور مریض ناف پر ہاتھ رکھے۔

عورت کے زیر ناف درد کے لئے

عورتوں کے زیر ناف درد کے لئے اس آیت شریفہ کو چینی کی پلیٹ پر زعفرانی روشنائی سے لکھ کر پانی سے دھو کر صبح نہار منہ پلائیں، بفضل خدا چند دنوں میں مکمل شفا ہوگی

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ نَحۡنُ خَلَقۡنٰہُمۡ وَشَدَدۡنَاۤ اَسۡرَہُمۡ ۚ وَاِذَا شِئۡنَا بَدَّلۡنَاۤ اَمۡثَالَہُمۡ تَبۡدِیۡلًا ﴿۲۸﴾ ۔سورۃ الدھر۔

ناف ٹلنے کے لئے

سورۃ الکوثر نو (۹) مرتبہ اور ذٰلِکَ تَخۡفِیۡفٌ مِّنۡ رَّبِّکُمۡ۔ سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

زیر ناف بیماری سے حفاظت

چلتے پھرتے، اَلۡمَلِکُ اَلۡقُدُّوۡسُ اَلسَّلَامُ کا ورد کریں۔

زیر ناف درد

حیض کی کمی یا کسی اور وجہ سے بعض دفعہ خواتین کو زیر ناف درد کی شکایت ہوتی ہے یہ آیت:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ نَحْنُ خَلَقْنٰهُمْ وَشَدَدْنَآ اَسْرَهُمْ ۚ وَاِذَا شِئْنَا بَدَّلْنَآ اَمْثَالَهُمْ تَبْدِيْلًا ﴿۲۸﴾ ۔سورۃ الدھر۔

لکھ کر تین روز مریضہ کو پلانے سے اس درد کا افاقہ ہو جاتا ہے۔

جس کو پیشاب میں ریگ آتی ہو

اس کو یہ آیت لکھ کر پلائیں:

وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ﴿۵﴾ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ﴿۶﴾ الواقعة

وَّحُمِلَتِ الْاَرْضُ وَالْجِبَالُ فَدُكَّتَا دَكَّةً وَّاحِدَةً ﴿۱۴﴾ الحاقة

وَاِذِ اسْتَسْقٰى مُوْسٰى لِقَوْمِهٖ فَقُلْنَا اضْرِبْ بِّعَصَاكَ الْحَجَرَ ؕ فَانْفَجَرَتْ مِنْهُ اثْنَتَا عَشْرَةَ عَيْنًا ﴿۶۰﴾ البقرہ۔

رحم کی بیماریاں

حیض کم ہو

جس عورت کو حیض کم آتا ہو اسے روزانہ سات سو مرتبہ یہ آیت آب زمزم پر دم کر کے ایک ہفتہ تک پلائی جائیں اور اس آیت کو لکھ کر گلے میں بھی ڈالا جائے:

وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْاٰنِ مَا هُوَ شِفَآءٌ ﴿۸۲﴾ الاسراء

دیگر

اسی آیت کریمہ کو سات سو بار روزانہ ایک ہفتہ تک آب زمزم پر دم کر کے پلائیں۔

حیض میں کمی ہو

حیض کی کمی کی بیماری ہوتو روزانہ تین سو اکتالیس مرتبہ یہ آیت آب زمزم پر دم کرکے گیارہ دن تک پلائی جائے۔

لَّآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ۔۔۔الانبیاء

دیگر

اگر حیض بالکل نہ آتا ہوتو سورۃ الطارق کی آیت:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝ سورۃ الطارق۔

گیارہ بار پانی پردم کرکے پلائی جائیں۔اور یہ پانی گیارہ دن تک مسلسل پلایا جائے۔

حیض کا خون زیادہ مقدار میں آتا ہو

اگر حیض کا خون زیادہ مقدار میں آتا ہوتو یہ آیت لکھ کر پیٹ پر باندھی جائیں۔

صُمٌّۢ بُكْمٌ عُمْيٌ فَهُمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ۝ ۔۔۔۔البقرۃ

حیض خون زیادہ ہو

حیض کا خون زیادہ آنے کی صورت میں سات دن تک سورۃ الدھر پانی پردم کرکے پلائیں ان شاء اللہ خون آنا بند ہوجائے گا۔

بلیڈنگ روکنے کا عمل

جس عورت کی بلیڈنگ رکنے کا نام نہ لے رہی ہو اس کی ناف سے ذرا نیچے کرکے یہ

آیت بسم اللہ سمیت لکھ کر باندھیں ان شاء اللہ بہت جلد رک جائے گی اور وہ عورت دن رات یَاقَابِضُ کا ورد کرتی رہے اور ہر پانچ دس منٹ پڑھ چکنے کے بعد رحم پر دم کر لیا کرے۔

آیات یہ ہیں:

وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾

---ھود۔

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾

---الملك

بندش حیض کا علاج

روزانہ صبح اکیس مرتبہ اور شام کو اکتالیس مرتبہ سورۃ المزمل بندش حیض کے خاتمہ کی نیت سے پڑھیں ان شاء اللہ بہت جلد خوشی نصیب ہوگی۔

ایام مخصوصہ کی تکلیف سے نجات

اگر کوئی عورت اپنے حیض کے زمانہ میں باوضو ہو کر تین ہزار مرتبہ یہ اسم پاک یَامُتَعَالِیُ روزانہ پڑھے تو اسے حیض سے تکلیف سے نجات مل جائے گی اور اس کا بچہ ام الصبیان جیسی بچوں کی بیماری میں کبھی مبتلا نہ ہوگا، وہ عورت خود بھی ہر طرح کے مصائب سے محفوظ رہے گی۔

حیض کا درد سے آنا

اگر کسی عورت کو حیض درد سے آتا ہو، تو اس عمل کو خالص شہد پر پانچ سو بار پڑھیں۔ اول و آخر درود شریف پانچ پانچ بار پڑھیں، اس شہد کو تھوڑا تھوڑا دن میں چند

بار چاٹیں۔شہد حیض سے دو تین دن قبل کھانا شروع کریں۔اس روحانی علاج سے درد حیض سے شفا ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔
یَابَدِیۡعَ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ یَاقَاضِیَ الۡحَاجَاتِ
یَاحَفِیۡظُ یَاحَفِیۡظُ یَاحَفِیۡظُ

صفائی برائے حیض ونفاس

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔
سَلٰمٌ قَوۡلًا مِّنۡ رَّبٍّ رَّحِیۡمٍ ﴿۵۸﴾ ۔۔۔یس
سَلٰمٌ عَلٰی نُوۡحٍ فِی الۡعٰلَمِیۡنَ ﴿۷۹﴾ ۔۔۔الصافات
سَلٰمٌ عَلٰۤی اِبۡرٰہِیۡمَ ﴿۱۰۹﴾ ۔۔۔الصافات
سَلٰمٌ عَلٰی مُوۡسٰی وَ ہٰرُوۡنَ ﴿۱۲۰﴾ ۔۔۔الصافات
سَلٰمٌ عَلٰۤی اِلۡ یَاسِیۡنَ ﴿۱۳۰﴾ ۔۔۔الصافات
وَسَلٰمٌ عَلَی الۡمُرۡسَلِیۡنَ ﴿۱۸۱﴾ ۔۔۔الصافات
سَلٰمٌ عَلَیۡکُمۡ طِبۡتُمۡ فَادۡخُلُوۡہَا خٰلِدِیۡنَ ﴿۷۳﴾ ۔۔۔الزمر
سَلٰمٌ ہِیَ حَتّٰی مَطۡلَعِ الۡفَجۡرِ ﴿۵﴾ ۔۔۔القدر
لکھ کر روزانہ پلائی جائیں۔

لیکوریا

لیکوریا کا مرض عورت کی صحت وحسن کا دشمن ہے۔اس عمل کو کر کے فائدہ اٹھائیں اس عمل کو ہر روز صبح ،دوپہر،شام پانی پر چالیس مرتبہ دم کر کے پئیں ،بفضل خدا دو ماہ کے اس روحانی علاج سے لیکوریا سے شفاء ہوگی۔

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ۔ رَبُّ الۡمَشۡرِقِ وَالۡمَغۡرِبِ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّا ہُوَ فَاتَّخِذۡہُ وَکِیۡلًا ﴿۹﴾ ۔۔۔المزمل

لیکوریا ختم کرنے کے لئے

لیکوریا کے مرض کے شفا بخش علاج کے لئے باوضو ہو کر پاک وسفید کاغذ پر سورۃ النجم زعفران سے لکھیں اور کاغذ آب زمزم یا عام پانی میں گھول کر پلا دیں، ان شاءاللہ سات یوم کے مسلسل عمل سے لیکوریا کا مرض بالکل ختم ہو جائے گا، اس عمل کے کرنے سے رحم کے دیگر امراض سے بھی ان شاءاللہ تعالیٰ شفا نصیب ہوگی۔

عورت کے رحم میں ہڈی آ جائے (رتقاء)

نوٹ: رتقاء وہ عورت جس کے رحم میں ہڈی کی وجہ سے صحبت نہ ہو سکے۔

ایسی عورت ترش چیز اور پانی پر سورۃ الفاتحہ گیارہ مرتبہ سورۃ الاخلاص پندرہ مرتبہ سورۃ الکوثر اور قریش تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کرے اور وہ ترش چیز کھالے اور پانی پی لے، تین دن تک استعمال کریں۔

لڑکی کو صحبت سے تکلیف ہوتی ہو

سورۃ الکوثر تعویذ میں لکھ کر لڑکی کے تکیہ کے نیچے رکھے۔

پیشاب میں جلن

خواتین کو بعض مخصوص وجوہ کی بناء پر پیشاب میں جلن ہو جاتی ہے۔ زیر ناف درد یا پیشاب کی جلن جیسی بیماری کا اکثر اوقات خواتین شرم کے مارے کئی روز تک کسی سے ذکر تک نہیں کرتیں۔ مریضہ خود یا کوئی بھی شخص ایک بوتل پر تین سو تیرہ مرتبہ:

أَسْتَغْفِرُ اللهَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ۔

پڑھ کر دم کریں اور مریضہ اس دم شدہ پانی سے دن میں تقریباً پندرہ گلاس پانی پیئے۔

پیشاب بند ہو جانا

اگر کسی کا پیشاب بند ہو جائے تو ایک چینی کی پلیٹ پر یہ آیت لکھ کر پانی سے دھو کر پلائیں ان شاء اللہ پیشاب کھل جائے گا۔

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ ...الحشر۔

عورت کی بندش کھولنا (عقد فرج)

عملیات کی لائن میں ایک عمل ''عقد فرج'' بھی ہوتا ہے اس عمل کے ذریعہ عورت کو بے کار کر دیا جاتا ہے وہ اپنے شوہر سے صحبت نہیں کر پاتی، بلکہ اسے صحبت سے نفرت اور وحشت ہوتی ہے۔

اگر کسی عورت پر اس طرح کے اثرات محسوس ہوں تو اس عورت کے لئے ایک کاغذ پر مندرجہ ذیل آیت ستر مرتبہ باوضو لکھ کر بوتل میں ڈالیں اور اس بوتل میں پانی بھر لیں۔

روزانہ صبح وشام اس بوتل کا پانی کسی گلاس میں نکال کر چند قطرے شہد کے ڈالیں اور عورت کو پلا دیں ان شاءاللہ سات ہی روز میں ''عقد فرج'' سے نجات ملے گی۔

آیت یہ ہے:

امْرَاَتَ نُوْحٍ وَّامْرَاَتَ لُوْطٍ ؕ كَانَتَا تَحْتَ عَبْدَيْنِ مِنْ عِبَادِنَا صَالِحَيْنِ ﴿۱۰﴾ ...التحریم۔

بچہ دانی پر چھالے وغیرہ کا ہونا

ایک پاؤ شہد پچاس گرام کلونجی سات لیموں ایک پاؤ پانی میں سب کو ملا کر اس پر سورۃ الفاتحہ سورۃ التکویر سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق سورۃ الناس ایک ایک مرتبہ پڑھ کر اس پر دم کریں

پھر اس کو نو (۹) منٹ آگ پر رکھیں اور پھر رات کو سوتے وقت اور صبح نہار منہ ایک چمچ اس سے پی لیا کریں اور یہی سورتیں تیل پر بھی دم کریں اور رات کو سوتے وقت اس سے پیٹ کی مالش کریں، ان شاء اللہ، اللہ کے فضل و کرم سے ٹھیک ہو جائے گا۔

عورت کو رحم کی بیماری نہ لگے

جس عورت کا شوہر اس سے ہمبستری کا ارادہ کرے تو شوہر کو چاہئے کہ یَامُغْنِیُ ستر مرتبہ پڑھ کر عورت کے پاس جائے ان شاء اللہ اس عمل سے عورت کبھی رحم کے مرضوں میں مبتلا ہو کر دائیوں اور حکیموں اور ڈاکٹروں کی محتاج نہ ہوگی۔

شرمگاہ کے امراض سے محفوظ رہنے کے لئے

یَامَلِكُ یَاقُدُّوْسُ۔ ہر روز صبح کی نماز اور مغرب کی نماز کے بعد گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ لینے سے ان شاء اللہ کبھی کسی گندے مرض جیسے بواسیر، نواسیر ناسور وغیرہ نہ ہوگا۔ کبھی اس کے پردے یا شرم کی جگہ کوئی زخم یا بیماری نہ ہوگی اور کبھی اس کو کوئی شرم وحیا کی جگہ کسی غیر کو دکھانے کی ضرورت ہوگی۔

رشتہ کے لئے

بندش نکاح کے لئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ سورۃ یونس آیت اکیاسی بیاسی اور آخری تین قل بھی لکھ کر تین تعویذ بنائیں ایک بازو میں باندھیں اور دو عدد بارش کے پانی یا آب زمزم میں گھول کر گیارہ دن بوقت صبح نہائیں، ان شاء اللہ نکاح کھل جائے گا۔ نہانے کا طریقہ یہ ہے کہ آیات مقدسہ کی بے ادبی نہ ہو اور پانی کسی نالی، گٹر وغیرہ میں نہ جائے۔

شادی کی راہ میں موجود رکاوٹیں دور ہوں

جس نوجوان لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اور کسی مخالف نے شادی میں رکاوٹ ڈال رکھی ہو اس لڑکی کی ماں کو چاہئے کہ وہ مسلسل اکیس یوم تک بلاناغہ سورہ طٰہٰ کی دو مرتبہ تلاوت کرے اور اللہ عزوجل کی بارگاہ میں نیک رشتہ کی دعا کرے تو اللہ عزوجل مہربانی فرمائے گا اور اگر یہ عمل لڑکی کی ماں نہ کر سکتی ہو تو شادی کی طلب گار لڑکی خود اس سورت کو بتائے گئے طریقہ کے مطابق پڑھ لے۔

شادی کے لئے وظیفہ

درج ذیل آیات کو کاغذ پر لکھ کر بازو پر باندھیں، ان شاء اللہ اگر شادی نہ ہوئی ہو تو ان شاء اللہ شادی ہو جائے گی وہ آیات یہ ہیں:

وَلَا تَمُدَّنَّ عَيْنَيْكَ إِلَىٰ مَا مَتَّعْنَا بِهِۦٓ أَزْوَٰجًا مِّنْهُمْ زَهْرَةَ ٱلْحَيَوٰةِ ٱلدُّنْيَا لِنَفْتِنَهُمْ فِيهِ ۚ وَرِزْقُ رَبِّكَ خَيْرٌ وَأَبْقَىٰ ﴿١٣١﴾ وَأْمُرْ أَهْلَكَ بِٱلصَّلَوٰةِ وَٱصْطَبِرْ عَلَيْهَا ۖ لَا نَسْـَٔلُكَ رِزْقًا ۖ نَّحْنُ نَرْزُقُكَ ۗ وَٱلْعَٰقِبَةُ لِلتَّقْوَىٰ ﴿١٣٢﴾.... طٰه۔

رشتہ اچھا ہے یا برا

اگر کسی کو رشتے کا پیغام آیا ہو اور گھر والے اچھا یا برا جاننا چاہتے ہوں تو لڑکی کی والدہ یا والد اس اسم یَاخَبِیْرُ کو سات دن تک تنہائی میں بیٹھ کر روزانہ ۸۱۲ پڑھیں اور بات کئے بغیر سو جائیں ان شاء اللہ اشارۃً پتہ چل جائے گا کہ رشتہ اچھا ہے یا برا۔ اگر برا ہو تو رشتہ نہ کریں۔

اچھا رشتہ ملنے کی اہم دعا

ماں باپ، بہن بھائی کو چاہئے کہ بچوں اور چھوٹے بھائی بہنوں کو جوان ہونے کے بعد ایسی دعائیں یاد کروائیں جن میں اچھے رشتہ کا ملنا اور عافیت کے ساتھ زندگی گزارنا طلب کیا گیا ہے چوں کہ یہ دعائیں خود اللہ ہی نے بتائی ہیں گویا آقا خود ہی بتلا رہا ہے کہ ہمارے دربار میں ہم سے اس طرح مانگو، تو لہذا وہ دعائیں قبولیت کے اعتبار سے زیادہ قریب ہیں:

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ... الفرقان

ترجمہ: اے ہمارے رب! عنایت فرما ہم کو ہماری بیویوں اور اولاد کی طرف سے آنکھوں کی ٹھنڈک اور کر ہم کو پرہیز گاروں کا پیشوا۔

برے شوہر اور سسرال سے بچے کا وظیفہ

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ خَلِيْلٍ مَّاكِرٍ عَيْنَاهُ تَرَيَانِيْ وَقَلْبُهٗ يَرْعَانِيْ اِنْ رَّاٰى حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِنْ رَّاٰى سَيِّئَةً أَذَاعَهَا۔

ترجمہ: اے اللہ! میں تیری پناہ لیتی ہوں ایسے مکار دوست (برے شوہر) سے جس کی آنکھیں مجھ کو دیکھیں اور اس کا دل میری ٹوہ میں لگا رہے (یعنی میرے عیب ڈھونڈنے کی ہر وقت فکر سوار ہو) اگر کوئی نیکی دیکھے تو اس کو چھپا لے اور برائی دیکھے تو اس کو پھیلاتا رہے۔

برے شوہر سے بچنے کے لئے

اَللّٰهُمَّ لَا تُسَلِّطْ عَلَيَّ بِذُنُوْبِيْ مَنْ لَّا يَخَافُكَ فِيَّ وَلَا يَرْحَمُنِيْ۔

ترجمہ: اے اللہ! مجھ پر میرے گناہوں کی وجہ سے کوئی ایسا شوہر یا سسرال مسلط نہ فرما جو میرے بارے میں آپ سے نہ ڈرے اور نہ مجھ پر ترس کھائے۔ یعنی ظالم شوہر اور سسرال سے میری حفاظت فرما)

لڑکی کا رشتہ

کسی نیک نمازی آدمی سے مندرجہ ذیل آیات زعفران وگلاب سے سفید کاغذ پر لکھوائیں، نیچے لڑکی کا نام معہ والدہ لکھیں اور ایک پاک ڈبیہ میں بند کر کے لڑکی کے گھر میں اندھیری پاک جگہ رکھ دیں، ان شاءاللہ بہت جلد رشتہ آجائے گا:

يَاَيُّهَا النَّبِيُّ اِنَّآ اَرْسَلْنٰكَ شَاهِدًا وَّمُبَشِّرًا وَّنَذِيْرًا ﴿۴۵﴾ وَّدَاعِيًا اِلَى اللّٰهِ بِاِذْنِهٖ وَسِرَاجًا مُّنِيْرًا ﴿۴۶﴾ وَبَشِّرِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَنَّ لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ فَضْلًا كَبِيْرًا ﴿۴۷﴾ وَلَا تُطِعِ الْكٰفِرِيْنَ وَالْمُنٰفِقِيْنَ وَدَعْ اَذٰىهُمْ وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ ۭ وَكَفٰى بِاللّٰهِ وَكِيْلًا ﴿۴۸﴾...الأحزاب۔

رشتہ خود آ کر دیں

اگر رشتہ مطلوب ہو تو سات سو چھیاسی مرتبہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لکھ کر ڈبے میں بند کر کے گھر میں رکھیں تو گھر آ کر رشتہ کی دعوت دیں گے۔

لڑکیوں کے رشتے کے لئے

لڑکیوں کے رشتہ کے لئے اول وآخر درود شریف ابراہیمی گیارہ بار درمیان میں سورۃ الفاتحہ پینتالیس بار صبح سورج نکلنے سے پہلے پڑھیں اور رات کو سونے سے پہلے يَافَتَّاحُ يَارَزَّاقُ کو پانچ سو مرتبہ پڑھ کر دعا کریں۔ان شاء اللہ تعالی ضرور کامیابی ہوگی۔

عورتوں کا نصیب کھلنے اور شادی کے لئے عمل

نماز عشاء کے بعد يَالَطِيْفُ گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھے اول وآخر درود ابراہیمی

گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر سجدہ میں جا کر دعا مانگیں۔گیارہ روز تک یہ عمل کریں۔باقی ہر نماز کے بعد اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآاُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا دس مرتبہ پڑھیں۔اول وآخر درود شریف دس بار۔ان شاءاللہ تعالی کامیابی حاصل ہوگی۔

حسب منشا شادی کے لئے

چاروں نمازوں کے بعد تینتیس مرتبہ اور عشاء کی نماز کے بعد تین سوتینتیس مرتبہ اول آخر درود شریف :اِنَّمَآ اَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ﴿٨٦﴾ ...یوسف تا حصول مقصد پڑھنا ضروری ہے۔اور وظیفہ پڑھنے کے بعد اس طرح دعا کرے،اگر میرے دین ودنیا کے لئے مفید ہو تو اس جگہ کردے ورنہ جہاں تیری رضا ہو وہاں مجھے منظور ہے۔ان شاءاللہ چند دنوں میں کامیابی ہوگی۔

حسب منشا شادی

یَآلَطِیْفُ کو چالیس دن تک بارہ ہزار نوسو مرتبہ پڑھیں ان شاءاللہ منشا کے مطابق رشتہ مل جائے اا ور شادی میں سکون ملے گا اور میاں بیوی کا نباہ بڑے احسن طریقے سے ہوگا۔

لڑکی کی شادی کے انتظام کے لئے

اگر کسی لڑکی کے لئے کوئی اچھا رشتہ نہ ملتا ہو یا کہیں سے شادی کا پیغام نہ آتا ہو تو عروج ماہ (چڑھتے چاند کے دنوں میں) باوضو اکتالیس مرتبہ سورۃ یٰس شریف پڑھ کر دعا مانگے،ان شاءاللہ اچھے سے اچھا رشتہ آئے گا۔

لڑکی کے جہیز کے سامان کے لئے

جس شخص کی لڑکی کنواری بیٹھی ہو اور کوئی سامان جہیز یا کسی جگہ سے پیغام نہ آتا ہو وہ شخص گیارہ ہزار مرتبہ عشاء کی نماز کے بعد گیارہ روز تک یَامُعْطِیُ پڑھے، جمعرات سے شروع کرے اور اتوار کو ختم کرے پھر دیکھے پردہ غیب سے کیا ظاہر ہوتا ہے۔

لڑکی کی شادی کا ذریعہ

جس شخص کی لڑکی محض اس وجہ سے بیٹھی ہو کہ مال و دولت ہو تو شادی کا ذریعہ بنے اور لوگ غربت کی وجہ سے رشتہ نہ کرتے ہوں تو اس شخص کو چاہئے کہ اس اسم مبارک یَامُغْنِیُ کو گیارہ ہزار مرتبہ گیارہ دن تک پڑھے۔ ان شاء اللہ اس کی غیبی مدد ہو گی اور اللہ تعالیٰ اس کی لڑکی کی شادی کا ذریعہ بنا دے گا۔

رشتوں کی بھرمار کے لئے

سورۃ الاحزاب لکھ کر کسی ڈبیا میں بند کر کے گھر میں رکھ لیں، جس گھر میں ایک یا ایک سے زائد بچیاں بالغ اور شادی کے قابل ہوں اور رشتوں کے پریشانی ہو، ان شاء اللہ اس کی برکت سے رشتوں کی بھرمار ہو جائے گی۔

مناسب رشتہ

اگر کسی کو مناسب رشتہ نہ ملتا ہو تو اسے چاہئے کہ اس اسم یَارَحْمٰنُ کو علیحدہ پاکیزہ جگہ پر بیٹھ کر باوضو روزانہ ۳۱۲۵ مرتبہ پڑھے، اور ہر روز وظیفہ ختم ہونے پر اللہ کے حضور نیک رشتہ ملنے کی التجا کرے۔ ان شا اللہ بہتر اسباب پیدا ہوں گے اس وظیفہ کے شروع اور آخر میں گیارہ گیارہ مرتبہ استغفار ضرور پڑھے۔

رشتے کے پیغام کی ہاں

اگر کوئی رشتہ آپ کو پسند ہو مگر دوسرا فریق ہاں نہ کرتا ہو تو اس اسم مبارک **یَامُتَکَبِّرُ** کو تین دن علیحدگی میں بیٹھ کر گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں۔ چوتھے دن ہاں کی غرض سے ان کے پاس جائیں ان شاءاللہ اس اسم کی تاثیر سے ہاں ہو گی اور رشتہ ہو جائے گا۔

شادی کے حصول کے لئے

اگر کسی لڑکی کی شادی صرف مال نہ ہونے کی وجہ سے رکی ہوئی ہو تو لڑکی یا لڑکی کی والدہ یا والد کو چاہئے کہ وہ بعد نماز عشاء اس اسم کو کثرت سے پڑھنے کا معمول بنائیں اگر اس اسم **یَاوَھَّابُ** کو تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں تو زیادہ بہتر ہے اور ہر روز وظیفہ کے بعد ۳۳ مرتبہ استغفار پڑھیں اس کے بعد سر سجدے میں رکھ کر اللہ سے اپنی مالی مشکل کا حل کرنے کی دعا کریں تو اللہ تعالی دعاؤں کو قبول کرنے والا ہے۔

رکی ہوئی شادی کا حل

جن لڑکیوں کی شادیاں رک جاتی ہیں اور والدین کے لئے پریشانی کا سبب بنتی ہیں ایسی رکی ہوئی شادی کی راہ کھولنے کے لئے اس اسم مبارک **یَافَتَّاحُ** کو روزانہ ایک ہزار ایک سو چھپن مرتبہ بعد نماز عصر چالیس روز تک پڑھیں، اگر وہ خود نہ پڑھ سکیں تو ان کے والد یا والدہ میں سے کوئی ایک اس وظیفہ کو پڑھ لیں ان شادی کی راہیں کھل جائیں گی۔

بہتر رشتہ ملنے کے لئے

لڑکیوں کے بہتر رشتے اور انتظامات شادی کے لئے اس اسم مبارک **یَالَطِیۡفُ** کا

ذکر بے حد مفید اور مؤثر ہے۔اگر کسی لڑکی کے رشتہ کے بارے میں پریشانی ہو اچھا رشتہ نہ ملتا ہو یا شادی نہ ہوتی ہو تو ایسی صورت میں پاکیزہ ہو کر باوضو حالت میں اول دو رکعت نفل نماز ادا کرے پھر اطمینان سے بیٹھ کر اول تین مرتبہ درود پاک پڑھے اس کے بعد ایک سو گیارہ مرتبہ اس اسم مبارک کا ورد کرے اور پھر تین مرتبہ درود پاک پڑھ کر اللہ تعالی سے دعا مانگے ان شاء اللہ تعالی جلد ہی دلی مراد پوری ہو جائے گی اور بگڑے ہوئے کام سنور جائیں گے۔

شادی کا پیغام آنا

اگر کسی کو شادی کا پیغام نہ آتا ہو تو اس اسم یَاعَلِیُّ کو لڑکی بذات خود دو ہزار نو سو ستر مرتبہ چالیس روز تک بعد نماز مغرب خلوت میں بیٹھ کر پڑھے ان شاء اللہ بہتر رشتے کا پیغام آئے گا اور جب رشتہ دیکھنے جائیں تو اسی اسم کو پڑھتے رہیں اگر رشتہ مناسب ہو گا تو شادی ہو گی ورنہ نہیں۔

شادی کا پیغام ملنے کا عمل

جو کوئی اس کو جمعرات یا جمعہ کی درمیانی شب کو آدھی رات کے بعد اٹھ کر دو رکعت نفل برائے حاجت پڑھے۔اس کے بعد آنکھیں بند کر کے قبلہ کی طرف منہ کر کے بیٹھ جائے اور اس اسم یَامُتَعَالِیُ کو پانچ سو اکیاون مرتبہ پڑھے۔بعد میں نیک رشتہ کی خواہش کرے اور سات شب تک یہی عمل کرے ان شاء اللہ شادی کا پیغام فوراً ملے گا۔

شادی کا نیک سبب پیدا ہو

اگر کسی لڑکی کی کوشش کے باوجود شادی نہ ہوتی ہو تو وہ سورہ روم کو اکیس مرتبہ

روزانہ اکیس روز تک پڑھے اور بارگاہ الٰہی میں دعا مانگے اللہ عزوجل اس کی شادی کا نیک سبب پیدا فرمادے گا اور اس کا نیک کسی نیک وصالح مرد سے ہوگا۔

لڑکی کے معقول رشتہ کے لئے

اگر لڑکی کا معقول رشتہ نہ ملتا ہو اور گھر والے پریشان ہوں تو ایسی صورت میں گھر والوں کو چاہئے کہ چالیس روز تک روزانہ سات مرتبہ سورۃ الاحزاب پڑھیں اللہ عزوجل شادی کا بہتر سبب پیدا فرمائے گا اور اچھا رشتہ مل جائے گا۔

نیک رشتہ کے لئے

اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اور نہ ہی کوئی رشتہ آتا ہو اور گھر والے بڑے پریشان رہتے ہوں ایسی صورت میں لڑکی بذات خود یا اس کی والدہ سورہ ممتحنہ کو بلا ناغہ اکیس روز تک پڑھے اور اس کے بعد دعا مانگے اللہ عزوجل کے فضل وکرم سے جلد ہی کسی نیک رشتہ کا پیغام آجائے گا اور اس کی شادی نیک اور صالح مرد سے ہوجائے گی۔

لڑکی کو مرد صالح ملے

جوکوئی حٰمٓ ① عٓسٓقٓ ② كَذٰلِكَ يُوْحِيْٓ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ ۙ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ③ ---الشوری۔ تک لکھ کر جس لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اس کے گلے میں ڈال دے نکاح ہوجائے گا اور مرد صالح ملے گا۔

من پسند رشتہ کے لئے

جو چاہے کہ اسے من پسند رشتہ ملے اور ظاہر و باطن دونوں اعتبار سے باکمال ہو تو اسے چاہئے کہ عشا کے بعد تہجد کے وقت گیارہ سو مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر بارگاہ الٰہی

میں دعا گوہو تو حق تعالی سبحانہ اس کی جائز دلی مراد پوری کردیں گے اور اس رشتہ سے باہم الفت ومحبت نصیب ہوگی۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ ذِی الْعِزَّۃِ وَالْکِبْرِیَاءِ وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ الْأَنْبِیَاءِ۔

ترجمہ: تمام تعریفیں اللہ تعالی کے لئے ہیں، جو عزت وکبریائی کا مالک ہے اور اللہ تعالی رحمت کاملہ نازل فرمائے حضرت محمد خاتم الانبیا ﷺ پر۔

شادی کی دعا قبول ہو

اگر کسی لڑکی کی شادی نہ ہوتی ہو اور عمر زیادہ ہو رہی ہو تو اسے چاہئے کہ کہ اس اسم یَامُجِیْبُ کو گیارہ دن تک پانچ ہزار پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھے اور اس کے بعد اللہ کے حضور اپنی شادی کے لئے دعا کرے ان شا اللہ دعا قبول ہوگی اور جلد رشتہ ہوگا۔

شادی کے بعد کی پہلی دعا

شادی ہونے کے بعد اس کو پڑھنے سے میاں بیوی کے درمیان محبت والفت پیدا ہوتی ہے:

اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ زَوْجِیْ، کَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَخَدِیْجَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا۔
اَللّٰھُمَّ اَلِّفْ بَیْنِیْ وَبَیْنَ زَوْجِیْ، کَمَا اَلَّفْتَ بَیْنَ مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ وَعَائِشَۃَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْھَا۔

ترجمہ: اے اللہ! میرے اور میرے شوہر کے دل میں محبت اور الفت ایسے بھر دے اور ہمارے دلوں کو ایسے ملا دے جیسے آپ نے محمد ﷺ اور حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کے دلوں کو ملا دیا تھا، اے اللہ! میرے اور شوہر کے دلوں کو ایسا ملا دے جیسے آپ

نے محمد ﷺ اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے دلوں کو الفت و محبت سے ملا دیا تھا۔

شادی کے بعد کی ایک اور دعا

اَللّٰهُمَّ كَمَا جَمَعْتَنَا فِي الدُّنْيَا فَاجْمَعْ بَيْنَنَا فِي الْجَنَّةِ۔

اے اللہ! جس طرح آپ نے اپنے کرم سے ہمیں دنیا میں اکٹھا فرمادیا جنت میں بھی ہم دنوں کو اکٹھا فرما۔

شادی کے بعد کی ایک اور دعا

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ لِزَوْجِيْ قُرَّةَ أَعْيُنٍ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ۔

ترجمہ: اے اللہ! مجھے اپنے شوہر کے لئے دنیا و آخرت دونوں میں آنکھوں کی ٹھنڈک بنا۔

عورتوں کے لئے ایک اہم دعا

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ وَالْأَعْمَالِ وَالْأَقْوَالِ، فَإِنَّهُ لَا يَهْدِيْ لِأَحْسَنِهَا إِلَّا أَنْتَ، وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا، فَإِنَّهُ لَا يَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ۔

اے اللہ! مجھے اچھے اخلاق نصیب فرما، اچھے اعمال اور اچھی باتوں کا ڈھنگ عطا فرما، بے شک آپ کے سوا بھلائیاں کوئی نہیں دے سکتا اور برے اخلاق مجھ سے دور کردے بے شک آپ کے سوا کوئی برے اخلاق دور نہیں کرسکتا۔

دوبارہ شادی ہونا

بعض اوقات پہلے شوہر سے علیحدہ ہونے کے بعد دوسری شادی نہیں ہوتی بلکہ اس میں زبردست رکاوٹیں پیدا ہوتی ہیں، یا کوئی مناسب رشتہ نہیں ملتا تو اس صورت میں اسے

چاہئے کہ چوبیس سو مرتبہ روزانہ اکتالیس روز تک یَامُعِیۡدُ پڑھے۔ان شاءاللہ چلہ پورا ہوتے ہی رشتے کا پیغام مل جائے گا اور شادی کی رکاوٹ دور ہو کر پایہ تکمیل تک پہنچے گی۔

بیوہ عورت کی دوبارہ شادی کے لئے

اگر عورت بیوہ ہوگئی ہو اور اسے کوئی پیغام نکاح نہ دیتا ہو تو ایک سو گیارہ مرتبہ کوئی سا درود شریف پڑھنے کے بعد یہ آیت پڑھے:

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۫ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ؕ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ؕ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۲۶﴾ ۔۔۔۔آل عمران۔

اکیس دن کے عمل سے ان شاءاللہ مراد پوری ہوگی۔

بانجھ پن اور حصول اولاد کے مسائل

بانجھ پن کا علاج

اگر کوئی بانجھ عورت یہ چاہتی ہو کہ اللہ تعالی اسے اولاد کی نعمت سے نوازیں تو وہ ہر نماز کے بعد کثرت سے اسم پاک یَاوَارِثُ کا ورد کرے ان شاءاللہ اس نام پاک کی برکت سے اللہ تعالی اسے تھوڑے ہی عرصہ میں اولاد کی نعمت سے سرفراز فرمائے گا اور اس کی گود ہری کر دے گا۔

بانجھ پن کا مجرب علاج

بانجھ پن دور کرنے کے لئے اس اسم مبارک یَابَارِیءُ کا ورد کرنا انتہائی مفید ثابت ہوا ہے۔اس مقصد کے لئے بانجھ عورت کو چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول وآخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں اکتالیس مرتبہ یَابَارِیءُ الْمُصَوِّرُ پڑھے۔اللہ

تعالی کے فضل وکرم سے بانجھ پن کا عارضہ ختم ہوجائے گا اور عورت اولاد پیدا کرنے کے قابل ہوجائے گی۔اس اسم کا کثرت سے ورد کرنے والی عورت حمل کی پیچیدگیوں سے امن میں رہتی ہے۔اور حمل کا مرحلہ آسانی سے طے پاتا ہے۔

بانجھ ہونا

چالیس لونگیں لے کر ہر ایک پر سات بار اس آیت کو پڑھے اور جس دن عورت پاکی کا غسل کرے اس دن سے ایک لونگ روزانہ سوتے وقت کھانا شروع کرے اور اس پر پانی نہ پئے اور کبھی کبھی طبیعت کے موافق اپنے شوہر سے ہمبستری کیا کرے۔آیت یہ ہے:

اَوۡ كَظُلُمٰتٍ فِىۡ بَحۡرٍ لُّـجِّىٍّ يَّغۡشٰٮهُ مَوۡجٌ مِّنۡ فَوۡقِهٖ مَوۡجٌ مِّنۡ فَوۡقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعۡضُهَا فَوۡقَ بَعۡضٍ ؕ اِذَاۤ اَخۡرَجَ يَدَهٗ لَمۡ يَكَدۡ يَرٰٮهَا ؕ وَمَنۡ لَّمۡ يَجۡعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوۡرًا فَمَا لَهٗ مِنۡ نُّوۡرٍ۝ النور۔

ان شاء اللہ اولاد ہوگی۔

مرض بانجھ پن سے نجات

اس اسم مبارک یَابَارِیءُ کی ایک خاصیت یہ ہے کہ جو کوئی عورت بانجھ پن کا شکار ہو اور اسے حمل نہ ٹھرتا ہو تو وہ ایک سیب چھیل کر باوضو حالت میں سیب پر سات مرتبہ یہ اسم مبارک لکھ کر تین دن تک صبح نہار منہ اپنی بیوی کو کھلائے ،اللہ تعالی کے فضل وکرم سے پہلے مہینہ ہی میں حمل قرار پائے گا اگر پہلے مہینے میں حمل قرار نہ پائے تو دوسرے مہینے یہ عمل کریں پھر تیسرے مہینے اسی طرح کریں۔ان شاء اللہ تیسرے ماہ تو ضرور حمل قرار پائے گا ۔اگر سیب نہ ملے تو ابلے ہوئے انڈے کو چھیل کر اس پر لکھ کر کھلائیں۔

نرینہ اولاد کے لئے

سورۃ البروج رات کو سونے سے پہلے میاں بیوی روزانہ سات مرتبہ پڑھیں اور سورۃ التکویر میٹھی چیز پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور ایک ہفتہ تک کھائیں۔

حصول اولاد کے لئے نایاب عمل

اگر بانجھ عورت سات روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے بعد یَامُصَوِّرُ اکیس مرتبہ پانی پر دم کرے اور پی لے حق تعالیٰ اسے فرزند صالح عطاء کرے گا۔

اولاد کے لئے

اگر کسی عورت کے اولاد نہ ہوتی ہو تو اس کے لئے چالیس عدد لونگ سالم لے کر ہر لونگ پر مندرجہ ذیل آیت مبارک سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کی جائے، اور عورت غسل حیض کے بعد روزانہ ایک لونگ رات کو کھالیا کرے مگر لونگ کھانے کے بعد پانی بالکل نہ پیے اور ان ایام میں اپنے خاوند سے ہمبستری بھی کرے ان شاء اللہ چالیس یوم کے اندر ہی حمل ٹھہر جائے گا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِيْ بَحْرٍ لُّجِّيٍّ يَّغْشٰهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ النور۔

اولاد نرینہ کے لئے

اگر کسی کے ہاں اولاد نرینہ نہ ہو تو اس کے لئے ذیل کا عمل کیا جائے، عورت غسل حیض سے فارغ ہو تو سورۃ مریم کی پہلی پچپن آیات مع باسم اللہ کسی سفید کاغذ پر زعفران وگلاب سے تحریر کر کے ہر رات مرد و عورت آب باراں یا آب زمزم یا عرق گلاب میں گھول کر پی لیا کریں

اور ہر رات ہمبستر بھی ہوں، ان شاء اللہ ان ایام میں حمل ٹھہر جائے گا اور بحکم خدا تعالی لڑکا ہوگا۔

طلب فرزند کے لئے

اگر کسی عورت کے ہاں صرف لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو تو اس کے لئے مندرجہ ذیل عمل کیا جائے:

ایک نقش مبارک تحریر کر کے عورت کو غسل حیض کے بعد دیا جائے تا کہ وہ اسے پہلو میں باندھے اور سات تعویذ اس کے علاوہ تحریر کئے جائیں، روزانہ ایک تعویذ گھول کر میاں بیوی ہمبستری سے قبل پی لیا کریں، ان شاء اللہ ان ایام میں ہی حمل قرار پائے گا۔ اور وقت مقرر پر لڑکا ہوگا۔

تعویذ یہ ہے:

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُوْنَ ﴿۲۱﴾ سورۃ الحشر۔

حصول اولاد نرینہ

سات عدد لونگ سالم کے کر ہر ایک لونگ پر ایک مرتبہ سورہ یس شریف مع بسم اللہ اول وآخر تین تین مرتبہ درود شریف پڑھ کر دم کریں عورت کو حمل کے تیسرے ماہ کے شروع میں روزانہ ایک لونگ کیپسول یا ملائی میں نہار منہ کھلانے کی ہدایت کریں سات یوم بلا ناغہ لونگ کھائے ان شاء اللہ تعالی لڑکا پیدا ہوگا۔

حصول اولاد کے لئے

جو عورت سورہ مریم کو روزانہ تین مرتبہ بعد نماز فجر پڑھے گی اور اللہ عزوجل کی بارگاہ میں حصول اولاد کے لئے دعا کرے گی تو اللہ عزوجل اس کی دعا ضرور قبول فرمائے گا۔

حصول اولاد

اگر کسی کو نیک اور صالح اولاد کی خواہش ہو تو وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے اور درمیان میں سات سو مرتبہ اس اسم مبارک یَاغَفُوْرُ کو خلوص نیت اور عاجزی کے ساتھ پڑھے ان شاء اللہ تعالیٰ جو دعا بھی اللہ تعالیٰ سے مانگے گا قبول ہوگی۔

ایسے ہی حاملہ عورتوں کو یَاغَفُوْرُ کا دم کیا ہوا پانی پلانے سے وہ اسقاط حمل کے خدشہ سے بچی رہتیں ہیں۔

بیٹا حاصل ہونے کا عمل

جس عورت کی تمنا ہو کہ اس کے ہاں اولاد نرینہ ہی پیدا ہو تو اسے چاہئے کہ حمل ٹھرنے کے بعد بچے کے پیدا ہونے تک اس اسم یَاوَاحِدُ کو انیس سو مرتبہ روزانہ پڑھے اور ہر روز پڑھائی کے بعد سجدہ ریز ہو کر اللہ کے حضور اولاد نرینہ کی التجا کرے۔ان شاء اللہ نیک بیٹا پیدا ہوگا۔

اگر کسی کو اولاد نرینہ اور فرزند صالح کی خواہش ہو تو اسے چاہئے کہ وہ یَاوَاحِدُ کا اکثر ورد کرے اور اس اسم مبارک یَاوَاحِدُ کو لکھ کر اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ تعالیٰ فرزند کی نعمت حاصل ہوگی۔

اولاد نرینہ پیدا ہونا

اگر کسی کے ہاں اولاد نرینہ نہ ہو تو اسے چاہئے کہ چالیس دن تک یَااَوَّلُ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ روزانہ پڑھے اور ہر روز سجدے میں سر رکھ کر پڑھائی کے بعد دعا مانگے

۔ان شاء اللہ اس کے ہاں لڑکا پیدا ہوگا اور اس کا نام عبد الاول رکھے تو مناسب ہوگا۔

اولاد نرینہ کا حصول

اگر کوئی حاملہ عورت چالیس روز تک سورہ ملک کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئے گی تو اس کا حمل اللہ عزوجل کی رحمت سے قائم رہے گا۔اور تہجد کی نماز کی دونوں رکعتوں میں میں سورۃ الملک کا چالیس روز تک پڑھنا اللہ عزوجل کے فضل وکرم سے اولاد نرینہ کے حصول کا سبب بنتا ہے۔

نرینہ اولاد کے لئے

يٰۤاَيُّهَا الَّذِيۡنَ اٰمَنُوا اصۡبِرُوۡا وَصَابِرُوۡا وَرَابِطُوۡا ۞ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُوۡنَ۝ آل عمران۔

تک لکھ کر حاملہ کی ناف پر بندھوائیں۔

نرینہ اولاد کے لئے

زعفران وگلاب سے یہ تعویذ لکھ کر گلے میں ڈالیں ان شا اللہ بیٹا ہوگا:

اَللّٰهُ يَعۡلَمُ مَا تَحۡمِلُ كُلُّ اُنۡثٰى وَمَا تَغِيۡضُ الۡاَرۡحَامُ وَمَا تَزۡدَادُ ؕ وَكُلُّ شَىۡءٍ عِنۡدَهٗ بِمِقۡدَارٍ ۝

عٰلِمُ الۡغَيۡبِ وَالشَّهَادَةِ الۡكَبِيۡرُ الۡمُتَعَالِ ۝ ۔ الرعد۔

يٰزَكَرِيَّاۤ اِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمِ اۨسۡمُهٗ يَحۡيٰى ۙ لَمۡ نَجۡعَلْ لَّهٗ مِنۡ قَبۡلُ سَمِيًّا ۝ مریم۔

نرینہ اولاد کا حصول

ایسی عورت جس کے ہاں اولاد نہ ہوتی ہو تو اسے چاہئے کہ سات روزے رکھے اور روزہ افطار کرنے کے بعد یَامُصَوِّرُ اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئے۔ان شا اللہ

اس کے گھر میں فرزند صالح پیدا ہوگا۔

ان شاء اللہ العزیز لڑکا ہو

اگر کوئی چاہے کہ اس کے گھر لڑکا پیدا ہو تو حمل کے شروع سے لے کر اخیر تک سورۃ التین کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے حاملہ کو پلائیں ان شاء اللہ لڑکا ہوگا۔

یقینی طور پر بیٹا ہو

آیات ذیل لکھ کر حاملہ کی ناف پر باندھیں ان شا اللہ یقینی طور پر بیٹا ہوگا:

فَأَوْجَسَ مِنْهُمْ خِيفَةً ۖ قَالُوا لَا تَخَفْ ۖ وَبَشَّرُوهُ بِغُلَامٍ عَلِيمٍ ۝٢٨ الذاریات۔

فائدہ:

بیٹے کے لئے جتنے بھی نقوش ہیں وہ حمل کے تین ماہ مکمل ہونے سے پہلے باندھیں اور ڈلیوری تک بندھے رہیں تین ماہ کے بعد باندھنا بے فائدہ ہوجاتا ہے۔

سلب اولاد کا علاج

بعض سحر جادو ایسے ہیں کہ ان کے ذریعے کسی کی اولاد سلب کرنے کا عمل کر دیا جاتا ہے تو اس کے ہاں اولاد نہیں ہوتی، یہ سحر کی ایک شدید ترین نوعیت ہوتی ہے۔ اگر کوئی عورت ماہواری آنے کے باوجود اولاد پیدا کرنے سے قاصر رہے تو اس کا علاج اس طرح کریں کہ سورہ جمعہ سفید کاغذ پر زعفران و گلاب سے تحریر کی جائے، پھر اس کو عرق گلاب کی بوتل میں ڈال دیا جائے اور چاند کی چودہ تاریخ کے بعد اس عرق سے تھوڑا تھوڑا عرق روزانہ پیتی رہے اور بہترین قسم کی کھجور کے سات دانے لے کر ہر ایک پر ان اسمائے باری تعالی میں سے ایک ایک اسم لکھ کر عورت کو دیا جائے تا کہ وہ ہر روز ایک کھجور نہار منہ کھالیا کرے۔

اورسورۃ الملک مع آیات بطلان سحر جادوسورۃ یونس آیت اکیاسی بیاسی۔

گلاب وزعفران سے کاغذ پرتحریر کر کے تعویذ بنا کرعورت کو گلے میں لٹکانے کو دیں۔

چالیس دن بھی نہیں گذریں گے کہ اس عمل کی برکت سے بطن میں حمل قرار پائے گا اور بحکم خداوند عورت کے ہاں اولاد ہوگی۔

فرزند صالح کے لئے

اگرکسی کی خواہش ہو کہ اس کے ہاں فرزند صالح پیدا ہوتو اس کو چاہئے کہ اپنی بیوی سے صحبت کرنے سے پہلے یَامُبْدِیُ سومرتبہ پڑھے اور میاں بیوی اپنے اوپر سفید چادر ڈال کر صحبت کریں ان شاءاللہ فرزند صالح پیدا ہوگا، اگرعورت تا وضع حمل اس اسم مبارک کی ایک تسبیح روزانہ پڑھتی رہے تو ولادت میں آسانی ہوگی اور فرزند ماں باپ کا مطیع ہوگا۔

نیک بچہ ہونے کے لئے

سورۃ الفجر کو وسط شب پڑھ کر جماع کرنے سے نیک منش اولاد پیدا ہوگی۔

نیک وصالح اولاد کا ہونا

حمل کے آخری ایک سودنوں میں اگر حاملہ عورت ہرروز یَارَحْمٰنُ کا ایک اسم مبارک کسی کاغذ پر لکھا ہوا بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر کھالے تو اللہ تعالی اولاد نرینہ عطافرماتا ہے اور وہ اولاد نیک اور سعادت مند ہوتی ہے۔

سعادت منداولاد کا ہونا

جب استقرار حمل ہو اور اس کو حمل کا علم ہوجائے تو بچہ کے پیدا ہونے تک روزانہ

اکتالیس مرتبہ یَاقُدُّوْسُ پانی وغیرہ پر دم کر کے حاملہ کو پلایا جائے، ان شاء اللہ بچہ نہایت باخلاق و پاک باطن اور والدین کا تابع فرمان ہوگا، عمر بھر والدین کی نافرمانی اور ایذاء رسانی کو پسند نہ کرے گا۔

صالح اور نیک اولاد

مباشرت سے پہلے اس اسم مبارک یَاکَبِیْرُ کو تین مرتبہ پڑھ کر مباشرت کریں تو اللہ تعالی اس اسم پاک کی برکت سے صالح اور نیک فرزند عطا فرمائے گا۔

ایک اور قول کے مطابق بہادر، صالح، نیک اور باحوصلہ اولاد پیدا کرنے کے لئے دونوں میاں بیوی کو چاہئے کہ موانست اور میل ملاپ کے وقت دل میں یَاکَبِیْرُ کا ورد کرتے رہا کریں۔ اس اسم الہی کے بکثرت ورد سے اولاد وفادار اور جان نثار بن جاتی ہے۔

بچہ خوبصورت پیدا ہونے کا عمل

جو عورت یہ چاہتی ہو کہ اس کی اولاد خوبصورت پیدا ہو تو اسے چاہئے کہ حمل ٹھہرنے کے تین ماہ بعد اس اسم یَامُصَوِّرُ کو سوتے وقت ۳۳۶ مرتبہ پڑھنا شروع کر دے اور بچے کی پیدائش تک اسے پڑھتی رہے ان شاء اللہ جو بچہ یا بچی پیدا ہوگی وہ خوبصورت اور صحیح سلامت پیدا ہوگی۔

بچے کی خوبصورتی کے لئے

حمل کے بعد حاملہ خاتون چاند کی ہر تیرہ، چودہ اور پندرہ تاریخ کو عشاء کے بعد کھلے آسمان کے نیچے چت لیٹ کر سورۃ الشمس کی تلاوت کیا کرے، ان شاءاللہ آنے والا بچہ حسین

وجمیل ہوگا۔

بچہ خوبصورت، نیک، فرمانبردار، اور صاحب مرتبہ ہو

حمل کے دوسرے مہینے سے سورۃ یوسف کی روزانہ حاملہ خاتون تلاوت کیا کرے ان شاءاللہ پیدا ہونے والا بچہ نہایت خوبصورت ہوگا، صالح و پاکدامن بھی ہوگا اور صاحب مرتبہ بھی ہوگا۔

نیک اولاد کے لئے

حاملہ ہر نماز کے بعد مندرجہ ذیل آیات اور حدیث ذرا بلند آواز سے پڑھے تا کہ حمل سن سکے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ وَالتِّیْنِ وَالزَّیْتُوْنِ ۙ﴿۱﴾ وَطُوْرِ سِیْنِیْنَ ۙ﴿۲﴾ وَھٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ ۙ﴿۳﴾ لَقَدْ خَلَقْنَا الْاِنْسَانَ فِیْٓ اَحْسَنِ تَقْوِیْمٍ ۡ﴿۴﴾ ...التین

قُلْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقِمْ۔ تین مرتبہ۔

تعویذ برائے اولاد نرینہ

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾ ...الأنبیاء

یہ آیات شریف تعویذ میں لکھیں اور عامل تعویذ لکھنے سے پہلے اول و آخر گیارہ، گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔ نیز یہ تعویذ عورت گلے میں ڈالے اور روزانہ سو مرتبہ استغفار پڑھ لیا کرے اور ہر نماز کے بعد سات مرتبہ مندرجہ بالا آیت پڑھ لیا کرے۔

ہمیشہ لڑکی ہونا

اس عورت کا خاوند یا کوئی دوسری عورت اس کے پیٹ پر انگلی سے دائرہ

ستر(۷۰)بار بنائے اور ہر دفعہ میں یَآمَتِیْنُ کہے ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔

ولد صالح کے لئے

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿۸۹﴾ ۔۔۔الأنبیاء

روزانہ۔۔۔۔۔۔۔ایک سو مرتبہ

اور جس کو اولاد سے مایوسی ہو گئی ہو اس آیت کریمہ کو پڑھا کرے۔خداوند کریم اس کی برکت سے فرزند صالح عطا فرمائیں گے۔ان شاء اللہ تعالی۔

اولاد کے لئے

کسی کی اولاد نہ ہوتی ہو تو اسی (۸۰) چھوہارے (خرما) پر ذیل کی آیات کریمہ ۷۰ بار پڑھ کر دم کریں۔رات کو سوتے وقت روزانہ ایک خرما مرد کھائے اور ایک عورت کھائے۔چالیس دن۔

وَهُوَالَّذِیْ خَلَقَ مِنَ الْمَآءِ بَشَرًا فَجَعَلَهٗ نَسَبًا وَّصِهْرًا ؕ وَكَانَ رَبُّكَ قَدِیْرًا ﴿۵۴﴾ الفرقان.

لِلّٰهِ مُلْكُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ یَخْلُقُ مَا یَشَآءُ ؕ یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّكُوْرَ ﴿۴۹﴾

اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُكْرَانًا وَّاِنَاثًا ۚ وَیَجْعَلُ مَنْ یَّشَآءُ عَقِیْمًا ؕ اِنَّهٗ عَلِیْمٌ قَدِیْرٌ ﴿۵۰﴾ الشوری.

ذٰلِكَ عٰلِمُ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ الْعَزِیْزُ الرَّحِیْمُ ﴿۶﴾

الَّذِیْۤ اَحْسَنَ كُلَّ شَیْءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلْقَ الْاِنْسَانِ مِنْ طِیْنٍ ﴿۷﴾

ثُمَّ جَعَلَ نَسْلَهٗ مِنْ سُلٰلَةٍ مِّنْ مَّآءٍ مَّهِیْنٍ ﴿۸﴾

ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیْهِ مِنْ رُّوْحِهٖ وَجَعَلَ لَكُمُ السَّمْعَ وَالْاَبْصَارَ وَالْاَفْـِٕدَةَ ؕ قَلِیْلًا مَّا تَشْكُرُوْنَ ﴿۹﴾ ۔ السجدة۔

حمل

عورت کے پیٹ میں بچہ مر گیا ہو اس کو بغیر آپریشن نکالنا

سورۃ الانشقاق مکمل سورۃ الطارق سورۃ الفاتحہ سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

خروج مشیمہ کے لئے

اگر بچے کی پیدائش کے بعد وہ جھلی جس میں بچہ رہتا ہے نہ نکلے تو ایک کپڑے کی چٹ پر درج ذیل کلمات لکھ کر عورت کی پیٹھ کر باندھیں، ان شاءاللہ وہ جھلی فوراً نکل آئے گی۔

دخل جبرئیل ومیکائیل واسرافیل اللهم رب موسی وعیسی ومحمد صلی الله علیه وسلم امزلی ایها المشیمة۔

حمل قرار پائے

جب عورت ایام حیض سے فارغ ہو کر غسل کرے تو اس وقت یہ عمل شروع کیا جائے۔

مندرجہ ذیل عبارت گیارہ کاغذ کے ٹکڑوں پر زعفران وگلاب سے تحریر کی جائیں، اور گیارہ رات تک روزانہ ہمبستری سے قبل ایک نقش پانی میں گھول کر عورت پی لیا کرے، ان شاء اللہ تعالی ان گیارہ دنوں میں ہی حمل قرار پائے گا۔ آزمودہ عمل ہے۔

عبارت یہ ہے: (اعراب لگانے کی ضرورت نہیں)

بسم الله الرحمن الرحيم اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ اَنْتَ اللهُ الَّذِیْ لَآاِلٰهَ اِلَّااَنْتَ الْاَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ یَلِدْ وَلَمْ یُوْلَدْ وَلَمْ یَکُنْ لَّهٗ کُفُوًا اَحَد۔

استقرار حمل کے لئے

جس عورت کے حمل نہ ہوتا ہو تو وہ ہر نماز کے بعد یَامُصَوِّرُ کی ایک تسبیح پڑھے ان شاء اللہ حمل ٹھہر جائے گا۔

استقرار حمل

استقرار حمل کے لئے جمعرات جمعہ اور ہفتہ کو روزہ رکھا جائے اور ہر روز ظہر کی نماز کے بعد یَاخَالِقُ کا تین ہزار مرتبہ ورد کر کے پانی دم کیا جائے اور اللہ تعالی سے دعا مانگی جائے کہ یا الٰہی مجھے اولاد نرینہ عطا فرما اس کے بعد آدھا دم شدہ پانی افطاری کے بعد پئے اور آدھا پانی شوہر کو پلائے۔ اللہ تعالی اپنی مہربانی سے صحیح سلامت فرزند عطا فرما دے گا۔

حمل کی حفاظت کے لئے

حمل کی حفاظت کے لئے عورت کو چاہئے کہ وہ چالیس روز بعد نماز فجر سورۃ الکھف کی تلاوت کرے ان شاء اللہ العزیز اس کا حمل محفوظ رہے گا۔

حفاظت حمل کا ورد

اگر ایام حمل میں عورتیں اس اسم الٰہی یَامُتَعَالِیُ کا ورد کریں تو وہ ہر طرح کی درد مصیبتوں اور تکلیفوں سے بچی رہتی ہیں اور ان کا بچہ بھی محفوظ و مامون رہتا ہے۔

حفاظت حمل

حمل ساقط ہونے سے بچانے کے لئے کاغذ پر

يَاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوا اصْبِرُوْا وَصَابِرُوْا وَرَابِطُوْا ۗ وَاتَّقُوا اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ۝ ۔ آل عمران۔

اور وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللهِ وَلَا تَحْزَنْ عَلَيْهِمْ وَلَا تَكُ فِي ضَيْقٍ مِّمَّا يَمْكُرُونَ ﴿۱۲۷﴾ إِنَّ اللهَ مَعَ الَّذِينَ اتَّقَوْا وَّالَّذِينَ هُمْ مُّحْسِنُونَ ﴿۱۲۸﴾ ...النحل۔

تک لکھ کر مریضہ کی ناف پر ڈوری کے ساتھ باندھا جائے۔

حفاظت حمل کے لئے

یہ آیت لکھ کر تعویذ بنا کر عورت کے گلے میں ڈالیں بفضل خدا اسقاط حمل نہ ہوگا۔

وَلَبِثُوا فِي كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِينَ وَازْدَادُوا تِسْعًا ﴿۲۵﴾ ...الکهف

حاملہ ہونے کے لئے اور نرینہ اولاد کے لئے

اسم يَا مُبْدِئُ کو کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھیں، جس وقت عورت حیض سے فارغ ہو، اول مہینے میں تین رات مجامعت کریں اور صبح کو ہر روز ایک تعویذ پئیں، اس ترکیب سے تین ماہ میں یہ نو (۹) عدد تعویذ نوش کریں اور اس آیت شریفہ کو لکھ کر عورت کو دیں کہ وہ اس طرح لٹکائے کہ وہ تعویذ ناف سے دو انگشت رہے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ عورت حاملہ ہو کر فرزند نرینہ جنے گی۔ وہ آیت شریفہ یہ ہے۔

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ أُنْثٰى وَمَا تَغِيضُ الْأَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ۚ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهُ بِمِقْدَارٍ ﴿۸﴾ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيرُ الْمُتَعَالِ ﴿۹﴾ الرعد۔

يٰزَكَرِيَّا إِنَّا نُبَشِّرُكَ بِغُلٰمٍ اسْمُهُ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهُ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا ﴿۷﴾ مریم۔

بحق مريم وعيسى ابنا صالحا طويل العمر بحق محمد وآله صلى الله تعالى عليهم وسلم

اگر حمل ساقط ہونے کے آثار شروع ہو جائیں

اگر کسی خاتون میں ایسے آثار پیدا ہو جائیں کہ حمل ضائع ہونے کا خطرہ پیدا ہو جائے تو باوضو یہ آیات لکھ کر فوراً مریضہ کی ناف پر باندھ دیں:

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۖ وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۶۴﴾ ---یوسف

اَللّٰهُ يَعْلَمُ مَا تَحْمِلُ كُلُّ اُنْثٰى وَمَا تَغِيْضُ الْاَرْحَامُ وَمَا تَزْدَادُ ؕ وَكُلُّ شَيْءٍ عِنْدَهٗ بِمِقْدَارٍ ﴿۸﴾ ----الرعد

يٰٓاَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوْا رَبَّكُمْ ۚ اِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيْمٌ ﴿۱﴾ --الحج

ان شاء اللہ حمل ساقط ہونے سے بچ جائے گا۔

برائے اسقاط حمل

اگر خون جاری ہو گیا ہو تو ایک سرخ ڈورا حاملہ کے قد کے برابر ناپ کر اس پر سات مرتبہ اس اسم مبارک کو مع کلمہ طیبہ کے دم کریں اور ہر بار گرہ لگائیں اور عورت کی کمر میں باندھیں، ان شا اللہ حمل ساقط نہ ہوگا:

اَلصَّبُوْرُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ۔

جس عورت کے بچے زندہ نہ رہتے ہوں

جس عورت کے بچے پیدا ہونے کے بعد مر جاتے ہوں (اٹھراہ کی اس) مریضہ کے گلے میں حمل کے پہلے مہینہ میں ہی ایک سو ساٹھ بار پوری

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

لکھ کر ڈالیں دیں، ان شاء اللہ بچہ صحیح سلامت رہے گا۔

مرض اٹھرا

یَاخَالِقُ کاورد اٹھرا کے لئے بہت اکسیر ہے ایسے ہی اگر کسی عورت کا حمل گر جاتا ہوتو اس صورت میں وہ خود سات دن تک بعد نماز عشاء سات ہزار مرتبہ روزانہ اس اسم کو پڑھے اور پھر پانی پر پھونک مار کر خود پیئے اگر یہ عمل خود نہ کرسکتی ہوتو اس کا عزیز کرلے۔وظیفہ کے اول وآخر اکیس اکیس مرتبہ درودشریف جو یاد ہو پڑھے۔ان شاءاللہ تعالی اللہ تعالی کی کرم نوازی سے اسے اولاد حاصل ہوگی۔

حمل برقرار رکھنا

حاملہ عورت کو اگر اسقاط کا خدشہ ہوتو اسے چاہیئے کہ وہ ہر روز ایک سو ستر مرتبہ یَاقُدُّوْسُ کاورد کرنا اپنا معمول بنالے یا کوئی نیک نمازی شخص اکیس دن تک ہر روز اکتالیس بار یَاقُدُّوْسُ کاورد کرکے پانی پردم کرے اور حاملہ ہر روز وہ پانی پیئے ان شااللہ اسقاط حمل کا خدشہ نہیں رہے گا۔

حمل قائم رکھنے کے لئے

اگر کسی عورت کا حمل قائم نہ رہتا ہو ایسی صورت میں عورت کو چاہیئے کہ وہ سورہ قیامہ کو ایک مرتبہ روزانہ پڑھنا اپنا معمول بنالے اور اکتالیس دن تک اس عمل کو جاری رکھے اور اللہ عزوجل کے حضور اپنا حمل قائم رہنے کی دعا کرے اللہ عزوجل اس کی دعا ضرور قبول فرمائے گا۔

حمل ضائع نہ ہوگا

جس عورت کے بچے مرجاتے ہوں اسے چاہیئے کہ وہ دوران حمل سورۃ الشمس کو اکتالیس مرتبہ بعد نماز اشراق پڑھے اور پانی پردم کرکے پیئے ان شاءاللہ العزیز حمل ضائع نہ

ہوگااور بچہ بھی صحت مند پیدا ہوگا۔

حاملہ کی کمزوری کا علاج

اگر عورت حمل کی وجہ سے کمزور ہوگئی ہو یا بچے کی پیدائش کے بعد اس کے جسم میں طاقت نہ آرہی ہو تو اسے یہ اسم یَاقَوِیُّ اکیس سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے ساٹھ دن پلائیں۔ان شاء اللہ حمل کی کمزوری دور ہو جائے گی اور جسم کی طاقت بحال ہو جائے گی۔

اگر حاملہ حمل کی وجہ سے کمزور ہو جائے

اگر کوئی حاملہ حمل کے صدمات سے کمزور ہوگئی ہو اور حمل کی برداشت نہ ہو تو ایک سو اکیس مرتبہ یَامَتِیْنُ کو روز تلاوت کرے ان شاء اللہ ایام حمل آسانی سے گذریں گے اور طاقت و صحت قائم رہے گی۔

خشک حمل کے لئے

جس عورت کا حمل خشک ہوگیا ہو اس کے لئے یہ تعویذ چینی کے برتن میں لکھے، چالیس روز تک بلاناغہ اس کو یہ تعویذ پلائے۔بفضلہٖ تعالیٰ حمل نمو حاصل کر کے ظاہر ہوگا۔

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا یَعْلَمُوْنَ۝۳۶ ---یس۔

وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقه محمد وآله وأصحابه أجمعین۔

بچے کی پیدائش میں آسانی ہو

جب بچہ کی پیدائش کا وقت قریب آجائے اور تقریباً ایک دو ماہ رہتے ہوں تو حاملہ کو چاہئے کہ وہ سورہ حجرات کی روزانہ ایک مرتبہ تلاوت کو معمول بنالے، اگر وہ خود نہ پڑھ سکتی ہو تو کوئی اسے پڑھ کر پانی پر دم کر کے دے اور حاملہ وہ پانی پیئے اللہ عزوجل بچہ کی پیدائش میں

آسانی فرمائے گا۔

بچہ کی پیدائش میں آسانی کے لئے

واقعی حمل عورت کے لئے انتہائی تکلیف دہ امر ہے، لہذا جب کسی بچہ کی پیدائش کا وقت نزدیک ہو تو سورۃ الذاریات کو تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے کچھ پانی حاملہ عورت کو اس وقت پلایا جائے اور کچھ باقی رہنے دیا جائے اور بچہ کی ولادت کے بعد وہ بچا ہوا پانی اس عورت کو پھر پلایا جائے، عورت دردزہ کی تکلیف سے محفوظ رہے گی اور اللہ عزوجل بچہ کی پیدائش میں آسانی فرمائے گا۔

زچگی میں آسانی کے لئے

کسی بھی میٹھی چیز پر ایک سو اکیس مرتبہ یَااَللّٰہُ پڑھ کر دم کریں اور حاملہ کو ہر رو زکھلاتے رہیں، اس سے زچگی کا مرحلہ انتہائی آسانی سے طے پاتا ہے اور تکلیف میں بھی کمی واقع ہو جاتی ہے۔

بچہ با آسانی پیدا ہو

اگر کسی عورت کے ہاں بچہ پیدا ہونے والا ہو، تو سورۃ الواقعہ کو تھوڑے سے پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلائیں، ان شاء اللہ العزیز ولادت میں آسانی ہو جائے گی۔

اگر مدت پوری ہو چکی ہو اور دردزہ شروع نہ ہو رہا ہو

سورۃ الانشقاق کی پہلی پانچ آیات کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر حاملہ کو کھلا دیں۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اِذَا السَّمَآءُ انْشَقَّتْ ۝١ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝٢ وَاِذَا الْاَرْضُ مُدَّتْ ۝٣ وَاَلْقَتْ مَا فِيْهَا وَتَخَلَّتْ ۝٤ وَاَذِنَتْ لِرَبِّهَا وَحُقَّتْ ۝٥

بچہ با آسانی پیدا ہو

اگر کسی عورت کے ہاں بچہ پیدا ہونے والا ہو تو سورۃ الواقعہ کو تھوڑے سے پانی پر سات مرتبہ پڑھ کر دم کر کے پلائیں، ان شاء اللہ العزیز ولادت میں آسانی ہو جائے گی۔

ولادت میں آسانی پیدا ہو

سورہ نازعات کو ولادت کے وقت کثرت سے پڑھنا چاہئے اور جو محرم حاملہ عورت کے پاس سورہ نازعات کی کثرت سے تلاوت کرے اور بارگاہ الٰہی میں بچہ کی با آسانی ولادت کے لئے دعا مانگے تو اللہ عزوجل دعا کو ضرور قبول فرمائے گا۔

بچہ کی ولادت میں آسانی ہو

سورۃ المطففین کو وضع حمل کے وقت ستر مرتبہ پڑھنے سے بچہ کی ولادت میں آسانی ہوگی۔

بچہ کی پیدائش میں آسانی ہو

جس عورت کو بچہ جننے کے وقت شدید درد محسوس ہوتی ہو اس کے لواحقین کو چاہئے کہ سورۃ الانشقاق کو اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور پانی دم کر کے حاملہ کو پلائیں، بچہ کی پیدائش میں آسانی ہوگی اور تکلیف کی شدت میں کمی ہوگی اور بچہ بآسانی پیدا ہوگا۔

برائے تسہیل ولادت

دردِ زہ جب شروع ہو تو چند خرما پر ایک بار سورۂ فاتحہ اور ۹ مرتبہ ثُمَّ السَّبِيلَ يَسَّرَهُ ﴿٢٠﴾ عبس۔ پڑھ کر دم کریں۔ ایک خرما جب تک ولاد نہ ہو تھوڑے تھوڑے وقفہ سے حاملہ کو کھلائیں۔

بچہ زندہ نہ رہنا

اجوائن اور کالی مرچ آدھ آدھ پاؤ لے کر پیر کے دن دوپہرے وقت چالیس مرتبہ سورۃ الشّمس اس طرح پڑھے کہ ہر دفعہ کے ساتھ درود شریف پڑھے اور جب چالیس مرتبہ ہوجائے پھر ایک دفعہ درود شریف پڑھے اور اجوائن اور کالی مرچ پر دم کرے اور شروع سے جب سے یہ خیال ہوا ہو دودھ چھڑانے تک روزانہ تھوڑا تھوڑا دونوں چیزیں کھالیا کرے۔ان شاءاللہ تعالی اولاد زندہ رہے گی۔

میاں بیوی

میاں بیوی کے اختلافات کوختم کرنے کے لئے

سورۃ طہٰ کی مندرجہ ذیل آیتسات سو مرتبہ پڑھ کر شیرینی پر دم کر کے کھلائیں۔آیت یہ ہے:

وَأَلْقَيْتُ عَلَيْكَ مَحَبَّةً مِّنِّي ۚ ﴿٣٩﴾

میاں بیوی میں اختلافات اور نافرمان اولاد کے لئے

سورۃ فاتحہ،سورۃ الاخلاص، پانی پر دم کر کے پلائیں۔

میاں بیوی میں نااتفاقی کا حل

اگر میاں بیوی میں نااتفاقی ہو اور لڑائی جھگڑا رہتا ہو اور عورت چاہتی ہو کہ میاں سے اتفاق ہوجائے تو اس اسم یَاحَکِیْمُ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھیں اور شیرینی پر دم کر کے شوہر کو کھلائیں ان شاءاللہ اتفاق ہوجائے گا اور میاں بیوی میں محبت پیدا ہوجائے گی۔

میاں بیوی میں موافقت

اگر میاں بیوی کے گھریلو حالات اعتدال پر نہ رہتے ہوں بلکہ ہروقت جھگڑا رہتا ہو اور دونوں میں محبت نہ ہو تو اس اسم یَاوَلِیُّ کو میاں بیوی روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں۔ان شاءاللہ دونوں میں محبت پیدا ہوجائے گی اور حالات درست ہوجائیں گے۔

میاں بیوی کے خیالات میں موافقت پیدا ہو

شادی کے ابتدائی ایام میں میاں بیوی کے درمیان اختلافات پیدا ہوجاتے ہیں جس سے گھریلو سکون برباد ہونے کا اندیشہ لاحق ہوجاتا ہے اور میاں بیوی کے والدین کو بڑی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ایسی صورت حال میں میاں بیوی دونوں یا ان کے والدین میں سے کوئی سورۃ النساء کو سترہ روز تک ایک مرتبہ پڑھیں اور بارگاہ الٰہی میں سربسجود ہوکر دعا کریں کہ ان کا گھر آباد رہے تو اللہ عزوجل میاں بیوی دونوں کے خیالات میں موافقت پیدا فرمائے گا۔

میاں بیوی میں اتفاق

جس عورت کا خاوند اس سے ناراض ہو یا اس کا مخالف ہو تو وہ عشا کی نماز کے بعد ایک سو مرتبہ یَاحَنَّانُ یَاحَلِیْمُ پڑھے۔

خاوند کا ناراض یا بے پرواہ رہنا

عشا کی نماز کے بعد گیارہ دانے سیاہ مرچ کے لے کر اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ سو مرتبہ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ پڑھیں اور خاوند کے

مہربان ہونا کا خیال رکھیں۔جب سب پڑھ چکیں تو ان مرچوں پر دم کر کے تیز آگ میں ڈال دیں اور اللہ تعالی سے دعا کریں ان شاء اللہ خاوند مہربان ہوگا اور کم سے کم چالیس روز کریں۔

میاں بیوی کے درمیان سازگار ماحول پیدا کرنا

جن میاں بیوی کے مابین نا چاقی ہو اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑے کی حالت رہتی ہو تو دونوں میں سے کوئی ایک یا دونوں باوضو ہو کر رات کو سونے سے پہلے بستر پر لیٹ کر ایک سو اکیس مرتبہ یہ اسم مبارک یَامَانِعُ انتہائی توجہ اور یکسوئی کے ساتھ پڑھیں چند یوم کے عمل سے ہی مثبت نتیجہ برآمد ہوگا اور مطلوبہ مقصد میں کامیابی ہوگی،میاں بیوی کے مابین نا اتفاقی ختم ہو جائے گی اور آپس میں پیار ومحبت کی سازگار فضا قائم ہو جائے گی۔

میاں بیوی میں سلوک پیدا کرنا

اگر میاں بیوی میں ناراضگی ہو اور شوہر اپنی بیوی سے سخت ناراض ہو تو ایسی صورت میں ایک سو ایک مرتبہ اس اسم مبارک یَارَحِیْمُ کو پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کریں اور شوہر کو کھلائیں اس سے شوہر مہربان ہو جائے گا چند یوم کے اس عمل سے میاں بیوی میں بہت جلد صلح ہو جائے گی۔

میاں بیوی میں سلوک پیدا کرنا

اگر میاں بیوی کے مابین ناراضگی پیدا ہوگئی ہو اور گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا ہوتا رہتا ہو،دونوں میں سے کوئی بھی جھگڑے کو ختم کرنے کی کوشش نہ کرتا ہو تو اس مقصد کے لئے یہ اسم یَاوَدُوْدُ باوضو حالت میں گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم

کر کے دونوں میاں بیوی کو کھلا دیں۔اس اسم پاک کی برکت وتاثیر سے ان شاء اللہ تعالی دونوں کے درمیان کشیدگی ختم ہوجائے گی اور میاں بیوی سلوک و اتفاق سے رہیں گے۔ ناراضگی و پیار محبت کا روپ دھار لے گی۔

میاں بیوی کے مابین ہم آہنگی کے لئے

جس گھر میں میاں بیوی کے درمیان اختلاف رہتا ہواس گھر میں میاں بیوی میں سے کوئی ایک صاف ستھرا لباس پہن کر باوضو ہوکر سورہ زخرف کو قبلہ رو ہوکر تین مرتبہ پڑھے اور اکیس روز تک اس عمل کو بلا ناغہ جاری رکھے اللہ عزوجل کے فضل وکرم سے میاں بیوی کے مابین باہمی ہم آہنگی پیدا ہوجائے گی۔

میاں بیوی میں اختلافات دور ہوں

اگر میاں بیوی میں اختلافات پیدا ہوجائیں اور نوبت علیحدگی تک جا پہنچے تو بیوی کو چاہئے کہ بعد نماز ظہر سات مرتبہ سورہ فاتحہ پڑھ کر تین مرتبہ سورہ مجادلہ پڑھے اور پھر سات مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھے ،اللہ عزوجل کے فضل وکرم سے میاں بیوی کے مابین کشیدگی ختم ہوجائے گی اور گھریلو زندگی پہلے کی مانند معمول پر آجائے گی۔

اگر طلاق تک نوبت آگئی ہو

طٰسٓ طٰسٓمّٓ حٰمٓعٓسٓقٓ۔

مَرَجَ الْبَحْرَيْنِ يَلْتَقِيٰنِ ﴿١٩﴾ بَيْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا يَبْغِيٰنِ ﴿٢٠﴾۔ الرحمن۔

کا ورد ہر نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں کاغذ پر لکھ کر اپنے پاس رکھیں۔ان شاءاللہ میاں بیوی میں اتفاق ہوگا۔

میاں بیوی کے درمیان محبت کے لئے

سورہ جمعہ فریقین میں نااتفاقی ختم کرنے کے لئے انتہائی موثر ہے لہذا اگر میاں بیوی کے مابین لڑائی جھگڑے کی نوبت آجاتی ہو اور بدسلوکی کی فضا ہو تو دونوں میں سے کسی کو چاہئے کہ وہ ہر جمعہ کو بعد نماز فجر سورہ جمعہ کو پڑھنا اپنا معمول بنالے اور اللہ رب العزت کی بارگاہ میں دعا مانگے اور پانی پر دم کرے خود بھی پئے اور شوہر کو بھی پلائے ان شاءاللہ، اللہ عزوجل میاں بیوی میں محبت پیدا فرمادے گا۔

محبت بڑھانے کے لئے

اگر جمعرات کو درج ذیل عمل لکھ کر تکیہ کے اندر رکھ دیا جائے اور تکیہ مطلوب یا طالب کے سر کے نیچے رہے تو خاوند اور بیوی کی محبت زیادہ ہوگی:

فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا ۝ ۔۔۔الحجرات

فَأَصْلِحُوا بَيْنَهُمَا ۔۔۔ فَابْعَثُوا حَكَمًا مِّنْ اَهْلِهٖ وَحَكَمًا مِّنْ اَهْلِهَا ۚ اِنْ يُّرِيْدَآ اِصْلَاحًا يُّوَفِّقِ اللّٰهُ بَيْنَهُمَا ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ عَلِيْمًا خَبِيْرًا ۝ ۔۔۔النساء۔

يُّصْلِحْ لَكُمْ اَعْمَالَكُمْ وَيَغْفِرْ لَكُمْ ذُنُوْبَكُمْ ؕ وَمَنْ يُّطِعِ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ فَقَدْ فَازَ فَوْزًا عَظِيْمًا ۝ ۔۔۔الأحزاب۔

عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّجْعَلَ بَيْنَكُمْ وَبَيْنَ الَّذِيْنَ عَادَيْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً ؕ وَاللّٰهُ قَدِيْرٌ ؕ وَاللّٰهُ غَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ ۝ ۔۔۔الممتحنۃ۔

ان شاءاللہ اس عمل سے محبت زیادہ ہوگی۔

خوشگوار تعلقات

یہ اسم مبارک یَامُغْنِیُ میاں بیوی کے تعلقات کو خوشگوار بنانے کا موجب بنتا ہے اور اگر بیوی اس کا ورد کرے تو وہ کئی عوارض خاص سے بچی رہتی ہے۔

میاں بیوی میں محبت بڑھانا

میاں بیوی میں باہمی محبت بڑھانے کے لئے میاں یا بیوی یا دونوں یہ اسم مبارک یَاوَاجِدُ ورد کرتے رہیں تو بے حد مفید اور باعث برکت ورحمت ہوتا ہے۔

میاں بیوی کے مابین محبت کو فروغ دینے کے لئے

سورہ دھر کو پڑھنے سے میاں بیوی کے مابین محبت ویگانگت کی فضا فروغ پاتی ہے لہذا اگر بیوی سورۃ الدھر کو گیارہ روز تک گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھے اور آخری روز پانی دم کر کے وہ پانی اپنے خاوند کو پلائے تو وہ ہمیشہ خوش وخرم رہے گی اور اس کا خاوند اس کے علاوہ کسی اور عورت کی محبت مبتلا نہ ہوگا۔

زوجین کے مابین عمدہ تعلقات کے لئے

اگر میاں بیوی کے مابین مراسم اچھے نہ رہتے ہوں تو سورۃ القارعہ کو ایک سو سات مرتبہ پڑھیں تو اس سے زوجین کے مابین تعلقات صحیح ہوں گے اور ان کی زندگی انتہائی پرسکون گزرے گی۔

میاں بیوی میں محبت پیدا کرنے والا عمل

میاں بیوی میں محبت پیدا ہونے کے لئے اس آیت شریفہ کو سات سو سات دفعہ سات دن تک پڑھیں پھر شوہر کو پانی یا کسی اور چیز پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں نہایت مجرب اور مفید

ہے:

وَمِنْ اٰيٰتِهٖٓ اَنْ خَلَقَ لَكُمْ مِّنْ اَنْفُسِكُمْ اَزْوَاجًا لِّتَسْكُنُوْٓا اِلَيْهَا وَجَعَلَ بَيْنَكُمْ مَّوَدَّةً وَّرَحْمَةً ﴿۲۱﴾... الروم۔

شوہر میں محبت پیدا کرنا

اگر کسی عورت کا خاوند بداخلاق ہو، بات بات پر بدزبانی اور بدسلوکی کرتا ہو تو عورت کو چاہئے کہ عشاء کی نماز کے بعد یَامُؤْمِنُ چھ ہزار مرتبہ اکیس دن تک پڑھے، روزانہ پڑھائی مکمل کرنے پر اللہ کے حضور اپنے خاوند کو وفادار کرنے کی التجا کرے۔

ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے خاوند بیوی کا گرویدہ اور وفادار بن جائے گا۔ ایسے ہی اگر کوئی عورت اپنے خاوند کے ساتھ اچھا سلوک نہ کرتی ہو تو خاوند کو چاہئے کہ وہ یہ عمل کرے ان شاء اللہ بیوی میں محبت پیدا ہو جائے گی۔

شوہر کو اپنی طرف مائل کرنا

اس اسم مبارک یَاوَاجِدُ کو خلوت میں بیٹھ کر سحری کے وقت گیارہ دن تک دو ہزار چار سو بتیس مرتبہ روزانہ پڑھیں اور شوہر کا دل میں تصور کریں ان شاء اللہ مائل ہو گا۔

خاوند کی نظر میں محبوبہ بننے کے لئے

جو عورت خاوند کی نظر میں گرگئی ہو یا ذلیل ہو اسے چاہئے کہ روزانہ غسل کرکے دو رکعت نماز فاتحہ اخلاص کے ساتھ ادا کرے پھر کھڑے ہو کر تین ہزار مرتبہ یَاعَزِیْزُ پڑھے چوتھے روز پانچ ہزار دفعہ یَاعَزِیْزُ پڑھے، ان شاء اللہ سات روز کے اس عمل سے خاوند کی نظر میں محبوبہ اور عزت والی ہو جائے گی۔

شوہر کو گرویدہ کرنے کے لئے

عشاء کی نماز کے بعد گیارہ سو مرتبہ یَامُؤْمِنُ پڑھ کر آنکھیں بند کر کے تصور میں خود کو عرش کے سائے میں بٹھالیں اور مضبوط تصور جمائیں کہ شوہر نیچے ہے جب یہ تصور مضبوط جم جائے تو تصور کر کے سو جائیں ان شاء اللہ چند روز میں بداخلاقی کا خاتمہ ہوگا ،برائی اور زیادتی ختم ہو جائے گی ،شوہر گرویدہ ہو جائے گا۔

دولہن اور دولہا میں محبت

اگر دولہن دولہا سے نفرت کرتی ہو تو سورۃ یوسف ایک کاغذ پر باوضو لکھیں اور اس کے بعد آیات بطلان سحر لکھ کر یہ آیت سات مرتبہ لکھیں اور کتابت شدہ کاغذ کو عورت کے سر اور چہرے پر ملیں اس کے بعد مندرجہ ذیل آیت کو باوضو چینی کی پلیٹ پر لکھ کر باوضو دھو کر عورت اور مرد ونوں کو پلائیں ان شاءاللہ نفرت محبت میں بدل جائے گی اور دولہا دلہن ایک دوسرے سے بے پناہ محبت کرنے لگیں گے۔

آیت بطلان سحر یہ ہیں :

فَلَمَّآ اَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ ۙ السِّحْرُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ ۝۸۱ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ ۝۸۲ ... یونس

فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ۝۱۱۸ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صٰغِرِيْنَ ۝۱۱۹ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سٰجِدِيْنَ ۝۱۲۰ قَالُوْٓا اٰمَنَّا بِرَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝۱۲۱ رَبِّ مُوْسٰى وَهٰرُوْنَ ۝۱۲۲ .. الأعراف

اِنَّمَا صَنَعُوْا كَيْدُ سٰحِرٍ ؕ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ اَتٰى ۝۶۹ ... طه۔

آیت بطلان سحر کے بعد یہ لکھنی ہے :

فَلَمَّا رَاَيْنَهٗٓ اَكْبَرْنَهٗ وَقَطَّعْنَ اَيْدِيَهُنَّ ۫ وَقُلْنَ حَاشَ لِلّٰهِ مَا هٰذَا بَشَرًا ۭ اِنْ هٰذَآ اِلَّا مَلَكٌ كَرِيْمٌ ﴿۳۱﴾ ... یوسف

پلیٹ پر لکھنے والی آیت:

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿۴۹﴾۔ الذاریات۔

باہمی الفت کے لئے

اگر دو شخصوں میں نااتفاقی ہو یا میاں بیوی کے تعلقات خوش گوار نہ ہوں تو ۷۰ مرتبہ ذیل کی

آیت کریمہ پڑھ کر کسی میٹھی چیز پر دم کریں اور دونوں کو کھلائیں۔

هُوَ الَّذِيْٓ اَيَّدَكَ بِنَصْرِهٖ وَبِالْمُؤْمِنِيْنَ ﴿۶۲﴾ وَاَلَّفَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ ۭ لَوْ اَنْفَقْتَ مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا مَّآ اَلَّفْتَ بَيْنَ قُلُوْبِهِمْ وَلٰكِنَّ اللّٰهَ اَلَّفَ بَيْنَهُمْ ۭ اِنَّهٗ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ ﴿۶۳﴾ ... الانفال۔

شوہر کو مہربان کرنے کے لئے

جس کا شوہر ناراض ہو اس آیت کو کسی میٹھی چیز پر پڑھ کر کھلائے ان شاءاللہ تعالیٰ مہربان ہو جائے گا:

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّتَّخِذُ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اَنْدَادًا يُّحِبُّوْنَهُمْ كَحُبِّ اللّٰهِ ۭ وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اَشَدُّ حُبًّا لِّلّٰهِ ۭ وَلَوْ يَرَى الَّذِيْنَ ظَلَمُوْٓا اِذْ يَرَوْنَ الْعَذَابَ ۙ اَنَّ الْقُوَّةَ لِلّٰهِ جَمِيْعًا ۙ وَّاَنَّ اللّٰهَ شَدِيْدُ الْعَذَابِ ﴿۱۶۵﴾ ... البقرة۔

حب کا نہایت مفید عمل

ایک برتن میں پانی لے کر پئیں اور دل میں سات باریَابُدُّوحُ پڑھیں، پھر پانی

منہ میں لے کر کلی کر دیں، جس کو پلائیں محبت میں دیوانہ ہو جائے گا۔

عطر محبت

بعض مرتبہ لڑکے کی پسند کے ناموافق گھر والے رشتہ کر دیتے ہیں شادی کے بعد وہ بیوی کو منہ ہی نہیں لگاتا نہ ڈھنگ سے بات کرتا ہے تو ایسی عورت کو چاہئے کہ سورۃ المزمل کو گیارہ مرتبہ پڑھے گیارہ مرتبہ اول و آخر درود شریف کے ساتھ اور عطر پر دم کرے، شوہر کو جیسی ہی اس عطر کی خوشبو محسوس ہوگی فریفتہ ہوگا۔ ان شاء اللہ العزیز۔

عمل برائے واپسی، یا کسی کا شوہر، بیٹا، وغیرہ باہر جانا چاہے اس کو روکنے کے لئے

تعویذ میں یَامُعِیْدُ سات مرتبہ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ تین مرتبہ اور بسم اللہ الرحمن الرحیم لکھیں ۔۔۔ نام اور والدہ کا نام لکھیں اور ہوا والی جگہ میں لٹکائیں ان شاء اللہ چند دن کے اندر اندر واپس آجائے گا۔

بدکردار شوہر کی اصلاح

اگر کسی کا شوہر بدکردار یعنی شراب، زنا، جوا اور بری سوسائٹی میں ملوث ہو کر کوشش کے باوجود راہ ہدایت پر نہ آتا ہو تو اس شخص کو گیارہ روز تک روزانہ گیارہ ہزار تین سو چونسٹھ مرتبہ یہ اسم یَاھَادِیُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں ۔ ان شاءاللہ برائیاں چھوڑ کر راہ راست پر آجائے گا۔

خاوند کی بد اخلاقی کا حل

جس عورت کا خاوند بد اخلاق ہو اور اپنی عورت کے ساتھ بڑی ہٹ دھرمی اور سخت

مزاجی سے پیش آتا ہوتو اس عورت کو چاہئے کہ اس اسم یَابَاسِطُ کو سات ہزار تین سو مرتبہ گیارہ یوم تک پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائے ان شاءاللہ خاوند کا مزاج درست ہوگا اور اس کی بد اخلاقی ختم ہو جائے گی۔

خاوند کی بدزبانی کا حل

اگر کسی عورت کا خاوند لڑتا ہو اور بات بات پر ڈانٹتا ہو تو عورت کو چاہئے کہ وہ آدھی رات کے وقت گیارہ سو مرتبہ یَاصَبُوْرُ کا ورد کر کے اللہ سے دعا کرے۔ سات روز تک اس عمل کو جاری رکھنے سے خاوند کی ناراضگی اور غصہ جاتا رہے گا اور بیوی کے ساتھ بہتر سلوک کرنے لگے گا۔

سخت مزاج شوہر کو نرم کرنا

اگر کسی عورت کو اس کا شوہر بہت تنگ کرتا ہو، بات بات پر ڈانٹ ڈپٹ کرتا ہو، سخت رویہ رکھتا ہو تو اسے چاہئے کہ یَاوَلِیُّ کو گیارہ روز تک ساڑھے بارہ ہزار مرتبہ روزانہ پڑھے اور جب بھی شوہر کے سامنے جائے تو دل ہی دل میں یَاوَلِیُّ کا ورد رکھے ان شاءاللہ شوہر کی سخت مزاجی نرم مزاجی میں بدل جائے گی اور اس کے سلوک میں نرمی آئے گی۔

شوہر اگر گالم گلوچ اور فحش گوئی کرتا ہو

باوضو ہو کر ایک سفید کاغذ پر ایک سو مرتبہ یہ اسم مبارک یَاحَمِیْدُ لکھیں اور پانی میں گھول کر پلائیں۔ ان شاءاللہ تھوڑے ہی دنوں میں گالی دینا چھوڑ دے گا اور فحش گوئی سے نجات مل جائے گی اور اس کے اخلاق درست ہو جائیں گے۔

شوہر کے ناروا سلوک سے نجات کے لئے

شوہر کے ناروا سلوک سے نجات پانے کے لئے عشاء کی نماز کے بعد بیوی اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے گیارہ مرتبہ درود شریف کے بعد
بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ بِسْمِ اللّٰهِ الْوَاسِعِ جَلَّ جَلَالُهٗ۔
جائے نماز پر بیٹھ کر پڑھے اور دعا کرے۔

اگر شوہر بیوی سے ناراض رہتا ہو

جمعہ کے دن میوہ جات یا کسی میٹھی چیز پر سات بار سورہ مزمل پڑھ کر دم کر کے شوہر کو کھلائیں ان شاء اللہ ناراضگی کا مرض جاتا رہے گا اور باہم الفت ومحبت پیدا ہوگی۔

خاوند کے غصہ کو ختم کرنے کے لئے

جس عورت کے خاوند کو بہت غصہ آتا ہو وہ جب بھی شوہر کو پینے کے لئے پانی دے تو اس پر بیس مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر دم کر کے پلا دے ان شا اللہ خاوند کا غصہ بالکل ختم ہو جائے گا۔

اگر شوہر بیوی پر بہت خفا ہو

اگر کسی عورت کا خاوند عورت پر بہت خفا ہو تو اکیس مرتبہ یَامَانِعُ کو صبح وشام خاوند کی طرف پڑھ کر دم کرے خواہ سامنے سے یا پیٹھ کے پیچھے سے، ان شاء اللہ تھوڑے سے دنوں میں یہ ساری شکایتیں دور ہوں گی۔

خاوند کے مزاج کو نرم کرنا

ایسی عورت جس کے خاوند کا مزاج بہت سخت ہو اور بات بات پر ناجائز غصے کا

اظہار کرتا ہو، ایسے حالات میں عورت کی زندگی بہت تلخ ہوجاتی ہے تو ایسی عورت کو چاہئے کہ جب خاوند کو روٹی دینے لگے تو اس پر پہلے ایک سو گیارہ مرتبہ یَاعَفُوُّ پڑھ لے، اس طرح چالیس دن کرے ان شاء اللہ خاوند کا مزاج نرم ہوجائے گا اور بدکلامی چھوڑ دے گا اور اپنی بیوی سے بہتر سلوک کرنے لگے گا۔

غیر منصف خاوند کو درست کرنا

اگر کسی شخص کی چند بیویاں ہوں اور وہ بیویوں میں انصاف کے تقاضے کو پورا نہ کرتا ہو اور ایسی بیوی جس کے ساتھ غیر منصفانہ سلوک ہوتا ہے اور وہ اس کے ظلم کا شکار ہو تو اس عورت کو چاہئے کہ اسے خاوند کو انصاف کے راستے پر لانے کے لئے اس اسم یَامُقْسِطُ کو سات ہزار مرتبہ روزانہ سات دن تک پڑھ کر پانی پر یا کسی کھانے کی چیز پر دم کر کے اپنے خاوند کو پلائے۔ ان شاء اللہ اس کی طبیعت نرم ہوجائے گی اور وہ اس عورت سے منصفانہ انداز میں بہتر سلوک سے پیش آنے لگے گا۔

خاوند کو راہ راست پر لانا

اگر کسی کا خاوند بری عادات کا شکار ہو اور راہ راست پر نہ آتا ہو، گھر میں ہر وقت لڑائی جھگڑا رہتا ہو تو ایسی صورت میں چاہئے کہ گیارہ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور ہر روز خاوند کو پلائیں ان شاء اللہ سورہ فاتحہ کی برکت سے بھٹکا ہوا خاوند راہ راست پر آجائے گا۔

اگر شوہر رات کو بلا وجہ دیر سے گھر آتا ہو

تو مغرب کی نماز کے بعد تین سو دفعہ: قَدْ شَغَفَهَا حُبًّا ﴿٣٠﴾ یوسف پڑھ کر میٹھی

چیز پر دم کر کے شوہر کو کھلائیں ان شاء اللہ آوارگی کی عادت چھوٹ جائے گی اور ہر دن کام ختم ہوتے ہی بے تاب ہو کر گھر چلا آئے گا اور اگر کھلا نہ سکیں تو تصور کر کے شوہر پر دم کریں ان شاء اللہ یہی فائدہ ہوگا۔

اگر خاوند حرام کمائی گھر میں لاتا ہو

اگر کسی کا خاوند حرام کمائی گھر میں لاتا ہو یا اس کے کسی دوسری عورت سے ناجائز تعلقات ہوں تو اسے باز رکھنے کے لئے گیارہ دن تک ایک سو اکتالیس مرتبہ مذکورہ آیت

قُلْ لَّا يَسْتَوِي الْخَبِيْثُ وَالطَّيِّبُ وَلَوْ اَعْجَبَكَ كَثْرَةُ الْخَبِيْثِ ۚ فَاتَّقُوا اللّٰهَ يٰۤاُولِي الْاَلْبَابِ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُوْنَ ۝ ۔۔۔المائدہ

کسی کھانے کی چیز پر پڑھ کر دم کر کے کھلائیں۔ ان شاء اللہ کامیابی ہوگی۔

متکبر شوہر کی اصلاح کے لئے

بسا اوقات بعض شوہر متکبر ہو کر اپنی بیوی کے ساتھ ایسا رویہ رکھتے ہیں جس سے اسے تکلیف ہوتی اور وہ شدید ذہنی اذیت کا شکار ہوتی ہے اگر کسی کا ایسے شوہر سے پالا پڑ جائے تو سورہ حم سجدہ کو روزانہ فجر کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں اور پھر بارگاہ الٰہی میں اپنے شوہر کی اصلاح کے لئے دعا کریں اور اس عمل کو بلا ناغہ گیارہ روز تک جاری رکھیں۔

جنسی رغبت غیر عورت سے ختم کرنا

اگر کسی کے شوہر کے کسی غیر عورت کے ساتھ ناجائز تعلقات ہوں اور وہ اپنی ذمہ داریوں کو نہ سمجھتا ہو، تو اس کے اس فعل حیوانی و جنسی رغبت ختم کرنے کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۔ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ ۝ ۔۔۔الأنبياء

صرف تین مرتبہ اول وآخر درود شریف کے ساتھ، آب زمزم، نہر یا دریا کے پانی پردم کر کے پلائیں۔اس پانی کو مسلسل پلانے سے وہ اپنے فعل حیوانی اور برے ارادے ترک کردے گا۔

اگر کسی عورت کا شوہر کسی غیر عورت میں انوالو ہو

سات بنولے (روئی کے ساتھ لگے ہوتے ہیں حکیم کی دکان پر ملتے ہیں) لے کر ہر دانہ پر سات سات مرتبہ سورۃ الزلزال پڑھ کر ہر مرتبہ دم کرے اور کہے کہ فلاں بن فلاں اور فلاں بنت فلاں میں لڑائی اور جدائی ہوجائے اور آگ میں جلادے۔

شوہر کی بری عادات چھڑانے کا عمل

اگر شوہر بری عادات مثلاً شراب، نشہ، جوا، چوری، جھوٹ وغیرہ میں مبتلا ہو، اور اس کی یہ برائی ختم کرانی ہو تو اس کو یہ اسم یَاحَمِیْدُ کو روزانہ چھ ہزار ایک سو مرتبہ پڑھ کر پانی پردم کر کے پلائیں اور اکتالیس دن تک یہ عمل کریں ان شاء اللہ وہ برائی کو چھوڑ دیں گے۔ایسے ہی شریر، بدچلن، اور نافرمان اولاد کو راہ ہدایت پر لانے کے لئے انہیں بھی پلائیں ان شاء اللہ وہ درست ہوجائیں گے۔

شوہر کی بری عادتوں کا علاج

جس عورت کا شوہر شراب، جوئے اور بدکاری جیسی بری عادتوں میں ملوث ہو ہیروئن کا عادی بن گیا ہو۔ایسے شخص کے لئے گیارہ سو مرتبہ اس اسم یَابَرُّ کو پڑھ کر پانی پردم کریں، کچھ پانی اسے پلائیں اور کچھ اس کے کپڑوں پر چھڑکیں چالیس دن تک یہ عمل کریں۔ان شاء اللہ اس کی ہر بری عادت ختم ہوجائے گی۔

جو عورت اپنے خاوند سے طلاق چاہتی ہو

جو عورت اپنے خاوند سے طلاق چاہتی ہو اور شوہر طلاق نہ دیتا ہو تو وہ عورت سورہ ممتحنہ کو گیارہ مرتبہ روزانہ گیارہ دن تک پڑھے۔ان شاء اللہ کوئی صورت ضرور اس کی رہائی کی بن جائے گی۔

میاں بیوی میں احسن طریقے سے جدائی کے لئے

بسا اوقات لڑکی کی شادی ایسے لڑکے سے ہوتی ہے جو اسے اپنے گھر رکھنے پر روادار نہیں ہوتا ایسی صورت میں لڑکی کے عزیز و اقارب اور لواحقین کو بڑی پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور پھر اختلافات ایسا رخ اختیار کر لیتے ہیں کہ نوبت جھگڑے تک جا پہنچتی ہے، جب ایسے حالات ہو جائیں تو لڑکی کے لئے طلاق لینا ناگزیر ہو جاتا ہے، جب کہ لڑکے والے طلاق دینے کے بجائے اذیت پہنچانے پر تلے ہوتے ہیں، ایسی صورت میں لڑکی کے لواحقین کو چاہئے کہ وہ سورہ طلاق کو تین روز تک سات مرتبہ پڑھیں تو دونوں فریقوں کے مابین احسن طریقے سے جدائی ہو جائے گی۔

اگر شوہر نشہ کرتا ہو

اگر شوہر شراب، افیون اور ہیروئن وغیرہ کرتا ہو، تو ان بری عادات سے روکنے کے لئے اس اسم یَاقَابِضُ کو روزانہ پانچ ہزار چار سو اٹھارہ مرتبہ اکتالیس دن تک پڑھیں اور روزانہ پانی دم کر کے نشہ کرنے والے کو پلایا جائے اگر وہ نہ پیئے تو اس کی قمیص پر چھینٹیں لگائی جائیں جس کو اس نے پہنا ہو۔ان شاء اللہ، اللہ تعالی اسے نشہ کرنے سے روک دے گا۔

کسی کا شوہر سگریٹ پیتا ہو

اگر کسی عورت کا شوہر سگریٹ پیتا ہو، اس سے نجات کے لئے اس اسم یَامَجِیْدُ کو چالیس دن تک روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ پڑھیں اور روزانہ پڑھائی کے بعد سبز الائچی پر دم کر کے شوہر کو کھانے کے لئے دیں ان شاء اللہ اللہ تعالی کی توفیق سے سگریٹ نوشی کی عادت ترک ہو جائے گی۔

منشیات سے نجات

منشیات کے عادی شوہر کو ایک سفید کاغذ پر گیارہ مرتبہ یہ اسم مبارک یَارَشِیْدُ لکھ کر پانی میں گھول کر چالیس یوم تک پلائیں، ان شاء اللہ اثر عظیم ہو گا اور بہت جلد منشیات کی لعنت سے چھٹکارا مل جائے گا۔ اور نشہ کرنے کی عادت جاتی رہے گی۔

نشہ چھڑانے کا مجرب عمل

یہ اسم نشہ چھڑانے کے لئے بہت اکسیر ہے لہذا کسی کا نشہ چھڑانے کے لئے اس اسم یَارَشِیْدُ کو گیارہ دن تک روزانہ گیارہ ہزار پانچ سو مرتبہ پڑھ کر آخری دن پانی پر دم کر کے اس کے بستر اور کپڑوں پر چھڑکیں اس طرح تین مرتبہ عمل کریں ان شاء اللہ اس اسم کی برکت سے اس کا نشہ چھوٹ جائے گا۔

ساس اور بہو کے مسائل

دلہن کی رخصتی کا وظیفہ

جب کوئی دلہن اپنے گھر سے شادی کے موقع پر رخصت ہو تو اسے چاہیئے کہ راستے

میں دل میں یَارَؤُوْفُ پڑھتی جائے اور خاوند سے پہلی ملاقات تک پڑھتی رہے۔ان شاءاللہ خاوند ہمیشہ وفادار اور مہربان رہے گا اور میاں بیوی کی زندگی خوشگوار گزرے گی ،گھریلوتلخیاں پیدا نہ ہوں گی۔

میاں اور سسرال سے ہمیشہ محبت ملے

جودلہن سسرالی گھر میں پہلی بار داخل ہوتے وقت (رخصتی کے دن) ایک سانس میں سات باریَاوَدُوْدُ پڑھے گی ،زندگی بھر اپنے خاونداور سسرالیوں سے پیار سمیٹے گی۔

سسرال میں باعزت رہنے کے لئے

شوہر کی نظر میں محبوبہ بننے کے لئے اسم باری تعالی :یَاسَتَّارُ یَاغَفَّارُ کم از کم پانچ سومرتبہ پڑھنا مفید ہے اول وآخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھے۔

اگر کسی کو سسرال میں طعنے ملتے ہوں

اگر کسی کے ساتھ ایسا معاملہ پیش آئے کہ جس کی وجہ سے اس لڑکی کو سسرال والے طعنے دیتے ہوں ،برارویہ رکھتے ہوں تو درج ذیل کلمات کو پانچ سو مرتبہ روزانہ پڑھیں اول وآخر گیارہ بار درود شریف پڑھیں۔کلمات یہ ہیں:

یَابَدِیْعَ الْعَجَائِبِ بِالْخَیْرِ یَابَدِیْعُ

سسرالیوں کے ظلم سے نجات پانے کے لئے

اگر کسی کی شادی ہوئی اور سسرال والے اپنی بہو پر ظلم کرتے ہوں اور اس کا جینا محال کررکھا ہو تو ایسی صورت میں لڑکی بعد نماز فجر سورۃ الممتحنہ کو تین مرتبہ پڑھنا اپنا معمول بنالے، سسرال والے ظلم کرنا بند کردیں گے،اور یوں لڑکی کو سسرالیوں کے ظلم سے نجات ملے گی۔

اگر ساس بلا وجہ ہر کام میں کیڑے نکالتی ہو

چھیاسٹھ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھ کر پانی پر دم کریں، ایک گھونٹ خود پی لیں اور دوسرا گھونٹ پانی میں گرادیں، اور ساس کو پلائیں ان شاء اللہ ساس بلا وجہ آپ کی مخالفت چھوڑ دے گی اور محبت سے پیش آئے گی۔

خاوند اور ساس کو تابع رکھنے کا عمل

اگر کسی عورت کو اس کی ساس یا خاوند ناجائز تنگ کرتے ہوں اور گھر میں اس کی کوئی عزت نہ ہو تو اسے چاہئے کہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ روزانہ اسم مبارک یَا کَبِیْرُ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے خود پئے ۔ان شااللہ اس کا رعب سارے گھر والوں پر قائم ہو جائے گا اور جو کوئی اس سے ملے گا بہت عزت سے پیش آئے گا یہ اسم چالیس روز تک پڑھے۔ اگر اتنی تعداد نہ پڑھ سکے تو ایک تسبیح یعنی سو مرتبہ روزانہ پڑھنے کا معمول بنا لے ان شاء اللہ گھر کا ہر فرد اس کے تابع رہے گا۔

بہو کو فرمانبردار کرنے کا عمل

گیارہ ہزار مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھ کر چینی یا کسی میٹھی چیز پر دم کر کے تین دن تک بہو کو کھلائیں ان شاء اللہ بہو مطیع و فرمانبردار ہو جائے گی۔

گھریلو امن وسکون و باہمی الفت کے لئے

اگر کسی کے گھر میں ماں باپ، اور بہن بھائی، نند بھاوجیں، ساس بہو آپس میں لڑتی رہتی ہوں تو بسم اللہ شریف کو سات سو چھیاسی مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کریں اور گھر کے تمام افراد چینی کھائیں۔ان شاء اللہ العزیز گھر میں ایسا سکون ہو گا کہ دیکھنے والا رشک کرے گا۔

بہو ہمیشہ باعزت رہے

ایسی بہو جو ایسے گھر میں جائے جہاں اہل خانہ کے افراد زیادہ ہوں اور اسے بات بات پر بے عزتی کا نشانہ بناتے ہوں اور خاوند بھی پروانہ کرتا ہو تو اسے چاہئے کہ چالیس دن تک روزانہ دن کے کسی وقت تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ یَامُعِزُّ پڑھے اور پانی پر دم کر کے خود پی لے۔ ان شاء اللہ تمام گھر والے اس کی عزت کرنے لگیں گے، اگر اسی گھر میں دوسری بہوئیں بھی ہوں تب بھی ان میں معزز رہے گی۔

اگر ساس یا نندیں خاوند کے سامنے برائیاں کریں

کسی عورت کی برائی اس کی ساس یا نندیں اس کے خاوند کے سامنے بیان کرتی ہوں تو وہ عورت ایک سو دفعہ یہ آیت پڑھے:

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللّٰهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١٣٧﴾ ....البقرہ

اور اس کے بعد یہ دعا پڑھے:

اللّٰهُمَّ إِنِّي أَجْعَلُكَ فِي نُحُورِهِمْ وَأَعُوذُبِكَ مِنْ شُرُورِهِمْ ۔

سات دن تک برابر اس عمل کو کرنے سے تمام شکایتیں دور ہوں گی۔

عزت وآبرو کی حفاظت

عزت وآبرو کی حفاظت کے لئے

يَاسَلَامُ ،يَاحَفِيظُ روزانہ دو سو مرتبہ روزانہ پڑھیں اس وظیفے کی برکت سے اللہ رب العزت آپ کی عزت وآبرو کی حفاظت فرمائیں گے۔

تہمت سے بری ثابت ہونے کا عمل

اگر کسی نے کسی عورت پر جھوٹا الزام یا تہمت لگا دی ہو تو اس سے اپنے آپ کو بری الذمہ ثابت کرنے کے لئے اس اسم یَاشَہِیْدُ کو گیارہ دن تک عصر کی نماز کے بعد جائے نماز پر بیٹھ کر گیارہ سو مرتبہ پڑھیں۔ ان شاءاللہ، اللہ تعالیٰ سچا ثابت کرے گا اور جھوٹی تہمت لگانے والا ذلیل ہوگا۔

تہمت سے بری الذمہ ہونا

اگر کسی پاک دامن عورت پر بدکاری کی تہمت لگائی گئی ہو اور وہ راہ راست پر ہو اور دوسرے لوگ اس کی زبان پر یقین نہ کرتے ہوں اسے چاہئے کہ وہ سورہ نور کو روزانہ تین مرتبہ گیارہ روز تک پڑھے اللہ عزوجل اشارہ غیبی سے تہمت لگانے والوں کو باخبر کردے گا اور جس پر تہمت لگائی گئی ہے وہ بھی بری الذمہ ہوگی۔

ذلت ورسوائی سے خلاصی

اگر کوئی عورت اپنی غلطیوں اور کوتاہیوں کی وجہ سے ذلت میں گر گئی ہو یا اسے یقین ہو کہ وہ ذلیل ورسوا ہوگی تو اس صورت میں اس اسم یَامَاجِدُ کو اکیس دن تک روزانہ سات ہزار مرتبہ پڑھے۔ ان شاءاللہ، اللہ تعالیٰ اس کے کام کا بہتر ذریعہ بنا دے گا اور ذلت سے بچا لے گا۔

بے گناہی ثابت کرنا

اگر کسی پر کوئی ناحق الزام لگا دیا گیا ہو اور اس کے لئے اپنی بے گناہی ثابت کرنے کے لئے کوئی ثبوت نہ ہو تو وہ باوضو حالت میں بکثرت اس اسم مبارک یَاقَادِرُ کو پڑھے ان

شاءاللہ اسے جھوٹے الزام سے برات ملے گی اور اس کی بے گناہی ثابت کرنے کے اسباب خود بخود پیدا ہو جائیں گے۔

بدنامی اور بے عزتی سے بچنے کے لئے

اگر کسی دشمن وغیرہ کی طرف سے بدنامی کا اندیشہ ہو تو اس وقت درج ذیل آیت کو صبح و شام اکتالیس مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر پھونک دیں:

وَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ إِنَّ الْعِزَّةَ لِلَّهِ جَمِيعًا ۚ هُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿٦٥﴾ ...یونس۔

جان یا عزت کا خطرہ ہو

دشمن کا خوف ہو یا جان یا عزت کا خطرہ ہو تو یہ آیات ایک ایک بار پڑھیں:

فَسَيَكْفِيكَهُمُ اللَّهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ ﴿١٣٧﴾ ....البقرہ

وَاللَّهُ مِن وَرَائِهِم مُّحِيطٌ ﴿٢٠﴾ ...البروج

شہوت کو کنٹرول کرنے کے لئے

اگر کسی کو شہوت ستائے اور گناہ کا قوی امکان ہو تو اس کا علاج یہ ہے کہ اللہ تعالی کے جن صفاتی ناموں میں یا آتی ہے جیسے:

قدیر، خبیر، بصیر، علیم، حکیم، عزیز، حلیم، جلیل، رحیم، عظیم، کریم وغیرہ

کسی چینی کی طشتری پر لکھ کر پانی سے دھو کر پئیں سات دن تک صبح، اول پوری تسمیہ لکھیں ان شاءاللہ سکون ہو جائے گا۔

جس کی شہوت کنٹرول نہ ہو

جس کی شہوت کنٹرول نہ ہو تو وہ رات سوتے وقت اپنے سینہ پر ہاتھ رکھ کر یَامُمِیْتُ پڑھتی پڑھتی سوجائے، سات روز میں ان شاء اللہ سرکش نفس مطیع ہوگا۔

شہوت کا علاج

جس کو شہوت ستاتی ہو اسے چاہیے کہ یہ چار اسماء الٰہی بکثرت پڑھے ان شاء اللہ معاملہ قابو میں رہے گا:

یَاحَلِیْمُ یَارَبُّ یَارَؤُوْفُ یَامَنَّانُ

خصوصاً اگر روزہ رکھ کر زیادہ مقدار میں پڑھیں تو عجیب وغریب تاثیر دیکھیں گی۔ ان شاء اللہ۔ ان چاروں اسماء کے اور بھی بہت سارے خواص ہیں۔

شہوت اور بدنظری کا ایک اور مفید علاج

روزانہ تنہائی میں توجہ کے ساتھ ایک سو مرتبہ پڑھیں:

یَاحَمِیْدُ،یَابَاعِثُ

اول وآخر تین تین بار درود شریف پڑھیں۔ (یہ عمل پابندی سے کریں)

ناجائز تعلقات سے بچنے کا عمل

صبح کی سنتوں اور فرضوں کے درمیان سورۃ الفاتحہ درجہ ذیل ترکیب سے پڑھی جائے

(۱) بسم اللہ کے آخری میم کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر پڑھیں

(۲) یہ عمل اتوار سے شروع کیا جائے

بروز اتوار صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان ستر مرتبہ

بروز پیر صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان ساٹھ مرتبہ

بروز منگل صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان بچاس مرتبہ
بروز بدھ صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان چالیس مرتبہ
بروز جمعرات صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان تیس مرتبہ
بروز جمعہ صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان بیس مرتبہ
بروز ہفتہ صبح کی سنتوں اور فرض کے درمیان دس مرتبہ
اول وآخر سات مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

دعائے ہدایت وعفت

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ الۡھُدٰی وَالتُّقٰی وَالۡعَفَافَ وَالۡغِنٰی

یہ دعا بے راہ وی سے بچنے اور ہدایت کے راستے پر گامزن رہنے کا عجیب نسخہ ہے۔

اغوا شدہ لڑکی کی بازیابی کے لئے

یَاحَفِیۡظُ ایک سوانیس بار پھر:

یٰبُنَیَّ اِنَّھَآ اِنۡ تَكُ مِثۡقَالَ حَبَّةٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ فَتَكُنۡ فِیۡ صَخۡرَةٍ اَوۡ فِی السَّمٰوٰتِ اَوۡ فِی الۡاَرۡضِ یَاۡتِ بِھَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِیۡفٌ خَبِیۡرٌ ﴿۱۶﴾

لقمان

ایک سوانیس مرتبہ پڑھا کریں ان شاءاللہ لڑکی واپس آجائے گی۔

فتنہ وفسادات سے حفاظت کا عمل

کم از کم صبح فجر کے بعد اور شام مغرب کے بعد تین مرتبہ سورۃ الاخلاص، تین مرتبہ سورۃ الفلق، تین مرتبہ سورۃ الناس۔

اس کی برکت سے ان شاءاللہ جنات، شیاطین، غنڈوں، ڈاکوؤں، چوروں سے حفاظت ہوجائے گی اور یہ جو آج کل فساد مچا ہوا ہے، قتل وخون ہو رہا ہے اور گولیاں چل رہی ہیں ان سب

سے حفاظت کا یہ عمل بہت مجرب ہے۔ جو بچے پڑھ سکتے ہیں ان سے بھی پڑھوائیں۔ اللہ تعالی کی خصوصی حفاظت ہو جائے گی۔

حاسد اور تکلیف دہ شخص کو دور کرنے کے لئے

روزانہ صبح کو پانچ سو بارہ مرتبہ یَالَطِیْفُ یَاوَدُوْدُ اور شام کو مغرب کی نماز کے بعد دو مرتبہ یَادَافِعُ یَامَانِعُ پڑھیں، ان شاء اللہ مہینے دو مہینے میں حاسد اور تکلیف دہ شخص آپ سے دور ہو جائے گا۔

حسد سے محفوظ رہنا

اگر کوئی جمعہ سے جمعہ تک ہر روز ایک سو ایک بار یَامُذِلُّ کا ورد کرے تو ورد کرنے والی کو اللہ تعالی حاسدوں کی ایذا رسانیوں سے بچائے رکھتا ہے۔

حاسد کے حسد سے بچنے کے لئے

اگر کوئی حاسد حسد کے ذریعے نقصان پہنچاتا ہو تو باوضو حالت میں گیارہ مرتبہ سورۃ الکافرون پڑھیں اور اس کے بعد سورۃ الاخلاص بھی گیارہ مرتبہ پڑھیں اللہ عزوجل اس حاسد کا حسد ختم کر دے گا۔

ناحق مقدمہ سے بری ہونے کے لئے

اگر کسی کا ناحق جھگڑالو اور مفسد شخص سے معاملہ پڑ جائے تو عین مقدمہ کی پیشی کے وقت، یا باہمی گفتگو کے وقت ستر مرتبہ اللہ، اللہ، اللہ کہے اور دل میں یہ تصور کرے کی ساری مجلس فنا ہوئی اور اب خاص ذات باری تعالی اس مقدمہ کا فیصلہ فرمائے گی۔ ان شاء اللہ مقدمہ کا اس کے حق میں اچھا فیصلہ ہو گا اور باہمی گفتگو میں جھوٹا دشمن ہارے گا۔

ہمسائے کے شر سے محفوظ رہنا

اگر کسی کا ہمسایہ برا ہو اور وہ اپنے ہمسائے سے سخت تنگ ہو تو وہ ہر نماز کے بعد ۷۷ مرتبہ یہ اسم مبارک یَاحَسِیْبُ پڑھے ان شاء اللہ تعالی برے ہمسائے کے شر سے محفوظ رکھے گا۔

برے ہمسایہ کی برائی کا اندیشہ ہو

اگر برے ہمسایہ کی برائی کا اندیشہ ہو تو سات دن تک صبح وشام ستر (۷۰) ستر (۷۰) دفعہ حَسْبِیَ اللّٰہُ الْحَسِیْبُ پڑھے۔ ان شاء اللہ سال بھر ہر شر سے محفوظ رہے گا۔ اور یہ عمل جمعرات سے شروع کریں.

اگر کوئی برا آدمی پیچھے لگ گیا ہو

اگر کوئی برا آدمی کسی لڑکی کے پیچھے عشق مجازی کے چکر میں پڑا ہوا ہو اور بے پناہ تنگ کرتا ہو جس سے بدنام ہونے کا خطرہ ہو اس سے پیچھا چھڑانے کے لئے اس اسم یَاخَافِضُ کو گیارہ دن تک سورج ڈھلنے کے وقت کھڑے ہو کر آٹھ ہزار آٹھ سو چھیاسی مرتبہ پڑھیں۔ ان شا اللہ عمل ختم ہونے پر برے آدمی سے خلاصی ہو جائے گی۔ ایسے ہی اگر کوئی برا آدمی ہو جو سروس میں کاروبار میں یا محلے میں تنگ کرتا ہو تو اس سے بچنے کے لئے سات روزے رکھیں اور ہر روز دس ہزار مرتبہ یہ اسم پڑھیں۔ ان شا اللہ برے آدمی سے فورا پیچھا چھوٹ جائے گا۔

بدخصلت اور شریر سے بچنے کے لئے

بعض بدخصلت، شریر اور چھچھورے قسم کے لوگ نیک اور شریف عورتوں کے پیچھے

لگ جاتے ہیں اور ان کو آتے جاتے سیٹیاں بجاتے ہیں اور زبردستی برائی میں ملوث کرنا چاہتے ہیں، تو ایسے برے لوگوں سے بچنے کے لئے اس اسم یَامَانِعُ کا وظیفہ بہت مجرب ہے عشاء کی نماز کے بعد تنہائی میں بیٹھ کر اس اسم کو گیارہ ہزار مرتبہ پڑھیں اور گیارہ دن تک یہ عمل کریں ان شاء اللہ وہ بدکار شخص خود بخود پیچھا چھوڑ دے گا۔

طعن و تشنیع سے بچنے کے لئے

بسا اوقات عورتوں میں یہ بھی دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض عورتیں اچھی، حیادار اور نیک عورتوں کو طعن و تشنیع کرتی ہیں اور کئی مرتبہ تو ان پر الزامات بھی لگا دیتی ہیں، چغلی لگاتے وقت بھی انہیں معاف نہیں کرتیں لہذا جس عورت کے ساتھ دوسری عورت کا ایسا رویہ ہو اسے چاہئے کہ وہ سورۃ النحل کو بعد نماز عصر گیارہ روز تک ایک مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ وہ عورتیں طعن و تشنیع کرنا بند کر دیں گی۔

تنگ کرنے والے سے چھٹکارا پانے کے لئے

اگر کسی کو کوئی تنگ کرتا ہو تو اس سے چھٹکارا پانے کے لئے سورہ الدھر کی آیت:

اِنَّا نَحۡنُ نَزَّلۡنَا عَلَيۡكَ الۡقُرۡاٰنَ تَنۡزِيۡلًا ﴿۲۳﴾ فَاصۡبِرۡ لِحُكۡمِ رَبِّكَ وَلَا تُطِعۡ مِنۡهُمۡ اٰثِمًا اَوۡ كَفُوۡرًا ﴿۲۴﴾

تین سو تیرہ مرتبہ تیرہ دن تک پڑھنے سے انشاء اللہ عزوجل تنگ کرنے والے سے چھٹکارا مل جائے گا۔

مخالف اپنی مخالفت ترک کر دے

اگر کوئی ایسا رشتہ دار جو پس پشت مخالفت کرتا ہو اس سے رشتہ ختم کرنا بھی ممکن نہ ہو جب کہ وہ ہر کام میں آپ کی مخالفت کرتا ہو، دوسروں کے سامنے ذلیل و رسوا کرنے کی سوچ رکھتا ہو

تو ایسی صورت میں سورۃ النصر کو روزانہ گیارہ مرتبہ چالیس روز تک پڑھیں اللہ عزوجل کے فضل وکرم سے وہ آپ کی مخالفت ترک کر دے گا۔

برے آدمی کی اذیت سے بچنے کے لئے

اگر محلہ داری میں کوئی شخص کسی کو بلاوجہ تنگ کرتا ہو اور ناجائز طریقہ سے مراسم بڑھانا چاہتا ہو تو اس کے لئے سورۃ الھمزۃ کو روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھیں اللہ عزوجل برے آدمی کی اذیت سے محفوظ رکھے گا۔

برے بندے سے جان چھڑانے کے لئے

اگر کسی برے بندے سے چھٹکارا پانا ہو تو سورہ عبس کو منگل کے دن مغرب کے بعد اکیس مرتبہ پڑھنے سے اللہ عزوجل کے فضل سے برے بندے سے چھٹکارا مل جائے گا۔

بدزبانی کا علاج

اگر کوئی شخص بدزبان ہو تو اکتالیس مرتبہ سورۃ الشّمس کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی اسے پلایا جائے ان شاء اللہ العزیز بدزبانی ختم ہو جائے گی اور وہ شخص کردار وسیرت کا بھی نیک ہو جائے گا۔

گالیاں بکنے والے شخص کے لئے

گالیاں بکنے والے، طعنے دینے والے شخص کی زبان بند کرنے کے لئے اس آیت کا روزانہ سو مرتبہ پڑھنا پھر دعا کرنا بہت مفید ہے۔ آیت یہ ہے:

لَا يُحِبُّ اللّٰهُ الْجَهْرَ بِالسُّوْٓءِ مِنَ الْقَوْلِ اِلَّا مَنْ ظُلِمَ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ سَمِيْعًا عَلِيْمًا ﴿۱۴۸﴾ ..... النساء

کسی کے قبضے سے جائیداد واپس لینا

اگر کسی بیوہ خاتون کی جائیداد پر کسی دوسرے نے قبضہ کرلیا ہو یا اس کے مکان یا دکان کسی کرایہ دار نے اپنے قبضہ میں لے رکھی ہو اور وہ خالی نہ کرتا ہو تو اس صورت میں اس کے قبضے سے اپنی چیز واپس اپنے پاس لانے کے لئے اس اسم یَا جَامِعُ کو چالیس دن تک روزانہ تین ہزار ایک سو پچیس مرتبہ بعد نماز عشا پڑھیں ان شاء اللہ جائیداد واپس قبضے میں آجائے گی۔

اگر مقدمہ میں جھوٹی گواہی کا اندیشہ ہو

اگر کسی کا مقدمہ دائر ہو اور اسے کسی گواہ کی جھوٹی گواہی دینے کا اندیشہ ہو تو ایک ہزار مرتبہ یَا جَلِیْل پڑھ کر اس گواہ کی طرف دم کرے۔ ان شاء اللہ وہ گواہ عدالت میں جھوٹی گواہی نہ دے سکے گا۔

مالی مسائل

نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے

نیا کاروبار شروع کرنے سے پہلے یا رزق کی کشادگی اور کاروبار میں ترقی کے لئے اس آیت کو روزانہ ایک سو اکتالیس دفعہ پڑھیں:

لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الْغَنِيُّ الْحَمِيْدُ ﴿۲۶﴾ لقمان۔

رزق کی فراوانی، آمدنی میں اضافہ، تنگ دستی سے بچاؤ کے لئے

تعویذ میں سورۃ الفیل کی ابتدائی ایک آیت، سورۃ القریش کی دوسری آیت سورۃ

الماعون کی آخری آیت سورۃ الکوثر مکمل لکھیں، شروع میں تسمیہ لکھیں تعویذ اپنے پاس رکھیں فجر اور مغرب کے بعد ایک ہفتہ تک دس مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھیں۔

ہر قسم کی رکاوٹ دور ہو

بسا اوقات کسی ناراضگی کی بنا پر کسی جائز کام میں تعویذات کے ذریعہ کوئی رکاوٹ ڈال دیتا ہے اور بڑی کوششوں کے باوجود کام نہیں ہوتا ایسی صورت میں اللہ عزوجل سے مدد کا طلب گار ہونا چاہئے اور سورہ رحمن کو ذریعہ بنانا چاہئے لہذا اس سورت کو گیارہ روز تک گیارہ مرتبہ روزانہ پڑھنے سے اللہ عزوجل راہ میں موجود ہر قسم کی رکاوٹوں کو دور فرمادے گا۔

روزی میں برکت کے لئے

گھر میں داخل ہو کر سلام کریں، چاہے گھر میں کوئی ہو یا نہ ہو، پھر ایک مرتبہ درود شریف پڑھیں، پھر ایک مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھیں۔

رزق کی تنگی دور ہو

چاشت کی نماز کے بعد دو سو مرتبہ یاوھاب پڑھنے سے رزق کی تنگی دور ہو جاتی ہے اور اللہ تعالی ایسی جگہ سے رزق عطا فرماتا ہے جہاں سے وہم و گمان بھی نہیں ہوتا

گھر کے راشن میں برکت

ایک سو ایک مرتبہ سورۃ القریش پڑھ کر راشن پر دم کریں برکت ہوگی۔

فراخی رزق کے لئے مجرب وظیفہ

یَامُغْنِیُ۔۔۔۔۔گیارہ سو مرتبہ

مقروض سے قرضہ وصول کرنے کے لئے

یا حی یا قیوم۔۔۔۔۔۔۔سو مرتبہ

اول وآخر درود شریف۔۔۔۔تین مرتبہ

وسعت رزق اور دشمن سے حفاظت کے لئے

سورۃ القریش مکمل مع بسم اللہ الرحمن الرحیم۔۔۔۔صبح وشام گیارہ مرتبہ

وسعت رزق کے لئے اَلَّذِیْٓ اَطْعَمَھُمْ مِّنْ جُوْعٍ۔ پڑھتے وقت وسعت رزق کا تصور کرنا اور اٰمَنَھُمْ مِّنْ خَوْفٍ پڑھتے وقت دشمن سے حفاظت کا تصور کرنا مجرب عمل ہے۔

قرض سے نجات کے لئے

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِیْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ۔

صبح وشام۔۔۔۔۔سات مرتبہ

اور نماز جمعہ کے بعد (۷۰) مرتبہ پڑھنا زیادہ مفید ہے۔

قرض کی ادائے گی کے لئے

چاشت کی نماز کو معمول بنانے سے اللہ تعالی قرض کی ادائے گی کے اسباب بنا دیتا ہے۔

قرض کی ادائیگی کے لئے

قرض کی ادائے گی کے لئے عصر کی نماز کے بعد ۱۷ مرتبہ اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف کے ساتھ یہ آیت پڑھیں:

اَللّٰہُ لَطِیْفٌ بِعِبَادِہٖ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَھُوَالْقَوِیُّ الْعَزِیْزُ ﴿۱۹﴾
---الشوریٰ۔

محتاجی سے بچنے کے لئے

جوکوئی روزانہ ایک ہزار مرتبہ صبح کی نماز کے بعد یَاسَلَامُ ہر روز پڑھے کبھی بھی مرتے مرتے اندھا، اپاہج، عاجز، لاچار نہ ہو، اللہ تعالیٰ چلتے پھرتے اسے اپنے پاس بلالے گا۔

دکان وغیرہ کی حفاظت اور برکت کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔
سَلَامٌ عَلٰی نُوْحٍ فِی الْعَالَمِیْنَ۔سَلَامٌ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ۔سَلَامٌ عَلٰی مُوْسٰی وَھَارُوْنَ۔سَلَامٌ عَلَی الْمُرْسَلِیْنَ۔
وَصَلَّی اللّٰہُ عَلٰی خَیْرِ خَلْقِہٖ مُحَمَّدٍوَّآلِہٖ وَاَصْحَابِہٖ اَجْمَعِیْنَ
۔بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَافِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔
ان آیات کو کاغذ پر لکھ کر آویزاں کرنا۔

سودے میں برکت کے لئے

کوئی بھی چیز خریدتے وقت پہلے اکتالیس مرتبہ یَانَافِعُ پڑھنا پھر سودا خریدنا، نہایت برکت دیتا ہے۔

خرید بہتر ہو

جب کوئی چیز خریدنے کے لئے جائیں تو یہ آیت شریف پڑھیں ان شاء اللہ اچھی چیز ملے گی، آیت یہ ہے:
قَالُوا ادْعُ لَنَا رَبَّکَ یُبَیِّنْ لَّنَا مَا ھِیَ ۙ اِنَّ الْبَقَرَ تَشٰبَہَ عَلَیْنَا ؕ

وَإِنَّآ إِن شَآءَ ٱللَّهُ لَمُهۡتَدُونَ۝ ...البقرہ۔

ہر مشکل کے لئے

سورۃ الضحیٰ، سورۃ الانشراح

طلوع آفتاب اور غروب آفتاب کے وقت۔۔۔۔۔سات مرتبہ

غموم وہموم سے نجات کے لئے

اول وآخر درود شریف۔۔۔۔تین مرتبہ

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ۔۔۔۔۔۔تین سو تیرہ مرتبہ

اور آخر میں لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ مکمل پڑھنا

مشکلات کے حل کے لئے

يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ پانچ سو مرتبہ اول وآخر سات بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔

یا آیت کریمہ: لَّآ إِلَٰهَ إِلَّآ أَنتَ سُبۡحَٰنَكَ إِنِّي كُنتُ مِنَ ٱلظَّٰلِمِينَ۝ الأنبياء۔ تین سو مرتبہ اول وآخر سات بار درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔

تعویذ برائے کاروبار ودکان کے لئے

بِسۡمِ اللهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ يَرۡجُونَ تِجَٰرَةً لَّن تَبُورَ۔ وَيَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْأَبْصَارِ وَيَاخَالِقَ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ اِجْعَلْ أَفۡـِٔدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهۡوِيٓ إِلَيۡهِمۡ۔ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ وَسَلَّمَ۔

برائے کشائش رزق

روزانہ ستر (۷۰) بار پڑھنے سے رزق میں کشادگی ہوتی ہے ہر طرح کی تنگی و پریشانی سے نجات ملتی ہے۔ راحت وشادمانی حاصل ہوتی ہے۔ سکونِ خاطر نصیب ہوتا ہے۔ نامعلوم اسباب سے تمام ضروریات مہیا ہوتی ہیں اور ایسی نعمتیں میسر ہوتی ہیں جن کا وہم وگمان بھی نہیں ہوتا۔

لَهٗ مَقَالِيۡدُ السَّمٰوٰتِ وَالۡاَرۡضِ‌ۚ يَبۡسُطُ الرِّزۡقَ لِمَنۡ يَّشَآءُ وَيَقۡدِرُ‌ؕ اِنَّهٗ بِكُلِّ شَىۡءٍ عَلِيۡمٌ ﴿۱۲﴾ الشوری۔

اَللّٰهُ لَطِيۡفٌ ۢ بِعِبَادِهٖ يَرۡزُقُ مَنۡ يَّشَآءُ‌ ۚ وَهُوَ الۡقَوِىُّ الۡعَزِيۡزُ ﴿۱۹﴾ الشوری۔

اِنَّ اللّٰهَ هُوَ الرَّزَّاقُ ذُو الۡقُوَّةِ الۡمَتِيۡنُ ﴿۵۸﴾ الذاریات۔

فاقہ وناداری کی دعا

اَللّٰهُمَّ رَبَّنَاۤ اَنۡزِلۡ عَلَيۡنَا مَآئِدَةً مِّنَ السَّمَآءِ تَكُوۡنُ لَنَا عِيۡدًا لِّاَوَّلِنَا وَاٰخِرِنَا وَاٰيَةً مِّنۡكَ‌ۚ وَارۡزُقۡنَا وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰزِقِيۡنَ ﴿۱۱۴﴾ المائدۃ۔

حل مشکلات وادائے قرض کی دعا

رَبَّنَاۤ اٰتِنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً وَّهَيِّئۡ لَنَا مِنۡ اَمۡرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ الکھف.

مال جلدی فروخت ہونے کے لئے

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ فَاسۡتَبۡشِرُوۡا بِبَيۡعِكُمُ الَّذِىۡ بَايَعۡتُمۡ بِهٖ‌ؕ وَذٰ لِكَ هُوَ الۡفَوۡزُ الۡعَظِيۡمُ ﴿۱۱۱﴾ التوبۃ.

وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقه سیدنا محمد وآله وأصحابه

أجمعین۔
لکھ کر مال ومتاع میں رکھیں۔

فقر سے نجات اور کشائش رزق کا عمل

سُبْحَانَ اللهِ وَبِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهِ أَسْتَغْفِرُ اللهَ۔
دن رات میں سو مرتبہ پڑھیں۔ انتہائی مجرب ہے۔

محتاج اور غریب ہونا

عشاء کی نماز کے بعد اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف اور درمیان میں گیارہ تسبیح یَامُعِزُّ پڑھ کر دعا کیا کرے۔

دیگر

یا عشاء کی نماز کے بعد اول وآخر سات سات بار درود شریف اور درمیان میں چودہ سو چودہ مرتبہ یَاوَهَّابُ پڑھ کر دعا کیا کرے ان شاء اللہ فراغت اور برکت ہوگی۔

دولت حاصل کرنے کا عمل

اگر کوئی مالدار بننے کی خواہش مند ہو تو اس کو چاہئے کہ تیرہ دن تک روزانہ تین سو تیرہ مرتبہ آیت الکرسی پڑھے ان شاء اللہ اس عمل کی برکت سے زبردست روزی ملے گی اور بکثرت مال میسر آئے گا اور ایسی جگہ سے دولت ملے گی جہاں سے ملنے کا وہم وگمان بھی نہیں ہوگا۔

دکان کی ترقی کے لئے

اگر کسی کی دکان نہ چلتی ہو تو اس آیت کو دو کاغذوں پر لکھیں۔ ایک کاغذ کو فریم میں کرا کر دکان میں آویزاں کریں۔ دوسرے کاغذ کو تعویذ بنا کر موم جامہ کرنے کے بعد ہرے کپڑے

میں پیک کرکے دکان کے گلے میں رکھیں ۔ان شاءاللہ خریداروں کا تانتا بندھا رہے گا اور خوب فروخت ہوگی۔آیت یہ ہے:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔وَهُوَالَّذِىۡ مَدَّ الۡاَرۡضَ وَجَعَلَ فِيۡهَا رَوَاسِىَ وَاَنۡهٰرًا‌ ؕ وَمِنۡ كُلِّ الثَّمَرٰتِ جَعَلَ فِيۡهَا زَوۡجَيۡنِ اثۡنَيۡنِ‌ يُغۡشِى الَّيۡلَ النَّهَارَ‌ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰ لِكَ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يَّتَفَكَّرُوۡنَ‏ ﴿۳﴾ ...الرعد۔

کسی طرح کا کام اٹکنا

بارہ روز تک اس دعا کو بارہ سو دفعہ پڑھ کر ہر روز دعا کیا کرے ۔ان شاء اللہ تعالی کیسا ہی مشکل کام ہو پورا ہو جائے گا۔

يَابَدِيۡعَ الۡعَجَائِبِ بِالۡخَيۡرِ يَابَدِيۡعُ۔

خیر و برکت کے لئے

کشائش وفراخی معاش وترقی رزق کے لئے ہزار بار بلاناغہ رات دن میں پڑھیں۔بہت مفید اور نہایت مجرب ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى اٰلِ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَفۡضَلَ صَلَوَاتِكَ بِعَدَدِ مَعۡلُوۡمَاتِكَ وَبَارِكۡ وَسَلِّمۡ عَلَيۡهِ۔

ہر مشکل کے لئے وظیفہ

رَبِّ اِنِّىۡ مَغۡلُوۡبٌ فَانۡتَصِرۡ

اول وآخر درود شریف۔

روزانہ۔۔۔۔۔تین سو تیرہ مرتبہ

ہر حاجت کے لئے وظیفہ

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ۖ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ۝
الأنبياء... روزانہ اکتالیس مرتبہ۔

یا

أسماء الحسنی...... ایک مرتبہ
اور ہر اسم کے ساتھ جَلَّ جَلَالُہٗ پڑھے۔

یا

سورہ فاتحہ کو فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اس طرح پڑھیں کہ بسم اللہ الرحمن الرحیم میں الرحیم کے "میم" کو الحمد کے لام کے ساتھ ملا کر پڑھیں۔۔۔(اکتالیس مرتبہ)

یا

هُوَ الْحَبِيْبُ الَّذِیْ تُرْجٰی شَفَاعَتُهٗ
لِكُلِّ هَوْلٍ مِّنَ الْأَهْوَالِ مُقْتَحِمِ
جَاءَتْ لِدَعْوَتِهِ الْأَشْجَارُ سَاجِدَةً
تَمْشِیْ إِلَيْهِ عَلٰی سَاقٍ بِلَا قَدَمِ
دونوں شعر روزانہ۔۔۔۔۔ اکتالیس مرتبہ۔

یا

مکمل سورۃ الاخلاص۔

طریقہ ورد: سورۃ الاخلاص گیارہ مرتبہ اور ہر بار میں اللہ الصمد، سو مرتبہ پڑھنا۔

برائے جملہ مشکلات

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَأَ مِنْكَ إِلَّا إِلَيْكَ

تعداد ورد۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔تین سو تیرہ مرتبہ

کاروبار میں ترقی کے لئے وظیفہ

سورۃ القریش۔۔۔۔۔صبح وشام۔۔۔۔۔۔گیارہ مرتبہ

درود ناریہ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ صَلَاةً كَامِلَةً وَّسَلِّمْ سَلَامًا تَآمًّا عَلٰى سَيِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدِنِ صَلَاةً تَنْحَلُّ بِهَا الْعُقَدُ وَتَنْفَرِجُ بِهَا الْكُرَبُ وَتُقْضٰى بِهَا الْحَوَائِجُ وَتُنَالُ بِهَا الرَّغَائِبُ وَحُسْنُ الْخَوَاتِيْمِ وَيُسْتَسْقَى الْغَمَامُ بِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَعَلٰى آلِهٖ وَصَحْبِهٖ فِيْ كُلِّ لَمْحَةٍ وَّنَفَسٍ مِ بِعَدَدِ كُلِّ مَعْلُوْمٍ لَّكَ۔

فوائد:

اس درود کو روزانہ اکتالیس مرتبہ یا ایک سو مرتبہ پڑھنے سے ان شاء اللہ العزیز تمام پریشانیاں دور ہوں گی، نقصانات سے حفاظت ہوگی ہر طرح کے غم سے نجات ہوگی ہر کام میں آسانی ہوگی، قدر و منزلت میں اضافہ ہوگا باطن منور ہوگا الغرض جو چاہے گا اللہ کے فضل سے اسے ملے گا۔اس کے فوائد بہت زیادہ ہیں۔

جو روزانہ گیارہ مرتبہ پابندی سے پڑھے اس کا رزق کبھی ختم نہ ہو، اسے ہمیشہ کی دولت حاصل ہو اور اس کے مراتب بلند ہوں۔

دنیا و آخرت کی نعمتیں ملیں

درود تنجینا

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا وَمَوْلَانَا مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِہٖ وَأَصْحَابِہٖ صَلَاۃً تُنَجِّیْنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ الْأَھْوَالِ وَالْاٰفَاتِ، وَتَقْضِیْ لَنَا بِھَا جَمِیْعَ الْحَاجَاتِ، وَتُطَھِّرُنَا بِھَا مِنْ جَمِیْعِ السَّیِّئَاتِ ، وَتَرْفَعُنَا بِھَا عِنْدَکَ أَعْلَی الدَّرَجَاتِ، وَتُبَلِّغُنَا بِھَا أَقْصَی الْغَایَاتِ مِنْ جَمِیْعِ الْخَیْرَاتِ فِی الْحَیَاۃِ وَبَعْدَ الْمَمَاتِ إِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

طریقہ: روزانہ عشاء کی نماز کے بعد ستر (۷۰) مرتبہ۔

یا پھر ہر نماز کے بعد ۱۴ مرتبہ۔ یا ایک ہی مجلس میں تین سو تیرہ مرتبہ۔ پڑھیں۔

یا پھر دن میں روزانہ کم ازکم سات مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائیں۔ توان شاء اللہ دنیا و آخرت کی ساری نعمتیں آپ کو مل جائیں گی۔

وظیفہ برائے حل المشکلات

یَاصَمَدُ یَاعَزِیْزُ یَامُغْنِیُ یَانَاصِرُ

کسی بھی مشکل میں ہو اسے پڑھتے رہیں۔

قضائے حاجات کے لئے حرفِ آخر

چار رکعت نماز نفل برائے قضائے حاجات کی نیت کر کے نماز شروع کریں

۱) پہلی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد:

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَکَ ۖ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ﴿۸۷﴾ فَاسْتَجَبْنَا لَہٗ ۙ وَنَجَّیْنٰہُ مِنَ الْغَمِّ ۭ وَکَذٰلِکَ نُـْجِی

الْمُؤْمِنِيْنَ۝۸۸۔سورۃ الأنبیاء

ایک سو بار پڑھیں۔

۲)دوسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد

اَنِّيْ مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِيْنَ۝۸۳ ....سورۃ الانبیاء۔

ایک سو بار پڑھیں۔

۳)تیسری رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد:

وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْٓ اِلَى اللّٰهِ ۭ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ۝۴۴ سورۃ الغافر۔

ایک سو بار پڑھیں۔

۴)چوتھی رکعت میں سورۃ الفاتحہ کے بعد:

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۝۱۷۳...آل عمران

ایک سو بار پڑھیں۔

نماز مکمل ہونے پر سلام کے بعد دوبارہ سجدہ میں جا کر

اِنِّىْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ

سو مرتبہ پڑھیں۔

اور اس کے بعد جو بھی حاجت ہو اللہ تعالی سے مانگیں۔ان شاء اللہ پوری ہوگی۔

غم اور پریشانی میں

دو رکعت صلاۃ الحاجت پڑھ کر لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ ڰ اِنِّىْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ۔ایک سو گیارہ دفعہ پڑھ لیں۔

بگڑے ہوئے کام بن جائیں

يَاحَلِيْمُ يَاكَرِيْمُ يَاوَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ

جوکوئی ان تین ناموں کاورد کرے تواس کے سب بگڑے ہوئے کام بن جائیں گے۔

بلاؤں کوٹالنے کے لئے

درودشریف کی کثرت بلاؤں کوٹالنے کے لئے اکسیر ہے۔

ہرمشکل کی آسانی کے لئے

يَالَطِيْفًا بِخَلْقِهٖ يَاعَلِيْمًا بِخَلْقِهٖ يَاخَبِيْرًا بِخَلْقِهٖ اُلْطُفْ بِیْ
يَالَطِيْفُ يَاعَلِيْمُ يَاخَبِيْرُ۔

چلتے پھرتے اٹھتے بیٹھتے ورد میں رکھیں۔

اوراگراللہ نہ کرے کہ پورے گھر والوں پرکوئی مشکل وقت آن پڑاہے تواُلْطُفْ بِیْ کی جگہ اُلْطُفْ بِنَا پڑھیں۔

روحانی اورظاہری رزق میں اضافہ کے لئے

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔
يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ يَااللّٰهُ يَارَحْمٰنُ يَارَحِيْمُ يَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ
وَصَلَّى اللّٰهُ تَعَالٰى عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ۔

عشاء کی نماز کے بعداطمینان وتسلی سے اپنے گھرمیں پانچ سومرتبہ پڑھیں اول وآخر سومرتبہ درودشریف۔

ان شاء اللہ کوئی ایسی حاجت نہیں ہوگی جواس ورد کے کرنے والے کی پوری نہ ہو، نیز ظاہری اورباطنی ترقی میں بھی بہت اضافہ ہوگا۔

رزق کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔۔يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ۔
وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ ۞۔۔۔الطلاق

عشاء کی نماز کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں ۔ان شاء اللہ رزق میں فراوانی ہوگی۔

فقر وفاقہ کا خاتمہ

گھر میں داخل ہوکر ایک بار سورۂ فاتحہ اور تین بار سورۂ اخلاص پڑھنے سے فقر وفاقہ کا خاتمہ ہوجاتا ہے اور گھر میں برکت آجاتی ہے۔

نماز حاجت کے بعد کی دعا

دنیاوی ضرورت ہو یا دینی اس کے لئے اچھی طرح وضو کر کے دو رکعت نماز حاجت پڑھ کر اللہ کی حمد وثنا اور درود شریف پڑھ کر یہ دعا پڑھیں ان شاء اللہ العزیز دعا قبول ہوگی اور حاجت برآئے گی۔

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ، سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، أَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ، وَالسَّلَامَةَ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ، لَا تَدَعْ لِيْ ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ، وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَهُ، وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًا إِلَّا قَضَيْتَهَا يَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

جادوجنات

جادوکا مستقل علاج

صاحب لطف اللطیف لکھتے ہیں کہ: قرآن پاک کی کثرت سے تلاوت جادوکا بہترین اور انمول علاج ہے۔ درجنوں تعویذ پینے، جلانے اور دردر کی ٹھوکریں کھانے کے بجائے کثرت سے قرآن پاک کی تلاوت کی جائے توان شاء اللہ جادو سے مکمل نجات مل سکتی ہے۔ جادوایک سفلی عمل ہے جب کہ قرآن پاک ایک علوی عمل ہے۔ سفلی کی کیا مجال کہ ملاء اعلی سے اترنے والی حق وحی کے سامنے ٹھہر سکے؟؟؟

جادوجنات کا آخری علاج

قرآن پاک کی وہ آیات جنہیں علماء کرام منزل کا نام دیتے ہیں جادو اورآسیب کا آخری علاج ہیں۔ ان کو پڑھنا، دم کرنا، تعویذ بنا کر باندھنا سب ہی کے بے شمار فوائد ہیں ۔ نیز ان آیات کو پڑھنے سے اور بھی بہت سارے فائدے حاصل ہوتے ہیں اور دینی و دنیوی مشکلات سے نجات ملتی ہے۔

وہ آیات درج ذیل ہیں:

منزل

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝١ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝٢ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝٣ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ۝٤ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ۝٥ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ ۙ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ۝٧

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

الٓمّٓ ۚ﴿۱﴾ ذٰلِكَ الْكِتٰبُ لَا رَيْبَ ۛ فِيْهِ ۛ هُدًى لِّلْمُتَّقِيْنَ ۙ﴿۲﴾ الَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِالْغَيْبِ وَيُقِيْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ يُنْفِقُوْنَ ۙ﴿۳﴾ وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ ۚ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ ۗ﴿۴﴾ اُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۙ وَاُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ﴿۵﴾

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾

اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْحَيُّ الْقَيُّوْمُ ۚ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ ۭ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۭ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ ۭ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ ۚ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ ۚ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ ۚ وَلَا يَـــُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ﴿۲۵۵﴾

لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ ڐ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ فَمَنْ يَّكْفُرْ بِالطَّاغُوْتِ وَيُؤْمِنْۢ بِاللّٰهِ فَقَدِ اسْتَمْسَكَ بِالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى ۤ لَا انْفِصَامَ لَهَا ۭ وَاللّٰهُ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ﴿۲۵۶﴾

اَللّٰهُ وَلِيُّ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا ۙ يُخْرِجُهُمْ مِّنَ الظُّلُمٰتِ اِلَى النُّوْرِ ڛ وَالَّذِيْنَ كَفَرُوْٓا اَوْلِيٰۗــــُٔـھُمُ الطَّاغُوْتُ ۙ يُخْرِجُوْنَهُمْ مِّنَ النُّوْرِ اِلَى الظُّلُمٰتِ ۭ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ النَّارِ ۚ هُمْ فِيْهَا خٰلِدُوْنَ ﴿۲۵۷﴾

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ ۭ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰۗئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ۣ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ ۣ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا ڭ غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ﴿۲۸۵﴾

لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا ۭ لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ ۭ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعْفُ عَنَّا ۥ وَاغْفِرْ لَنَا ۥ وَارْحَمْنَا ۥ

اَنْتَ مَوْلٰىنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ﴿۲۸۶﴾

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ﴿۱۸﴾

قُلِ اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَآءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَآءُ ۡ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ ۭ بِيَدِكَ الْخَيْرُ ۭ اِنَّكَ عَلٰي كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ﴿۲۶﴾

تُوْلِجُ الَّيْلَ فِي النَّهَارِ وَتُوْلِجُ النَّهَارَ فِي الَّيْلِ ۡ وَتُخْرِجُ الْحَيَّ مِنَ الْمَيِّتِ وَتُخْرِجُ الْمَيِّتَ مِنَ الْحَيِّ ۡ وَتَرْزُقُ مَنْ تَشَآءُ بِغَيْرِ حِسَابٍ﴿۲۷﴾

اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْيَةً ۭ اِنَّهٗ لَا يُحِبُّ الْمُعْتَدِيْنَ﴿۵۵﴾

وَلَا تُفْسِدُوْا فِي الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا ۭ اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِيْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِيْنَ﴿۵۶﴾

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ۭ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا﴿۱۱۰﴾ وَقُلِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا﴿۱۱۱﴾

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰـهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ ۭ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ﴿۱۱۸﴾

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۙ﴿۱﴾ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۙ﴿۲﴾ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۙ﴿۳﴾ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۭ﴿۴﴾ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ

الْمَشَارِقِ ۝٥ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ۨالْكَوَاكِبِ ۝٦
وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝٧ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى
وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝٨ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَّاصِبٌ ۝٩
اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝١٠ فَاسْتَفْتِهِمْ
اَهُمْ اَشَدُّ خَلْقًا اَمْ مَّنْ خَلَقْنَا ؕ اِنَّا خَلَقْنٰهُمْ مِّنْ طِيْنٍ لَّازِبٍ ۝١١
يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ
السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ۝٣٣
فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٣٤ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ
وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ۝٣٥ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٣٦ فَاِذَا
انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ۝٣٧ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا
تُكَذِّبٰنِ ۝٣٨ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْئَلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖۤ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ۝٣٩ فَبِاَيِّ
اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ۝٤٠

لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَاَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ
خَشْيَةِ اللّٰهِ ؕ وَتِلْكَ الْاَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ
يَتَفَكَّرُوْنَ ۝٢١

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ عٰلِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ ۚ
هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ۝٢٢

هُوَ اللّٰهُ الَّذِيْ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ اَلْمَلِكُ الْقُدُّوْسُ السَّلٰمُ الْمُؤْمِنُ
الْمُهَيْمِنُ الْعَزِيْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَكَبِّرُ ؕ سُبْحٰنَ اللّٰهِ عَمَّا يُشْرِكُوْنَ ۝٢٣
هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ؕ يُسَبِّحُ لَهٗ
مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ۝٢٤

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اُوْحِيَ اِلَيَّ اَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْۤا اِنَّا سَمِعْنَا قُرْاٰنًا
عَجَبًا ۝١ يَّهْدِيْۤ اِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ ؕ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَاۤ

اَحَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ تَعٰلٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ۝ وَّاَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ يٰۤاَيُّهَا الْكٰفِرُوْنَ ۝ لَاۤ اَعْبُدُ مَا تَعْبُدُوْنَ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ وَلَاۤ اَنَا عَابِدٌ مَّا عَبَدْتُّمْ ۝ وَلَاۤ اَنْتُمْ عٰبِدُوْنَ مَاۤ اَعْبُدُ ۝ لَكُمْ دِيْنُكُمْ وَلِيَ دِيْنِ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ ۝ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ۝ لَمْ يَلِدْ ۙ وَلَمْ يُوْلَدْ ۝ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ ۙ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝

آسیب زدہ کے لئے

پانی پر منزل پڑھ کر دم کریں اور آسیب زدہ کو پلائیں۔ان شاء اللہ افاقہ ہوگا۔اسی طرح منزل سے دم شدہ پانی آسیب زدہ پر چھڑکنے سے بھی افاقہ ہوتا ہے۔

آسیب کے برے اثرات کے خاتمہ کے لئے

سرسوں کا تیل لے کر اس پر تین بار منزل پڑھ کر دم کریں۔مریض رات کو اپنے پورے

بدن پر یہ تیل لگائے اور صبح اٹھ کر غسل کرے۔ تین راتیں یہ عمل کرنے سے آسیب کے برے اثرات بحمداللہ ٹوٹ جاتے ہیں۔

ہر قسم کے شر و بلیات، جن و بھوت سے حفاظت کے لئے

آیت الکرسی پڑھنے کے بعد

حٰمٓ ﴿۱﴾ تَنْزِيْلُ الْكِتٰبِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ﴿۲﴾ غَافِرِ الذَّنْۢبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدِ الْعِقَابِ ذِي الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ ﴿۳﴾۔

پڑھنا۔۔۔صبح و شام۔

ہر قسم کے جادو کا مکمل خاتمہ

سورۃ الفاتحہ تین مرتبہ سورۃ البقرۃ کی ابتدائی تین آیات سورۃ طٰہٰ، سورۃ یٰس تین تین مرتبہ سورۃ القدر سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق سورۃ الناس ایک ایک مرتبہ پڑھ کر تین مرچوں تین کیلوں اور پانی پر دم کر کے پئیں۔

مرچ کو سالن میں استعمال کریں اور کیل کو گھر سے باہر زمین میں گھاڑ دیں۔

آسیب لپٹ جانا

ان آیتوں کو بیمار کے کان میں پڑھ کر دم کرے اور پانی پر پڑھ کر اس کو پلائیں:

اَفَحَسِبْتُمْ اَنَّمَا خَلَقْنٰكُمْ عَبَثًا وَّاَنَّكُمْ اِلَيْنَا لَا تُرْجَعُوْنَ ﴿۱۱۵﴾ فَتَعٰلَى اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ ﴿۱۱۶﴾ وَمَنْ يَّدْعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهٗ بِهٖ فَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنْدَ رَبِّهٖ اِنَّهٗ لَا يُفْلِحُ الْكٰفِرُوْنَ ﴿۱۱۷﴾ وَقُلْ رَّبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَ ﴿۱۱۸﴾ ۔۔۔ المؤمنون۔

اورسورۃ الطارق سات بار پڑھ کرکان میں دم کرنا اور داہنے کان میں اذان اور بائیں میں تکبیر اقامت کہنا بھی آسیب کو بھگادیتا ہے۔

دیو کا شبہ ہونا

سورۃ الفلق اورسورۃ الناس تین تین مرتبہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلائیں اور زیادہ پانی پر دم کر کے اس میں نہلائیں اور یہ دعا چالیس روز تک چینی کی تشتری پر لکھ کر پلائیں:

يَا حَيُّ حِيْنَ لَا حَيَّ فِيْ دَيْمُوْمَةِ مُلْكِهٖ وَبَقَائِهٖ يَا حَيُّ۔

ان شاء اللہ تعالی جادو کا اثر جاتا رہے گا۔

نوٹ: یہ دعا ہر اس بیمار کے لئے بھی مفید ہے جسے حکیموں نے جواب دے دیا ہو۔

جس کو جادو کا خوف ہو

جس کو جادو کا خوف ہو، سات مرتبہ یَا مُمِیْتُ پڑھ کر دم کرے، کبھی کوئی جادو اثر نہ کرے گا۔

اگر کسی عورت پر آسیب حاضر ہوتا ہو

اگر کسی عورت پر آسیب کا اثر ہو اور وہ جن یا بھوت اس پر حاضر ہوتا ہو تو تین مرتبہ ان مبارک آیتوں کا مریض پر پڑھ کر دم کرنا اور تین بار کسی کاغذ پر لکھ کر مریض کو دکھانا نہایت مفید ہے۔ آیتیں یہ ہیں:

وَيَوْمَ نُسَيِّرُ الْجِبَالَ وَتَرَى الْأَرْضَ بَارِزَةً ۙ وَّحَشَرْنٰهُمْ فَلَمْ نُغَادِرْ مِنْهُمْ اَحَدًا ﴿۴۷﴾ وَعُرِضُوْا عَلٰى رَبِّكَ صَفًّا ۭ لَقَدْ جِئْتُمُوْنَا كَمَا خَلَقْنٰكُمْ اَوَّلَ مَرَّةٍ ۡ بَلْ زَعَمْتُمْ اَلَّنْ نَّجْعَلَ لَكُمْ مَّوْعِدًا ﴿۴۸﴾ وَوُضِعَ الْكِتٰبُ فَتَرَى الْمُجْرِمِيْنَ مُشْفِقِيْنَ مِمَّا فِيْهِ وَيَقُوْلُوْنَ يٰوَيْلَتَنَا مَالِ هٰذَا الْكِتٰبِ لَا يُغَادِرُ صَغِيْرَةً وَّلَا كَبِيْرَةً اِلَّآ

اَحۡصٰىهَا ۚ وَوَجَدُوۡا مَا عَمِلُوۡا حَاضِرًا ؕ وَلَا يَظۡلِمُ رَبُّكَ اَحَدًا۝۴۹
.....الکہف۔

سحر و آسیب کے لئے

سورہ فاتحہ چاروں قل آیت الکرسی سات سات بار یا تین بار پڑھ کر دم کریں اور أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ كُلِّهَا مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ پڑھ کر گھر میں پھونک ماریں۔

جادو سے بچنے کے لئے

جوکوئی صبح اور مغرب کی نماز کے بعد اکیس دفعہ یَاقَابِضُ پڑھے گا کوئی جادو اس پر اثر نہ کرے گا اور کسی شخص کی بددعا اس کے حق میں کارگر نہ ہوگی اور کسی جن بھوت کا اثر اس پر نہ ہوگا۔

متفرق مسائل

غصہ میں کمی کے لئے

۲۱ مرتبہ بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ہر نماز کے بعد پڑھ کر اپنے او پر دم کرلے۔اور کھانا کھاتے وقت تین تین بار پڑھ کر کھانے اور پانی پر دم کرلے۔

غصہ کے لئے

وَالۡكٰظِمِيۡنَ الۡغَيۡظَ وَالۡعَافِيۡنَ عَنِ النَّاسِ۝۱۳۴ آل عمران۔ سات مرتبہ پانی پر دم کر کے پی لیا۔

اور درود شریف کا پڑھنا بھی مفید ہے۔

مصیبت پر صبر کے لئے

اگر کسی عزیز کے فوت ہونے پر غم و پریشانی زیادہ ہو تو دل کو صبر دلانے کے لئے یہ آیت تین تین بار پڑھ کر ہاتھوں پر دم کر کے دل پر صبح و شام پھیر لیا کریں:

يُثَبِّتُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا بِالْقَوْلِ الثَّابِتِ فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا وَفِي الْاٰخِرَةِ ۚ﴿۲۷﴾ ابراهیم

سورۃ الانشراح مکمل

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ﴿۲۸﴾ ... الرعد

مصیبت سے نجات

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ۔

روزانہ چار سو بچاس مرتبہ ان شاء اللہ تمام مصیبتیں دور ہوں گی۔

گھریلو مصائب سے نجات

اگر کوئی گھریلو مصائب میں مبتلا ہو اور سخت ذہنی دباؤ کا شکار ہو تو اسے چاہئے کہ وہ ہر نماز کے بعد اول و آخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھے، درمیان میں اکتالیس مرتبہ اس اسم مبارک يَاشَكُوْرُ کو پڑھ کر پانی پر دم کرے اور پی لے ان شاء اللہ تعالی چند ہی دنوں میں اس کی پریشانی راحت میں بدل جائے گی اور اسے سکون قلبی نصیب ہوگا۔

مشکلات سے نجات کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ

فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان پانچ سو مرتبہ اول و آخر سو بار درود شریف۔

بغیر اسباب کے خوش رہنے کے لئے

جو بغیر اسباب کے خوش رہنا چاہے تو وہ فجر کی نماز بعد مندرجہ ذیل کلمہ شریف کا کثرت سے ورد کرے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ لَآ إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

اور اس کلمہ کی ایک خصوصیت یہ بھی ہے کہ اس کے ورد کرنے سے اللہ تعالیٰ پر کامل یقین ہو جاتا ہے۔

دنیا و آخرت کی بہتری کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ۔ رَبَّنَا آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ۔

فجر کی نماز کے بعد تین سو تیرہ مرتبہ پڑھیں اول و آخر سو مرتبہ درود شریف۔

حادثات سے بچنے کے لئے

جو کوئی صبح کو یہ کلمات پڑھ لے تو اسے شام تک کوئی مصیبت نہیں پہنچے گی۔

اللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي، لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ، عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَأَنْتَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ، مَا شَاءَ اللّٰهُ كَانَ، وَمَا لَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ، أَعْلَمُ أَنَّ اللّٰهَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، وَأَنَّ اللّٰهَ قَدْ أَحَاطَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا، اللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِي، وَمِنْ شَرِّ كُلِّ دَابَّةٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهَا، إِنَّ رَبِّي عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔

یہ کلمات ابوالدرداءؓ کی دعا کے نام سے مشہور ہیں۔

رات میں ڈر کے ازالہ کے لئے

تعویذ میں سات مرتبہ وَلَا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ يَحۡزَنُوۡنَ لکھیں، اور تعویذ تین دن بعد اتار دیں۔

چوری سے بچنے کے لئے

اٰمَنَ الرَّسُوۡلُ بِمَاۤ اُنۡزِلَ اِلَيۡهِ مِنۡ رَّبِّهٖ وَالۡمُؤۡمِنُوۡنَ ؕ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ اَحَدٍ مِّنۡ رُّسُلِهٖ وَقَالُوۡا سَمِعۡنَا وَاَطَعۡنَا غُفۡرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيۡكَ الۡمَصِيۡرُ ﴿۲۸۵﴾ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفۡسًا اِلَّا وُسۡعَهَا ؕ لَهَا مَا كَسَبَتۡ وَعَلَيۡهَا مَا اكۡتَسَبَتۡ ؕ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذۡنَاۤ اِنۡ نَّسِيۡنَاۤ اَوۡ اَخۡطَاۡنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تَحۡمِلۡ عَلَيۡنَاۤ اِصۡرًا كَمَا حَمَلۡتَهٗ عَلَى الَّذِيۡنَ مِنۡ قَبۡلِنَا ۚ رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلۡنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ ۚ وَاعۡفُ عَنَّا وَاغۡفِرۡ لَنَا وَارۡحَمۡنَا اَنۡتَ مَوۡلٰٮنَا فَانۡصُرۡنَا عَلَى الۡقَوۡمِ الۡكٰفِرِيۡنَ ﴿۲۸۶﴾ ---- البقرہ۔

جو کوئی یہ سب آیتیں پڑھ کر سوئے تو ان شاء اللہ تعالیٰ چور اور ہر شئے سے حفاظت رہتی ہے۔

چوہے اور زہریلے کیڑے مکوڑوں سے حفاظت کے لئے

سَلٰمٌ عَلٰى نُوۡحٍ فِى الۡعٰلَمِيۡنَ ﴿۷۹﴾ ---۔ الصافات۔ چھوٹے کاغذ پر لکھ کر گھر کے چاروں کونوں میں لٹکائیں۔ ان شاء اللہ یہ چیزیں آپ کے قریب بھی نہیں آسکیں گی۔

چھپکلیوں کے لئے

بسا اوقات گھر میں عجیب وغریب قسم کی چھپکلیاں آجاتی ہیں جنہیں دیکھ کر اچھا خاصا انسان بھی سہم جاتا ہے اور وہ بڑھتی جاتی ہیں انہیں دور کرنے کے لئے:

سات دن تک ہر نماز کے بعد سات مرتبہ درود شریف سات دفعہ سورۃ الفاتحہ سات دفعہ آیت الکرسی اور آخری چاروں قل سات سات دفعہ، آخر میں پھر سات دفعہ درود شریف پڑھ کر اپنے اور پورے گھر والوں پر اچھی طرح دم کریں ان شاء اللہ چھپکلیوں سے چھٹکارا نصیب ہوگا۔

گھر سے موذی چیزوں کے دفع کے لئے

مندرجہ ذیل تعویذ کو لکھ کر گھر کے ہر کمرے میں چسپاں کریں ہر موذی جانور مثلاً سانپ، بچھو اور زہریلے کیڑے مکوڑے تک بھاگ جائیں گے:

اَللّٰهُ لَطِيْفٌۢ بِعِبَادِهٖ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ ۚ وَهُوَالْقَوِيُّ الْعَزِيْزُ ۝١٩ الشوری

سانپ کو گھروں سے نکالنا

اگر کسی گھر میں اکثر سانپ نظر آتے ہوں تو یہ آیت سَلٰمٌ عَلٰى نُوْحٍ فِي الْعٰلَمِيْنَ ۝٧٩ ۔۔۔ الصافات

ایک سو بار پڑھ کر ریت پر دم کریں اور وہ ریت گھر کے کونوں میں دبا دیں یا کونوں میں ڈال دیں ان شا اللہ تعالی تمام سانپ اس گھر سے چلے جائیں گے پھر نظر نہیں آئیں گے۔

سانپ کا گھر میں نکلنا یا آسیب ہونا

چار کیلیں لوہے کی لے کر ایک ایک کیل پر یہ آیت پچیس بار دم کر کے گھر کے چاروں کونوں پر زمین میں گاڑھ دیں ان شاء اللہ تعالی سانپ اس گھر میں نہ رہے گا اور اس گھر میں آسیب کا اثر بھی نہ ہوگا۔ وہ آیت یہ ہے:

اِنَّهُمْ يَكِيْدُوْنَ كَيْدًا ۝١٥ وَّاَكِيْدُ كَيْدًا ۝١٦ فَمَهِّلِ الْكٰفِرِيْنَ اَمْهِلْهُمْ رُوَيْدًا ۝١٧ ۔۔۔ الطارق۔

چیونٹیاں بھگانے کا عمل

تھوڑی سے مٹی لے کر اس پر یہ آیت:

قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ ... النمل۔

تک اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مٹی کو اس جگہ جہاں چیونٹیاں ہوں وہاں ڈال دیں جب چیونٹیاں چلی جائیں تو پانی پر یہ آیت پڑھ کر دم کریں اور پانی کو وہاں چھڑکا دیں تو ان شاء اللہ چیونٹیاں وہاں نہیں آئیں گی۔

چیونٹیاں اور مچھر بھگانے کے لئے

آیت ذیل کاغذ کے پرچے پر لکھیں اور اس کے ساتھ نمک یا راکھ یا پانی شامل کر کے چونٹیوں کے غار پر رکھ دیں یا مچھروں پر پھینک دیں ان شا اللہ چیونٹیاں نکلیں گی اور مچھر بھاگ جائیں گے آیت یہ ہے:

قَالَتْ نَمْلَةٌ يّٰۤاَيُّهَا النَّمْلُ ادْخُلُوْا مَسٰكِنَكُمْ ۚ لَا يَحْطِمَنَّكُمْ سُلَيْمٰنُ وَجُنُوْدُهٗ ۙ وَهُمْ لَا يَشْعُرُوْنَ ﴿۱۸﴾ ... النمل۔

یانملات النمل ویاقطعات الشکل یبلغ لکم سیدنا سلیمان بن داؤد علیهما الصلاة والسلام وقال لکم:اقبلوافی اقبال من عقدة اشکال۔

جن وانس اور موذی اشیاء سے حفاظت کے لئے

سورۃ الفلق، والناس تین تین مرتبہ صبح وشام پڑھیں اسی طرح گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پئیں۔

غائب اور گم شدگی کے لئے

یَامُعِیۡدُ لکھ کر گم شدہ کا نام لکھیں، اور واشنگ مشین میں ڈال کر کم از کم پانچ منٹ الٹی طرف بغیر پانی کے گھمائیں۔

یا یہ عمل کریں کہ: جب گھر کے سارے افراد سو جائیں تو گھر کا ایک فرد گھر کے چاروں کونوں میں اکتالیس اکتالیس مرتبہ یَامُعِیۡدُ پڑھے یعنی ہر کونے میں اکتالیس دفعہ، ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں گم شدہ مل جائے گا۔

گم شدہ چیزوں کے لئے

کوئی چیز گم ہو جائے یا کسی نے اٹھائی ہو تو اس کے لئے یَامُعِیۡدُ اکتالیس مرتبہ یَاعَلِیۡمُ ایک سو ایک مرتبہ پڑھیں اور دل پر ہاتھ رکھیں ان شاء اللہ وہ چیز واپس مل جائے گی یا چور خواب میں نظر آجائے گا تین دن میں ان شاء اللہ۔

برائے گم شدہ

وَالۡقَمَرَ قَدَّرۡنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالۡعُرۡجُوۡنِ الۡقَدِيۡمِ ﴿۳۹﴾

---یس۔

يٰبُنَىَّ اِنَّهَاۤ اِنۡ تَكُ مِثۡقَالَ حَبَّةٍ مِّنۡ خَرۡدَلٍ فَتَكُنۡ فِىۡ صَخۡرَةٍ اَوۡ فِى السَّمٰوٰتِ اَوۡ فِى الۡاَرۡضِ يَاۡتِ بِهَا اللّٰهُ ؕ اِنَّ اللّٰهَ لَطِيۡفٌ خَبِيۡرٌ ﴿۱۶﴾

---لقمان۔

سیاہ روشنائی سے سفید کاغذ پر لکھیں اور نیچے گم شدہ چیز کا نام لکھ کر جس مقام سے وہ چیز گم ہوئی ہے وہاں سیاہ کپڑے میں رکھیں۔

مفقود الخبر کے لئے

سورۃ الضحیٰ ہر نماز کے بعد۔۔۔۔۔۔سات مرتبہ

طریقہ ختم سورۃ الضحیٰ:

پانچ سو مرتبہ ایک ہی مجلس میں انفرادی یا اجتماعی طور پر پڑھ کر دعا کریں۔

بے ہوش کو ہوش میں لانے کے لئے

سورۃ یاسین مکمل، سورۃ الرحمن کی ابتدائی پانچ آیات، سورۃ الانشراح ایک مرتبہ سورۃ القارعۃ ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے سر اور پیروں پر ملیں اور تعویذ میں یَاجَبَّارُ یَاقَهَّارُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِيْمُ تین تین مرتبہ اور یَاأَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ایک مرتبہ لکھ تکیہ میں رکھ دیں چوبیس گھنٹوں میں ان شاء اللہ ٹھیک ہو جائے گا۔

غفلت دور کرنے کے لئے

اگر کوئی دین سے غافل اور سیدھے راستے سے بھٹکی ہوئی ہو، یا برے افعال میں مبتلا ہو تو مذکورہ آیت کو پانی پر ایک سو ایک مرتبہ پڑھ کر دم کر دیں اور اکتالیس دن تک پئیں۔

أُولٰٓئِكَ عَلٰى هُدًى مِّنْ رَّبِّهِمْ ۚ وَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ۝

البقرہ

امتحان میں کامیابی کے لئے

صبح کی نماز کے بعد ۲۱۱ مرتبہ یَاعَلِيْمُ پڑھیں اور جب پرچہ کے لئے جائیں تو اس کی کثرت کریں اور پرچہ شروع کرنے سے پہلے سورۃ القلم ایک مرتبہ پڑھ لیں اگر زبانی یاد نہ ہو تو رات کو ہی پڑھ کر قلم کی نوک پر پھونک دیں۔

امتحان میں کامیابی کے لئے

پرچہ شروع ہونے سے پہلے سورۃ الاعلیٰ یا سورۃ القلم یا سورۃ الرحمن یا سورۃ الانشراح پڑھ کر کامیابی کے لئے دعا کریں۔

امتحان میں کامیابی کے لئے

امتحان میں کامیابی کے لئے عصر کی نماز کے بعد اول وآخر گیارہ گیارہ باردرود شریف کے ساتھ ۱۴۱ مرتبہ یَاوَلِیُّ...یَاکَرِیْمُ پڑھا جائے۔

قوت حافظہ کے لئے

سر پر دایاں ہاتھ رکھ کر ایک ہی سانس میں یَاقَوِیُّ گیارہ بار پڑھیں۔

برائے حفظ قرآن

جس بچی کو قرآن مجید حفظ نہ ہوتا ہو تو وہ سوتے وقت عشا کی نماز کے بعد ہر رات سو مرتبہ سورۃ الفاتحہ پڑھا کرے ان شاءاللہ قرآن مجید یاد ہوگا۔

برائے علم وحفظ

اَللّٰهُمَّ أَخْرِجْنَا مِنْ ظُلُمَاتِ الْجَهْلِ وَأَكْرِمْنَا بِنُوْرِ الْفَهْمِ وَافْتَحْ عَلَيْنَا أَبْوَابَ فَضْلِكَ وَيَسِّرْ عَلَيْنَا خَزَائِنَ عِلْمِكَ۔
سُبْحٰنَكَ لَا عِلْمَ لَنَآ اِلَّا مَا عَلَّمْتَنَا ؕ اِنَّكَ اَنْتَ الْعَلِيْمُ الْحَكِيْمُ ﴿۳۲﴾...البقرة
رَبَّنَآ اٰتِنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ اَمْرِنَا رَشَدًا ﴿۱۰﴾ الكهف
رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾...طه۔

صبح وشام ایک مرتبہ پڑھیں۔

رَبِّ زِدْنِي عِلْمًا ۔ يَاحَافِظُ أَعِنِّيْ..... صبح وشام تین مرتبہ

اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِالْعِلْمِ قَلْبِيْ وَاسْتَعْمِلْ بِطَاعَتِكَ بَدَنِيْ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ صبح وشام تین مرتبہ۔

اَللّٰهُمَّ يَامُعَلِّمَ إِبْرَاهِيْمَ (علیه السلام) عَلِّمْنِيْ وَيَامُفَهِّمَ سُلَيْمَانَ (علیه السلام) فَهِّمْنِيْ وَيَامُلْهِمَ الْمَلَائِكَةِ أَلْهِمْنِيْ.... صبح وشام تین مرتبہ۔

علم میں اضافہ کے لئے

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ أَوْضَحِهَا بَيَانًا أَفْصَحِهَا لِسَانًا أَحْلَاهَا كَلَامًا أَظْهَرِهِمْ سُلْطَانًا۔

ہر نماز کے بعد تین مرتبہ پڑھیں۔اور اگر صبح وشام اکیس اکیس بار کا معمول بنالیں تو کوئی بھی آپ سے جانے انجانے میں مقابلہ کرے تو وہ فتح مند نہیں ہوگا۔ان شاء اللہ۔اور اگر کسی کی زبان میں لکنت ہو وہ بھی یہ درود معمول میں رکھے۔

قرآن شریف نہ بھولنے کے لئے

رات کو سوتے وقت یہ آیات پڑھنے سے قرآن مجید خوب یاد رہتا ہے:

وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ ۚ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ﴿۱۶۳﴾ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ ۪ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ﴿۱۶۴﴾ .... البقرۃ۔

تقریر و بیان میں بہتری اور کامیابی کا وظیفہ

اگر کہیں بیان وتقریر کا موقع اور بیان کرنے والی یہ چاہے کہ اس کے بیان سے فائدہ اور اس کی زبان پر وہ باتیں جاری ہوں جن کی سامعین کو ضرورت ہے تو بیان سے پہلے نہایت توجہ کے ساتھ سات بار یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ لَاإِلٰهَ إِلَّاأَنْتَ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ

القائے مضامین کے لئے ایک مجرب عمل

دو رکعت صلاۃ الحاجت پڑھ کر سات مرتبہ:

رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْ أَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾ يَفْقَهُوْا قَوْلِيْ ﴿۲۸﴾ ...طه۔

پڑھیں اور اللہ سے دعا کر کے بیٹھ جائیں۔ پھر جو اللہ دل میں ڈال دے۔

درخواست منظور کرانے کے لئے

لکھی ہوئی درخواست پر بغیر روشنائی یعنی سیاہی کے بغیر خالی انگلی سے یہ کلمات لکھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

إِنَّ اللّٰهَ وَعَدَ الصَّابِرِيْنَ نَصْرًا وَّمَنْ يَتَوَكَّلْ عَلَيْهِ يُسْرًا...

كَلَّآ إِنَّ كِتٰبَ الْأَبْرَارِ لَفِيْ عِلِّيِّيْنَ ﴿۱۸﴾ ...المطففين

درخواست منظور کرانے کے لئے

اگر کسی عہدہ پر بہت سے امیدواروں کی درخواستیں گزر چکی ہوں ان میں سے کوئی امیدوار چاہے کہ میری درخواست منظور ہو تو تین روز تک روزانہ سات ہزار مرتبہ اس آیت کا پڑھنا مجرب ہے۔ آیت یہ ہے:

نَرْفَعُ دَرَجٰتٍ مَّنْ نَّشَآءُ ؕ وَفَوْقَ كُلِّ ذِيْ عِلْمٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۶﴾

۔۔۔یوسف

ان شاءاللہ سارے امیدواروں میں سے اس ختم پڑھنے والے کو عہدہ ملے گا۔

کسی شہر میں داخل ہوں

اگر کسی شہر میں داخل ہوتے وقت یا باہر آتے وقت یہ پڑھیں تو ہر شر سے امن نصیب ہوگا:

رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطٰنًا نَّصِیْرًا۝۸۰ ۔۔۔الإسرا۔

کسی جگہ اتریں

اگر مسافر کسی جگہ اترے تو یہ دعا پڑھے:

رَّبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَكًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ۝۲۹ ۔المؤمنون

جماع کے وقت کی دعا

جب ہمبستری کا ارادہ کریں تو یہ دعا پڑھیں:

بِسْمِ اللهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَارَزَقْتَنَا۔

ترجمہ: اللہ کے نام سے، اے اللہ تو ہم (دونوں) کو شیطان سے بچا اور جو اولاد تو ہم کو عطا فرمائے اس کو بھی شیطان سے بچا۔

انزال کے وقت کی دعا

جب انزال ہو یعنی جب بوقت جماع منی باہر نکلے تو یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ لَا تَجْعَلْ لِلشَّیْطَانِ فِیْ مَارَزَقْتَنِیْ نَصِیْبًا

ترجمہ: اے اللہ، جو اولاد تو مجھے عطا فرمائے اس میں شیطان کا کوئی حصہ عمل دخل نہ ہو۔

نوٹ :

صاحب خزینۃ الاسرار لکھتے ہیں کہ: جماع اور انزال کے وقت ان دعاؤں کی تعلیم کا منشا یہ ہے کہ ان جیسی خالص طبعی اور جنسی خواہشات کو پورا کرنے کے وقت اگر انسان اللہ کو یاد رکھے تو یہی عبادت بن جاتی ہے۔ نیز یہ کہ جماع اور انزال کا مقصد صرف لذت اندوزی نہ ہونی چاہئے بلکہ اس کا اصلی مقصد اولاد صالح پیدا کرنا ہے اسی مقصد کے لئے اس خالص حیوانی فعل کو اللہ تعالیٰ نے جائز اور حلال قرار دیا ہے۔

حج بیت اللہ کے لئے

سحری کے وقت دو رکعت نفل پڑھیں، پہلی رکعت میں سورۃ الانشراح دوسری رکعت میں سورۃ الکوثر اکتالیس اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور سجدہ میں تین بار تسبیح پڑھ کر یہ پڑھیں:

فَقِيْرُكَ بِفِنَائِكَ أَمَتُكَ بِفِنَائِكَ سَائِلَتُكَ بِفِنَائِكَ

سات دن تک یہ عمل کریں ان شاءاللہ کامیابی ہوگی۔

نوٹ: یہ یاد رہے کہ عورت کا محرم کے بغیر حج پر جانا منع ہے۔

گلی کوچوں میں خلاف شرع افعال کی بندش کے لئے

گلی کوچوں میں اگر خلاف شرع کوئی کام ہو رہا ہو اس کی بندش کے لئے یہ دعا طاق مرتبہ پڑھ کر اس طرف پھونکا جائے

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔

اَللّٰهُمَّ اضْرِبِ الشَّيَاطِيْنَ وَأَحْرِقِ الشَّيَاطِيْنَ۔

بے حیائی کی روک تھام کے لئے

بے حیائی کی روک تھام کے لئے مندرجہ ذیل آیت سو (۱۰۰) مرتبہ پڑھی جائے۔ اول و آخر تین تین بار درود شریف۔

كَذٰلِكَ لِنَصْرِفَ عَنْهُ السُّوْٓءَ وَالْفَحْشَآءَ ۭ اِنَّهٗ مِنْ عِبَادِنَا الْمُخْلَصِيْنَ ﴿۲۴﴾ ...یوسف

حادثات سے بچنے کے لئے

ایک سو گیارہ مرتبہ سَلٰمٌ ۣ قَوْلًا مِّنْ رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ ۔یس ۔اول وآخر گیارہ گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کریں۔حادثات سے امن نصیب ہوگا۔

کھانا تازہ رہے

اگر کوئی چاہے کہ اس کا کھانا وغیرہ رات کو خراب نہ ہو اور سڑے نہ اور بدبودار نہ ہو تو اس کے لئے تین مرتبہ یہ آیت: فَانْظُرْ اِلٰى طَعَامِكَ وَشَرَابِكَ لَمْ يَتَسَنَّهْ ﴿۲۵۹﴾ ...البقرہ باوضو پڑھ کر دم کر کے کھانا ڈھانپ کر رکھیں ان شاءاللہ کھانا تازہ رہے گا جب اس میں سے کھانا لیں تو بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھ کر نکالیں ،کھانا صحیح وسلامت اور تازہ ہوگا خوب برکت ہوگی۔

دعا کی قبولیت کے لئے

باوضو سجدے میں جا کر تین مرتبہ: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ

اس کے بعد یہ پڑھیں:۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا ۔حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرُ ۔يَاحَيُّ يَاقَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَااَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

دین پر ثابت قدم رہنے کی دعا

يَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ۔

جو شخص اس دعا کو مانگتا رہے گا ان شاء اللہ تعالی دین پر ثابت قدم رہے گا جس کی برکت سے خاتمہ ایمان پر ہوگا۔

خاتمہ بالخیر کے لئے

فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ اَنْتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِیْ مُسْلِمًا وَّاَلْحِقْنِیْ بِالصّٰلِحِیْنَ﴿۱۰۱﴾ یوسف۔

ایمان پر خاتمہ کے لئے

جو کوئی ہر نماز کے بعد اس دعا کے پڑھنے کی عادت بنالے ان شاالله تعالی اس کا خاتمہ ایمان پر ہوگا:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَیْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ﴿۸﴾ ...آل عمران

بدفالی کی کراہت سے بچنے کے لئے

اَللّٰهُمَّ لَاطَیْرَ اِلَّاطَیْرُكَ وَلَاخَیْرَ اِلَّاخَیْرُكَ وَلَااِلٰهَ غَیْرُكَ

یااللہ! کوئی اچھی یا بری فال نہیں مگر آپ کے حکم سے اور کوئی خیر نہیں مگر آپ کی خیر اور آپ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

کسی شگون پر دل میں خطرہ ہو تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ لَایَأْتِیْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّااَنْتَ وَلَایَذْهَبُ بِالسَّیِّئَاتِ اِلَّااَنْتَ وَلَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِكَ۔

برائے دفع خوف وحزن

ہر فرض نماز کے بعد سر پر دایاں ہاتھ رکھ کر

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآاِلٰهَ اِلَّاھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ۔ اَللّٰھُمَّ اَذْھِبْ عَنِّی الْھَمَّ وَالْحُزْنَ۔۔۔۔ایک مرتبہ

پھر اس کے بعد حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلُ۔۔۔۔گیارہ مرتبہ۔۔ایک ہی سانس میں پڑھے اور آخر میں صرف ایک مرتبہ نِعْمَ الْمَوْلٰی وَنِعْمَ النَّصِیْرُ پڑھے۔

نظر بد سے بچنے کے لئے

مَاشَاءَ اللّٰهُ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ۔۔۔۔۔۔۔ تین مرتبہ

بادل گرجنے اور بجلی چمکنے کے وقت کی دعا

اَللّٰھُمَّ لَاتَقْتُلْنَابِغَضَبِكَ وَلَاتُھْلِکْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذٰلِكَ۔

شیطانی وساوس سے بچنے کے لئے

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللّٰهِ۔۔۔۔کثرت سے پڑھنا

تعوذ، آیت الکرسی، سورۃ الکافرون، سورۃ النصر، سورۃ الفلق، سورۃ الناس۔

اس کے ساتھ آمَنْتُ بِاللّٰهِ وَمَلَائِکَتِهٖ وَکُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ ھُوَالْاَوَّلُ وَالْاٰخِرُوَالْبَاطِنُ وَھُوَبِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ۔ کثرت سے پڑھنا۔

فالج، شوگر، بلڈ پریشر اور اچانک حوادث سے بچنے کے لئے

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَایَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَافِی السَّمَاءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ۔

صبح وشام۔۔۔۔تین مرتبہ

ہر پریشانی اور شریروں کے شر سے حفاظت کے لئے

درود شریف۔۔۔۔۔۔۔تین مرتبہ

لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ قَبْلَ كُلِّ شَیْءٍ۔۔۔۔لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ بَعْدَ كُلِّ شَیْءٍ۔لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ یَبْقٰی رَبُّنَا وَیَفْنٰی كُلُّ شَیْءٍ۔۔۔ تین مرتبہ

اور آخر میں ایک مرتبہ درود شریف پڑھ کر دعا کرنا۔

دشمن سے حفاظت کے لئے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ۔

روزانہ صبح۔۔۔۔ایک سو ایک مرتبہ

اول و آخر درود شریف۔۔۔۔۔تین مرتبہ

نوٹ: شدید حالات میں ظالموں کے ظلم سے نجات کے لئے اس کے ساتھ سورۃ الفیل تین سو تیرہ مرتبہ ایک ہی مجلس میں انفرادی یا اجتماعی طور پر پڑھ کر دعا کریں اور اس کے ساتھ ہر روز ''حزب النصر'' کا بھی اہتمام رکھیں۔

برائے حصول جائز مقاصد

اَللّٰهُمَّ یَامُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ وَیَاخَالِقَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ قَلِّبْ قُلُوْبَهُمْ بِالْمَوَدَّةِ وَالْاِعْزَازِ وَالْاِحْسَانِ۔

یہ دعا بطور ورد روزانہ سو مرتبہ پڑھ لیا کریں۔اور اگر ختم کرنا ہو تو پانچ سو مرتبہ پڑھیں اور اول آخر سو سو مرتبہ درود شریف پڑھیں۔

گھریلو اختلاف کے خاتمہ کے لئے

عَسَى اللّٰهُ اَنْ یَّجْعَلَ بَیْنَكُمْ وَبَیْنَ الَّذِیْنَ عَادَیْتُمْ مِّنْهُمْ مَّوَدَّةً۔۔۔⑦ الممتحنة

اکتالیس دن تک۔۔۔۔روزانہ اکتالیس بار

برائے سکون خاطر

جائز معاملات میں مشکلات حائل ہوں، طبیعت پریشان رہتی ہو تو فرصت کے لمحات میں بے تعداد پڑھتے رہنے سے سکون خاطر حاصل ہوتا ہے اور بامر اللہ تعالیٰ مشکلات میں آسانیاں پیدا ہو جاتی ہیں۔

وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْۤ اِلَی اللّٰهِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌۢ بِالْعِبَادِ۝۴۴ ۔۔۔ الغافر۔

ناگہانی مصیبت سے نجات اور غیبی امداد کے لئے

رَبِّ اِنِّیْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَیَّ مِنْ خَیْرٍ فَقِیْرٌ۝۲۴ ۔۔۔ القصص

کثرت سے پڑھیں۔

برائے سلامتی

اَللّٰهُمَّ یَاسَلَامُ سَلِّمْ۔

روزانہ ایک ہزار بار معمول رکھیں۔

بواسیر کے لئے

وَاِذَا بَطَشْتُمْ بَطَشْتُمْ جَبَّارِیْنَ۝۱۳۰ ۔۔۔ الشعراء

مریض کے نام کے عدد کے مطابق پڑھ کر سیسہ (سکہ) کے چھلہ پر دم کریں اور بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی کے پاس والی انگلی میں ڈالیں۔

ہر قسم کی بواسیر کے لئے

اگر صبح وشام سورۂ فاتحہ مع بسم اللہ سات بار پڑھیں تو بہتر ہے اور اگر یہ نہ ہو سکے تو صرف بسم اللہ شریف صبح وشام پڑھ کر اپنے جسم پر ناف سے زانو تک آگے پیچھے ہاتھ پھیر کر دم کریں۔

اگر خونی بواسیر ہو

جسے خونی بواسیر ہو تو ایک ہزار مرتبہ یَاعَلِیُّ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کرے سات روز میں خون بند ہوگا اور ان شاء اللہ بواسیر کا خاتمہ ہوگا۔

دشمن کے شر سے حفاظت کے لئے

اگر کوئی خبیث یا مفسد درپے آزار ہو، تو اس کا دھیان کر کے جب تک فساد کا خطرہ رہے روزانہ ۷۰ بار پڑھیں۔

وَالَّذِيْنَ يَنْقُضُوْنَ عَهْدَ اللهِ مِنْۢ بَعْدِ مِيْثَاقِهٖ وَيَقْطَعُوْنَ مَآ اَمَرَ اللهُ بِهٖٓ اَنْ يُّوْصَلَ وَيُفْسِدُوْنَ فِي الْاَرْضِ ۙ اُولٰٓئِكَ لَهُمُ اللَّعْنَةُ وَلَهُمْ سُوْٓءُ الدَّارِ ﴿۲۵﴾ ... الرعد.

برائے عزت وسرفرازی

رَفِيْعُ الدَّرَجٰتِ ذُو الْعَرْشِ ۚ يُلْقِي الرُّوْحَ مِنْ اَمْرِهٖ عَلٰى مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ لِيُنْذِرَ يَوْمَ التَّلَاقِ ﴿۱۵﴾ يَوْمَ هُمْ بٰرِزُوْنَ ۚ لَا يَخْفٰى عَلَى اللهِ مِنْهُمْ شَيْءٌ ۭ لِمَنِ الْمُلْكُ الْيَوْمَ ۭ لِلّٰهِ الْوَاحِدِ الْقَهَّارِ ﴿۱۶﴾ ... الغافر۔

ستر (۷۰) بار روزانہ پڑھنے سے مراتب میں ترقی ہوتی ہے مخالف وبدخواہ ذلیل ہوتے ہیں۔ رعب وغلبہ حاصل ہوتا ہے، ہر کوئی عزت ومحبت کی نظر سے دیکھتا ہے۔

ظاہری اور باطنی بیماریوں سے شفایابی کی دعا

رَبِّ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ.

چلتے پھرتے پڑھیں

مقہوری اعدا کی دعا

رَبَّنَآ اِنَّكَ اٰتَيْتَ فِرْعَوْنَ وَمَلَاَهٗ زِيْنَةً وَّاَمْوَالًا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا ۙ رَبَّنَا لِيُضِلُّوْا عَنْ سَبِيْلِكَ ۚ رَبَّنَا اطْمِسْ عَلٰٓي اَمْوَالِهِمْ وَاشْدُدْ عَلٰي قُلُوْبِهِمْ فَلَا يُؤْمِنُوْا حَتّٰى يَرَوُا الْعَذَابَ الْاَلِيْمَ ﴿٨٨﴾ ... یونس۔

امن وعافیت کے لئے

اگر سورۃ قریش روزانہ تین سو بار بمعہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھی جائے تو امن وعافیت نصیب ہو۔

خاندانوں میں خلفشار

آج کل خاندانوں میں خلفشار اور بے چینی اور اولاد میں بے راہ روی پائی جاتی ہے۔ اگر فجر کی نماز کے بعد سورۃ النصر کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر کسی چیز پر یا پانی پر دم کر کے کھلایا، پلایا جائے تو امن وراحت کی کیفیت پیدا ہو جائے گی۔

نوجوان لڑکیوں کے مناسب حال دعا

اَللّٰهُمَّ أَلْهِمْنِيْ رُشْدِيْ وَأَعِذْنِيْ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ۔

اے اللہ میرے دل میں میرے لئے ہدایت ڈال دے اور مجھے نفس کی شرارت سے محفوظ رکھ۔

علوم دینیہ کی طالبات کے لئے

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿٨﴾ ... آل عمران۔

گھر سے نکلتے وقت کی دعا

جب گھر سے نکلیں تو بِسْمِ اللّٰہِ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ إِلَّا بِاللّٰہِ پڑھ لیں۔ اِن شاء اللہ حادثات سے حفاظت ہوگی۔

نوکری کی تلاش کے لئے

نوکری کی تلاش کے لئے جاتے وقت یہ دعا پڑھیں ان شاء اللہ عافیت سے روزگار ملے گا:

عَسٰی رَبِّیْٓ اَنْ یَّهْدِیَنِیْ سَوَآءَ السَّبِیْلِ۝۲۲ ... القصص۔

نماز میں خشوع وخضوع حاصل کرنے کے لئے

نماز میں خشوع اور قلبی محبت حاصل کرنے کے لئے ہر فرض نماز کے بعد درج ذیل دعا تین دفعہ پرھ لیں:

اَللّٰهُمَّ أَعِنِّیْ عَلٰی ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ

ظالم کے ظلم سے نجات کے لئے

اگر کوئی ظالم بہت تنگ کرے اور حد سے بہت بڑھ جائے تو اپنا دفاع کرنا بھی شرعاً جائز ہے اس کے لئے مندرجہ ذیل وظائف مفید ہیں

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ ......۱۰۰ مرتبہ

رَبِّ أَنِّیْ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ........۱۰۰ مرتبہ۔

وَأُفَوِّضُ أَمْرِیْ إِلَی اللّٰهِ إِنَّ اللّٰهَ بَصِیْرٌ بِالْعِبَادِ........۱۰۰ مرتبہ۔

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِیْلُ...............۱۰۰ مرتبہ۔

رَبِّ أَنِّیْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ...............۱۰۰ مرتبہ۔

رَبُّ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ فَاتَّخِذْهُ وَكِيلًا......١٠٠ مرتبہ۔

عَسَى اللّٰهُ أَنْ يَكُفَّ بَأْسَ الَّذِينَ كَفَرُوا وَاللّٰهُ أَشَدُّ بَأْسًا وَأَشَدُّ تَنْكِيلًا......١٠٠ مرتبه

أَلَيْسَ اللّٰهُ بِعَزِيزٍ ذِي انْتِقَامٍ............١٠٠ مرتبہ۔

برائے محافظت از جمیع آفات وبلیات ارضی وسماوی

معمول: سورۂ فاتحہ، آیت الکرسی، چار قل، پڑھ کر دم کرنا از حد مفید ہے۔

باؤلے کتے کا کاٹ لینا

اِنَّهُمْ يَكِيدُونَ كَيْدًا ﴿۱۵﴾ ...الطارق

یہ آیت ایک روٹی یا بسکٹ کے چالیس ٹکڑوں پر لکھ کر ایک ٹکڑا ہر روز اس شخص کو کھلائیں ان شاء اللہ ہڑک نہ ہوگی۔

حصار اعظم

مغرب کی اذان کے بعد تین بار پڑھ کر تصور میں انگلی سے اپنے گھر کا حصار کریں:

وَّاللّٰهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيدٌ ﴿۲۱﴾ فِي لَوْحٍ مَّحْفُوظٍ ﴿۲۲﴾ البروج.

فَاللّٰهُ خَيْرٌ حٰفِظًا وَّهُوَ اَرْحَمُ الرّٰحِمِينَ ﴿۶۴﴾ ...يوسف.

گائے بھینس کا دودھ کم ہو

اگر آٹے کے پیڑے پر یہ آیت پڑھ کر گائے بھینس کو کھلائیں تو بفضلہٖ تعالیٰ خوب دودھ دے گی:

وَاِنَّ لَكُمْ فِي الْاَنْعَامِ لَعِبْرَةً ۚ نُسْقِيكُمْ مِّمَّا فِي بُطُوْنِهٖ مِنْ بَيْنِ

فَرْثٍ وَّدَمٍ لَّبَنًا خَالِصًا سَآئِغًا لِّلشّٰرِبِیْنَ۝۶۶ ... النحل۔

عذاب قبر سے حفاظت

جو عشا کے بعد سورۃ الملک پڑھنے کا معمول بنالے عذاب قبر سے مامون رہے گی۔

دعا کا مقبول ہونا

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ یَآأَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔
ان اسماء الحسنی کا بار بار تکرار دوران دعا قبولیت دعا کے لئے سریع التاثیر ہے۔

کیڑوں سے حفاظت

اگر سورۃ المطففین پوری سورت پڑھ کر غلہ وغیرہ پر دم کیا جائے تو وہ غلہ کیڑوں سے محفوظ رہے گا۔

دیمک سے نجات

سورۃ المطففین پڑھا کریں اور بلاناغہ دیمک زدہ چیزوں پر دم کیا کریں ان شاء اللہ دیمک ختم ہوجائے گی۔

یرقان کی بیماری کے لئے

جسے یرقان ہوگیا ہو اسے چاہئے سورۃ البینۃ لکھ کر گلے میں ڈالے ان شاء اللہ العزیز یرقان جاتا رہے گا۔

اور ایک سو ایک مرتبہ یہ آیت پانی پر دم کر کے پلانا بھی مجرب ہے:

سَبَّحَ لِلّٰهِ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ ۚ وَهُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۝۱ ... الصف۔

یرقان کا عجیب علاج

پانی پر تین مرتبہ سورۃ البینۃ پڑھ کردم کریں اور مریضہ کو پلائیں تین دن تک روزانہ دم کر کے پلائیں۔سخت سے سخت یرقان بھی ان شاءاللہ ختم ہوگا۔

جانکاہ زخموں کو اچھا کرنے کے لئے

جانکاہ زخموں کو اچھا کرنے کے لئے ان آیتوں کا سو دفعہ روزانہ سترہ دن تک پڑھنا پھر روزانہ پانی پر دم کر کے مریض کو پلانا نہایت مفید ہے۔آیتیں یہ ہیں:

فَلِلّٰهِ الْحَمْدُ رَبِّ السَّمٰوٰتِ وَرَبِّ الْاَرْضِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ ۝ وَلَهُ الْكِبْرِیَآءُ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ۪ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَكِیْمُ ۝

...الجاثیہ۔

مسافر بخیر وعافیت واپس پہنچے

اللہ کے مبارک نام جو جلی قلم سے لکھے اور لفظ اللہ کے الف کو قینچی سے کتر کر الگ کرلے اور جو کوئی مسافر باہر جاتا ہو وہ حرف اللہ کا الف اپنے بازو پر تعویذ بنا کر باندھے اور باقی نام للہ اپنے گھر میں اہل وعیال میں امانت رکھ جائے ان شاءاللہ مع الخیر وہ مسافر اپنے گھر واپس آئے گا۔

مقدمہ میں دوسرے فریق کو صلح پر راضی کرنے کے لئے

اگر کسی سے مقدمہ میں راضی نامہ کرنا ہو اور دوسرا فریق نہ مانتا ہو تو ظہر کی نماز کے بعد تین ہزار مرتبہ یَاغَفَّارُ پڑھے اور پھر دعا کرے ان شاءاللہ تعالیٰ فوراً مقصود حاصل ہوگا۔دشمن خود بخود صلح کی درخواست کرے گا۔

اگر روزہ میں کمزوری ہوجائے

اگر کسی کو روزہ میں کمزوری ہوجائے اور شام تک روزہ رکھنا مشکل معلوم ہو تو کسی خوشبودار پھول پر سات باریَامُقِیتُ پڑھ کر دم کرے اور وہ پھول روزہ دار کو سونگھا یا جائے ان شاء اللہ کمزور کو روزہ میں طاقت پیدا ہوگی اور نہایت سہولت سے روزہ پورا ہوگا۔

ماں باپ یا خاوند بخیل ہو

اگر کسی کے ماں باپ یا خاوند بخیل ہو تو ایک ہزار مرتبہ یَاکَرِیْمُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔ تین روز کے اندر ان شاء اللہ کسی قدر سخاوت کی صفت پیدا ہوجائے گی اور تنگ دلی کم ہوگی۔

اگر کسی بڑی شخصیت کو تحفہ دینا ہو

اگر کوئی بڑی شخصیت کو غریبانہ ہدیہ یا تحفہ بھیجے اور خیال کرے کہ بڑے لوگ ہیں غریب لوگوں کا تحفہ کس طرح پسند آئے گا تو سترہ مرتبہ یَاحَمِیْدُ پڑھ کر اس تحفہ پر دم کردے ان شاء اللہ وہ ہدیہ نہایت مقبول اور پسندیدہ خاطر ہوگا۔

اگر عبادت چھوٹ گئی ہو

اگر کوئی عابدہ وزاہدہ ہو اور عبادت چھوٹ گئی ہو اور وہ یہ چاہے کہ میری پہلی سی حالت ہوجائے تو اکیس روز تک یَامُعِیْدُ گیارہ ہزار دفعہ پڑھے ان شاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں وہی گذشتہ حالت پیدا ہوگی۔

کسی مرض کی وجہ سے کسی عضو کے بے کار ہونے کا ڈر ہو

جس کو کسی مرض کی وجہ سے کسی جسمانی عضو کے ضائع ہوجانے کا اندیشہ ہو تو سات

دفعہ ہر روز صبح وشام یَامُحْیِیُ پڑھ کر دم کرے ان شاء اللہ اعضا سلامت رہیں گے۔

اگر کوئی وظیفہ پڑھتے وقت ڈر یا خوف محسوس ہو

اگر کسی کو کوئی عمل یا وظیفہ پڑھتے وقت ڈر یا خوف محسوس ہوتا ہو تو ایک ہزار مرتبہ یَاوَاحِدُ پڑھے۔ تو وہ خوف یا ڈر ایک دم ختم ہو جائے گا اور اطمینان پیدا ہوگا۔

اگر کوئی وظیفہ پڑھتے ہوئے دقت محسوس ہو

یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ۔ دس بار پڑھیں۔

اپنے اندر اولیا کی صفات پیدا کرنے کے لئے

جو کوئی ایک ہزار مرتبہ یَامُؤَخِّرُ پڑھے اولیاء اللہ کی صفات اس میں پیدا ہوں گی۔

مکان نہ گرے

جو کوئی رہنے کے مکان کے باہر تین جگہ یا اللہ لکھے گا جب تک وہ نام مبارک لکھا ہوا قائم رہے گا کبھی اس مکان میں دب کر نہ مرے گا کبھی سوتے یا جاگتے میں وہ مکان آدمیوں پر نہ گرے گا یا خود اختیاری یا خالی وقت میں منہدم ہوگا کسی انسان کی اس مکان کے گرنے سے اچانک موت نہ ہوگی۔

اگر مکان پر بجلی گرنے کا اندیشہ ہو

اگر کسی مکان پر بجلی گرنے کا اندیشہ ہو تو سات مرتبہ یَاوَکِیْلُ ایک کاغذ پر لکھ کر مکان کی پیشانی پر چسپاں کیا جائے تو ان شاء اللہ کبھی اس مکان پر بجلی نہ گرے گی۔

مکان زلزلہ کے اثر سے محفوظ رہے

جس مکان کے باہر دروازے پر یا دیوار پر یَاظَاہِرُ لکھا جائے تو وہ مکان اور دیوار

زلزلہ کے اثر سے سلامت رہے گی۔

مکان کو ارواح خبیثہ سے محفوظ رکھنے کے لئے

اگر اس آیت کو کاغذ پر لکھ کر مکان میں چسپاں کر دیا جائے تو کوئی موذی یا شیطان یا خبیث روح اس مکان میں داخل نہ ہوگی:

أُولَٰٓئِكَ مَا كَانَ لَهُمْ أَنْ يَّدْخُلُوْهَآ إِلَّا خَآئِفِيْنَ ۚ لَهُمْ فِي الدُّنْيَا خِزْيٌ وَّلَهُمْ فِي الْاٰخِرَةِ عَذَابٌ عَظِيْمٌ ﴿۱۱۴﴾ ....البقرہ

مکان خالی کرانے کا عمل

نصف رات کے بعد ۱۹ مرتبہ سورہ تبت یدا پڑھ کر سجدے میں جا کر مکان خالی ہونے کی دعا کریں اور اس عمل کو لگاتار پانچ دن تک کریں۔ان شاءاللہ کچھ دنوں میں مکان خالی ہو جائے گا۔

مالک مکان، مکان خالی نہ کرائے

اگر کوئی مالک مکان خواہ مخواہ بلاضرورت مکان خالی کرانے کا تقاضہ کرتا ہو اور کرائے دار کو پریشان کرتا ہو تو اس صورت میں کرائے دار کو روزانہ بعد نماز عشا ۷۸۶ مرتبہ بسم اللہ الرحمن الرحیم پڑھنی چاہئے۔اور یہ عمل اکیس روز تک کرنا ہے ان شاءاللہ مالک مکان اپنی زبان بند کر دے گا۔

تنبیہ: لیکن یہ بات واضح رہے کہ کسی کے مکان پر قبضہ جمائے رکھنا شرعاً ناجائز ہے۔کرائے دار کا فرض ہے کہ وہ دل چسپی کے ساتھ مکان تلاش کرتا رہے اور دوسرا مکان ملتے ہی مکان چھوڑ دے۔

اگر کوئی عورت شوخ ہو

اگر کوئی عورت شوخ یا بدنگاہ ہو، گیارہ دن تک ہر روز اس آیت:

فَالصّٰلِحٰتُ قٰنِتٰتٌ حٰفِظٰتٌ لِّلْغَيْبِ بِمَا حَفِظَ اللّٰهُ ﴿۳۴﴾ ...النساء

کا پڑھنا پھر پانی پر یا کسی دوا پر یا کھانے پر دم کر کے کھلانے سے اس کے اخلاق کو درست کردے گا۔

اگر کوئی عورت بدچلن ہو

اگر کوئی عورت بدچلن ہو یا بدزبان ہو تو اس آیت کو گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے عورت کو پلائے ان شاء اللہ راہ راست پر آجائے گی۔ آیت یہ ہے:

وَقَرْنَ فِيْ بُيُوْتِكُنَّ وَلَا تَبَرَّجْنَ تَبَرُّجَ الْجَاهِلِيَّةِ الْاُوْلٰى وَاَقِمْنَ الصَّلٰوةَ وَاٰتِيْنَ الزَّكٰوةَ وَاَطِعْنَ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ ؕ اِنَّمَا يُرِيْدُ اللّٰهُ لِيُذْهِبَ عَنْكُمُ الرِّجْسَ اَهْلَ الْبَيْتِ وَيُطَهِّرَكُمْ تَطْهِيْرًا ﴿۳۳﴾ وَاذْكُرْنَ مَا يُتْلٰى فِيْ بُيُوْتِكُنَّ مِنْ اٰيٰتِ اللّٰهِ وَالْحِكْمَةِ ؕ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ لَطِيْفًا خَبِيْرًا ﴿۳۴﴾ ....الأحزاب۔

اگر کوئی وبا پھیل گئی ہو

اگر کسی شہر میں طاعون، ہیضہ، وبائی بخار یا کسی اور وبا کی شہرت ہو تو اس آیت کا مکان کے دروازہ پر اور مکان کے اندر کی دیوار پر لکھ کر لگانا نہایت مفید ہے ان شاء اللہ اس مکان میں وبا ہرگز داخل نہ ہوگی آیت مبارکہ یہ ہے:

مَنْ يُّصْرَفْ عَنْهُ يَوْمَئِذٍ فَقَدْ رَحِمَهٗ ؕ وَذٰلِكَ الْفَوْزُ الْمُبِيْنُ ﴿۱۶﴾ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ ؕ وَاِنْ يَّمْسَسْكَ بِخَيْرٍ فَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۱۷﴾ الأنعام۔

اگر مریض کا دل کھانے سے اچاٹ ہو

اگر کسی مریض کا دل کھانے پینے سے ہٹ گیا ہو تو اکتالیس مرتبہ اس آیت مبارکہ کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلانا بہت مفید ہے:

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِيْنَةَ اللهِ الَّتِيْٓ اَخْرَجَ لِعِبَادِهٖ وَالطَّيِّبٰتِ مِنَ الرِّزْقِ ۭ قُلْ هِىَ لِلَّذِيْنَ اٰمَنُوْا فِي الْحَيٰوةِ الدُّنْيَا خَالِصَةً يَّوْمَ الْقِيٰمَةِ ۝۳۲ ...الأعراف۔

اگر تنخواہ نہ مل رہی ہو

جو کہیں ملازم ہو اور وہاں انہوں نے تنخواہ روک کر رکھی ہو اور دے نہ رہے ہوں تو تین دن عشاء کی نماز کے بعد سات ہزار مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھے ان شاء اللہ مراد پوری ہوگی:

نُصِيْبُ بِرَحْمَتِنَا مَنْ نَّشَاۗءُ وَلَا نُضِيْعُ اَجْرَ الْمُحْسِنِيْنَ ۝۵۶

یوسف

اگر تین دن میں کام نہ ہو تو سات دن تک پڑھے ان شاء اللہ ضرور مقصود حاصل ہوگا۔

اگر کسی درخت پر پھل نہ آتا ہو

اگر کسی درخت پر پھل نہ آتا ہو یا آتا ہو مگر کم آتا ہو تو اس آیت کو کسی کاغذ پر لکھ کر اس درخت پر پھول کے شروع ہونے سے پہلے لٹکایا جائے ان شاء اللہ پھل بہت آئے گا۔ آیت یہ ہے:

ضَرَبَ اللّٰهُ مَثَلًا كَلِمَةً طَيِّبَةً كَشَجَرَةٍ طَيِّبَةٍ اَصْلُهَا ثَابِتٌ وَّفَرْعُهَا فِي السَّمَاۗءِ ۝۲۴ تُؤْتِيْٓ اُكُلَهَا كُلَّ حِيْنٍۢ بِاِذْنِ رَبِّهَا ۝۲۵

...إبراهيم۔

اگر شیطانی وسوسے بہت آتے ہوں

جس کو شیطانی وسوسہ بہت آتے ہوں وہ اکیس مرتبہ صبح اور اکیس مرتبہ عشا کی نماز کے بعد ان آیتوں کو پڑھے ان شاء اللہ بہت جلد شیطانی وسوسے دفع ہوں گے۔ آیتیں یہ ہیں:

اِنَّهٗ لَيْسَ لَهٗ سُلْطٰنٌ عَلَى الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَعَلٰى رَبِّهِمْ يَتَوَكَّلُوْنَ ﴿۹۹﴾
اِنَّمَا سُلْطٰنُهٗ عَلَى الَّذِيْنَ يَتَوَلَّوْنَهٗ وَالَّذِيْنَ هُمْ بِهٖ مُشْرِكُوْنَ ﴿۱۰۰﴾
۔۔۔۔النحل۔

مرگی سے بیہوش ہو جائے

تو کھیعص مریض کے ماتھے پر لکھنا بفضلہٖ تعالیٰ مرگی سے بے ہوشی سے صحت بخشتا ہے۔

جھوٹ بولنے کی عادت ہو

اگر کسی کی جھوٹ بولنے کی عادت ہو اور چاہے کہ جھوٹ کی عادت چھوٹ جائے تو ایک ہزار دفعہ انیس دن تک اس آیت کو عشا کی نماز کے بعد اول آخر گیارہ مرتبہ درود شریف پڑھنے کے بعد پڑھے اور حق تعالیٰ سے دعا کرے کہ الٰہی حضرت اسماعیل علیہ السلام کے طفیل سے مجھے سچی زبان والا بنادے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ مقصد میں کامیابی حاصل ہوگی۔ آیت یہ ہے:

وَاذْكُرْ فِي الْكِتٰبِ اِسْمٰعِيْلَ ۡ اِنَّهٗ كَانَ صَادِقَ الْوَعْدِ وَكَانَ رَسُوْلًا نَّبِيًّا ﴿۵۴﴾ ۔۔۔۔مریم۔

جس کا والد شریعت کا نافرمان ہو

جس کا والد شریعت کا نافرمان ہو۔۔۔ العیاذ باللہ۔۔۔ تو والد کو خدا اور رسول کا تابع دار بنانے کے لئے اکیس روز تک روزانہ اکیس مرتبہ یہ آیت پانی یا کسی اور چیز پر دم کر کے پلائی

جائے ان شاء اللہ مقصود حاصل ہوگا۔ آیت یہ ہے:

يَاَبَتِ اِنِّىْ قَدْ جَآءَنِىْ مِنَ الْعِلْمِ مَا لَمْ يَأْتِكَ فَاتَّبِعْنِىْٓ اَهْدِكَ صِرَاطًا سَوِيًّا ﴿۴۳﴾ ....مریم۔

اگر کسی کو لولگ جائے

اگر کسی کو گرم ہوا یعنی لولگ جائے تو ان آیتوں کو کاغذ پر لکھ کر گھول کر دن میں تین مرتبہ پلانا مفید ہے۔ آیت یہ ہے:

اِنَّ لَكَ اَلَّا تَجُوْعَ فِيْهَا وَلَا تَعْرٰى ﴿۱۱۸﴾ وَاَنَّكَ لَا تَظْمَؤُا فِيْهَا وَلَا تَضْحٰى ﴿۱۱۹﴾ ....طه۔

استقامت کے لئے

وَرَبَطْنَا عَلٰى قُلُوْبِهِمْ ....الکہف:۱۴۔

ہر فرض نماز کے بعد گیارہ مرتبہ پڑھیں۔

یہ ذکر، عبادت، تلاوت اور دیگر دینی امور میں دل جمعی اور استقامت کے لئے مفید ہے۔

امراض باطنی سے نجات کے لئے

سورہ نور کی آخری دو آیتیں:

لَا تَجْعَلُوْا دُعَآءَ الرَّسُوْلِ بَيْنَكُمْ كَدُعَآءِ بَعْضِكُمْ بَعْضًا ؕ قَدْ يَعْلَمُ اللّٰهُ الَّذِيْنَ يَتَسَلَّلُوْنَ مِنْكُمْ لِوَاذًا ۚ فَلْيَحْذَرِ الَّذِيْنَ يُخَالِفُوْنَ عَنْ اَمْرِهٖٓ اَنْ تُصِيْبَهُمْ فِتْنَةٌ اَوْ يُصِيْبَهُمْ عَذَابٌ اَلِيْمٌ ﴿۶۳﴾ اَلَآ اِنَّ لِلّٰهِ مَا فِى السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ قَدْ يَعْلَمُ مَآ اَنْتُمْ عَلَيْهِ ؕ وَيَوْمَ يُرْجَعُوْنَ اِلَيْهِ فَيُنَبِّئُهُمْ بِمَا عَمِلُوْا ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَىْءٍ عَلِيْمٌ ﴿۶۴﴾

چالیس دن تک ہر روز اکیس مرتبہ باوضو پڑھنا دل کی ساری بیماریوں مثلا حسد، کینہ، عداوت، بخل، ذہن میں سستی، بزدلی، الغرض تمام مرضوں کو باطن سے جلا کر خاک کر دیتا ہے۔

تکبر و عجب کا علاج

جب کوئی نیک عمل ہو جائے تو رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ پڑھ لیں۔ کبر سے پاک ہو جائے گا۔

گناہ چھوڑنے کے لئے

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ۔ ہر نماز کے بعد سات مرتبہ۔ اول و آخر درود شریف صَلَّى اللهُ عَلَى النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ۔ اور دعا کریں کہ: اے خدا! اس کی برکت سے مجھے نیک عمل کی توفیق دے دے اور گناہ چھوڑنے کی ہمت دے دے۔

اور یہ دعا: اَللّٰهُمَّ ارْحَمْنِيْ بِتَرْكِ الْمَعَاصِيْ۔ اے اللہ! ہم پر وہ خاص رحمت نازل کر دے، جس سے ہم گناہ چھوڑ دیں۔

عشق مجازی سے خلاصی کا نسخہ

رَبِّ اصْرِفْ عَنِّي السُّوْءَ وَالْفَحْشَاءَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ عِبَادِكَ الْمُخْلَصِيْنَ۔

نماز عشاء کے بعد روزانہ بلا ناغہ ایک سو ایک مرتبہ یہ دعا پڑھیں پھر ایک سو ایک مرتبہ کلمہ طیبہ لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ورد کریں اور دل میں سوچیں کہ میں اللہ تعالی کے سوا ہر کسی کی محبت دل سے نکال رہی ہوں اور اپنے دل میں مصمم ارادہ کریں کہ میں اس (عشق مجازی) کو ترک کر رہی ہوں اور محبوب سے ساتھ اٹھنا بیٹھنا بند کر دیں تا کہ فتنے سے محفوظ رہیں۔ ان شاء اللہ دل عشق مجازی سے عشق حقیقی کی طرف پرواز کر جائے گا۔

بڑھاپے تک اعضا صحیح وسالم رہیں

جو یہ چاہے کہ بڑھاپے تک اس کے جسم کے اعضا صحیح سالم رہیں کوئی فرق نہ آئے، آنکھیں دانت وغیرہ قائم رہیں اور کسی قسم کا ضعف نہ ہوتو وہ ہمیشہ رات کو عشا کی نماز کے بعد یا دن کو ظہر کی نماز کے بعد پہلے گیارہ مرتبہ درود ابراہیمی پڑھ کر ایک ہزار مرتبہ اس آیت شریفہ کو پڑھے:

فَاَقِمْ وَجْهَكَ لِلدِّيْنِ حَنِيْفًا ؕ فِطْرَتَ اللّٰهِ الَّتِيْ فَطَرَ النَّاسَ عَلَيْهَا ؕ لَا تَبْدِيْلَ لِخَلْقِ اللّٰهِ ؕ ذٰلِكَ الدِّيْنُ الْقَيِّمُ ۙ وَلٰكِنَّ اَكْثَرَ النَّاسِ لَا يَعْلَمُوْنَ ﴿۳۰﴾ --- الروم۔

ظالم اپیل میں رہا نہ ہو

اگر کوئی ظالم پکڑا گیا ہو اور اس نے قید ہو کر عدالت میں اپنی رہائی کی اپیل دائر کی ہو اور کوئی یہ چاہے کہ وہ ظالم اپیل میں رہا نہ ہو تو وہ تیرہ دن تک دوپہر کے وقت ظہر کی نماز کے بعد عصر تک تیرہ سو دفعہ روزانہ یہ آیت پڑھے:

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ۔ وَلَوْ اَنَّ لِلَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مَا فِي الْاَرْضِ جَمِيْعًا وَّمِثْلَهٗ مَعَهٗ لَافْتَدَوْا بِهٖ مِنْ سُوْٓءِ الْعَذَابِ يَوْمَ الْقِيٰمَةِ ؕ وَبَدَا لَهُمْ مِّنَ اللّٰهِ مَا لَمْ يَكُوْنُوْا يَحْتَسِبُوْنَ ﴿۴۷﴾ --- الزمر۔

ان شاء اللہ ظالم کبھی رہا نہ ہوگا۔

حضور اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خواب میں زیارت

شب جمعہ دو رکعت نفل نماز پڑھیں ہر رکعت میں سورہ فاتحہ کے بعد ۳۵ مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھیں نماز کے بعد ایک ہزار مرتبہ یہ درود شریف پڑھ کر دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ

اگلا جمعہ آنے سے قبل خواب میں زیارت سرور دو جہاں ﷺ نصیب ہوگی۔ درود شریف یہ ہے:

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ۔
اگر ایک بار کا گر نہ ہو تو تین بار یہ عمل کریں۔

زیارت والدین کے لئے

اگر کسی کے والدین فوت ہو چکے ہوں اور وہ خواب میں انہیں دیکھنا چاہے تو سورۃ یاسین سونے سے پہلے ان کو پڑھ کر ایصال ثواب کر دے ان شاء اللہ خواب میں زیارت ہوگی۔

کسی انتقال شدہ عزیز کو خواب میں دیکھنا

اگر کسی کا بیٹا، بیٹی یا کوئی عزیز مر گیا ہو، پھر وہ خواب میں نہ آیا ہو اور اس کو دیکھنے کا دل چاہتا ہو تو اسلامی مہینے کی اکیسویں رات کو گیارہ سو مرتبہ جو درود شریف یاد ہو وہ پڑھے اس کے بعد یہ آیت پڑھے:

وَالَّذِيْنَ اٰمَنُوْا وَاتَّبَعَتْهُمْ ذُرِّيَّتُهُمْ بِاِيْمَانٍ اَلْحَقْنَا بِهِمْ ذُرِّيَّتَهُمْ وَمَآ اَلَتْنٰهُمْ مِّنْ عَمَلِهِمْ مِّنْ شَيْءٍ ؕ كُلُّ امْرِئٍۢ بِمَا كَسَبَ رَهِيْنٌ ۝٢١ ....طور

ان شاء اللہ تین روز اس عمل کرنے سے مراد پوری ہوگی۔

اپنے پیاروں کو ایصال ثواب کے لئے

کم از کم صبح و شام تین مرتبہ سورۃ الاخلاص، تین مرتبہ سورۃ الفلق، تین مرتبہ سورۃ الناس ۔ پڑھ کر بخش دیں۔

اور ویسے بھی ان تینوں سورتوں کو صبح پڑھ لیا جائے تو شام تک حفاظت رہے گی اور شام کو پڑھ لیا جائے تو صبح تک حفاظت رہے گی۔

اگر ڈر ہو کہ کھانے میں کچھ ملا ہے

اگر ڈر ہو کہ کھانے میں کچھ ملا ہے تو

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ بِاسۡمِ اللّٰهِ ثِقَةً بِاللّٰهِ وَتَوَكُّلاً عَلَيۡهِ۔

پڑھ کر کھانا شروع کرے، ان شاء اللہ اس کھانے سے کچھ ضرر نہیں پہنچے گا۔

زہریلے کھانے کے اثر سے حفاظت

اگر کوئی سورۃ البینہ پڑھ کر کھانے پر دم کر کے کھائے ان شاء اللہ اس کھانے سے زہر کا اثر ختم ہو جائے گا۔ جو اس کی لاعلمی میں اس کھانے میں ملایا گیا ہو۔

محفلوں میں عزت پانے کے لئے

اگر کوئی یہ چاہے کہ جس محفل میں بھی جائے تو اس کی عزت ہو تو مندرجہ ذیل آیات کو ریشمی کپڑے پر لکھ کر اپنے پاس رکھے۔

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ۔ وَاذۡكُرۡ فِى الۡكِتٰبِ اِدۡرِيۡسَ اِنَّهٗ كَانَ صِدِّيۡقًا نَّبِيًّا ﴿۵۶﴾ وَّرَفَعۡنٰهُ مَكَانًا عَلِيًّا ﴿۵۷﴾ ۔۔۔ مریم

مجلس میں کوئی ناگوار آجائے اور اسے اٹھانا ہو

اگر مجلس میں کوئی ناگوار شخص آجائے اور اس کا اٹھانا منظور ہو تو دل میں چند بار یہ آیات پڑھے:

تَذۡرُوۡهُ الرِّيٰحُ ؕ وَكَانَ اللّٰهُ عَلٰى كُلِّ شَىۡءٍ مُّقۡتَدِرًا ﴿۴۵﴾ ۔۔۔ الکهف

تبادلہ رکوانے کا عمل

اگر کوئی اپنا یا اپنے شوہر کا تبادلہ رکوانا چاہتی ہو تو مندرجہ ذیل اسماء الٰہی کو بعد نماز فجر تین

سومرتبہ لگاتار اکیس روز تک پڑھے۔ ان شاء اللہ تبادلہ رک جائے گا۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ يَاقَادِرُ يَامُقْتَدِرُ يَاعَزِيْزُ يَاعَلِيْمُ يَاعَلِيُّ يَاعَظِيْمُ۔

پھل اللہ کے فضل سے میٹھا نکلے

جب کسی بھی پھل کو تراشنے لگیں تو یہ آیت پڑھ کر تراشیں ان شاء اللہ وہ پھل میٹھا نکلے گا

فَسَيَكْفِيْكَهُمُ اللهُ ۚ وَهُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ ﴿١٣٧﴾ ....البقرہ

پھل کی مٹھاس کے لئے

فَذَبَحُوْهَا وَمَا كَادُوْا يَفْعَلُوْنَ ﴿٧١﴾ ....البقرہ۔

یہ آیت پڑھ کر خربوزہ یا کوئی چیز تراشے تو ان شاء اللہ تعالیٰ شیریں ولذیذ معلوم ہوگی۔

مصیبت زدہ کو دیکھ کر یہ پڑھے

اگر کسی کو بلا و مصیبت میں مبتلا پائے تو یہ دعا پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَافَانِيْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِيْ عَلٰى كَثِيْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيْلاً۔

شیر یا کتا اچانک حملہ کر دے

اگر راستہ میں کوئی شیر یا کتا اچانک حملہ کرے تو فوراً اس آیت کریمہ کو پڑھ لے۔ آیت یہ ہے:

وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَيْهِ.....الکہف:۱۸۔

چور وغیرہ سے مکان کی حفاظت کے لئے

رات کو سوتے وقت یہ آیت پڑھ کر سو جائیں اگر چور گھر میں داخل بھی ہو گیا تو مالی

نقصان نہ پہنچا سکے گا:

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ اَوِ ادْعُوا الرَّحْمٰنَ ؕ اَيًّا مَّا تَدْعُوْا فَلَهُ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى ۚ وَلَا تَجْهَرْ بِصَلَاتِكَ وَلَا تُخَافِتْ بِهَا وَابْتَغِ بَيْنَ ذٰلِكَ سَبِيْلًا ﴿۱۱۰﴾...الاسراء۔

چوری کی عادت چھڑانے کے لئے

اگر کسی کو چوری کی عادت پڑ گئی ہو تو اس کو چھڑانے کے لئے یہ عمل لکھ کر روئی کے بیچ میں رکھ کر تکیے میں سی دیں اور اس تکیہ کو دوسرا استعمال نہ کرے ان شاء اللہ چند ہفتوں میں چوری کی عادت چھوٹ جائے گی۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔
يَاحَفِيْظُ ،يَاحَفِيْظُ ،يَاحَفِيْظُ ،يَاحَفِيْظُ ،يَاحَفِيْظُ
يَاوَدُوْدُ،يَاوَدُوْدُ،يَاوَدُوْدُ،يَاوَدُوْدُ،يَاوَدُوْدُ،يَاوَدُوْدُ

نومسلمہ یہ دعا پڑھے

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ

مخلوق کو مہربان کرنے کے لئے وظیفہ

يَاسُبُّوْحُ،يَاقُدُّوْسُ،يَاغَفُوْرُ،يَاوَدُوْدُ

دشمنوں کی دشمنی محبت میں بدل جائے گی، ورنہ کم از کم ان کے شر سے بچاؤ نصیب ہوگا، جس کی بیوی لڑتی ہو، جس کا بیٹا نافرمان ہو، جس کے والد بہت کڑیل اور غصے والے ہوں، اگر بیوی پڑھے تو شوہر مہربان رہے گا، شوہر پڑھے تو بیوی مہربان رہے گی، امام پڑھے گا تو کمیٹی مہربان رہے گی، کمیٹی پڑھے گی تو امام مہربان رہے گا، انٹرویو کے لئے جاتے وقت پڑھیں جلد سلیکشن ہوگا، الغرض جہاں بھی غصے والے ہوں ان کے لیے پڑھیں، اپنے دفتروں

میں افسران کے غصے سے بچنے کے لئے پڑھیں۔گاہک کے سامنے پڑھ لیں بغیر مال خریدے واپس نہیں جائے گا۔اگر کوئی قرضہ لے گیا تو یہ وظیفہ پڑھیں ان شاء اللہ جلد واپس پیسہ مل جائے گا۔کسٹم آفیسر پر پڑھ لو تو اس کا دل موم ہو جائے گا۔

سارے گھر پر شانِ رحمت کی بہار آ جائے

گھر کے جو افراد بقدر تحمل یَا اَللّٰہُ یَا رَحْمٰنُ یَا رَحِیْمُ پڑھ سکتے ہیں وہ پڑھیں، اور بسم اللہ الرحمن الرحیم سات مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس پانی سے آٹا گوندھیں اور اسی کو پکا کر کھلایا جائے۔ان شاء اللہ سارے گھر پر شانِ رحمت کی بہار آ جائے گی، یہاں تک کے بچوں میں بھی غصہ کرنے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

ایک جامع عمل

جس کو غصہ کی بیماری ہو، کتنی ہی زبردست مصیبت میں ہو، کتنی ہی پریشانی ہو، قرضہ ہو، بیٹی کا رشتہ نہ مل رہا ہو، کوئی دشمن ستا رہا ہو، کوئی بھی مصیبت ہو تو پانچ سو مرتبہ یَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِیْنَ۔ پڑھے اول آخر درود شریف ان شاء اللہ چالیس دن بھی نہیں گذریں گے اس کی مصیبت دور ہو جائے گی۔اگر پانچ سو بار نہ پڑھ سکے تو ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ لیں ورنہ ۷۰ مرتبہ پڑھیں ورنہ ۷ مرتبہ پڑھیں ورنہ تین مرتبہ پڑھ لیں ورنہ ایک مرتبہ پڑھ لیں۔

بچوں کے مسائل

بچے کو نظر لگ جانا یا رونا یا سوتے میں ڈرنا یا کمیڑ ہ وغیرہ

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین، تین بار پڑھ کر اس پر دم کرے اور یہ دعا لکھ کر گلے میں ڈالے:

أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ

وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ۔
ان شاء اللہ سب آفتوں سے حفاظت رہے گی۔

بچوں کو تمام آفات سے بچانے کے لئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔
أعوذ بکلمات اللہ التامۃ من شر کل شیطان وھامۃ وعین لامۃ تحصنت بحصن الف الف لاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔ وصلی اللہ تعالی علی خیر خلقہ محمد وآلہ وأصحابہ أجمعین۔
اس تعویذ کو لکھ کر گلے میں ڈالیں۔ یہ عمل جن وآسیب کے لئے بھی مفید ہے۔

اولاد کی فرمان برداری کے لئے

والدین کو چاہئے کہ اولاد کی فرمان برداری کے لئے یہ دعا مانگا کریں:
وَاَصْلِحْ لِيْ فِيْ ذُرِّيَّتِيْ ۚ اِنِّيْ تُبْتُ اِلَيْكَ وَاِنِّيْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ ﴿۱۵﴾
الأحقاف۔

اولاد کی اصلاح کے لئے

رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ اَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ اَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا ﴿۷۴﴾۔۔۔الشعراء۔
یہ دعا روزانہ کثرت سے ہر نماز کے بعد مانگنی چاہئے۔

بچوں کے رونے اور مضر اشیاء سے بچنے کے لئے

(۱) أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَشَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَّحْضُرُوْنَ۔۔۔۔صبح وشام۔۔۔۔تین مرتبہ

(۲) أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ..... صبح وشام..... تین مرتبہ...

بچوں کے سوکھے پن کا علاج

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تیل اور پانی دم کر کے دیں اور مالش کرائیں، تاکہ ٹھیک ہوجائے اور تعویذ میں أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ لکھیں۔

بچہ کے سوکھے پن کا علاج

آخری دس سورتیں، اسماء الحسنیٰ، اسماء سیدنا النبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تین تین مرتبہ پڑھ کر تیل پر دم کریں اور بچہ کی تیل سے مالش کریں اور بڑے بچہ کے لئے کھانے یا پینے کی چیز پر دم کر کرے کھلائیں یا پلائیں۔

بچے کے سوکڑے کا علاج

کسی بھی دن آدھا کلو سرسوں کا تیل لے کر قبلہ شریف کی طرف منہ کر کے ایک ہی نشست میں ایک ہزار بار اسم باری تعالیٰ یَا قَهَّارُ پڑھ کر دم کریں تین تین بار اول وآخر درود شریف ابراہیمی ضرور پڑھیں تیل اکسیر تیار ہے، صبح وشام مالش کریں، ان شاء اللہ بچہ دن بدن موٹا تازہ ہوگا۔

بچوں کی حفاظت کے لئے

ننھے منے بچوں کی حفاظت کے لئے ذیل کا گنڈا اکسیر ہے، کامل اعتقاد کی ضرورت ہے بے اعتقاد نامراد رہتا ہے، بچوں کی ڈائن، سحر، جادو، نظر بد، ام الصبیان، اور چیچک کے لئے قوی الاثر ہے۔ اس سے بچہ کے دانت بھی آسانی سے نکل آتے ہیں، بچہ ہر طرح محفوظ رہتا ہے ، گنڈا تیار کرنے کا طریقہ یہ ہے کہ نیلے رنگ کے سوت کے سات تار لے کر سورۃ الرحمن پڑھنا شروع کریں جب آیت فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ پر پہنچیں تو ایک گرہ

لگائیں اور خوب سخت کریں سورۃ پڑھتے جائیں اور ہر بار آیت مذکورہ پر ایک سخت گرہ لگائیں اور دم کریں سورۃ الرحمن مکمل ہوگی تو تیس گرہیں لگ جائیں گی اب اس دھاگہ کو بچہ کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ بچہ ہر خطرے سے محفوظ رہے گا اول و آخر تین تین بار درود شریف بھی پڑھیں۔

بچوں کی مسان سے حفاظت کے لئے

نیلے رنگ کے دھاگے کے 21 تار عورت کے قد کے برابر لے کر اس پر سورۃ الفاتحہ مع بسم اللہ شریف کے اکتالیس بار پڑھیں اور ہر دفعہ اس دھاگے پر دم کر کے ایک گرہ لگائیں یہ گنڈا حمل کے زمانہ میں عورت کے پیٹ پر بندھا رہے اور بچہ پیدا ہونے کے بعد بچہ کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ بچہ عمر دراز پائے گا۔

بچوں کی حفاظت کے لئے

نظر بد، چیچک، خسرہ، اور بچوں کے دیگر امراض سوکڑا مسان، ڈبہ آسیب کے سایہ وغیرہ کے لئے مفید ہے لکھ کر بچے کے گلے میں ڈالیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

بچوں کے سوکھے پن کا علاج

بچوں کو بعض دفعہ سوکھے پن کی بیماری لاحق ہوجاتی ہے جس سے بچہ سوکھتے سوکھتے کانٹا بن جاتا ہے اس بیماری کی پہچان یہ ہے کہ اس کے کانوں سے دوسری جانب کی روشنی نمایاں نظر آتی ہے ایسے بچے عام طور پر ہلاکت کا شکار ہوجاتے ہیں، سوکھے پن کو سوکھا، مسان، ام الصبیان، اور مختلف ناموں سے ذکر کیا جاتا ہے۔ یہ تمام نام اس ایک ہی بیماری کے ہیں کسی

عورت کے بچوں کو روٹین میں سوکھا پن ہوجاتا ہوتو بچہ پیدا ہوتے ہی درج ذیل آیات لکھ کراس کے گلے میں ڈالیں وگرنہ جب بچہ کو تکلیف شروع ہوتو ڈالیں:

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ
وَخَابَ كُلُّ جَبَّارٍ عَنِيۡدٍ ﴿۱۵﴾ مِّنۡ وَّرَآئِهٖ جَهَنَّمُ وَيُسۡقٰى مِنۡ مَّآءٍ صَدِيۡدٍ ﴿۱۶﴾ يَّتَجَرَّعُهٗ وَلَا يَكَادُ يُسِيۡغُهٗ وَيَاۡتِيۡهِ الۡمَوۡتُ مِنۡ كُلِّ مَكَانٍ وَّمَا هُوَ بِمَيِّتٍ‌ ؕ وَمِنۡ وَّرَآئِهٖ عَذَابٌ غَلِيۡظٌ ﴿۱۷﴾

(سورۃ ابراہیم)

سوکھے پن کا علاج

یہ تعویذ مسان کے مریض بچے کو چالیس عدد تعویذ لکھ کر صرف فجر کے وقت روزانہ پلائیں اور تعویذات کی گولیاں بنا کر محفوظ کرتے جائیں جب چالیس دن پورے ہوجائیں تو ان گولیوں سے آٹے کی گولیاں بنا کر ایسے بہتے پانی میں ڈالیں جس میں مچھلیاں ہوتی ہوں تعویذ یہ ہے:

بِحَقِّ بِاللّٰهِ الۡعَلِيِّ الۡعَظِيۡمِ۔

فائدہ:

جامع الوظائف نامی کتاب کے مصنف فرماتے ہیں کہ: اکثر اوقات مسان کے بچے کے ساتھ اس کی والدہ کا علاج کرنا ضروری ہوتا ہے اس لئے مسان کی صورت میں بچہ اور اس کی والدہ دونوں کی کسی ماہر عملیات سے تشخیص بھی ضروری ہے اور علاج بھی، کم از کم آئندہ حمل سے پہلے والدہ کا علاج ہونا بہت ضروری ہے تا کہ آئندہ پیدا ہونے والا بچہ اس سے محفوظ رہے۔

بچہ پر سے مسان کے اثرات دور کرنا

اگر کسی بچہ کو کسی نے مسان کے اثرات میں مبتلا کر دیا ہے تو سورۃ الحاقہ کو تین روز تک

ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس بچے کو وہ پانی پلانے سے مسان کے اثرات جاتے رہیں گے اور اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے بچہ ٹھیک ہو جائے گا۔

بچہ کو ام الصبیان کی بیماری سے بچانے کے لئے

جو عورت وضع حمل ہونے کے بعد طہارت میں آکر یَامُتَعَالِیُ کا ورد کرنا اپنا معمول بنا لے، اس کے بچہ ام الصبیان کی بیماری سے محفوظ رہتے ہیں، دوران حمل بھی اس اسم مبارک کا ورد کرنا ام الصبیان سے بچائے رکھتا ہے۔

بچہ کے سوکھے پن کا علاج

اگر کوئی بچہ سوکھتا چلا جائے اور بظاہر کوئی مرض نہ ہو تو سمجھئے کہ اسے مسان ہے تو ایسے مرض کے لئے تیرہ ہزار مرتبہ یَامُعِیْدُ پڑھ کر تیل پر دم کریں اور اسے مالش کے لئے دیں ان شاء اللہ تندرست و توانا ہو جائے گا۔

مسان اور سوکھے کا علاج

مسان زدہ بچے کے لئے تیل کی مالش کا عمل بھی نہایت مفید ہے سرسوں کا کچی گھانی کا سو پاؤ تیل لے کر اس پر سورۃ الفاتحہ کو بسم اللہ کی میم سے ملاتے ہوئے اکتالیس بار پھر آیت قطب:

ثُمَّ أَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِنْ بَعْدِ الْغَمِّ أَمَنَةً نُعَاسًا يَغْشَى طَائِفَةً مِنْكُمْ وَطَائِفَةٌ قَدْ أَهَمَّتْهُمْ أَنْفُسُهُمْ يَظُنُّونَ بِاللَّهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ط يَقُولُونَ هَلْ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ط قُلْ إِنَّ الْأَمْرَ كُلَّهُ لِلَّهِ ط يُخْفُونَ فِي أَنْفُسِهِمْ مَا لَا يُبْدُونَ لَكَ ط يَقُولُونَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْأَمْرِ شَيْءٌ مَا قُتِلْنَا هٰهُنَا ط قُلْ لَوْ كُنْتُمْ فِي بُيُوتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِينَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ إِلَى مَضَاجِعِهِمْ ج

وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ؕ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾ (سورۃ آل عمران)

اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دم کریں بچے کی ماں یا کوئی بھی دوسرا شخص بچے کو سر سے پاؤں تک روزانہ اکتالیس روز تک اس تیل سے مالش کریں، مالش میں بدن پر بال برابر جگہ خالی نہ رہے اور یہ بھی احتیاط رہے کہ تیل کا ایک قطرہ بھی زمین پر نہ گرنے پائے اور جو شخص پہلے دن مالش شروع کرے، آخری دن تک وہی کرے اگر بچہ کو تیل کی وجہ سے الجھن ہو تو تین گھنٹے کے بعد اسے نہلا سکتے ہیں۔

سوکھے کا علاج

اگر بچہ سوکھتے سوکھتے کانٹے کی طرح ہوجائے، معالجوں کی سمجھ سے بیماری باہر ہو اور کوئی علاج کارگر نہ ہو رہا ہو تو سرسوں کے تیل پر یا زیتون کے تیل پر درج ذیل آیت ایک ہزار بار پڑھ کر دم کریں، اکتالیس روز تک مالش سے سوکھا پن ختم ہو کر جسم نارمل حالت میں آنا شروع ہوجائے گا:

فَانْظُرْ اِلٰٓى اٰثٰرِ رَحْمَتِ اللّٰهِ كَيْفَ يُحْيِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِكَ لَمُحْيِ الْمَوْتٰى ۚ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ﴿۵۰﴾ (سورۃ الروم)

مسان کا انتہائی مجرب علاج

سوکھے والے بچوں کے لئے تازہ کدو پر چاقو سے سورۃ الاخلاص لکھ کر اس کے سونے کی جگہ پر سر کے اوپر لٹکا دیں تو جوں جوں کدو خشک ہوتا جاتا ہے توں توں بچہ کا سوکھا پن ختم ہوتا جاتا ہے چند دنوں میں کدو مکمل سوکھ جاتا ہے اور بچہ مکمل صحت یاب ہو کر موٹا تازہ و فربہ ہوجاتا ہے۔

مسان کے دفعیہ کے لئے

سورۃ الطارق اکتالیس بار پڑھ کر سوت کے کچے دھاگہ پر دم کریں اور ہر بار گرہ لگاتے جائیں سوت کے بھی اکتالیس تار ہوں رنگ کی قید نہیں، یہ گنڈہ حاملہ تا وضع حمل گلے میں پہنے رہے اور جیسے ہی بچہ پیدا ہو فورا بچہ کو نہلائیں دیر ہر گز نہ کریں اور فورا اسی وقت سات اذانیں چار سیدھے کان میں اور تین الٹے کان میں دے کر وہ گنڈا ماں کے گلے سے اتار کر بچہ کو پہنائیں ان شاء اللہ تعالی بچہ مسان سے محفوظ رہے گا۔

بچوں کو سوکھا کے مرض سے بچانے کے لئے

یہ حرز مبارک لکھ کر گلے میں لٹکانے سے بچوں کو جو سوکھا کی بیماری لاحق ہوجاتی ہے اس کا چند دنوں میں خاتمہ ہوجاتا ہے

حرز مبارک یہ ہے:

وَلَا يَـُٔودُهُۥ حِفْظُهُمَا ۚ وَهُوَ الْعَلِىُّ الْعَظِيمُ ﴿٢٥٥﴾ وَيُرْسِلُ عَلَيْكُمْ حَفَظَةً ۖ غَيْرَكُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّونَهُۥ شَيْـًٔا ۚ إِنَّ رَبِّى عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ حَفِيظٌ ﴿٥٧﴾ فَاللَّهُ خَيْرٌ حٰفِظًا ۖ وَهُوَ أَرْحَمُ الرّٰحِمِينَ ﴿٦٤﴾ لَهُۥ مُعَقِّبٰتٌ مِّنۢ بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِۦ يَحْفَظُونَهُۥ مِنْ أَمْرِ اللَّهِ ۗ ووَجَعَلْنَا السَّمَآءَ سَقْفًا مَّحْفُوظًا ۖ وَحَفِظْنٰهَا مِن كُلِّ شَيْطٰنٍ رَّجِيمٍ وَحِفْظًا مِّن كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ۔ وَحِفْظًا ذٰلِكَ تَقْدِيرُ الْعَزِيزِ الْعَلِيمِ۔ وَرَبُّكَ عَلَىٰ كُلِّ شَىْءٍ حَفِيظٌ۔ اَللّٰهُ حَفِيظٌ عَلَيْهِمْ، وَمَا أَنتَ عَلَيْهِم بِوَكِيلٍ۔ قَدْ عَلِمْنَا مَا تَنقُصُ الْأَرْضُ مِنْهُمْ ۖ وَعِندَنَا كِتٰبٌ حَفِيظٌ ﴿٤﴾ وَّاللَّهُ مِن وَرَآئِهِم مُّحِيطٌۢ ﴿٢٠﴾ بَلْ هُوَ قُرْءَانٌ مَّجِيدٌ ﴿٢١﴾ فِى لَوْحٍ مَّحْفُوظٍۭ ﴿٢٢﴾ إِن كُلُّ نَفْسٍ لَّمَّا عَلَيْهَا حَافِظٌ ﴿٤﴾

اللهم یاحافظ لاتنسی،ویامن نعمه لاتحصی،ویامن له

الاسماء الحسنی والصفات العلیا اسئلك بجاه نبیك محمد صلی الله علیه وسلم ان تحفظ حامل کتابی هذا بما حفظت به الذکر فانك قلت وقولك الحق انا نحن نزلنا الذکر وانا له لحافظون۔

ولاحول ولاقوة الا بالله العلی العظیم۔ کهیعص، حمعسق۔ قوله الحق وله الملك ویشف صدور قوم مؤمنین ویذهب غیظ قلوبهم یایها الناس قد جائتکم موعظة من ربکم وشفاء لما فی الصدور وهدی ورحمة للمؤمنین۔ یخرج من بطونها شراب مختلف الوانه فیه شفاء للناس،وننزل من القرآن ما هوشفاء ورحمة للمؤمنین،الذی خلقنی فهو یهدین والذی هویطعمنی ویسقین واذا مرضت فهویشفین قل هوللذین آمنوا هدی وشفاء۔

مسان کے خاتمہ کے لئے

بچہ پر

مِنۡهَا خَلَقۡنٰكُمۡ وَفِيۡهَا نُعِيۡدُكُمۡ وَمِنۡهَا نُخۡرِجُكُمۡ تَارَةً اُخۡرٰى﴿۵۵﴾

۔۔۔طه

تین سو تیرہ بار پڑھ کر دم کریں۔اس سے نہ صرف مسان کا ازالہ ہوتا ہے بلکہ ہمیشہ کے لئے جان چھوٹ جاتی ہے۔

مسان اگر جادو کے ذریعہ مسلط کیا گیا ہو

اگر مسان جادو کے ذریعہ مسلط کیا گیا ہو تو ان تمام مصیبتوں کا بہترین مداوا اور شاندار حل یہ ہے کہ چینی کی سفید طشتری پر آیت مبارکہ:

وَمَنۡ يَّخۡرُجۡ مِنۡۢ بَيۡتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوۡلِهٖ ثُمَّ يُدۡرِكۡهُ الۡمَوۡتُ فَقَدۡ وَقَعَ اَجۡرُهٗ عَلَى اللّٰهِ﴿۱۰۰﴾۔۔۔النساء۔

لکھ کر گائے کے مکھن سے اگر گائے کا مکھن نہ ملے تو بھینس کے مکھن سے اسے مٹا کر مریض نہار منہ اس مکھن کو چاٹ لے۔

سات دن تک متواتر عمل کریں ان شاء اللہ ہر طرح کے مسان کا نام ونشان ختم ہو جائے گا۔

مسان اگر سحر کے ذریعہ مسلط کیا گیا ہو

سحر کے ذریعہ اگر مسان مسلط کیا گیا ہو تو یہ آیت مبارکہ:

قَالَ فِيهَا تَحْيَوْنَ وَفِيهَا تَمُوتُونَ وَمِنْهَا تُخْرَجُونَ ﴿٢٥﴾

...الأعراف

تین سو تیرہ بار پڑھ کر مریض پر دم کریں۔ان شاء اللہ تین دن میں مسان زائل ہو جائے گا۔

نظر بد کے اثرات دور کرنا

اگر کسی بچہ کو نظر بد لگی ہو تو اس کا اثر زائل کرنے کے لئے سورۃ العادیات کو روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچہ کو پلایا جائے اور اس عمل کو تین دن تک جاری رکھا جائے اللہ عزوجل کے فضل وکرم سے نظر بد کے اثرات بہت جلد زائل ہو جائیں گے۔

بچوں کو نظر بد سے محفوظ رکھنے کے لئے

بچوں کو اگر نظر بد لگ گئی ہو جب ایسا معاملہ ہو تو سورۃ ص سات بار پڑھیں اور نظر بد کو ختم کرنے کے لئے اللہ عزوجل کے حضور دعا مانگیں خواہ کتنی ہی شدید نظر بد کیوں نہ ہو اللہ عزوجل اسے دور فرمائے گا اور اگر اس سورت کو لکھ کر اس مقام پر لٹکا دیا جائے جہاں نظر بد کا خطرہ ہو یا رہتا ہو تو وہ چیز نظر بد سے ہمیشہ کے لئے محفوظ رہے گی۔

بچہ کو نظر لگ جائے

عاملین کا کہنا ہے کہ سورۃ ابراہیم کی تلاوت نظر بد سے محفوظ رہنے کے لئے انتہائی موثر ہے اور اگر کسی بچے کو بری نظر لگ جائے تو اس سورت کی فوٹو کاپی کروا کر کپڑے میں باندھ کر اس بچے کے گلے میں ڈالیں تو نظر بد کے اثرات فوراً ختم ہو جائیں گے۔

بچہ کو نظر سے بچانے کے لئے

اگر کسی بچہ کو نظر لگ جاتی ہو تو ایک سو گیارہ مرتبہ یَابَرُّ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور اس اسم کا نقش اس کے گلے میں ڈالیں، ان شاء اللہ بچے کو کبھی نظر نہیں لگے گی اور وہ ہمیشہ اللہ کی پناہ میں رہے گا۔

بچہ کو اگر نظر لگ گئی ہو

اگر کسی بچہ کو نظر لگ جاتی ہو تو یَامُمِیْتُ پانچ مرتبہ ایک کاغذ پر لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں ان شاء اللہ بچہ تندرست رہے گا اور معمول سے زیادہ رونا بند ہو جائے گا۔ اگر کوئی عامل گیارہ مرتبہ اس اسم کو پڑھ کر نظر شدہ بچہ پر دم کرے تب بھی فائدہ ہے۔

بچہ کو اگر نظر لگ گئی ہو

اگر کسی بچہ یا بچی کو نظر لگ گئی ہو، جس سے والدین کو بے حد پریشانی لاحق ہو تو یَاحَفِیْظُ کو بچے کی ماں 998 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچے کو پلائیں اور تین روز تک اس طرح کریں ان شاء اللہ نظر بد کا اثر ختم ہو جائے گا۔ اور اگر کسی نے اپنے کو یا اپنے بچہ کو نظر بد سے بچانا ہو تو وہ ایک صاف کاغذ پر گیارہ بار یہ اسم مبارک لکھ کر تعویذ بنائے اور گلے میں باندھے یا اپنے پاس رکھے ان شاء اللہ نظر بند سے محفوظ رہے گا۔

بچہ کو نظر سے بچانے کے لئے

اگر کسی بچہ کو نظر لگ جاتی ہے تو سورۃ الملک کو ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے اس بچہ کو پلائیں انشاء اللہ عزوجل نظر بد کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور بچہ ہمیشہ کے لئے محفوظ رہے گا۔

بچہ پر نظر بد کا شافی علاج

اگر کسی بچے کو نظر بد لگ گئی ہو اور وہ صحتیاب ہوتی نظر نہ آتی ہو تو عرق گلاب لے کر اس پر سورۃ الفلق کی کثرت سے تلاوت کر کے پانی پر دم کر کے نظر بد والے بچہ کو پلائیں۔ اللہ عزوجل کی رحمت سے نظر بد کا اثر جاتا رہے گا۔ اس عمل کو تین روز تک کرنا چاہیے۔

بچوں کی نظر بد کے لئے

یہ مسنون دعا پڑھ کر بچے پر دم بھی کریں اور لکھ کر گلے میں بھی ڈالیں:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ۔

نظر بد کا مسنون علاج

حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے دونوں لاڈلے نواسوں سیدنا حسن و حسین رضی اللہ عنہما کو یہ دعا پڑھ کر دم کیا کرتے تھے:

اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَّعَيْنٍ لَّامَّةٍ تَحَصَّنْتُ بِحِصْنِ اَلْفِ اَلْفِ لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّابِاللهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

نظر بد اتارنے کا ایک ٹوٹکا

سات عدد سرخ مرچیں ثابت ڈنڈی سمیت ہاتھ میں لے کر بچے کو بستر پر لٹا کر اس کے پورے بدن پر سات بار گھمائیں پھر ان مرچوں کو جلتی آگ (کوئلوں یا گیس کے چولہے) پر ڈال دیں۔

اگر نظر بد ہوگی تو مرچوں کے جلنے سے وہ خاص بو پیدا نہیں ہوگی جو مرچوں کے جلنے پر عام طور پر آتی ہے اور جس سے آدمی کو کھانسی لگ جاتی ہے اگر بو نہ آئے تو سمجھ جائیں کہ نظر ہے دس پندرہ منٹ کے وقفہ سے دوبارہ یہی عمل دھرائیں جب تک مرچوں کی اصل سڑانڈ نہ آئے تب تک تین چار بار بھی کرنا پڑے تو تھوڑے تھوڑے وقفہ سے یہ عمل دھراتے رہیں ان شاء اللہ بری سے بری نظر کا نام ونشان ختم ہوجائے گا۔

ایک اور مجرب ٹوٹکا

جو کام نظر اتارنے کے لئے مرچیں کرتیں ہیں وہی نمک اور چینی بھی کرتے ہیں، طریقہ یہ ہے کہ نمک یا چینی کی سات پڑیاں بنا کر یہی عمل کریں دو تین بار کریں ان شاء اللہ نظر اتر جائے گی اور نظر کی وجہ سے بچہ رو رہا ہو تو چپ ہو کر ہنسنے لگے گا۔

نظر بد کا اتار

نظر بد کے اتارنے کے لئے سورۃ القلم کی آیت 51-52 نہایت مفید اور اکثر بزرگان دین سے منقول ہیں یہ سات بار پڑھ کر دم کریں۔

نظر بد کا توڑ

سورۃ الملک کی آیت 3-4 بھی نظر بد کے توڑ کے لئے مؤثر ہیں، تین یا سات بار پڑھ کر دم کریں۔

سحر، آسیب نظر بد سے حفاظت کے لئے

سِتْرُ الْعَرْشِ مَسْبُوْلٌ عَلَيْنَا وَعَيْنُ اللهِ نَاظِرَةٌ اِلَيْنَا بِحَوْلِ اللهِ لَايَقْدِرُ عَلَيْنَا ۔۔۔وَاللهُ مِنْ وَّرَآئِهِمْ مُّحِيْطٌ ﴿۲۰﴾ بَلْ هُوَ قُرْاٰنٌ مَّجِيْدٌ ﴿۲۱﴾ فِيْ لَوْحٍ مَّحْفُوْظٍ ﴿۲۲﴾۔۔۔البروج

نظر بد کا اثر ختم کرنا

سورۃ الفاتحہ، سورۃ القدر، سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق، سورۃ الناس تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔

بچے کے دانت نکلنے کی تکلیف ختم کرنے کے لئے

سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق سورۃ الناس کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں مثلاً شہد وغیرہ پر اور سورۃ الفلق اور سورۃ الناس لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بچہ دانت آسانی سے نکالے

دانت نکالتے وقت بچوں پر بڑی تکلیف آتی ہے، دست، اسہال، قے، بخار اور نجانے کیا کیا مصیبت ان پر گذرتی ہے سورۃ ق کی ابتدائی گیارہ آیات لکھ کر بچوں کو پلائیں بھی اور اس سے انگلی تر کر کے اس کے مسوڑھوں پر بھی ملیں ان شاء اللہ بچہ تکلیفوں سے بچ جائے گا۔

دانت بے تکلف نکلنے کے لیے

جب بچے کا دودھ چھڑایا جاتا ہے بچے کو بڑا اضطراب ہوتا ہے ماں کو بھی بڑی کشمکش کا سامنا ہوتا ہے یہ دعا لکھ کر دھو کر بچے کو پلائیں ان شاء اللہ عافیت ہوگی۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ۔ اَلْمَتِيْنُ الَّذِيْ يَرْزُقُ مَنْ يَّشَآءُ بِقُوَّةِ الْمَتِيْنِ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

بچہ کا دودھ چھڑانا

یَامَتِیْنُ بچہ کا دودھ چھڑانے کے لئے بہت مجرب ہے لہذا جس ماں نے اپنے بیٹے کا دودھ چھڑانا ہوتو اسے چاہیئے کہ دودھ چھڑا کر بھینس کے دودھ پر اس اسم کو گیارہ سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کر کے بچہ کو پلائیں ان شاء اللہ بچہ دودھ چھوڑنے سے بالکل نہ روئے گا اور نہ بے صبرا ہوگا۔

بچہ اگر ماں کا دودھ نہ پیتا ہو

سورۃ القدر تین مرتبہ پڑھ کر پانی اور میٹھی چیز پر دم کریں، میٹھی چیز کھلائیں اور پانی پلائیں اور پانی بچے کے چہرے اور سر پر ملیں۔

بچہ ماں کا دودھ نہ پیتا ہو

اگر ماں پر سحر یا آسیب کا کوئی اثر نہیں ہے اور بچہ دودھ پینے سے انکار کرتا ہے تو یہ آیت چینی کی سفید طشتری پر لکھ کر اس کا پانی بچے کو پلائیں اور کاغذ پر لکھ کر اس کا تعویذ بچے کے گلے میں ڈالیں:

سُبْحٰنَ رَبِّكَ رَبِّ الْعِزَّةِ عَمَّا يَصِفُوْنَ ﴿۱۸۰﴾ وَسَلٰمٌ عَلَى الْمُرْسَلِيْنَ ﴿۱۸۱﴾
وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ﴿۱۸۲﴾ (سورۃ الصافات)

لیکن اگر ماں پر آسیب کا سایہ ہو یا سحر کا اثر ہو تو اس صورت میں بچے سے زیادہ ماں کے علاج کی ضرورت ہے۔

بچہ کا دودھ چھڑایا ہو اور وہ صبر نہ کرتا ہو

جس بچہ کا دودھ چھڑایا گیا ہو اور وہ صبر نہ کرتا ہو تو اسے یَامَتِیْنُ دس بار لکھ کر پلایا جائے ان شاء اللہ صبر کرے گا۔

دودھ چھڑانے پر بچہ کے رونے کا علاج

یَامَتِیْنُ کی خاصیت یہ بھی ہے کہ اگر شیر خوار بچہ دودھ چھڑا دینے کے بعد ہر وقت روتا رہے اور کسی طرح اسے صبر نہ آئے تو ایسی صورت میں یہ اسم پاک گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور بچہ کو پلائیں ان شاء اللہ بچہ سکون محسوس کرے گا اور اس کے رونے کی عادت ختم ہو جائے گی۔

جو بچہ روتا ہو دودھ نہ پیتا ہو

جو بچہ دودھ پینے پر آمادہ نہ ہوتا ہو یا بلاوجہ روتا رہتا ہو اس کے گلے میں یہ آیات لکھ کر ڈالیں ان شاء اللہ رونا دھونا بھی بند ہو جائے گا اور بچہ دودھ بھی پینے لگے گا:

وَهٰذَا كِتٰبٌ مُّصَدِّقٌ لِّسَانًا عَرَبِيًّا لِّيُنْذِرَ الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا ۖ وَبُشْرٰى لِلْمُحْسِنِيْنَ ﴿۱۲﴾ اِنَّ الَّذِيْنَ قَالُوْا رَبُّنَا اللّٰهُ ثُمَّ اسْتَقَامُوْا فَلَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلَا هُمْ يَحْزَنُوْنَ ﴿۱۳﴾ اُولٰٓئِكَ اَصْحٰبُ الْجَنَّةِ خٰلِدِيْنَ فِيْهَا ۚ جَزَآءً بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۱۴﴾ (سورۃ الاحقاف)

بچے کے رونے کے لئے

بچہ اگر بہت روتا ہو تو یہ آیت مبارکہ:

شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ ۭ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ﴿۱۸﴾ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ ۗ (سورۃ آل عمران)

لکھ کر گلے میں اس طرح ڈالیں کہ نقش ہر وقت سینے پر رہے سوتے وقت خود اس کے سینے پر کر دیا کریں۔

بچہ خواب میں ڈرتا ہو

اگر بچہ خواب میں ڈر کر روتے ہوئے بیدار ہو جاتا ہو یا سوتے سوتے گھبرا کر زور سے ہلتا ہو تو اس پر تین دفعہ آیت الکرسی پڑھ کر دم کریں پہلی دفعہ سات بار دوسری دفعہ گیارہ بار اور تیسری دفعہ اکیس بار۔

ان شاء اللہ دو روز ایسا کرنے سے بچہ کا خواب میں ڈرنا ختم ہو جائے گا۔

اگر بچہ جاگتے ہوئے اچانک ڈر جاتا ہو

بعض بچے کسی ایک دیوار یا چھت کی طرف دیکھ کر ڈرنے لگتے ہیں یا کسی خاص کمرے میں جاتے وقت ڈر جاتے ہیں یا بعض بچے پورے گھر میں سے کسی ایک دیوار وغیرہ کو زیادہ دیر تک ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے چلے جاتے ہیں ایسے تمام بچوں کو کسی ماہر معالج سے دم کروانا ضروری ہے اگر کوئی ماہر دیندار عامل میسر نہ ہو تو:

(۱) اس گھر میں اکیس دن تک روزانہ اونچی آواز میں سورۃ البقرۃ پڑھی جائے

(۲) گھر کے چاروں کونوں میں کوئی مرد تین بار نیم بلند آواز میں اذان کہے اور بچے کو سورۃ البقرہ کا دم کیا ہوا پانی اکیس روز تک پلاتے رہیں اور روزانہ یا کم از کم ہفتہ میں دو بار (سردیوں میں) اس پانی سے غسل دلاتے رہیں۔

سورۃ البقرہ کا جس پانی پر دم شروع کیا جائے وہ پانی ختم نہ ہونے دیں بلکہ جتنا استعمال کریں اسے دوبارہ بھر لیا کریں اس سے اکیس دن کی تلاوت کی برکات اس میں اکٹھی ہو جائیں گی۔

بچہ اگر روتا ہو

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس اور أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ

مَا خَلَقَ ایک مرتبہ لکھ کر بچہ کے گلے میں ڈالیں یا دم کریں۔

بچہ کے رونے کو ختم کرنے کے لئے

اگر کوئی بچہ ایام طفولیت میں اپنی والدہ کو تنگ کرتا ہو اور کثرت سے روتا ہو تو اس کی ماں کو چاہیے کہ سورۃ عبس کو گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچہ کو سات یوم تک پلانے سے اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے بچہ کا رونا دھونا ختم ہو جائے گا۔

بچہ کا ڈر دور کرنے کے لئے

اگر کسی معصوم بچے کو ڈر لگتا ہو تو سورۃ القریش کو سات روز تک روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی بچے کو پلائیں اللہ عزوجل کے فضل و کرم سے بچے کا ڈر اور خوف دور ہو جائے گا۔

بچہ کا ڈر ختم کرنے کے لئے

اگر کسی بچہ کو ڈر محسوس ہوتا ہو تو باوضو حالت میں سورۃ الفلق کو تینتیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی ڈرنے والے بچہ کو پلائیں اللہ عزوجل اس بچے کا ڈر ختم کر دے گا اس عمل کو سات روز جاری رکھنا چاہیے۔

اگر بچہ رات میں ڈرتا یا چونکتا ہو

تو سورۃ العصر بسم اللہ سمیت لکھ کر موم جامہ کر کے بچے کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ بچہ دن رات آرام سے رہے گا۔

بچے کے رونے اور ڈرنے کے لئے

نماز عشاء کے بعد سورۃ آل عمران کی آیت نمبر 18 اور سورۃ البقرہ کی آخری دو آیتیں تین مرتبہ پڑھ کر بچوں پر دم کریں نظر بد وغیرہ سے بھی حفاظت ہوگی اور شیطانی اثرات کا بھی

خاتمہ ہوگا۔

رونے والے بچوں کو سلانے کے لئے

مندرجہ ذیل آیات لکھ کر تکیہ میں رکھیں جب تک رہیں گی نہ جاگے گا:

وَلَبِثُوْا فِیْ كَهْفِهِمْ ثَلٰثَ مِائَةٍ سِنِیْنَ وَازْدَادُوْا تِسْعًا﴿۲۵﴾...الکہف

وَتَحْسَبُهُمْ اَیْقَاظًا وَّهُمْ رُقُوْدٌ ۖ وَّنُقَلِّبُهُمْ ذَاتَ الْیَمِیْنِ وَذَاتَ الشِّمَالِ ۖ وَكَلْبُهُمْ بَاسِطٌ ذِرَاعَیْهِ بِالْوَصِیْدِ ؕ لَوِ اطَّلَعْتَ عَلَیْهِمْ لَوَلَّیْتَ مِنْهُمْ فِرَارًا وَّلَمُلِئْتَ مِنْهُمْ رُعْبًا﴿۱۸﴾...الکہف

هَلْ تُحِسُّ مِنْهُمْ مِّنْ اَحَدٍ اَوْ تَسْمَعُ لَهُمْ رِكْزًا﴿۹۸﴾...مریم

بچہ خوف زدہ رہتا ہو

تعویذ میں سورۃ القریش لکھ کر گلے میں لٹکائیں۔

بچہ کا نیند میں چلنا

سورۃ الفاتحہ سورۃ الاخلاص سورۃ القریش تین تین مرتبہ پانی پر دم کریں اور رات کو سونے سے پہلے وہ پانی پلائیں اور یہ عمل تین دن تک کرائیں اور ایک تعویذ دیں جس میں لکھیں:

هُوَ الَّذِیْ یُسَیِّرُكُمْ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ ؕ حَتّٰۤی اِذَا كُنْتُمْ فِی الْفُلْكِ ۚ وَجَرَیْنَ بِهِمْ بِرِیْحٍ طَیِّبَةٍ وَّفَرِحُوْا بِهَا ﴿۲۲﴾ ....یونس

لکھیں، اور یہ تعویذ تین دن کے بعد اتار کر پانی میں ابال کر پلائیں۔

بچہ کی بدخوئی اور ضد کا علاج

اگر بچہ بہت ضدی اور بدخو ہو گیا ہو تو درج ذیل آیت اکتالیس بار پڑھ کر روزانہ اسے

بھی دم کریں اور کشمش بھی دم کیا کریں۔اور اس کشمش میں پانچ یا سات دانے روزانہ اسے کھلا دیا کریں ان شاء اللہ اس کی ہٹ دھرمی اور ضد ختم ہوجائے گی:

وَلَيْسَ الذَّكَرُ كَالْأُنْثَىٰ ۖ وَإِنِّي سَمَّيْتُهَا مَرْيَمَ وَإِنِّي أُعِيذُهَا بِكَ وَذُرِّيَّتَهَا مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيمِ ﴿٣٦﴾ (آل عمران)

فائدہ:

صاحب جامع الوظائف فرماتے ہیں کہ:

بچوں کی ضد اور ہٹ دھرمی میں آج کل بچوں کا قصور کم اور ماں باپ کا قصور زیادہ ہے، ماں باپ بچوں کی ہر جائز وناجائز فرمائش اور خواہش پوری کرتے ہیں بلکہ اسی غلط مقصد کی خاطر آمدن میں حلال وحرام کی تمیز بھی اٹھا دیتے ہیں اس سے بچہ اتنا بگڑ جاتا ہے کہ وہ ''نہ'' سننے کا عادی نہیں رہتا۔چناں چہ اس کی کوئی بات رد کرتے ہیں کوئی فرمائش پوری نہیں کرتے یا اس کی مرضی کے خلاف اسے کوئی کام کہتے ہیں تو وہ اکڑ جاتا ہے اپنے ہاتھوں سے پہلے بگاڑ کر پھر تعویذوں، دعاؤں اور پھونکوں کے چکر میں پڑنا دانشمندی سے بعید چیز ہے بچوں کے ساتھ طرز عمل وہ اختیار کریں جس سے ظاہر ہو کہ آپ ماں باپ ہیں آپ کا ان پر حکم بھی چلتا ہے اور ان کے لئے بھلے برے کا فیصلہ آپ کرتے ہیں نہ کہ بچہ پیدا ہوتے ہی اپنے فیصلہ خود کرنے لگ جائیں۔

دوسری خرابی ہمارے معاشرتی سیٹ اپ کی مجموعی تربیت بالخصوص تعلیمی اداروں کی ہے وہ بچوں کو ''بولڈ'' بناتے بناتے ہر بات پر ''نو'' کرنے کا اتنا عادی کر دیتے ہیں کہ ہمارا بچہ مسٹر نو بن کر رہ جاتا ہے بیٹا یہ کھالو؟ نو۔ بیٹا یہ لے لو؟ نو بیٹا انکل کی طرف چلیں؟ نو۔ بیٹا پڑھ لو؟ نو۔ بچہ بولڈ کرنے کا شوق تو پال لیا لیکن اس کی نو کو سنبھالتے وقت ہماری سانسیں پھولنے لگتی ہیں۔حقیقت یہ ہے کہ یہ خرابی بچے کی پیدائشی یا فطری نہیں بلکہ ہماری تربیت کی کمی اور کجی نے ہمیں یہ دن دکھایا ہے اپنے ہاتھ پر خود ہی چاقو مار کر ڈاکٹر کے پاس جانا اور واپس آ کر پھر چاقو

مار لینا کہاں کا عقلمندانہ شیوہ ہے؟

بچوں کی ضد کا علاج

یَامُقِیْتُ بچوں کی ضد ختم کرنے کے لئے بہت اکسیر ہے اس لئے اگر کسی کا بچہ ضد کرتا ہو اور روتا ہو تو اسے چاہئے کہ ایک پیالہ لے کر اس میں پانی ڈال کر اس پر اس اسم کو پانچ سو پچاس مرتبہ پڑھے اور بچہ کو پلائیں سات روز تک اسی طرح کریں۔ان شاء اللہ بچہ ضد چھوڑ کر خوش وخرم رہنے لگے گا۔

بچوں کی ضد کا تدارک

اگر چھوٹے بچے ماں باپ کے ساتھ ضد کرتے ہوں تو ان کی اس عادت کی اصلاح کے لئے یَاخَالِقُ کو ایک ہزار مرتبہ پڑھا جائے اور پانی پر دم کر کے ضدی بچوں کو پلایا جائے تو اللہ کی مہربانی سے بچے ضد کرنا چھوڑ دیں گے، اس عمل کو سات یوم تک کیا جائے۔

بچوں کی بری عادات چھڑانے کے لئے

یاودود نوسو ساٹھ مرتبہ اول وآخر ترپن مرتبہ مذکورہ آیات پڑھیں:

اِنَّهٗ هُوَ يُبْدِئُ وَيُعِيْدُ ﴿۱۳﴾ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿۱۴﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿۱۵﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿۱۶﴾ (سورۃ البروج)

پھر دم کریں ان شاء اللہ چند یوم میں ایک خصلت ہو جائے گا۔

بچوں کو اگر نیند نہ آئے

بِسْمِ اللهِ اَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّاتِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَّحْضُرُوْنِ

لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بچہ اگر سوتا نہ ہو

تو اس پر یَا لَطِیْفُ سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

بچہ اگر نشہ کا عادی ہو

جو بچے بے راہ رو ہوں نشے کے عادی ہوں ان کی اصلاح کے لئے 21 مرتبہ سفید کاغذ پر یَا هَادِیُ لکھیں اور پانی میں گھول دیں پھر اول وآخر تین تین مرتبہ درود پاک پڑھیں درمیان میں اکیس مرتبہ یہ اسم پاک پڑھیں اور اللہ تعالی سے یہ دعا مانگیں کہ یَا هَادِیُ فلاں بن فلاں کو برے کام سے ہدایت نصیب فرما۔ ہر روز اس دعا کو مانگنے کے بعد پانی اس بے راہ رو کو پلائیں ان شاء اللہ بیس دن تک یہ عمل کرنے سے اثر عظیم ظاہر ہوگا۔ بچے کو بے راہ روی سے نفرت ہو جائے گی۔ اللہ تعالی اسے ہدایت عطا فرمائے گا۔

بچہ کی بداخلاقی کا علاج

جو بچہ بداخلاق ہو اور اسے چھوٹے بڑے کی تمیز نہ ہو، گھر میں والدین کے ساتھ گستاخانہ رویہ رکھتا ہو اور ماں باپ اس کے اخلاقی رویہ سے تنگ ہوتو گھر کے کسی فرد کو چاہئے کہ اس اسم یَا حَلِیْمُ کو گیارہ دن تک آٹھ ہزار آٹھ سو مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے اسے پلائے ان شاء اللہ چند دنوں میں اس کی طبیعت میں نرمی آجائے گی اور اس کا اخلاق درست ہونے لگے گا۔

بچوں کے نیک وصالح ہونے کے لئے

اگر کسی شخص کے بچے برے کاموں میں ملوث ہوں اور وہ سمجھانے پر بھی اپنے برے کام ترک نہ کرتے ہوں تو اسے چاہئے تو اسے چاہئے کہ وہ سورۃ الشّمس کو چالیس روز تک روزانہ ستائیس مرتبہ پڑھے اللہ رب العزت اپنے کلام پاک کی برکت سے اولاد کو نیک وصالح

بنادے گا۔

اگر بچے بدزبان ہوں

اگر بچے بدزبان ہوں تو اکتالیس مرتبہ سورۃ الشمس کو پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی اسے پلایا جائے ان شاء اللہ العزیز بدزبانی ختم ہوجائے گی اور بچہ کردار و سیرت کا بھی نیک ہوجائے گا۔

بچے اگر بدتمیز ہوں

بچوں کی بدتمیزی اور نافرمانی کا سبب عموماً والدین کے گناہ ہوتے ہیں اللہ تعالیٰ کے ساتھ اپنا معاملہ درست کریں اور تین بار سورۃ الفاتحہ پانی پر دم کر کے بچے کو پلائیں۔

گستاخ بچوں کے لئے

روزانہ صبح وشام یَاهَادِیُ یَانَصِیْرُ تین سو تیرہ بار پڑھیں اول وآخر سات مرتبہ درود شریف۔

بچوں کی شرارت ختم کرنا

سورۃ التغابن تین مرتبہ صبح وشام پڑھ کر بچے پر دم کریں۔

چیچک اور خسرہ سے حفاظت کے لئے

اگر یہ آیت کسی کے گلے میں ڈال دیں تو اسے خسرہ اور چیچک نہیں نکلے گی:

بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾ (سورۃ الانعام)

چیچک اور خسرہ کے خاتمہ کے لئے

اور اگر کسی کو خسرہ یا چیچک نکل آیا ہو تو یہی آیت مبارکہ (جو اوپر گذری) لکھ کر اس کا پانی پلانے سے چیچک اور خسرہ ختم ہو جائے گا۔

چیچک، خسرہ، موتی جھالا

اگر چیچک یا خسرہ نہ نکلی ہو تو ان شاءاللہ نہ نکلے گی لکھ کر گلے میں باندھے، اور اگر نکل آئی ہو تو چینی کی رکابی پر لکھ کر زمزم کے پانی میں اگر نہ ملے تو بارش کے پانی اور یہ بھی نہ ملے تو تازہ پانی سے دھو کر پلائیں ان شاءاللہ صحت کامل ہو دعا یہ ہے:

بسم الله الرحمن الرحيم بَلْ اِيَّاهُ تَدْعُوْنَ فَيَكْشِفُ مَا تَدْعُوْنَ اِلَيْهِ اِنْ شَآءَ وَتَنْسَوْنَ مَا تُشْرِكُوْنَ ﴿۴۱﴾

(سورۃ الانعام)

بچوں کی پسلیوں میں درد ہو

جس بچہ کی پسلی میں درد ہوتا ہو تو ایک ہزار مرتبہ یَامَجِیْدُ پڑھ کر روئی کے اوپر دم کر کے روئی درد والی جگہ پر باندھیں ان شاءاللہ اللہ کی رحمت سے ختم ہو جائے گا اور بچہ کو بہت فائدہ ہوگا۔

بچوں کا دل پڑھائی میں لگنے کے لئے

ماں باپ کو اکثر شکایت ہوتی ہے ان کی اولاد پڑھتی نہیں اور نہ ہی پڑھنے میں کوئی دلچسپی لیتی ہے ایسے بچوں کا دل و دماغ پڑھائی میں لگانے کے لئے یَاعَلِیْمُ کو روزانہ سو مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں اور چالیس دن تک یہی عمل کریں ان شاءاللہ بچوں کا دل پڑھنے کی طرف مائل ہو جائے گا۔

بچہ کو اگر سبق یاد نہ ہوتا ہو

اگر کسی بچہ کی قوت حافظہ کم ہو اس کے لئے یَامُحْصِیُ کا ورد بہت مفید ہے اور اس مقصد کے لئے اس کی تعداد چودہ سو اسی مرتبہ روزانہ اکتالیس دن تک پڑھنا ہے جو بچہ خود نہ پڑھ سکتا ہو اسے خود پانی پر پڑھ کر دم کر کے پلائیں ان شاء اللہ قوت حافظہ میں زیادتی ہوگی اور اگر بچہ کو سبق یاد نہ ہوتا ہو تو سبق بڑی آسانی سے یاد ہونے لگے گا اور یہ اسم مبارک مرض نسیان کو دفع کرنے کے لئے انتہائی پر اثر ہے اس کو بکثرت پڑھنے سے یادداشت تیز ہو جاتی ہے اور بھولنے کی عادت ختم ہو جاتی ہے۔

بچہ کا حافظہ تیز ہو

اگر کسی بچہ کا حافظہ تیز کرنا مقصود ہو تو اسے یَابَاقِیُ کا تعویذ پانی میں ڈال کر گیارہ یوم تک پلائیں ان شاء اللہ اس کا حافظہ تیز ہو جائے گا۔

بچہ تعلیم میں دلچسپی لینے لگے

جو شخص چاہے کہ اس کے بچے تعلیم میں دلچسپی لیں تو اسے چاہئے کہ وہ بروز جمعہ سورۃ البقرۃ کی ایک مرتبہ تلاوت کرے اور مسلسل سات جمعہ تک اس عمل کو جاری رکھے اللہ عزوجل کے کرم سے اس کے بچہ پڑھائی میں دلچسپی لینے لگیں گے۔

بچوں کے درمیان باہمی پیار و محبت کے لئے

جس گھر کے افراد سورۃ النساء کی تلاوت کو اپنا معمول بنا لیتے ہیں اس گھر کا ماحول صحیح رہتا ہے اور بچوں کے درمیان بھی باہمی پیار و محبت فروغ پاتا ہے۔

بچہ کا حافظہ کمزور ہو

اگر کسی بچہ کا حافظہ کمزور ہو، اور اسے سبق یاد نہ رہتا ہو یا بھول جانے کا عارضہ لاحق ہو جس کی وجہ سے اکثر پریشانی کا سامنا کرنا پڑتا ہو تو ایسی صورت میں سورۃ بنی اسرائیل کو تین مرتبہ پڑھیں اور پانی میں زعفران گھول کر پانی دم کر کے بچہ کو پلائیں اللہ عزوجل کی مہربانی سے حافظہ کی کمزوری دور ہو جائے گی اور یادداشت بہتر ہو جائے گی۔

ذہانت کے لئے

اگر کند ذہن بچے کو صبح تازہ روٹی پر سات مرتبہ یااللہ لکھ کر کھلائیں اور حسب ضرورت یہ عمل سات، گیارہ، اکیس دن کریں، تو اللہ کے فضل و کرم سے بچہ کا ذہن کھل جائے گا۔

بچے کی دماغی قوت و طاقت اور صلاحیتوں میں اضافہ کے لئے

دن میں کسی وقت یَاوَاسِعَ الْعَطَاءِ وَالْکَرَمِ سو مرتبہ، اول و آخر چند بار درود شریف، پڑھ کر بچے کو کسی چیز پر دم کر کے کھلائیں یا پلائیں۔

بچے کے عالم دین بننے کے لئے

دینی علوم کا حصول اللہ رب العزت کی نعمتوں میں سے ایک بڑی نعمت ہے، لہذا جس بچہ کے والدین یہ چاہتے ہوں کہ ان کا بیٹا عالم دین بنے تو اسے چاہئے کہ وہ سورۃ العلق کو چالیس روز تک روزانہ سو مرتبہ پڑھیں اور اپنے بیٹے کے حق میں دینی علوم کے حصول کی دعا اللہ عزوجل اس بچے کا ذہن حصول علم کے لئے کھول دے گا اور اسے علم کی دولت سے نوازے گا۔

بچہ یا بچی کا حافظہ کمزور ہو

کسی بچے یا بچی کا حافظہ کمزور ہوتو زعفران میں عرق گلاب ڈال کر روشنائی تیار کریں اور چالیس کاغذوں پر سورۃ الانشراح لکھ کر روزانہ ایک کاغذ پانی میں گھول کر اسے نہار منہ پلائیں۔ان شاءاللہ حافظہ اتنا پختہ ہوگا کہ ایک بار کوئی بات سننے یا پڑھنے سے یاد ہوجائے گی۔

بچہ یا بچی کا ذہن کمزور ہو

اگر بچہ یا بچی کند ذہن ہواور سبق یاد نہ ہوتا ہو یا یاد کر کے بھول جاتا ہوتو باوضو ہوکر عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے اس سے پوری سورۃ الاسراء لکھیں اور پانی میں گھول کر روزانہ بچے کو پلائیں ان شاءاللہ تعالی اس کا ذہن کھل جائے گا اور حافظہ بحال ہوجائے گا۔

بچہ یا بچی کند ذہن ہو

اگر بچہ یا بچی کند ذہن ہوتعلیم میں پیچھے رہ جاتا ہو بات آسانی سے سمجھ نہ سکتا ہو ہر بات جلدی بھول جاتا ہوتو سات دن متواتر صبح طلوع آفتاب کے وقت سات سو چھیاسی بار پانی پر دم کرے نہار منہ اس کو ایک گلاس پانی پلائیں ان شاءاللہ سات دن میں اس کے حافظہ کی گرہیں کھل جائیں گی، یادداشت اچھی ہوجائے گی اور درسی کتب کو سمجھنے میں اس کی دقت ودشواری دور ہوجائے گی۔

نوٹ:

پانی فجر کی نماز کے فورا بعد دم کر کے تیار کرلیں تا کہ طلوع آفتاب کے وقت پلاسکیں۔

بچہ اگر کند ذہن ہو

اگر کسی بچہ کا ذہن کند ہو یا نسیان کا مرض لاحق ہواور وہ بھول جانے کی عادت میں مبتلا ہو ایسی صورت میں طاق دنوں کے حساب سے یعنی پانچ دن، سات دن، گیارہ دن یا اکیس دن

ہر روز صبح نہار منہ تازہ پکی ہوئی روٹی پر باوضو حالت میں سات مرتبہ شہادت کی انگلی سے یا اللہ لکھیں اور بچہ کو کھلائیں ان شاء اللہ بھولنے کا عارضہ جاتا رہے گا اور ذہن میں وسعت پیدا ہوجائے گی۔

بچہ اگر پڑھائی سے بھاگتا ہو

جو بچے پڑھائی میں دل لگا کر نہ پڑھتے ہوں بلکہ بھاگتے ہوں ان کے والدین یَارَحْمٰنُ کو گیارہ روز تک روزانہ 1788 مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے بچہ کو پلائیں ان شاء اللہ بچوں کا دل پڑھائی میں لگنے لگے گا اور بچے پڑھائی میں ہشیار ہوجائیں گے۔

بچوں میں اچھے اخلاق پیدا کرنا

اپنے بچوں میں اچھے اخلاق پیدا کرنے کے لئے یَاقُدُّوْسُ کو مہینہ میں ایک بار جمعہ کے روز گیارہ سو مرتبہ پڑھیں اور پانی پر دم کر کے بچوں کو پلائیں ان شاء اللہ قدرتی طور پر ان میں اچھے اخلاق پیدا ہوں گے اور برائیوں سے دور رہیں گے، سب بڑے لوگ ایسے بچوں کو پیار کی نگاہ سے دیکھیں گے اور بڑے ہو کر محبوب خلائق رہیں گے اور ان کا کردار پاک صاف رہے گا۔

بچہ کا سینہ پڑھائی کے لئے کشادہ ہو

جو بچہ پڑھائی میں بالکل دلچسپی نہ لیتا ہو اس کے سرہانے خاموشی سے بیٹھ کر جب گہری نیند سو رہا ہو تو اکتالیس مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھیں اور اس عمل کو چالیس روز تک جاری رکھیں اور پڑھائی کے بعد پانی پر دم کر کے اسے رکھ لیں اور صبح کے وقت وہ پانی بچہ کو پلائیں اور بارگاہ الٰہی میں اس کے حق میں دعا کریں اللہ عزوجل بچہ کے سینہ کو پڑھائی کے لئے کشادہ کرے گا۔

بچوں کی آنکھوں کی مستقل حفاظت کے لئے

بچوں کی نظر کی کمزوری یا آنکھوں کی مختلف بیماریوں سے بچانے کے لئے ایک کام کریں زندگی بھر کام آئے گا۔

(ا) گھر میں خالص سرمہ منگا کر رکھیں اور خود بھی روزانہ سرمہ لگانے کی سنت زندہ کریں اور بچوں کو بھی اس سنت کے زندہ کرنے کی ترغیب دیں اول تو سرمہ کو اس نیت سے استعمال میں لانا کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سنت ہے یہی ہماری آنکھوں کو برکات وانوار سے معمور کرنے کے لئے کافی ہے لیکن اس میں آپ نے ایک کام اور کرنا ہے جو اسے نور علی نور بنادے گا۔

وہ یہ ہے کہ ایک لونگ ٹوپی دار جس میں دانہ بھی موجود ہو لے کر اس پر

اَللّٰهُ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ مَثَلُ نُوْرِهٖ كَمِشْكٰوةٍ فِیْهَا مِصْبَاحٌ ؕ اَلْمِصْبَاحُ فِیْ زُجَاجَةٍ ؕ اَلزُّجَاجَةُ كَاَنَّهَا كَوْكَبٌ دُرِّیٌّ یُّوْقَدُ مِنْ شَجَرَةٍ مُّبٰرَكَةٍ زَیْتُوْنَةٍ لَّا شَرْقِیَّةٍ وَّلَا غَرْبِیَّةٍ ۙ یَّكَادُ زَیْتُهَا یُضِیْٓءُ وَلَوْ لَمْ تَمْسَسْهُ نَارٌ ؕ نُوْرٌ عَلٰی نُوْرٍ ؕ یَهْدِی اللّٰهُ لِنُوْرِهٖ مَنْ یَّشَآءُ ؕ وَیَضْرِبُ اللّٰهُ الْاَمْثَالَ لِلنَّاسِ ؕ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ ۟ۙ فِیْ بُیُوْتٍ اَذِنَ اللّٰهُ اَنْ تُرْفَعَ وَیُذْكَرَ فِیْهَا اسْمُهٗ ۙ یُسَبِّحُ لَهٗ فِیْهَا بِالْغُدُوِّ وَالْاٰصَالِ ۟ۙ رِجَالٌ ۙ لَّا تُلْهِیْهِمْ تِجَارَةٌ وَّلَا بَیْعٌ عَنْ ذِكْرِ اللّٰهِ وَاِقَامِ الصَّلٰوةِ وَاِیْتَآءِ الزَّكٰوةِ ۙ یَخَافُوْنَ یَوْمًا تَتَقَلَّبُ فِیْهِ الْقُلُوْبُ وَالْاَبْصَارُ ۟ۙ لِیَجْزِیَهُمُ اللّٰهُ اَحْسَنَ مَا عَمِلُوْا وَیَزِیْدَهُمْ مِّنْ فَضْلِهٖ ؕ وَاللّٰهُ یَرْزُقُ مَنْ یَّشَآءُ بِغَیْرِ حِسَابٍ ۟ وَالَّذِیْنَ كَفَرُوْۤا اَعْمَالُهُمْ كَسَرَابٍۭ بِقِیْعَةٍ یَّحْسَبُهُ الظَّمْاٰنُ مَآءً ؕ حَتّٰۤی اِذَا جَآءَهٗ لَمْ یَجِدْهُ شَیْـًٔا وَّوَجَدَ اللّٰهَ عِنْدَهٗ فَوَفّٰىهُ حِسَابَهٗ ؕ وَاللّٰهُ سَرِیْعُ الْحِسَابِ ۟ۙ اَوْ كَظُلُمٰتٍ فِیْ بَحْرٍ لُّجِّیٍّ

يَّغْشٰىهُ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ مَوْجٌ مِّنْ فَوْقِهٖ سَحَابٌ ؕ ظُلُمٰتٌۢ بَعْضُهَا فَوْقَ بَعْضٍ ؕ اِذَاۤ اَخْرَجَ يَدَهٗ لَمْ يَكَدْ يَرٰىهَا ؕ وَمَنْ لَّمْ يَجْعَلِ اللّٰهُ لَهٗ نُوْرًا فَمَا لَهٗ مِنْ نُّوْرٍ ﴿۴۰﴾ (سورۃ النور)

فَكَشَفْنَا عَنْكَ غِطَآءَكَ فَبَصَرُكَ الْيَوْمَ حَدِيْدٌ ﴿۲۲﴾

(سورۃ ق)

پوری آیت اکیس بار دم کر کے یہ لونگ سرمہ دانی میں رکھ دیں اور اسی سرمہ دانی میں سے گھر کے سب لوگ سرمہ لگایا کریں مہینہ گزرنے کے بعد ایک اور لونگ لے کر اس پر یہی دونوں آیات پڑھ کر سرمہ دانی میں ڈال دیں اور پہلی لونگ نکال لیں ان شاء اللہ یہ عمل نہ صرف آنکھوں کی بیماریوں سے محفوظ رکھے گا بلکہ اگر گھر میں سے کسی کی بینائی کمزور ہوگئی ہے تو کچھ عرصہ میں اس کی عینک بھی اتروادے گا۔ اعتقاد اور عمل کی پابندی شرط ہے۔

فائدہ:

صاحب جامع الوظائف لکھتے ہیں: آج کل ٹی وی، کمپیوٹر، انٹرنیٹ کی آفتوں نے اور ہماری غذائی اجناس میں ملے زہریلے مواد نے ہماری آئندہ نسل کو بچپن ہی سے عینکیں پہنادی ہیں اس لئے آج کل معالجے کی ضرورت پہلے سے زیادہ کہیں بڑھ گئی ہے بچوں کو ٹی وی اور کمپیوٹر سے بھی جتنا ممکن ہو دور کریں اور موبائل میسجنگ سے بھی روکنے کی کوشش کریں کیوں کہ ٹی وی، مانیٹر اور موبائل کی ایل سی ڈی سے اٹھنے والی شعاعیں براہ راست آنکھوں کی بینائی پر حملہ آور ہوتی ہے۔

آنکھ کا زخم

ذرا سا پانی لے کر اس پر سات مرتبہ سورۃ القدر پڑھیں اور رات کو سوتے وقت پانی کے چند قطرے آنکھ میں ڈالیں اور وہ دونوں شہادت کی انگلیاں اس میں تر کر کے آنکھوں پر آہستہ سے ملے تین دن تک یہ عمل کریں۔ اگر میڈیکل اسٹور سے عرق گلاب لیا جائے اور اس

پر یہ عمل کیا جائے تب بھی مفید ہے۔

آنکھ کا سرخ ہوجانا

یَابَصِیْرُ اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور آنکھوں میں قطرے ڈال کر اس کو اوپر سے آہستہ ملیں، دن میں تین دفعہ یہ عمل کریں ان شاء اللہ پہلے ہی دن آنکھ اللہ کے فضل وکرم سے ٹھیک ہوجائے گی اگر عرق گلاب میڈیکل اسٹور سے لے کر اس پر یہ عمل کیا جائے تو بھی بہتر ہے۔

بصارت میں اضافہ

یَابَصِیْرُ اکیس مرتبہ سورہ فاتحہ تین مرتبہ سورۃ الاخلاص تین مرتبہ پانی پر دم کریں پھر روزانہ تین تین قطرے آنکھ میں ڈالیں اور قطرے ڈالنے کے بعد آنکھیں بند کر کے اس پر دونوں ہاتھ کی شہادت کی انگلیاں رکھ دیں اور یَابَصِیْرُ اکیس مرتبہ پڑھیں اور دونوں انگلیوں کے سروں پر دم کر کے تین سیکنڈ تک دوبارہ وہیں رکھ دیں رات سوتے وقت یہ عمل کریں اور ایک ہفتہ تک کریں۔

بچہ کی اگر نظر کمزور ہوگئی ہو

اگر کسی بچہ کی نظر کمزور ہوگئی ہو تو اسے چاہئے کہ وہ بعد نماز عشاء سورۃ قیامہ پڑھے اور پانی پر دم کر کے آنکھوں پر لگائے، ان شاء اللہ اس کی نظر قائم ودائم رہے گی۔

بچوں کی سفر وحضر میں گم ہونے سے بچنے کے لئے

سفر وحضر میں بچوں پر یَارَقِیْبُ 21 مرتبہ پڑھ کر پھونک ماریں ان شاء اللہ بچے گم نہیں ہوں گے۔

بچہ یا بچی گم ہوجائیں واپسی کے لئے

اگر کسی کا بچہ یا بچی گم ہوجائے تو اس صورت میں ورثاء کو چاہئے کہ چند افراد خواہ مرد ہوں یا عورتیں ایک مقام پر بیٹھ کر یَابَاعِثُ کو سوا لاکھ مرتبہ گن کر پڑھیں ان شاء اللہ گم شدہ بچہ یا بچی

کا پتہ چل جائے گا اور وہ بخیریت اپنے گھر کسی ذریعہ سے آجائے گا اور اس وقت تک پڑھتے رہیں جب تک گم شدہ مل نہ جائے۔

اس اسم کے پڑھنے کا ایک اور طریقہ یہ بھی ہے کہ کوئی شخص بچہ یا بچی گم گئی ہو اور اس کا زندہ واپس آنا مقصود ہو تو ایسے شخص کے لواحقین کو چاہیئے کہ وہ یاباعث کا ختم شریف کریں اس ختم شریف کے لئے تین روزے مسلسل رکھے جائیں اور پھر نماز ظہر کے بعد پانچ ہزار بار یاباعث کا ورد کر کے دعا مانگی جائے ان شاء اللہ گم شدہ جلد واپس آجائے گا۔

بچہ اگر گم گیا ہو

اگر کسی کا بچہ کھو گیا ہو تو اسے چاہیئے کہ وہ شخص اور لواحقین یَامُحْصِیْ کا بکثرت ورد کریں اور ایک تعویذ گم شدہ بچے اور اس کے والدہ کا نام اور چاروں کونوں پر یا محصی لکھ کر اس نقش کو کسی درخت پر لٹکائیں ان شاء اللہ وہ کھویا ہوا جلد واپس گھر آجائے گا۔

بچہ اگر اغواء ہو گیا ہو

بچہ اگر گم یا اغواء ہو گیا ہو تو اس بچہ کی جلد بازیابی کے لئے یَاجَامِعُ کا وظیفہ کرنا انتہائی سریع الاثر نتائج کا حامل ہے، جب کوئی گم شدہ یا اغواء شدہ کی بازیابی کے لئے ورد میں لاتا ہے تو یہ اسم مبارک فوراً اثر پذیر ہوتا ہے۔ اس مقصد کے لئے باوضو ہو کر دو رکعت نماز نفل حاجت پڑھیں پھر ایک سو گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اس کے بعد سجدے میں جا کر ایک ہزار ایک مرتبہ یا جامع کا ورد کریں آخر میں پھر ایک سو گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھیں اور پھر اللہ تعالیٰ سے دعا مانگیں ان شاء اللہ مطلوبہ مقصد بہت جلد پورا ہوگا۔

بچہ اگر گھر سے بھاگ جائے

اگر بچہ گھر سے بھاگ جائے تو سورۃ الشعراء کو سات روز تک روزانہ تین مرتبہ پڑھا جائے اللہ رب العزت کے فضل و کرم سے گھر سے بھاگا ہوا کسی نہ کسی ذریعہ سے واپس

لوٹ آئے گا۔

بھاگے ہوئے بچے کی واپسی کے لئے

گھر سے بھاگنے والے بچے کی واپسی کے لئے روزانہ سورۃ یوسف پوری اور سورۃ قصص آیت نمبر 10 سے نمبر 13 تک روزانہ تلاوت کریں۔

بچہ گم گیا ہو

جس بیٹا گم گیا ہو اگر وہ پانچ ہزار بار یَاخَالِقُ کا ورد کرے تو گم شدہ واپس آجائے گا۔

اگر بچہ کی گم شدگی کا ڈر ہو

اگر سفر و حضر میں بچوں کی طرف سے فکر ہو تو اس کی گردن پر ہاتھ رکھ کر سات مرتبہ یارقیب پڑھیں ان شاء اللہ بچہ گم شدگی سے محفوظ رہے گا۔

بچہ اگر گم گیا ہو

یَامُعِیْدُ لکھ کر گم شدہ کا نام لکھیں اور واشنگ مشین میں ڈال کر کم از کم پانچ منٹ الٹی طرف گھمائیں بغیر پانی کے یا یہ عمل کریں کہ جب گھر کے سارے افراد سو جائیں تو گھر کا ایک فرد گھر کے چاروں کونوں میں اکتالیس اکتالیس مرتبہ یامعید پڑھے یعنی ہر کونے میں اکتالیس مرتبہ پڑھے ان شاء اللہ ایک ہفتہ میں گم شدہ مل جائے گا۔

بچہ کو بلوغت تک امن میں رکھنا

جو شخص سات مرتبہ یَابَرُّ پڑھ کر بچہ پر دم کر کے اللہ کے سپرد کرے تو وہ بچہ بلوغت تک امن میں رہے گا۔

بچہ کے ہشاش بشاش رہنے کے لئے

اگر بچہ کثرت سے روتا ہو تو سورۃ الرعد پڑھ کر اس پر دم کریں بچہ ہشاش بشاش رہے گا۔

بچہ کی زبان میں لکنت ہو

اگر کسی بچہ کی زبان میں لکنت ہے اور وہ بات کرنے میں اٹکتا ہے یا بات کرتے وقت اس کی زبان پھرتی ہے تو عرق گلاب میں زعفران کو حل کر کے پاک کاغذ پر سورۃ بنی اسرائیل کو لکھیں اور وہ پانی سے گھول کر روزانہ بچے کو پلائیں تو کچھ عرصہ بعد اللہ کے فضل وکرم سے بچہ کی زبان کی لکنت ختم ہو جائے گی۔

زبان کی لکنت دور کرنے کے لئے

نمک کے اوپر سورۃ القریش سورۃ الکوثر سورۃ الکافرون تین تین مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور وہ کھلائیں۔

زبان کی لکنت دور کرنا

نمک پر سورۃ التکویر مکمل، سورۃ الطارق، سورۃ القدر ایک ایک مرتبہ اور سورۃ القریش سورۃ الاخلاص آیۃ الکرسی تین تین مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کر کے چوبیس گھنٹوں میں استعمال کریں اور پانی پر دم کر کے پلائیں۔

اگر بچہ صرف گونگا ہو

اگر کوئی بچہ صرف گونگا ہو تو یَاحَمِیْدُ اسم باری تعالیٰ لکھ کر گھول کر پلائیں ان شاء اللہ زبان سے صاف باتیں کرنے کرے گا۔

بچوں کے بولنے میں تاخیر

بعض بچے بولنے میں دیر کر دیتے ہیں اگر بچے کہ کے کان صحیح سنتے ہیں تو بچہ پیدائشی گونگا نہیں ہے اور اگر ایسا بچہ تین چار سال کا ہو جائے اور بولنا شروع نہ کرے تو یہ فکر والی بات ہے ایسے بچہ کو روزانہ سورۃ الحدید کی پہلی پانچ آیات زعفران سے لکھ کر اس کا پانی پلایا جائے صبح

تک یہ پانی تیار کر کے روزانہ شام تک اس بار بار تھوڑا تھوڑا پانی پلاتے رہیں کہ کے دودھ اور دوسری پینے کی چیزوں میں بھی مکس کریں اور جب تک بولنا شروع نہ کرے یہ عمل جاری رکھیں۔

توتلا پن

سورۃ الفاتحہ، سورۃ التین، سورۃ الانشراح، سورۃ الاخلاص، ایک ایک مرتبہ پڑھ کر نمک پر دم کریں اور وہ نمک تین دن استعمال کرائیں۔

بچہ کو الٹیاں اور دست ہوں

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس لکھ کر تین دن گلے میں لٹکائیں۔

بچہ کو الٹیاں ہوں

سورۃ فاتحہ سورۃ اخلاص، سورۃ التین، تین تین مرتبہ پڑھ کر اگر بچہ چھوٹا ہے تو پانی پر دم کریں اور اس دم شدہ پانی سے تھوڑا سا پانی لے کر اس سینہ اور سر پر ملے، اور اگر بڑا ہو تو میٹھی چیز پر بھی دم کر کے کھلائیں اور پانی پلائیں۔

ہیضہ کا علاج

سورۃ القریش، سورۃ الکوثر، سورۃ الاخلاص، تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور وہ پانی دن میں تین بار پلائیں اور ایک تعویذ دیں جس میں یہ آیات لکھیں:

وَهُوَ الْغَفُوْرُ الْوَدُوْدُ ﴿١٤﴾ ذُو الْعَرْشِ الْمَجِيْدُ ﴿١٥﴾ فَعَّالٌ لِّمَا يُرِيْدُ ﴿١٦﴾ هَلْ اَتٰىكَ حَدِيْثُ الْجُنُوْدِ ﴿١٧﴾ فِرْعَوْنَ وَثَمُوْدَ ﴿١٨﴾ بَلِ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا فِيْ تَكْذِيْبٍ ﴿١٩﴾ ۔۔۔۔سورۃ البروج۔

تعویذ تین دن بعد اتار کر پانی میں ڈالیں اور آگ پر ابالیں اور اس سے نہلائیں۔

ہیضہ کے لئے

سورۃ القریش سورۃ الکوثر، سورہ الاخلاص، تین تین مرتبہ آیۃ الکرسی ایک مرتبہ پانی پر دم کر کے پلائیں۔

پیٹ کے کیڑوں کا علاج

ایک پاؤ شہد میں ایک لیمو نچوڑ کر، اس پر سورۃ الزلزال سورۃ الکوثر، سورۃ الاخلاص، ایک ایک مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور رات کو سوتے وقت اور صبح نہار منہ ایک ایک چمچ دیا کریں تین دن تک یہ عمل کریں ان شاء اللہ عمر بھر کے لئے پیٹ کے کیڑوں کی شکایت کا سامنا نہ کرنا پڑے گا۔

بچہ کا پیٹ خراب ہو

پیٹ کی تمام بیماریوں کے لئے باوضو سورۃ ق کو لکھیں اور پانی میں گھول کر چند دن وہ پانی پلائیں ان شاء اللہ پیٹ کی تمام بیماریوں سے نجات حاصل ہوگی۔

بچوں کے پیٹ کے امراض کے لئے

سورۃ البلد کی پڑھائی پیٹ کے امراض مثلاً پیچش وغیرہ کے لئے بے حد مفید ہے۔

بچہ کا اگر پیٹ خراب ہو

بچہ اگر پیٹ کے کسی موذی مرض میں مبتلا ہو تو اس کے گھر والوں کو چاہئے کہ وہ سورۃ لقمان کو بعد نماز عشاء گیارہ روز تک تین مرتبہ روزانہ پڑھیں اللہ عزوجل صحت عطا کرنے پر قدرت رکھتا ہے اور وہ اسے صحت کاملہ عطا فرمائے گا۔

بچہ کا اگر پیٹ خراب ہو

اگر کوئی بچہ اسہال یا پیچش میں مبتلا ہو تو اس کے اہل خانہ میں سے کوئی سورۃ الدخان کو تین مرتبہ پڑھ کر دم کر کے بچہ کو پلائیں اللہ عزوجل بچہ کے حال پر رحم فرمائے گا۔

بستر پر پیشاب کر دینا

بعض بچوں کو بستر پر پیشاب کر دینے کی عادت ہوتی ہے آج کل تو نیپی اور پیمپر کا دور ہے ماں باپ کو تو پتہ ہی نہیں ہوتا کہ کب بچے نے پیشاب کیا؟ کب پاخانہ کیا؟ انہیں تو صرف اتنا معلوم ہے کہ ہم نے اتنے بجے بچے کو پیمپر کیا ہے اب اتنے بجے بچہ کو کھولنا ہے، بستر پر پیشاب کرنے والے بچے کے لئے یہ آیات لکھ کر پانی میں گھول کر پلائیں:

وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِیْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِیْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِیَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِیِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾

(سورۃ ہود)

قُلْ اَرَءَيْتُمْ اِنْ اَصْبَحَ مَآؤُكُمْ غَوْرًا فَمَنْ يَّاْتِيْكُمْ بِمَآءٍ مَّعِيْنٍ ﴿۳۰﴾

(سورۃ الملک)

بچہ کا مٹی کھانا

سورۃ فاتحہ سورۃ الکوثر، سورۃ الاخلاص، تین تین مرتبہ پڑھ کر چینی پر دم کریں اور وہ تین دن تک بچہ کو کھلائیں۔

مٹی کھانے کا علاج

چھ سال ماہ کی عمر سے سال تک کی عمر میں بچوں کو بعض دفعہ مٹی کھانے کی عادت پڑ جاتی ہے یہ عادت دیہی بچوں کو پڑتی ہے کیوں کہ بیٹھنے اور گھسٹنے کی عمر میں ان کا براہ راست مٹی سے

سارادن پالا پڑتا ہے روٹی پر یہ آیات لکھ کر بچے کو کھلائیں ان شاء اللہ یہ عادت چھوٹ جائے گی۔

فَاصْبِرْ صَبْرًا جَمِيلًا ۝ (سورۃ المعارج)

وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ بِالْغَدَاةِ وَالْعَشِيِّ يُرِيدُونَ وَجْهَهُ (سورۃ الکہف)

يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اصْبِرُوا وَصَابِرُوا وَرَابِطُوا وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُفْلِحُونَ ۝ (سورۃ آل عمران)

وَاصْبِرْ وَمَا صَبْرُكَ إِلَّا بِاللَّهِ (سورۃ النحل)

فَصَبْرٌ جَمِيلٌ وَاللَّهُ الْمُسْتَعَانُ (سورۃ یوسف)

بچوں کا کھانا اگر بغیر دوائی کے ہضم نہ ہوتا ہو

سورۃ الطارق تین مرتبہ سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق سورۃ الناس ایک ایک مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پانی پلائیں۔

بچہ کو اگر خوراک نہ لگتی ہو

ایسے بچہ جنہیں خوراک نہ لگتی ہو اور دکھنے میں بڑے کمزور نظر آتے ہوں تو ان پر یامقیت گیارہ سو مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور گیارہ روز ایسے ہی کر کے انہیں پانی پلائیں، ان شاء اللہ اس اسم کی برکت سے جسمانی کمزوری دور ہو جائے گی اور جو خوراک بھی وہ کھائے گا اس کا صالح خون بنے گا۔

اگر بچہ نے زہر پی لیا ہو

سورۃ التین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں سر اور پیروں پر ڈالیں۔

بچہ کو گیس ہو

سورۃ الفاتحہ سات مرتبہ سورۃ الاخلاص سورۃ القدر سورۃ النصر تین تین مرتبہ پڑھ کر میٹھی چیز اور پانی پر دم کریں میٹھی چیز کھلائیں اور پانی پلائیں۔

بدہضمی

سورۃ الفاتحہ، سورۃ التین، سورۃ العادیات، سورۃ الاخلاص، تین تین مرتبہ اور یَامُقِیۡتُ اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی اور تیل پر دم کریں، پانی پلائیں اور تیل سے مالش کرائیں۔

بچوں کے دل میں سوراخ ہو

سورۃ الفاتحہ سورۃ الاخلاص سورۃ فلق سورناس تین تین مرتبہ پانی، تیل اور میٹھی چیز پر دم کریں میٹھی چیز بچہ کو کھلاتے رہیں اور پانی پلاتے رہیں اور تیل سے مالش کرتے رہیں اور تعویذ دے دے جس میں لکھے:

رَبَّنَا لَا تُزِغۡ قُلُوۡبَنَا بَعۡدَ اِذۡ هَدَيۡتَنَا وَهَبۡ لَنَا مِنۡ لَّدُنۡكَ رَحۡمَةً ۚ اِنَّكَ اَنۡتَ الۡوَهَّابُ۝٨ ....آل عمران

اور تین دن بعد اتار کر پانی میں ابال کر پی لے اور دل پر ملے۔ ان شاء اللہ بہت جلد افاقہ ہوگا۔

نزلہ، زکام، کھانسی کے لئے

سورۃ القریش، سورۃ الکوثر، سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر اور مریض پر دم کریں۔

کالی اور خشک کھانسی کے لئے

کالے نمک کی سات چھوٹی چھوٹی ڈلیاں لے کر سات مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھیں اور

ہر روز نہار منہ ایک ڈلی چوس لیں۔

نزلہ، زکام، کھانسی کے لئے

سورۃ الملک کی پہلی تین آیات پڑھ کر پانی پر دم کرے بچے کو پلائیں اور اگر دائمی نزلہ ہو اس کے لئے عطر یا پھول پر دم کر کے تین دن بلا ناغہ سونگھائیں۔

بچہ کو وبائی امراض سے بچانا

خسرہ یا چیچک کی وبا پھیل رہی ہو تو اس سے حفاظت کے لئے لونگ پر سورۃ الرحمن تین بار باوضو پڑھیں اور دم کریں ان لونگوں میں سے تین یا پانچ یا سات لونگ لے کر پانی سے نگل لیں ان شاء اللہ حفاظت رہے گی۔

وبائی امراض میں مبتلا رہنے والے کے لئے

سورۃ البروج اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور مریض کو پلائیں۔

بال خور

سر میں ایک قسم کے دانے نکلتے ہیں جو پھول جاتے ہیں اور اس سے سر کے بال گرنے لگتے ہیں۔

علاج:

سورۃ الفاتحہ، یاحیی یاقیوم یامقیت اور سورۃ الاخلاص، تین تین مرتبہ پڑھ کر تیل پر دم کریں اور اس سے سات دن تک سر کی مالش کریں۔

بچوں کے گلے میں اگر سوزش ہو

سورۃ الفیل، سورۃ القریش، سورۃ الکوثر تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور اس سے

غرارے کرائیں اور ذراسا پانی پلائیں اگر دائمی ہوتو یہ عمل تین دن کرائیں۔

بچہ کا اگر گلہ خراب ہو

گلہ کی خرابی کی وجہ سے اگر کسی بچہ کی آواز بیٹھ گئی ہو اور گلے میں درد بھی ہوتو ایسے بچہ کو اکتالیس بار یاغفور پڑھ کر دم کیا ہوا پانی دینا چاہئے ان شاء اللہ شفا ہوگی۔

اماس گلو

تین دن سورۃ القدر اکتالیس مرتبہ پانی پر دم کرکے پلائیں اور کالے دھاگہ پر تین مرتبہ سورۃ القدر اور تین مرتبہ سورۃ القریش پڑھ کر دم کریں اور گلے میں لٹکائیں ٹوٹل سات گرہیں لگائیں۔

بچہ کے منہ میں چھالے ہوں

منہ میں دانے یا چھالے پڑ جائیں تو سورۃ طٰہٰ کی آیت نمبر 105 تا 107 لکھ کر پانی میں گھول کر اس پانی سے بار بار مریض کو کلیاں کرائیں اللہ نے چاہا تو بہت جلد افاقہ ہوگا۔

منہ میں چھالے ہوں

کوئی میٹھی چیز لے کر سورۃ القدر ایک مرتبہ پڑھیں اور وہ کھلائیں کھانے والی چیز ایسی ہونی چاہیئے جو منہ کے اندر تمام اطراف کو لگ سکے

بچہ اگر معذور ہو

اگر بچہ ہاتھ پیر آنکھ یا ٹانگ سے معذور ہے تو اس آیت کو کثرت سے پڑھ کر پانی پر دم کرکے معذور کو پلائیں:

اَلَهُمْ اَرْجُلٌ يَّمْشُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اَيْدٍ يَّبْطِشُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اَعْيُنٌ يُّبْصِرُوْنَ بِهَآ ۡ اَمْ لَهُمْ اٰذَانٌ يَّسْمَعُوْنَ بِهَا ؕ قُلِ ادْعُوْا

شُرَكَآءَكُمْ ثُمَّ كِيْدُوْنِ فَلَا تُنْظِرُوْنِ۝ (سورۃ الاعراف)

بچہ اگر تین چار سال تک چلنے نہ پائے

بعض بچے بیٹھنے، رینگنے یا چلنے میں طبعی عمر سے کہیں زیادہ وقت لے لیتے ہیں اگر بچہ دو تین سال کا ہو گیا ہو اور چل نہ پاتا ہو تو اس کے لئے نہایت مجرب اور بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔

عمل یہ ہے کہ زیتون کے تیل پر ایک ہزار ایک سو گیارہ بار یا متین پڑھ کر دم کریں اور بلاناغہ اس بچہ کی ٹانگوں، ہاتھوں، کندھوں اور کمر کی مالش کریں، ٹانگوں پر مالش زیادہ زور سے کریں ان شاء اللہ نتیجہ آپ کی خواہش اور امید کے مطابق نکلے گا۔

بچہ چلنے سے محروم ہو

جو بچہ چلنے کی طاقت سے محروم ہو، زیتون کے تیل پر ایک ہزار باریَاقَوِيُّ پڑھ کر اس تیل سے اس کی ٹانگوں کی مالش کریں بچہ بہت جلد چلنے لگے گا۔

بچوں پر ناسور یا داغ دھبہ ہو

ناسور یا داغ دھبہ ہو تو مُسَلَّمَةٌ لَّاشِيَةَ فِيْهَا 41 بار دوا یا مرہم پر پڑھ کر پھونکیں پھر استعمال کریں ان شاء اللہ داغ دھبہ دور ہو جائے گا۔

جسم کے ہر قسم کے داغ، دھبہ ختم کرنے کے لئے

بسم اللہ الرحمن الرحیم مُسَلَّمَةٌ لَّاشِيَةَ فِيْهَا

41 مرتبہ پڑھ کر کریم مرہم وغیرہ پر دم کریں۔

بدنما داغ اور ناسور

سورۃ الضحیٰ، سورۃ التین، سورۃ الاخلاص ایک ایک مرتبہ اور یَامُصَوِّرُ ایک سو ایک مرتبہ پانی اور کریم پر دم کریں پانی سے منہ دھو کر کریم لگائیں تین دن یہ عمل کریں۔

بچہ کے اندرونی یا بیرونی کان میں سوزش ہو

یَاسَمِیْعُ ایک سوایک مرتبہ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ایک سوایک مرتبہ اور سورۃ القریش سورۃ الاخلاص سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور اس سے ذرا سا پانی دونوں ہاتھوں کی انگلیوں (چھنگلیوں) پر لگائیں اور پھر وہ دونوں کانوں کے اندر گھمائیں 24 گھنٹوں میں تین دفعہ یہ عمل کریں۔

کان کی بیماریاں، درد یا پیپ وغیرہ کا ہونا

سورۃ الفاتحہ، سورۃ الاخلاص، ایک ایک مرتبہ سورۃ الطارق تین مرتبہ یَاسَمِیْعُ اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی اور تیل پر دم کریں اور دونوں ہاتھوں کی انگلیاں پانی سے تر کر کے کانوں میں گھمائیں، یہ عمل تین دن تک کریں ان شاءاللہ کان کی تکلیف ختم ہوجائے گی۔

کان کے درد کے لئے

اَمْ اَبْرَمُوْٓا اَمْرًا فَاِنَّا مُبْرِمُوْنَ ۝۷۹ ....الزخرف

گیارہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔

سینے کے امراض

سورۃ الحاقہ کی ابتدائی پانچ آیات تعویذ میں لکھیں اور تعویذ گلے میں لٹکائیں ان شاء اللہ العزیز پانچ منٹ بعد ٹھیک ہوجائے گا سورۃ الفاتحہ سورۃ الاخلاص پانی پر دم کر کے پلائیں۔

سینے کے امراض کے لئے

سورۃ یس کی ابتدائی تین آیات، سورۃ الطارق، سورۃ الکوثر سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق، سورۃ الناس تین تین مرتبہ تین دن پانی پر دم کر کے استعمال کرائیں۔

کالا یرقان، ہیپا ٹائٹس بی، سی

سورۃ الملک سورۃ النباء سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس تین تین مرتبہ پانی یا کھانے کی چیز پر دم کرکے پلائیں یا کھلائیں اور تعویذ میں سورۃ التین مکمل اور یا حی یا قیوم تین مرتبہ لکھیں۔

کالا یرقان، ہیپا ٹائٹس بی، سی

سورۃ الفاتحہ سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس اکتالیس، اکتالیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں اور پندرہ دن لگاتار دم کریں ناغہ نہ کریں اور پانی کا ایک ایک قطرہ آنکھوں میں ڈالیں اور سر پر ملیں۔ اور کھانے کی کسی بھی چیز پر دم کرکے کھلائیں، ان شاء اللہ پندرہ دن میں اللہ کے فضل سے بالکل صحیح ہوجائے گا۔

ہیپا ٹائیٹس، ہر قسم کے پیلیے کا علاج

سورۃ البروج سورۃ التغابن سات سات مرتبہ پڑھے اور پانی پر دم کرکے پلائیں سات دن تک بلاناغہ یہ عمل کریں۔

بچہ کو یرقان ہو

سورۃ الفاتحہ ایک بار سورۃ الحشر سات بار ایک بار سورۃ القریش پڑھ کر پانی پر دم کرکے جب تک بچہ کو فائدہ نہ ہو تو پلاتے رہیں۔

تپ دق اور بخار

مریض کو سامنے بٹھائیں سورۃ التین سورۃ القدر سورۃ الماعون سورۃ الکوثر، سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کرکے پلائیں پھر پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

سردی یا ہڈی کا بخار

سورۃ الفاتحہ ایک مرتبہ سورۃ الضحیٰ تین مرتبہ سورۃ الاخلاص ایک مرتبہ اور یَامُقِیۡتُ گیارہ مرتبہ پانی پر دم کریں اور وہ پانی تین دن تک پلائیں، اور ایک تعویذ دیں جس میں یامقیت گیارہ مرتبہ لکھیں اور وہ تعویذ تین دن کے بعد اتار کر پانی میں ابال کر اس سے نہلائیں اور پلائیں ان شاء اللہ چوبیس گھنٹوں میں کام ہو جائے گا۔

بچہ کو اگر چوتھیا کا بخار ہو

اگر کسی بچہ کو تین دن چھوڑ کر چوتھے دن بخار آتا ہو جسے چوتھیا کا بخار کہتے ہیں تو اس کا ایک عمدہ حل یہ ہے کہ پرانا گڑ لے کر سفید چنوں جتنی یا ان سے ذرا بڑی تین گولیاں بنالیں لیکن ہر گولی میں سرخ مرچ کا ایک بیج بھی ڈال دین، پھر ان میں سے ہر گولی پر الگ الگ اول و آخر تین تین بار درود شریف اور درمیان میں سات سات بار سورۃ الفاتحہ پڑھ کر پھونک ماریں

۔

باری کا بخار چوتھے دن جس وقت مریض کو چڑھتا ہو اس سے دو گھنٹے پہلے مریض کو ایک گولی کھلائیں ان شاء اللہ تیسری گولی میں بخار نہیں آئے گا۔

بچوں کے بخار کی تیزی، غصہ اور ضد ختم کرنے کے لئے

سورۃ الانبیاء آیت نمبر 69 بار بار پڑھ کر بچہ پر دم کریں، بخار، غصہ، ضد سب ختم ہو جائے گا۔

ناک کی پھنسی

اول سے پانی دم کریں اور اس کو اس جگہ لگائیں پھر ٹیوب یا تیل پر پڑھیں اور سورۃ الفاتحہ، سورۃ القریش، سورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر اس جگہ لگاتا ہے۔

(پائیوریا) دانتوں سے پیپ نکلنا

نمک پر پڑھ کردم کریں اوراس نمک کو پانی میں ابالیں اوراس سے غرارے کرائیں اورتیس سے چالیس سیکنڈ پانی کومنہ میں روکے رکھیں تین دن یہ عمل کریں اور ساتھ میں سورۃ الفاتحہ سورۃ الاخلاص تین باراور یَامُقِیْتُ اکتالیس مرتبہ پانی پردم کریں اورغراروں کے بعد تین دن اسے پلائیں۔

اگر بچوں کے دانتوں میں کیڑا لگ جائے

سورۃ القدر سے دم شدہ پانی پلاتے رہیں

زخم اور چوٹ جلے ہوئے جلدی امراض کے لئے

سورۃ القریش ،سورۃ الاخلاص،سورۃ الفلق ،سورۃ الناس،ایک ایک مرتبہ پڑھے پھرجس جگہ زخم ہوتوانگشت شہادت کے سرے پرتھوک لگا کراس جگہ رکھ دے یااس کے اردگرد گھمائے ان شاء اللہ چوبیس گھنٹوں میں ٹھیک ہوجائے گااور جلے ہوئے کے لئے یہی عمل کریں تین مرتبہ دودومنٹ کے وقفہ سے۔

اگر بچہ کوخارش ہوگئی ہو

اگرکسی بچہ یابچی کوخارش ہوگئی ہوتوسورۃ القدر پڑھ کردم کریں ان شاءاللہ افاقہ ہوگا۔

ہچکی لگ جانا

سورۃ الفاتحہ اورسورۃ الاخلاص تین تین مرتبہ پڑھ کر پانی پردم کریں اور پلائیں اور پلانے سے پہلے اکیس مرتبہ یَامُقِیْتُ پڑھ کردم کرلیا کریں۔

بچہ کی لاغری و کمزوری کا علاج

جو بچہ بیماری کے باعث لاغر ہو گیا ہو اس کے جسم کی بحالی کے لئے یَا جَبَّارُ کا ورد بہت اکسیر ہے، تھوڑا سا سرسوں کا تیل لے کر اس اسم کو 1900 مرتبہ پڑھیں اور سات روز تک اسی طرح پڑھائی کر کے تیل پر دم کریں اور پھر اس تیل سے کمزور بچے کے جسم پر مالش کریں ان شاء اللہ بہت جلد بچہ صحت مند و توانا ہو جائے گا نیز کمزوری اور دبلا پن بھی ختم ہو جائے گا۔

بچہ پر اگر آسیب ہو

اگر کوئی بچہ آسیب زدہ ہو تو یَا جَلِیْلُ کو سات ہزار مرتبہ پڑھیں اس کے بعد ایک کاغذ پر یہ اسم لکھیں اور اس کے ارد گرد آیۃ الکرسی لکھ دیں اور اسے بچہ کے گلے میں ڈالیں ان شاء اللہ بچہ ٹھیک ہو جائے گا اور ہر طرح کی تکلیف دور ہو جائے گی، جب تک اس کے گلے میں تعویذ رہے گا اسے کوئی ڈر محسوس نہیں ہوگا۔

بچہ کی صحت کاملہ کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے بچے کا ڈاکٹروں، حکیموں اور ہسپتالوں سے علاج کرواتے کرواتے تنگ آ گیا ہو اسے اللہ عزوجل کی رحمت سے مایوس نہیں ہونا چاہئے ایسے بچہ کے اہل خانہ کو چاہئے کہ وہ بعد نماز مغرب یا بعد نماز عشاء گھر میں ایک جگہ جمع ہوں اور اگر دیگر عزیز واقارب بھی شامل ہو جائیں تو کوئی حرج نہیں اور سب مل کر بہتر مرتبہ سورۃ یٰس پڑھیں اور اس عمل کو اکیس روز تک جاری رکھیں اور روزانہ بہتر مرتبہ سورۃ یٰس پانی پر دم کر کے بچہ کو پلائیں اگر اللہ عزوجل کو اس کی صحت یابی منظور ہوئی تو اللہ عزوجل اسے صحت کاملہ عطا فرمائے گا اور اس کی زندگی کے بقیہ ایام نرمی سے گذریں گے۔

بچہ پر سے جنات اور آسیب کے اثرات ختم کرنے کے لئے

سورۃ الجن جنات اور آسیب کے اثرات کو ختم کرنے کے لئے بڑی مفید ہے لہذا جس بچہ پر جنات کا اثر ہو تو اس پر سورہ جن کو روزانہ اکتالیس مرتبہ پڑھیں اور گیارہ روز تک پانی پر دم کر کے پانی اس بچہ کو پلایا جائے جس پر جنات کا اثر ہو اور آخری روز اس سورت کی فوٹو کرا کر یا لکھ کر تعویذ بنا کر اس بچہ کے گلے میں ڈالیں، ان شاء اللہ عزوجل جنات یا آسیب کا اثر ختم ہو جائے گا۔

بچہ جلد جوان ہو

اگر اسم باری تعالیٰ یَاعَلِیُّ لکھ کر بچہ کے گلے میں باندھ دیا جائے تو جلد جوان ہو۔

بچہ کو یتیم ہونے سے بچانے کے لئے

جو شخص اسم باری تعالیٰ یَابَرُّ کو اپنے بچے کے سر پر ہاتھ رکھ کر پندرہ بار پڑھ کر یہ دعا مانگے:

اَللّٰھُمَّ بِبَرَکَةِ ھٰذَا الْاِسْمِ رَبِّہٖ لَا یَتِیْمًا وَلَا لَئِیْمًا

تو ان شاء اللہ یہ دعا قبول ہوگی اور نہ بچہ یتیم ہوگا اور نہ لئیم۔

بچہ کو تمام آفات سے محفوظ رکھنے کے لئے

جو شخص یَابَرُّ کو اپنے بچے کی پیدائش کے فوراً بعد سات بار پڑھ کر دم کرے اور اللہ کے سپرد کر دے وہ بلوغ تک تمام آفتوں سے محفوظ رہے گا اور نیک بخت اٹھے گا۔

بچوں کا روز کا معمول بنائیں

روز روز عاملوں کے پھیرے لگانے، دم جھاڑ کرانے، تعویذ گلوں میں لٹکانے اور خون

پسینے کی کمائی عاملوں پر لٹانے سے بہتر ہے کہ اس چیز کو اپنا اور اپنے بچوں کا معمول بنائیں ان شاء اللہ کوئی جادو ٹونہ کوئی آسیب کوئی بندش بلکہ کوئی زمینی و آسمانی آفت آپ کی دہلیز پار نہیں کر سکے گی عمل یہ ہے:

سورۃ الفاتحہ، سورۃ الفلق، سورۃ الاخلاص ایک ایک بار پڑھ کر دونوں ہتھیلیوں پر تھتکار کر اپنے بدن پر پھیر لیا کریں یہ عمل صبح و شام ایک بار کرنا ہے۔

بچہ کو سلسل بول ہو

اگر کسی بچہ کا پیشاب نہ رکتا ہو اختیار کے بغیر نکل جاتا ہو تو آیت مبارکہ:

وَقِيْلَ يٰۤاَرْضُ ابْلَعِيْ مَآءَكِ وَيٰسَمَآءُ اَقْلِعِيْ وَغِيْضَ الْمَآءُ وَقُضِيَ الْاَمْرُ وَاسْتَوَتْ عَلَى الْجُوْدِيِّ وَقِيْلَ بُعْدًا لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ﴿۴۴﴾

....ھود

اور سورۃ الملک کی آخری آیت لکھ کر ناف کے نیچے باندھیں۔ ان شاء اللہ سلسل بول کی پریشانی سے نجات مل جائے گی۔

جن وانس اور موذی اشیاء سے حفاظت

سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین تین مرتبہ صبح و شام پڑھے اسی طرح گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے پلائیں۔

جن وانس اور موذی جانوروں سے بچنے کے لئے

وَآخِرُ دَعْوَانَا أَنِ الْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ

تعویذ میں تین مرتبہ لکھیں اور سے پانی دم کریں اور نہلائیں۔

ہڈی ٹوٹ جائے

سورۃ الطارق ،سورۃ الاعلیٰ،سورۃ القریش،سورۃ الکوثر،سورۃ الاخلاص، تین تین مرتبہ زیتون کے تیل پر دم کر کے اس سے مالش کرائیں۔

اگر بچوں کی ہڈیاں کمزور ہوں

یَامُقِیْتُ ایک سوایک مرتبہ یَامُتَعَالِ ایک سوایک مرتبہ سورۃ القریش تین مرتبہ پڑھ کر پانی اور تیل پر دم کر کے پلائیں اور تیل سے ہڈیوں کی مالش کرائیں، اور ایک تعویذ دے دیں جس میں سورۃ القریش مکمل لکھی ہوئی ہو، پھر وہ تعویذ تین دن بعد پانی میں ابال کر اس سے نہلائیں اور پلائیں۔

ہڈی کا ٹوٹ جانا

سورۃ البقرۃ کا آخری رکوع مکمل اور سورۃ التکویر مکمل سورۃ الاخلاص سورۃ الفلق سورۃ الناس تیل پر دم کریں اور اس سے ہڈی کی مالش کرائیں۔ان شاءاللہ ایک ہفتہ میں مکمل ٹھیک ہو جائے گا۔

بچے کو زخم یا چوٹ لگ جائے

سورۃ العصر،سورۃ الکوثر،سورۃ الاخلاص ایک ایک مرتبہ پڑھیں اور تین سوئیوں پر دم کریں اور زخم کی جگہ کے اردگرد گھمائیں دن تین مرتبہ،ان شاءاللہ ٹھیک ہو جائے گا۔

ہرنیا

پانی اور میٹھی چیز پر سورۃ الفاتحہ تیرہ مرتبہ سورۃ الاخلاص سترہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور میٹھی چیز کھلائیں اور پانی تین دن تک پیتا رہے اور ہر دن اس پر یامقیت اکیس مرتبہ پڑھ کر دم کرتا رہے۔ان شاءاللہ بہت جلد صحت ملے گی۔

خون کی کمی

سورۃ الطارق، سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس تین تین مرتبہ پڑھیں اور رات کو سوتے وقت دودھ میں ملا کر تین دن تک پلائیں، یہ عمل تین دن کریں۔

بچوں میں اگر حد سے زیادہ موٹا پا ہو

ایک دھاگہ جو پیٹ پر باندھا جاسکے اس پر سات مرتبہ سورۃ الطارق اور سورۃ الکوثر سات مرتبہ پڑھ کر اس دھاگے پر سات گرہیں لگائیں اور اس پر دم کریں اور وہ دھاگہ پیٹ پر باندھیں اور پانی پر سورۃ الطارق سورۃ الکوثر سورۃ الاخلاص سات سات مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور تین دن تک وہ پلاتا رہے اور میٹھی چیز پر سورۃ الطارق سورۃ الکوثر سورۃ الاخلاص سات سات مرتبہ پڑھیں اور وہ میٹھی چیز کھلائیں۔

بچوں کو بیماریوں سے محفوظ رکھنے کا وظیفہ

اِنِّیْ تَوَکَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ رَبِّیْ وَرَبِّکُمْ ؕ مَا مِنْ دَآبَّۃٍ اِلَّا ھُوَ اٰخِذٌۢ بِنَاصِیَتِھَا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی صِرَاطٍ مُّسْتَقِیْمٍ ﴿۵۶﴾ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقَدْ اَبْلَغْتُکُمْ مَّآ اُرْسِلْتُ بِہٖۤ اِلَیْکُمْ ؕ وَیَسْتَخْلِفُ رَبِّیْ قَوْمًا غَیْرَکُمْ ۚ وَلَا تَضُرُّوْنَہٗ شَیْـًٔا ؕ اِنَّ رَبِّیْ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ حَفِیْظٌ ﴿۵۷﴾

(سورۃ ہود)

لکھ کر گلے میں ڈالیں۔

بچے کی حفاظت کے لئے

سورۃ الجاثیہ بچہ کی پیدائش کے بعد لکھ کر گلے میں ڈالیں، تو بچہ آفات وموذی جانوروں اور آسیب وغیرہ سے محفوظ رہے گا۔

بچوں کی نشونما کے لئے

الَّذِیۡۤ اَحۡسَنَ کُلَّ شَیۡءٍ خَلَقَهٗ وَبَدَاَ خَلۡقَ الۡاِنۡسَانِ مِنۡ طِیۡنٍ ۚ﴿۷﴾ ثُمَّ جَعَلَ نَسۡلَهٗ مِنۡ سُلٰلَةٍ مِّنۡ مَّآءٍ مَّهِیۡنٍ ۚ﴿۸﴾ ثُمَّ سَوّٰىهُ وَنَفَخَ فِیۡهِ مِنۡ رُّوۡحِهٖ وَجَعَلَ لَکُمُ السَّمۡعَ وَالۡاَبۡصَارَ وَالۡاَفۡـِٕدَةَ ؕ قَلِیۡلًا مَّا تَشۡکُرُوۡنَ ﴿۹﴾ (سورۃ السجدۃ)

جب بچہ پیدا ہو اور سترہ دن گذر جائیں تو ان کو شیشہ کے برتن میں لکھ کر بارش کے پانی سے دھو کر دو حصے کریں ایک حصہ اس بچے کے کھانے کی چیز میں ملائیں اور ایک حصہ بوتل میں رکھ دیں اور سات روز تک بچے کو پلائیں اور اس کے منہ کو ملیں ان شا اللہ خوب نشونما ہو گی۔

کمزور بچے کی صحت کے لئے

اگر کوئی بچہ دن بدن سوکھتا ہی چلا جا رہا ہو اور بظاہر کوئی مرض معلوم نہ ہو تو ایسے مریض کے لئے ایک ہزار تیرہ مرتبہ درج ذیل آیت کو عشا کی نماز کے بعد پڑھ کر پاو بھر چنبیلی یا سرسوں کے تیل پر دم کر کے رکھ دیں پھر اس تیل سے تھوڑا تھوڑا ہر روز مریض کے بدن پر مالش کریں ،ان شا اللہ گیارہ دن میں مریض قوی اور تندرست ہو جائے گا۔

فَانۡظُرۡ اِلٰۤی اٰثٰرِ رَحۡمَتِ اللّٰهِ کَیۡفَ یُحۡیِ الۡاَرۡضَ بَعۡدَ مَوۡتِهَا ؕ اِنَّ ذٰلِکَ لَمُحۡیِ الۡمَوۡتٰی ۚ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ ﴿۵۰﴾ (سورۃ الروم)

بچوں کے جلدی امراض کے لئے

اِعۡصَارٌ فِیۡهِ نَارٌ فَاحۡتَرَقَتۡ (سورۃ البقرۃ آیت:۲۶۶)

طاق عدد میں پڑھ کر مریض پر دم کریں۔

یا پینے کے اکتالیس تعویذ بنائیں روزانہ ایک تعویذ پلائیں۔

یا پانی پر دم کر کے بچہ کو کسی بڑے برتن میں کھڑا کر کے اس پر یہ پانی ڈالیں اور پانی کو کسی پاک جگہ بہائیں۔

بچہ کو عالم فاضل بنانے کے لئے

اگر کند ذہن بچہ کو سات مرتبہ لکھ کر پانی میں گھول کر پلایا جائے یا طالب علم خود تین سو مرتبہ رات کو عشاء کے بعد روز پڑھے ان شاء اللہ عالم فاضل بے بدل ہو جائے گا، آیت یہ ہے:

وَعَلَّمَكَ مَا لَمْ تَكُنْ تَعْلَمُ ۭ وَكَانَ فَضْلُ اللّٰهِ عَلَيْكَ عَظِيْمًا ﴿۱۱۳﴾ ..... النساء

اور اگر یہ عمل روزانہ نہ ہو سکے تو اسلامی مہینے کے پہلے سات دن تک تو لازما یہ عمل کرے۔

جب معصوم بچہ دیکھیں

جب کسی معصوم بچہ پر نظر پڑے تو ماشاء اللہ لاقوۃ الا باللہ پڑھیں اور ساتھ فتبارک اللہ احسن الخالقین ۔۔ ان شاء اللہ تعالی بچہ آپ کی نظر سے محفوظ رہے گا۔

بچوں کے دل میں سوراخ

اگر کسی بچے یا بچی کے دل میں سوراخ ہو جو آج کل عام طور پر ہوتا ہے اور الٹرا ساؤنڈ کے ذریعہ ڈاکٹر بتاتے ہیں تو درج ذیل آیت اس بچے یا بچی کے دل پر دل کریں اور یہ عمل مسلسل اکیس دن کیا جائے تو اللہ کے فضل سے بچے یا بچی کو جلد از جلد شفا حاصل ہو گی ۔۔۔ آیت یہ ہے:

رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً ۚ اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ﴿۸﴾ .... آل عمران۔

جو بچہ مدرسہ/اسکول سے بھاگتا ہو

اگر کوئی بچہ مدرسہ یا اسکول سے بھاگتا ہو تو اس آیت مبارکہ کو کسی کھانے یا پینے کی چیز پر سات مرتبہ گیارہ دن تک پڑھ کر دم کر کے کھلانا یا پلانا بہت مفید ہے۔ آیت یہ ہے:

اَللّٰهُ يَجْتَبِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يَّشَآءُ وَيَهْدِيْٓ اِلَيْهِ مَنْ يُّنِيْبُ۝۱۳

....الشوری۔

بچے کی عمر کی درازی کے لئے

سات مرتبہ الحمد شریف، تین مرتبہ سورہ بقرہ، تین مرتبہ سورہ آل عمران پڑھ کر پانی پر دم کیا جائے۔ پھر اس پانی میں لکھنے کی سیاہی گھول کر چاہے جتنے تعویذ اس طرح تیار کئے جائیں:

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔

فَقُلْنَا اضْرِبُوْهُ بِبَعْضِهَا ۭ كَذٰلِكَ يُحْيِ اللّٰهُ الْمَوْتٰى ۙ وَيُرِيْكُمْ اٰيٰتِهٖ لَعَلَّكُمْ تَعْقِلُوْنَ۝۷۳ ...البقرہ

الٓمّٓ۝۱ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۙ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ۝۲ ....آل عمران

جس روز بچہ پیدا ہوا اسی دن گلے میں ڈالا جائے اور بارہ سال کی عمر تک یہ تعویذ بچے کے گلے میں پڑا رہے ان شاء اللہ عمر دراز ہوگی اور ساری عمر مسان کے خلل سے بچا رہے گا۔

اولاد کو بری راہ سے بچانا

اگر کسی کی اولاد نافرمان ہو اور بیٹا یا بیٹی برائی کی راہ پر چل نکلے ہوں تو وہ ہر روز نماز فجر کی ادائیگی کے بعد اپنے دائیں ہاتھ کے انگوٹھے اور انگشت شہادت سے اس کا ماتھا

پکڑے اوراس کا چہرہ آسمان کی طرف کر کے تین سوانیس مرتبہ یَاشَھِیْدُ پڑھ کراس پر دم کریں۔ ان شاء اللہ تھوڑے ہی دنوں میں مطلوبہ مقصد حل پذیر ہوجائے گا۔ بہتر یہ ہے کہ چالیس یوم تک مسلسل یہ عمل کریں اس دوران اگر بچوں کی حالت ٹھیک ہوجائے اور اولاد راہ راست پر آجائے تو پھر بھی چالیس یوم ضرور پورے کرے۔

اولاد کو واپس لانے کا عمل

اگر کسی کی اولاد ناراض ہو کر گھر سے چلی گئی ہو تو اس وظیفہ یَاجَامِعُ کو سات دن تک روزانہ گیارہ سو چالیس مرتبہ پڑھیں ان شاء اللہ اولاد خود بخود واپس آجائے گی۔

اولاد کی کامیابی کے لئے

اگر کوئی بعد نماز فجر یا بعد نماز مغرب ۱۷ مرتبہ اور بقیہ نمازوں کے بعد سات بار یہ درود شریف پابندی سے پڑھا کرے تو ان شاء اللہ العزیز اس کو اور اس کی اولاد کو معاشرے میں عزت ملے گی:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ الْعَالَمِیْنَ حَبِیْبِكَ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَاةً
اَنْتَ لَھَا اَھْلٌ وَبَارِكْ وَسَلِّمْ كَذٰلِكَ۔

ترجمہ: اے اللہ! رحمت کاملہ نازل فرما، جہانوں کے سردار اپنے حبیب ﷺ پر آپ ﷺ کی آل پر ایسی رحمت جو تیرے شایان شان ہو اور اسی طرح برکت اور سلام نازل فرما۔

اولاد کو فرمانبردار بنانا

اگر کسی کی اولاد نافرمان یا آوارہ ہو اور وہ اس وجہ سے سخت پریشانی میں مبتلا ہو تو وہ نماز جمعہ کے بعد دو رکعت نفل نماز پڑھے پھر اول و آخر گیارہ مرتبہ درود پاک پڑھے

درمیان میں ایک ہزار ایک مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھے اور کسی میٹھی چیز پر دم کر کے اس کو کھلائے ان شاءاللہ اولاد فرمانبردار ہو جائے گی اور اس کی آوارگی کا شوق جاتا رہے گا اولاد کی طرف سے اسے کسی قسم کی پریشانی نہیں رہے گی۔

اولاد فرمانبردار ہو

جو کوئی سورہ تحریم کو روزانہ ایک مرتبہ پڑھنا معمول بنالے تو اس سورت کی برکت سے اللہ عزوجل اس کے حالات بہتر بنادے گا اور اسے زندگی بھر آرام وراحت ملے گی اور اس کی اولاد فرمانبردار ہوگی۔

نافرمان اولاد فرمانبردار ہو

اگر کوئی بچہ ماں باپ کا کہنا نہ مانتا ہو اور ادائیگی نماز میں بھی کوتاہی کا مظاہرہ کرتا ہو تو ایسے بچے کے والدین کو چاہئے کہ وہ اکیس روز تک سورۃ الکافرون کو اکیس مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے وہ پانی بچے کو پلائیں، بچہ ماں باپ کا کہنا ماننے لگ جائے گا اور پنج وقتہ نمازی بھی بن جائے گا۔

نافرمان اولاد کی اصلاح کے لئے

اگر کوئی شخص اپنے والدین کو تنگ کرتا ہو اور اذیت میں مبتلا رکھتا ہو اور گھر والے اس کے برے کاموں سے تنگ ہوں تو گھر والوں کو چاہئے کہ وہ بعد نماز عشاء اکٹھے مل کر بیٹھیں اور سورہ حاقہ کو مجموعی طور پر اکیس مرتبہ پڑھیں اور اس کی اصلاح کے لئے دعا کریں اللہ عزوجل اصلاح فرمانے والا ہے۔

نافرمان اولاد کو راہ راست پر لانا

یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ یَامُتَعَالِ یَاوَدُوْدُ یَاوَهَّابُ یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ ایک مرتبہ

اور تمام اسمائے حسنی جل جلالہ اور تمام اسماء النبی صلی اللہ علیہ وسلم پڑھ کر پانی پر دم کر کے تین دن تک پلائیں۔

نافرمان اولاد کو راہ راست پر لانا

اگر کسی کی اولاد سخت نافرمان ہو اور برے کاموں میں گرفتار ہو گئی ہو کسی طرح بھی راہ راست پر نہ آتی ہو تو ان کو سیدھے راستے پر لانے کے لئے باوضو حالت میں گیارہ سو گیارہ مرتبہ یَاحَمِیْدُ پڑھ کر پانی پر دم کریں اور پلا دیں ان شاء اللہ اکیس یوم کے اندر اندر نافرمان اولاد راہ راست پر آ جائے گی اور اس عمل کے ساتھ چاہئے کہ ہر نماز کے بعد باسٹھ مرتبہ یہ اسم پاک پڑھ کر اللہ تعالیٰ سے اس مقصد کے لئے دعا بھی مانگے تو جلد مقصد پورا ہو جائے گا۔

ایسے ہی اولاد کو سعادت مند بنانے کے لئے ایک سو مرتبہ یَاحَمِیْدُ لکھ کر وہ تعویذ گھول کر بار بار افراد خانہ کو پلایا جائے اولاد خوش کردار اور نیک بن جائے گی۔

مال و اولاد اور دولت میں برکت کے لئے

یَاخَالِقُ یَا اَللّٰہُ الْخَالِقُ کو روزانہ سات سو اکیس مرتبہ پڑھنے کا معمول بنا لیں اللہ تعالیٰ برکت عطا فرمائیں گے اور آفات سے حفاظت ہو گی۔

مال و اہل و عیال کی حفاظت

اپنے مال اور اہل و عیال کی حفاظت کے لئے ہر روز سونے سے پہلے اول و آخر درود پاک پڑھیں اور درمیان میں گیارہ سو مرتبہ اسم مبارک یَاضَارُّ پڑھیں اور چاروں کونوں میں دم کریں۔ اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے مال و اہل و عیال عافیت سے

رہیں گے۔

رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا إِنَّكَ أَنْتَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

تمت وبحمد اللہ

فہرست کتب

اللہ تبارک وتعالیٰ کے پیارے نام۔حضرت مولانا حبیب اللہ مختار شہیدؒ۔۔دارالتصنیف جامعہ علوم اسلامیہ، بنوری ٹاؤن۔سن طباعت:۱۹۸۹۔

اسلامی وظائف کا انسائیکلوپیڈیا۔سید مزمل حسین نقشبندی۔ربانیہ پبلی کیشنز لاہور۔اشاعت پنجم:۱۴۳۰۔

اشرف العملیات مع اعمال قرآنی۔افادات حضرت مولانا اشرف علی تھانویؒ۔ادارہ اسلامیات۔اشاعت اول:۱۴۳۴/۲۰۱۲۔

اعمال قرآنی۔۔۔۔مولانا اشرف علی تھانوی۔۔۔۔مکتبہ تھانوی، کراچی

انوار شمسیہ۔۔۔افادات۔۔۔مولانا شمس الہادی شاہ منصوری۔۔۔خانقاہ نقشبندیہ شمسیہ شاہ منصور۔صوابی۔

بچوں کی بیماریاں اوران کا روحانی علاج۔۔۔مفتی احسان الحق۔مکتبہ سعیدیہ مجیدیہ کراچی۔

بحر شفا۔۔۔۔مولانا محمد آصف قاسمی۔۔۔ٹرانسفارمیشن انٹرنیشنل سوسائٹی۔

بیاض محمدی۔شیخ محمد محدث تھانویؒ۔۔۔مکتبہ خلیل۔لاہور۔

پیارے نبی کی پیاری دعائیں۔۔۔۔ایوب مامون۔۔۔حفصہ بی بی اینڈ یوسف مامون اللہ ٹرسٹ۔۔کراچی۔

تحفہ حب۔۔۔حکیم حافظ عبدالرؤف۔۔۔کراچی بک سٹی۔۔لاہور

تذکرہ شیخ المشائخ عارف باللہ حضرت مولاناشاہ محمداحمدصاحب پرتاب گڑھی۔ناشر:رفاہ عام سوسائٹی۔کراچی پاکستان۔

تحفہ صندلیہ۔افادات:حضرت مولاناسیدمحمودصندل باباجی صاحبؒ۔

جامع الوظائف۔۔۔علامہ ارشدحسن ثاقب۔۔۔ادارۃ القریش۔لاہور

دامان رحمت:مولاناقاضی محمدزاہدالحسینی۔۔۔ناشر:دارالارشاد۔۔۔اٹک،شہر۔

خزینۃ الاسرار۔۔۔مرتب:مولانااحمدعلی پنج گوری۔المکتبۃ الحبیب المسجدالحبیب۔نیوسلطان آبادسیکٹر۔منگھوپیرکراچی۔

سراج الوظائف۔۔۔صوفی محمداشفاق اللہ واجدمجددی۔۔۔۔مکتبہ سراجیہ۔۔

سورۃ الفاتحہ:ازقلم:مولانامسعوداظہر۔مکتبہ عرفان۔اشاعت اول:۱۴۳۹۔

شفاءورحمت۔۔۔صاحب زادہ عزیزالرحمن رحمانی۔۔۔حاشرپلشرز

شفاءالمریض مع علاج المریض۔۔۔۔مولاناامان اللہ صاحب مدظلہ۔۔۔ناشر:کتب خانہ مجیدیہ ملتان۔

شفاءالعلیل اردوترجمہ القول الجمیل۔مصنف شاہ ولی اللہ محدث دہلوی۔مکتبہ رحمانیہ۔لاہور۔

طب نبوی صلی اللہ علیہ وسلم۔حضرت مولانامحمدابراہیم دہلویؒ۔توصیف پبلی کیشنز۔لاہور۔

عملیات وتعویذات کاانسائیکلوپیڈیا۔۔۔حکیم حافظ عبدالرؤف صاحب۔۔۔کراچی بک سٹی۔

فلاح دارین۔۔۔۔صوفی حافظ احمدالدین چشتی۔۔۔نیازجہانگیرپرنٹرزاینڈپبلشرز

فیوضات درخواستی مع مجربات درخواستی۔ازافادات:مولاناشفیق الرحمن درخواستی۔مکتبہ شیخ درخواستی۔خان پور۔سن اشاعت:۱۴۳۳۔

کتاب التعویذات۔۔۔المعروف بہ:الداءوالدواء۔۔۔۔نواب سیدمحمدصدیق الحسن

خان۔۔۔نعمانی کتب خانہ۔لاہور۔

کشکول عملیات۔مولاناحسن الہاشمی مدظلہ۔مکتبہ روحانی دنیادیوبند۔اشاعت اول:۲۰۰۷۔

کمالات عزیزی۔۔۔حضرت شاہ عبدالعزیز محدث دہلوی۔۔۔ایچ،ایم ۔ سعید کمپنی۔کراچی

گنجینہ اسرار(وظائف وعملیات مولاناانورشاہ صاحب کشمیری)ادارہ اسلامیات لاہور۔

لطف اللطیف:حضرت مولانامحمدمسعوداظہر،ناشر:مکتبہ عرفان۔سن اشاعت(۴۳):۱۴۳۹۔

مجالس حبیب بمع ارشاد مرشد۔۔۔مولانااحمدعلی پنج گوری۔۔۔المکتبۃ الحبیب۔دکھنی مسجد۔پاکستان چوک۔کراچی

مجربات دیربی۔ممتازاکیڈمی۔لاہور۔

معارف بہلوی(کتاب الادعیۃ والتعویذات)۔

مناجات صابری۔انتساب:حضرت الحاج اللہ بخش صابرؒ۔مکتبہ عرفان ، لاہور۔اشاعت پنجم:۱۴۳۴۔

مواعظ دردمحبت:ازحضرت شیخ العرب والعجم عارف باللہ حضرت مولاناشاہ حکیم محمداختر صاحب قدس سرہ۔ادارہ تالیفات اشرفیہ۔

میرے والد ماجداوران کے مجرب عملیات۔۔۔حضرت مولانامفتی محمدشفیع عثمانیؒ۔۔۔ادارۃ المعارف کراچی۔طباعت:۱۴۲۶/۲۰۰۵۔

مفتی اِحسان الحق کے دیگر علمی و تحقیقی شہ پارے

۱)مشاہیر خیبر پختون خواہ کے شجرات طریقت	(زیر طبع)
۲)''خانقاہ کہیاں شریف (آزاد کشمیر) کا شجرہ طریقت'' ایک تحقیقی مطالعہ	(زیر طبع)
۳)پیر کامل حضرت مولانا ڈاکٹر حبیب اللہ مختار شہیدؒ کے شجرات طریقت	(زیر طبع)
۴)سلسلہ چشتیہ صابریہ امدادیہ سے متعلق چند غلط فہمیاں اور ان کا ازالہ	(مطبوع)
۵)سلسلہ چشتیہ اور حضرات چشتیہ حضرت تھانویؒ کی نظر میں	(زیر طبع)
۶)سلسلہ نقش بندیہ مجددیہ کے ایک شجرہ پر تحقیقی مطالعہ	(مطبوع)
۷)کیا نسبت اویسیہ نسبت متصلہ سے زیادہ قوی ہے۔۔۔؟	(مطبوع)
۸)بانی سلسلہ شاذلیہ کے مختصر حالات (شیخ ابوالحسن شاذلیؒ)	(زیر طبع)
۹)حضرت مولانا عبدالحق پشاوریؒ کے شجرہ طریقت میں ایک ندرت	(زیر طبع)
۱۰)حضرت مولانا محمد انور شاہ کشمیریؒ کا شجرہ طریقت	(زیر طبع)
۱۱)''حضرت مفتی محمود صاحب کا شجرہ طریقت'' ایک غلط فہمی اور اس کا ازالہ	(زیر طبع)
۱۲)حضرت شیخ الحدیثؒ (مولانا محمد زکریا) نے فرمایا	(مطبوع)
۱۳)حضرت مولانا مفتی عبدالمجید دین پوری شہیدؒ کی چند نصائح وملفوظات	(زیر طبع)
۱۴)ملفوظات حضرت مولانا سید عبدالوھاب شاہ بخاریؒ	(زیر طبع)
۱۵)ملفوظات حضرت مفتی محمد حسن زید مجدہ	(زیر طبع)
۱۶)نصائح وملفوظات اساتذۂ جامعہ بنوری ٹاؤن	(زیر طبع)

۱۷)حضرت مولانا مفتی عطاء الرحمن شہیدؒ کا انداز تدریس	(زیر طبع)
۱۸)حضرت مولانا عبدالحیؒ پیر گیروال	(زیر طبع)
۱۹)حضرت مولانا فضل الرحمن قادریؒ	(زیر طبع)
۲۰)حضرت مولانا قاضی عبدالعزیز کشمیریؒ	(مطبوع)
۲۱)یادگار زمانہ (حضرت مولانا سید محمد اصلح الحسینیؒ)	(مطبوع)
۲۲)مولانا عبدالعزیز پرھاڑویؒ اوران کا فقہی مسلک	(مطبوع)
۲۳)مولانا خان بہادرؒ المعروف مارتونگ بابا کی سند حدیث	(زیر طبع)
۲۴)حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالحلیم چشتی مدظلہ کا انداز تحقیق وتنقید	(زیر طبع)
۲۵)فضائل حج اور عمرہ پر چالیس منتخب احادیث۔(ترجمہ وتخریج)	(مطبوع)
۲۶)الأربعین فی إفشاء السلام (ترجمہ وتخریج)	(مطبوع)
۲۷)عقد الجواهر البهيه في الصلاة على خير البرية (تخریج)	(مطبوع)
۲۸)چالیس احادیث (ارشاد فرمودہ اساتذہ جامعہ بنوری ٹاؤن)	(مطبوع)
۲۹)الأربعين في تعليم الدين۔(تخریج)	(زیر طبع)
۳۰)لامية المعجزات۔(تخریج)	(زیر طبع)
۳۱)اسلامی دلہن۔(تخریج)	(زیر طبع)
۳۲)کسب حلال واداۓ حقوق (تخریج)	(زیر طبع)
۳۳)قواعد النحو۔۔۔۔ماخوذ از ہادیہ شرح کافیہ	(زیر طبع)
۳۴)فضائل واحکام رمضان (تخریج)	(مطبوع)
۳۵)الکافیۃ فی النحو (سوالا جوابا)	(زیر طبع)
۳۶)درس متنبی (حضرت مولانا خلیل اللہ شہیدؒ)	(زیر طبع)
۳۷)اردو نحو میر	(زیر طبع)

۳۸)تسہیل حیلہ ناجزہ		(زیرطبع)
۳۹)الفیضی شرح دیوان الحماسہ(تصحیح وتخریج)		(زیرطبع)
۴۰)مسنون دعائیں	(تخریج)	(زیرطبع)
۴۱)درس ترمذی	(ضبط وترتیب)	(زیرطبع)
۴۲)درس مشکاۃ	(ضبط وترتیب)	(زیرطبع)
۴۳)درس توضیح تلویح	(ضبط وترتیب)	(زیرطبع)
۴۴)درس دیوان الحماسہ	(ضبط وترتیب)	(زیرطبع)
۴۵)شرح تسہیل النحو		(زیرطبع)
۴۶)درس دروس البلاغہ	(ضبط وترتیب)	(زیرطبع)
۴۷)درس قطبی	(ضبط وترتیب)	(زیرطبع)
۴۸)ترکیب شرح مئۃ عامل(النوع الاول)		(زیرطبع)
۴۹)فتاوی عثمانی (سوسالہ قدیم)	(تخریج)	(زیرطبع)
۵۰)دوسوفتاوی		(زیرطبع)
۵۱)العطور المجموعہ	(تخریج)	(زیرطبع)
۵۲)اسوۂ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم	(تخریج)	(زیرطبع)

تمت بالخیر